یعنی

مختصر حالات نواب محسن الدولہ محسن الملک

مولوی سید مہدی علی خاں بہادر منیر نواز جنگ

سابق

معتمد سیاسیات و خزانہ مملکت آصفیہ

و

آنریری سکرٹری ایم اے او کالج علی گڑھ

مرتبہ

محمد امین زبیری مارہروی وظیفہ یاب مہتمم تاریخ بھوپال

سنہ ۱۳۵۳ھ
۱۹۳۵ء

ومن احسن

یعنی

مختصر حالات نواب محسن الدولہ محسن الملک

مولوی سید مہدی علی خاں بہادر منیر نواز جنگ

سابق

معتمد سیاسیات و خزانہ مملکت آصفیہ

و

آنریری سکرٹری ایم اے او کالج علی گڑھ

مرتبۂ

محمد امین زبیری مارہروی وظیفہ یاب مہتمم تاریخ بھوپال

۱۳۵۳ھ
۱۹۳۵ء

باہتمام محمد عبداللطیف خاں

جامع برقی پریس دہلی میں طبع ہوا

کتبہ عبدالقدیر دہلیسری،

مؤلف تذکرہ

محمد امین زبیری

فہرست مضامین تذکرۂ محسن

لکچرار هوں گے ، اسپیکر هوں گے ، فلاسفر هوں گے ، قوم کے همدرد بهی پیدا هوں گے ، یهه سب کچهه هوگا لیکن افسوس نواب محسن الملک کی سی خوبیوں کا بشر دیکهنے میں نه آئے گا

(وقار الملک)

دیباچہ

یہ واقعہ اور حقیقت ہے کہ مسلمانوں کی سلطنت ختم ہوتے ہی اُن کے ذہنی و دماغی جوہر اور اخلاقی اوصاف و شرف بھی زائل ہو گئے تھے مگر اسی عصر زوال میں قادرِ مطلق نے چند ایسے افراد بھی پیدا کر دیئے جو اُن ہی جوہروں اور اخلاقی اوصاف و شرف کے حامل تھے اُن افراد میں سر سید اور اُن کے رفقائے خاص کا درجہ سب سے بلند تھا جنھوں نے عطیاتِ قدرت کو اپنی درماندہ قوم کی اصلاح و ترقی کے لئے وقف کر دیا اور بد و شعور سے نفسِ واپسیں تک اُسی کو اپنا مقصد زندگی بنا لیا۔

ایسے رفقا میں نواب محسن الملک کی شخصیت سب سے ممتاز تھی اُن کی وہبی اور اکتسابی قابلیتیں ایک طرف ایک غیر آئین و غیر منظم ملک (مملکت آصفیہ) کے نظم و نسق میں اور دوسری طرف اپنی درماندہ قوم کے ارتقا کی تدابیر میں نمایاں ہوئیں۔ ان قابلیتوں کے امتحان کا وہ نہایت نازک موقع تھا جب سر سید کی رحلت کے بعد قومی جہاز، پُرشور سمندر کی طوفانی لہروں میں گھر گیا تھا: مگر یہ نواب محسن الملک کا ہی عزم و حوصلہ تھا کہ اُنھوں نے اُس جہاز کی ناخدائی قبول کی اور جہاز کو بہتی سرنگوں اور ساحلی غارت گروں سے بچا کر اور اکثر و بیشتر خود اہلِ جہاز کی ناعاقبت اندیشیوں کے خطرات سے مقابلہ کر کے اُس کنارہ پر لگا دیا جہاں کامیابیوں کے لہلہاتے مرغزار اور ترقیوں کے شاداب چمن سامنے تھے۔

بلاشبہ محسن الملک کے وجود میں ایک قوم کی نجات و ترقی مضمر تھی اور وہ صحیح و حقیقی معنوں میں خادم و مخدومِ قوم اور اعظم الرجال تھا۔

"ایک بڑے شخص کی سب سے بڑی علامت یہ ہے کہ جب تک وہ زندہ ہے اور اپنے
کام پر ہے دوسرے شخص کی ضرورت محسوس نہ ہو اور اس کے سوا دوسرے پر نظر
نہ پڑے، یہ ہی حال مرحوم کا تھا جب تک اُس کے دم میں دم رہا ساری قوم نے
اُسے بالاتفاق اپنا سردار تسلیم کیا اور جس کام میں اُس نے ہاتھ ڈالا اُسے اُس نے
اس خوبی اور سہولت اور کمال سے ادا کیا کہ سب کو یقین ہو گیا کہ اس سے بہتر
دوسرا شخص نہیں کر سکتا۔

یہ بڑے شخص کے پہچاننے کی علامت ہے لیکن بڑا شخص درحقیقت ہے کون؟
ہم بڑا شخص اُسے کہیں گے جو ایثار کو کام فرماتا ہے جو اپنے اغراض اور خواہشات
پر لات مار کر دوسروں کی دستگیری کرتا ہے جس طرح خود غرضی انسان کی سب
سے مذموم صفت ہے اسی طرح ایثار اس کا اعلیٰ وصف ہے بلکہ سب سے بڑی نیکی
اور سب سے بڑی عبادت ہے۔

کون کہہ سکتا ہے کہ مرحوم میں یہ صفت نہ تھی اور وہ بھی اعلیٰ درجہ میں نہ تھی اس
کے کارنامے اس کی جانفشانیاں اور اُس کی سحر کاریاں ایک عالم پر روشن ہیں اس
نے ہمیشہ ایثار و احسان سے کام لیا اور خاص کر اُس کی زندگی کا آخری حصّہ ایسے
نیک اور اعلیٰ کاموں سے مملو تھا کہ اگر اس کا صرف ایک ایک کام ایک ایک شخص
کو تقسیم کر دیا جائے تو اُن میں سے ہر ایک بڑا شخص کہلانے کا مستحق ہو سکتا ہے وہ
جامع حیثیات تھا اور اُس نے ہر حیثیت کو بدرجۂ اتم نبھایا وہ ملک کا دوست اور قوم
کا عاشق تھا اور اُس نے اپنی دوستی کا حق ادا کر دیا اُس کی زندگی اپنی نہیں رہی تھی
بلکہ قوم کی زندگی ہو گئی تھی اُس کی زندگی کی ایک ایک گھڑی ایک ایک لمحہ دوسروں
کے لئے وقف تھا وہ جب تک جیا اُسی دُھن میں جیا اور مرا تو اُسی دُھن میں مرا اور
رتبۂ شہادت پایا۔

یہ لوگ بڑے لوگ ہیں اُن کے رُتبے بہت اونچے ہیں یہ شاہ راہ عالم کے
رہنما پتھر ہیں جب تک زندہ تھے لوگوں کی رہبری کرتے رہے اب مرنے کے بعد
بھی دوسروں کی رہ نمائی کریں گے وہ مرے نہیں جیتے ہیں مگر اس طرح نہیں جیسے
ہم جیتے ہیں بلکہ اُن کی حیات حیاتِ ابدی اور اُن کی زندگی زندگی جاوید ہے ....
اُن کی زندگی سے سبق سیکھو اُن سے زندگی بسر کرنا سیکھو، ہزار کالج و یونیورسٹی
سے بڑھ کر یہ معلّم ہیں وہاں علم ہے مگر بے مزہ اور بے نمک اور یہاں اس عمل کا علم ہے
جس میں اسرارِ حیات ہویدا ہوتے ہیں اور جس پر ہزار دارالعلوم قربان ہیں، وہ
بے جان ہے اور یہ جان دار، وہ جگ بیتی ہے اور یہ آپ بیتی اور اسی لئے یہ زیادہ
کارآمد اور پُر اثر ہے غرض زندگی ان لوگوں کی اور مرنا ان لوگوں کا اور بقول حالی
ہمیں مرحوم نے اپنی زندگی و حیات سے بتا دیا کہ ؎ یوں رہتے ہیں یوں جیتے ہیں
یوں مرتے ہیں" (مولوی عبدالحق صاحب بی، اے)

لیکن تعجب ہے کہ قوم کے کسی ممتاز اہل قلم نے اپنی قوم کے مہدی و محسن کے سوانح حیات
کی تالیف کا فرض ادا کرنے پر توجہ نہ کی اور جب زمانہ یوں ہی گذرنے لگا تو ۱۹۱۳ء میں
راقم نے جو نواب محسن الملک کی شخصی عنایات کا بھی کچھ کم رہینِ منّت نہیں اس فرض کو انجام
دینے کا ارادہ کیا اور نواب وقار الملک نے مواد فراہم کرنے میں امداد کا وعدہ فرمایا
مگر فرائض و خدمات ملازمت کی مجبوریوں نے انہماک کے ساتھ تکمیل ارادہ کا موقع نہ دیا
البتہ مواد فراہم کرنے کا کچھ نہ کچھ سلسلہ قائم رہا، نواب وقار الملک کی رحلت کے
بعد ان کے سوانح حیات مرتب کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی، راقم کو بھی اتفاقات
سے پھر ۱۹۱۸ء میں موقع مل گیا اور ایک ساتھ دونوں جلیل القدر بزرگوں کے حالات[1]

---

[1] نواب وقار الملک کی لائف کا مواد نسبتہً بہ آسانی حاصل ہوا بہت بڑا اور اہم حصہ نواب صاحب ممدوح
کے خویش مولوی صبغۃ اللہ بی اے رئیس مرادآباد کی خاص توجہ کی بدولت گھر ہی سے مل گیا (بقیہ صفحہ ۴ پر)

جمع کرنے کی کوشش شروع کر دی۔

نواب محسن الملک کے حالات فراہم کرنے میں بہت دشواریاں پیش آئیں وہ کاغذات جو بہترین معلومات کا ذخیرہ تھے کچھ تلف ہو گئے تھے اور کچھ مال یغما کی طرح مختلف مقامات میں دوسروں کے قبضہ میں تھے مگر انتہائی سعی و کوشش اور مولوی سید طفیل احمد صاحب (علیگ) کی امداد و توجہ سے کچھ حصہ بہم پہونچ گیا (مرحوم) نواب محمد اسحٰق خاں صاحب آنریری سکرٹری ایم اے او کالج کی مہربانی سے کالج میں جو مواد تھا اس سے استفادہ کا موقع ملا اور اس استفادہ میں منشی ایوب علی خاں صاحب رکارڈ کیپر کی مہربانی اور معلومات ذاتی سے بڑی آسانی ہو گئی۔ (مرحوم) مولوی نظام الدین حسن صاحب بی اے۔ بی ایل پنشنر ڈپٹی کلکٹر، برار و رئیس نیوتنی (اودھ) وٹرسٹی ایم اے او کالج نے اپنے دفتر خانگی سے جس میں کالج کے متعلق بہت سی مرتب مسلیں تھیں اقتباس و اخذ حالات کی اجازت دی۔ نواب فخر یار جنگ بہادر فنانشل سکرٹری گورنمنٹ نظام نے چند ضروری کاغذات کی نقول حمت کیں، جب یہ مواد فراہم ہو گیا تو ایک مختصر تذکرہ بشیر باشا[۵۲] سیریز کے لئے مرتب کیا،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳)

سنہ ۱۹۲۱ء تک راقم نے یہ مفصل سوانح عمری مرتب کر لی جس کو آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس نے یہ حصول حق تالیف کسی قدر ترمیم اور جزوی تغیر کے ساتھ اخلاق و انصاف کے تمام اصول کو پامال کر کے سنہ ۱۹۲۵ء میں مؤلف اصلی کے نام کی جگہہ مولوی اکرام اللہ خاں صاحب ندوی کے نام سے شائع کر دیا۔

۵۲ بشیر باشا بی اے (خلف مولوی بشیر الدین صاحب) کی حسرت ناک جواں مرگی سے متاثر ہو کر اُن کی یادگار قائم رکھنے کے لئے یہ سلسلہ شروع کیا، جس میں آٹھ تذکرے مرتب ہوئے، سرسید کا تذکرہ مولوی نور الرحمٰن صاحب بی اے علیگ نے سید محمود و محسن الملک، وقار الملک، مولانا حالی کے تذکرے راقم نے، مولوی سمیع اللہ خاں کا تذکرہ مسٹر سید عبدالکریم صاحب بی اے۔ ایل ایل بی مجسٹریٹ بلدیہ بھوپال نے مولانا نذیر احمد اور مولانا شبلی کے تذکرے مولوی محمد مہدی صاحب نائب مہتمم دفتر تاریخ بھوپال نے مرتب کئے۔

اس کے بعد جو مواد موجود تھا اس سے ایک مفصل سوانح حیات تالیف کی جو سنہ ۱۹۲۴ء میں کانفرنس سے شائع ہوئی[1] مگر قبل ازیں کہ مسودہ کی کتابت و طباعت شروع ہو اور بہترین مواد بھی اتفاقیہ طور پر حاصل ہو گیا۔ اسی عرصہ میں ایک کتاب کارنامہ سروری[2] پریس میں آئی جو نواب محسن الملک کے حیدرآبادی حریف نواب سرور جنگ نے اپنی سوانح عمری کے طور پر لکھی ہے اور جس کی چند سال پہلے "مائی لائف" کے نام سے انگریزی میں بھی اشاعت ہو چکی تھی۔

اس کتاب میں مرحوم کے متعلق بعض نہایت غلط واقعات رنگ آمیزی کے ساتھ درج کئے گئے ہیں۔

اتفاق سے جدید مواد میں متعدد مستند کاغذات ایسے ہیں جن سے واقعات مبینہ کی حقیقت و اصلیت عیاں ہوتی ہے اور اُن کا اضافہ بھی نہایت ضروری تھا لیکن باوجود اصرار کانفرنس کے کارفرمایانِ معتمدر نے شامل کرنے سے انکار کر دیا حتیٰ کہ راقم کا دیباچہ تک شامل نہیں کیا، چوں کہ اب نہایت عمدہ مواد سامنے تھا طبیعت کو گوارا نہ ہوا کہ اس کو تلف ہونے کے لئے چھوڑ دیا جائے بعض محترم اصحاب نے بھی حوصلہ افزائی کی اس لئے یہ مکمل و مبسوط تذکرہ تالیف کیا۔

نواب مسعود جنگ بہادر ڈاکٹر سر سید راس مسعود نے سال گزشتہ کے سفر یورپ میں انڈیا آفس کی لائبریری سے دن بھر کی تلاش و محنت کے بعد نواب محسن الملک اور مسٹر

---

[1] نواب صدر یار جنگ بہادر اس کتاب کو بھی وقار حیات کی طرح شائع کرنا چاہتے تھے لیکن راقم نے جب اعتراض کیا اور عدالتی کارروائی کی دھمکی دی راقم کے نام سے شائع کرنے پر مجبور ہوئے۔

[2] یہ کتاب کارنامہ سروری نواب ذوالقدر جنگ بہادر نے حیدرآباد سے شائع کی ہے۔

[3] لندن ٹائمز سے مذکورہ بالا حالات مہیا کرنے میں مسعود بیگم (اُمۃ الرشید) صاحبہ کی شکر گزاری بھی واجب ہے جنہوں نے اس تلاش و جستجو اور نقل کرنے میں نواب سر مسعود جنگ کی امداد کی اور اس طرح اپنے جد گرامی کرنل عبدالمجید خاں فارن منسٹر پٹیالہ اور نواب محسن الملک کے تعلقات دوستی و محبت کا حق ادا کیا۔

گلیڈاسٹون کی ملاقات کا تفصیلی بیان اور اُس پر لنڈن ٹائمز کا تبصرہ اس تذکرہ کے لئے
بہم پہونچایا۔

میرے محترم دوست مولوی عبدالحق صاحب بی اے (معتمد انجمن ترقی اُردو و سینیر پروفیسر
جامعہ عثمانیہ) نے جن کو عرصہ تک نواب مرحوم کے ساتھ ذاتی تعلق بھی رہا ہے نہ صرف
وہ مضمون تحریر کیا جس کو اس تذکرہ کی روح سے تعبیر کرنا چاہئے بلکہ مصارفِ طباعت میں
بھی معقول امداد کی۔

حاجی مولوی محمد مقتدی خاں شروانی منیجر مسلم یونیورسٹی پریس نے بھی جن کی مہربانی
و رہ نمائی سے بشیر پاشا سیریز، ہر دو سوانح حیات اور مختصر تاریخ مسلم یونیورسٹی کی ترتیب
و تالیف میں بیش از بیش مددملتی رہی ہے، اور جو ہمیشہ ایسی امداد کے لئے بڑے شوق سے
آمادہ رہتے ہیں۔ مشورے دئے

اس سلسلہ میں اپنے عزیزان محترم سید عبدالجلیل صاحب بی اے (علیگ) اکسٹرا
اسسٹنٹ کمشنر ممالک متوسط سید عبدالکریم صاحب بی اے۔ ایل ایل بی (علیگ)
مجسٹریٹ بلدہ بھوپال، مسٹر عظمت الٰہی زبیری بی اے، ایل ایل بی قائم مقام رجسٹرار
مسلم یونیورسٹی مولوی شبیر حسن صاحب زبیری ہیڈ ماسٹر اسلامیہ اسکول مارہرہ اور اپنے
بھتیجے محمد نعمان صاحب زبیری طالب علم مسلم یونیورسٹی کی امدادوں کا تذکرہ بھی ضروری
ہے کہ ان سوانح عمریوں اور تذکروں کی ترتیب و تالیف میں انگریزی کاغذات کے انبار
سے اُن کا انتخاب اور انگریزی کتابوں اور منتخبہ کاغذات کے تراجم کی مشکلات کو حل کیا۔

ناسپاسی ہوگی اگر میں یہ بات ظاہر نہ کروں کہ نواب محسن الملک کے حالات جمع
کرنے میں شمس العلما مولوی ذکاء اللہ خاں صاحب مرحوم کا ایک مضمون جو اکتوبر و نومبر
۱۹۰۸ء کے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں بالاقساط شائع ہوا تھا بڑا رہنما ثابت ہوا اور راقم
نے اس سے بہت کچھ استفادہ کیا۔

اس تذکرہ کی تکمیل و اشاعت حقیقت میں بہت کچھ مرزا ابراہیم بیگ صاحب مالک و اڈیٹر اخبار سرگزشت علی گڑھ کے اصرار و تقاضہ کا نتیجہ ہے جس کی ترتیب میں مسٹر عبدالجلیل ایم اے لکچرار مسلم یونیورسٹی کے قابل قدر مشورے بھی شامل ہیں۔

ان کتابوں اور تذکروں کے مواد فراہم کرنے اور ترتیب و تالیف کی امداد میں اگر بعض اطراف سے مایوسی ہوئی تو اکثر و بیشتر اطراف سے امدادیں بھی ملیں اور اگر یہ کوئی خدمت ہے تو تمام مدد دینے والے اصحاب اس میں شریک و سہیم ہیں اور ہر ایک نے اس طرح اپنے اُس فرض کو ادا کیا ہے جو ایک فرد قوم کی حیثیت سے اُس پر عائد تھا لیکن چوں کہ راقم تذکرہ کی تحریک تھی اس لئے محرک پر اپنے تمام معاونین کی شکر گزاری لازم ہے۔

راقم نے یہ تذکرہ جذبات احسان مندی کے ساتھ اس اُمید پر مرتب کیا ہے کہ قوم کے نوجوان اُس کو دیکھکر اپنے محسن کی یاد تازہ کریں اور اس شاندار زندگی سے سبق لیں۔

۲۸ فروری ۱۹۳۵ء

خاکسار

محمد امین زبیری مارہروی

وظیفہ یاب مہتمم تاریخ بھوپال

انتساب

میں اُن قابلِ احترام و یادگار تعلقات کے لحاظ سے جو سرسید اور نواب محسن الملک میں تھے اس تذکرہ کو عالی جناب ڈاکٹر سر سید راس مسعود "نواب مسعود جنگ بہادر" کے عزیز و محترم نام سے منسوب کرتا ہوں جن میں بہت سی وہ خصوصیات و صفات مجتمع ہیں جو نواب محسن الملک میں تھیں اور جن کا دِل اُن کی محبت و یاد اور عزت و احترام سے معمور ہے۔

گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

مؤلف تذکرہ

نواب مسعود جنگ، ڈاکٹر سر سید راس مسعود بی۔ اے (آکسن)
بار ایٹ لا۔ سلمہ اللہ تعالیٰ

نواب محسن الدولہ محسن الملک مولوی سید مہدی علی خان بہادر منیر نواز جنگ سابق معتمد دولتِ آصفیہ و آنریری سکرٹری محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ لغفرلہ
۱۳۲۵

ولادت و ابتدائی حالات اور ملازمت

ولادت و تعلیم وغیرہ نواب محسن الملک سید مہدی علی ۹ دسمبر ۱۸۳۷ء مطابق ۱۲۵۳ھ کو اٹاوہ میں پیدا ہوئے اُن کا سلسلۂ نسب سادات بارہہ کے مشہور خاندان سے ملتا ہے جس کی ایک شاخ اٹاوہ میں آکر آباد ہوگئی تھی۔ ان کے والد کا نام میر ضامن علی[1] تھا۔ جو ایک نہایت ممتاز شہری تھے اور شہر میں اُن کا تمام خاندان ایک خاص اثر اور اقتدار رکھتا تھا۔

اگرچہ خاندانِ پدری علم کی دولت سے محروم تھا مگر خانوادۂ مادری میں اس کی بہتات تھی۔ چنانچہ ان کے نانا مولوی محمود علی ایک زبردست اور متبحر عالم صدالصدوری

---

[1] ۱۸۹۲ء میں نوّے برس کی عمر میں وفات پائی۔ ہر فرقہ میں عزیز تھے۔ شیعہ سنّی دونوں نے نماز جنازہ پڑھی۔

کے عہدے پر ممتاز تھے۔ پھر عرصہ تک ریاست ٹونک میں منصب وزارت پر بھی سرفراز رہے۔

سید مہدی علی کی ابتدائی تعلیم اس زمانہ کے دستور کے مطابق خانگی مکتب میں شروع ہوئی اور انہوں نے چند ہی سال میں علما و فضلا کے حلقہ درس میں شامل ہو کر تکمیل کرلی۔ حدیث و تفسیر اور ادب عربی کتابیں ان کے مطالعہ میں رہتی تھیں۔ عربی اور فارسی کے سیکڑوں اشعار ان کی زبان پر تھے۔ انگریزی تعلیم انہوں نے حاصل نہیں کی۔ تاہم وہ "پانیر" اور دیگر انگریزی اخبار بے تکلف سمجھ لیتے تھے اور یہ لیاقت صرف مشق و مزاولت سے اُن کو حاصل ہوئی تھی۔

ملازمت سترہ۔ اٹھارہ سال کی عمر میں دس روپیہ ماہوار سے ملازمت شروع کی اور ۱۸۶۷ء تک اہلمدی۔ سررشتہ داری۔ تحصیلداری کے منازل طے کرتے ہوئے ڈپٹی کلکٹری کے درجہ پر پہونچے۔

تحصیلداری کے زمانے میں اٹاوہ خاص کی آبادی و ترقی میں بڑی کوشش کی جس کی یادگاریں ابھی تک سرکاری عمارت و شوارع اور ہیوم گنج کی صورت میں قائم ہیں۔ ۱۸۶۹ء میں قحط کا انتظام سپرد کیا گیا جس میں نہایت ہمدردی کے ساتھ اُنہوں نے محنت شاقہ کی اور اس کے صلہ میں گورنمنٹ سے خلعت عطا ہوا۔

خدمات کی تعریف نیز ان کی خدمات کا کلکٹر نے سالانہ رپورٹ میں اِسطرح اعتراف کیا کہ

"میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ مہدی علی سے زیادہ ذہین مستعد اور ایماندار ملازم صوبہ ممالک مغربی و شمالی میں نہیں ہے"

۳

حیدرآباد کی خدماتِ جلیلہ

حیدرآباد کی ملازمت مولوی مہدی علی میں قدرت کی فیاضی سے وہ تمام اوصاف مجتمع تھے جو ایک وسیع حکومت کی تنظیم و اصلاح اور ترقی کے لئے درکار ہیں ان کا ذہن ایسا تیز اور نظر ایسی وسیع تھی جس کے لئے اہم عُقدوں کو حل کرنا اور مہمات امور پر حاوی ہو جانا ایک معمولی بات تھی، دماغ بھی سیاست، مدن اور تدبیر مملکت کے لئے خاص طور پر موزوں تھا۔

ساتھ ہی طبیعت کی نیکی، چہرہ کی شگفتگی، لب ولہجہ کی دل ربائی، استقلال و تحمّل متانت و دیانت یہ ساری خوبیاں ان میں بدرجۂ اتم موجود تھیں۔

لیکن جس حکومت کی سروس میں اُنہوں نے ۱۰ سال گزارے تھے اس کا نظام ملازمت ان کی ترقی میں سدِ راہ تھا جس کا افسوس ان کے بالادست افسر مسٹر ایلن ہیوم (نیشنل کانگریس کے بانی) نے اِن الفاظ میں کیا تھا کہ "باوجود اس اعلیٰ درجہ کی لیاقت اور کارگزاری کے ایسا شخص جو ایک ریاست اور صوبہ کا انتظام نہایت عمدہ طور پر کر سکتا ہے۔ ابھی تک تحصیلداری و ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر رہا" مگر قدرت کی فیاضی ان صفات کے عطیہ پر ہی ختم نہیں ہوئی تھی بلکہ اُس نے اُن کے ظاہر ہونے اور اُن کے افادہ کے لئے مملکت آصفیہ کا وسیع میدان بھی تیار کر دیا چنانچہ جب ۱۸۷۴ء میں وہ انگریزی ملازمت سے مستعفی ہو کر حکومت نظام کے حلقۂ ملازمت میں داخل ہوئے تو وہاں وہ تمام صفات کامل آب و تاب کے ساتھ نمایاں ہوئیں اس زمانہ میں اعلیٰ حضرت آصف جاہ سادس کی[1] نابالغی کی وجہ سے ریجنسی

---

[1] ولادت ۵ ربیع الثانی ۱۲۸۳ھ

قائم تھی اور ہندوستان کے نامور مدبر سر سالار جنگ اعظم دولت آصفیہ کے مدار المہام تھے۔

بندوبست مالگزاری و محاسبی

مولوی مہدی علی نے تمام مفوضہ صیغوں میں اپنی قابلیت کا ثبوت دیا۔ مگر مال و محاسبی میں وہ ایسے کامیاب ہوئے کہ آج تک حیدرآباد کی تاریخ[۱] نظم و نسق میں اس کا اعتراف کیا جاتا ہے۔ اُنہوں نے چند سال کی پیہم محنت سے محاسبی کو اتنا منظم کر دیا کہ ۱۲۸۵ھ فصلی میں پہلا موازنہ (بجٹ) تیار کرنے میں کامیاب ہو گئے اور اس کے ساتھ ایک ایسی مفصل رپورٹ مرتب کی جو سابق و حال کی فنانشل حیثیت کا آئینہ تھی۔

بندوبست مالگزاری کے متعلق کہا جاتا ہے کہ "اُنہوں نے دکن میں وہ کام کیا جو شہنشاہ اکبر کے عہد میں ہندوستان کے اندر ٹوڈرمل نے اور ممالک مغربی و شمالی میں ٹامسن صاحب لفٹنٹ گورنر نے اور مدراس میں منرو صاحب گورنر مدراس نے اور بمبئی میں کپتان ونگیٹ نے کیا تھا کہ ان کے بندوبست سے گورنمنٹ مالامال اور رعایا نہال اور خوش حال[۲] ہو گئی"

اِس بندوبست کی رپورٹ کے ملاحظہ کے بعد، جو حیدرآباد کی ایک مکمل تاریخ مالگزاری تھی سر ولیم میور[۳] نے لکھا تھا کہ "میں نے جب آپ کے حیدرآباد جانے کے متعلق سُنا تھا تو مجھے آپ کی ذہانت اور قابلیت کے باعث جس کا تجربہ مجھ کو مرزاپور میں ہوا تھا یقین ہو گیا تھا کہ آپ بہت جلد اپنے نئے ماحول میں امتیاز حاصل کرینگے"

سر اسٹوارٹ بیلی لفٹنٹ گورنر بنگال نے جن کو رزیڈنٹ کی حیثیت سے حیدرآباد کے شعبۂ مالگزاری کی خرابیوں کا پورا تجربہ تھا تحریر کیا کہ "اِس میں کوئی شک نہیں کہ آپ نے نہایت مفید کام شروع کیا اور نہایت کامیابی سے چلایا بلاشبہ یہ کامیاب

---

[۱] بستان آصفیہ۔ [۲] مضمون شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ خاں دہلوی۔

[۳] سابق لفٹنٹ گورنر ممالک متحدہ و ممبر انڈیا کونسل۔

حکومت کے لئے سنگِ بنیاد ہے۔ آپ کو یہ سن کر اطمینان ہوگا کہ اس لحاظ سے حیدرآباد صوبہ بنگال کے ان اضلاع سے جن میں دوامی بندوبست ہی بہتر ہے"۔

لارڈ ڈفرن نے بھی سرکاری طور پر اس نمایاں خدمت کا اعتراف کیا۔

انتظاماتِ قحط کی تعریف

۱۸۷۶ء میں دکن اور مغربی کرناٹک کے ساتھ حیدرآباد کے سات اضلاع میں سخت و شدید قحط رونما ہوا اور مولوی مہدی علی اس مصیبت کا مقابلہ کرنے کے لئے مامور ہوئے۔ انہوں نے نہ صرف تدبیر و قابلیت کے ساتھ بلکہ اس رافت و فیاضی سے جو اُن کے دل کا خمیر تھی اس فرض یا خدمت کو ایسے موثر اور کامیاب طریقوں سے انجام دیا کہ ہر طرف سے صدائے تحسین بلند ہوئی اور مصیبت زدوں نے جن پر یہ بلا مسلّط ہوئی تھی دل سے دعائیں دیں۔ گورنمنٹ ہند کے نمایندے سر ریچرڈ ٹمپل نے ان انتظامات کا معائنہ کر کے خاص طور پر تعریف کی جو گورنمنٹ آف انڈیا کے غیر معمولی گزٹ میں شائع ہوئی۔

اِس کے علاوہ کمیشن قحط میں جو بیان دیا وہ اتنا جامع تھا کہ پریسیڈنٹ سر چارلس الیٹ نے اپنی رپورٹ میں تعریف کے ساتھ اس پر بحث کی۔ پھر انہوں نے انتظاماتِ قحط کے متعلق ایک مبسوط رپورٹ شائع کی جس پر تمام پریس کی توجہ منعطف ہوگئی۔ ہندوستان کے لیڈنگ اخبارات نے بحثیں کیں "پانیر" نے ایک فقرہ میں لکھا تھا کہ:۔

"ایک دیسی حاکم کے لئے جو حقیقۃً قابل ہو علاقۂ نظام میدانِ عمل اور میدانِ ترقی ہے۔ اُن میں مثالاً سید مہدی علی ہیں جنہوں نے اِس صوبہ میں ۲۰ سال کی ملازمت میں اپنے آپ کو محض بندوبست میں ڈپٹی کلکٹری (جنوبی مرزا پور) کے قابل پایا۔ مگر وہ دکن میں اترے اور کامیاب ہوئے۔ اُنہوں نے حکومت حیدرآباد کے ریونیو سکرٹری ہوکر ایسی رپورٹ شائع کی ہے کہ جو شاید محکمۂ وضع قانون

کے رشک کو بھڑکا دے گی کمیشن میں جو جوابات دیے اس میں نہایت قابلیت و ذہانت ثابت کی مختصراً یہ کہ اُمیدوار نے امتحان میں نہایت شان دار کامیابی حاصل کی ہے"۔

حیدرآباد افیسرس کی تالیف

ان ہی خدمات کے سلسلہ میں اُنھوں نے ایک کتاب ۸ جلدوں میں تالیف کی جو مملکت آصفیہ کی ایک اہم خدمت تھی اس کتاب میں حیدرآباد کے متعلق تمام سیاسی مواد ایک جا مجتمع کر دیا ہے۔ اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس عظیم ترین اسلامی ریاست نے انگریزی دَورِ حکومت میں کس طرح نشو و نما پائی۔ اس کی تاریخ میں کون کون سے اہم واقعات پیش آئے۔ زمانہ کے اہلِ قلم نے ان واقعات پر کیا تنقیدیں کیں اور وہ کیا رائے رکھتے تھے۔ یہ ذخیرہ اخبارات و رسائل کے منتشر اوراق اور سرکاری کاغذات سے فراہم کیا اور اس کے فراہم کرنے میں بہت تکالیف اُٹھائیں۔ اس کتاب کی اشاعت سے حیدرآباد کو بڑے بڑے سیاسی و اخلاقی فوائد حاصل ہوئے اور وہ تمام سیاسی مسائل پر بحث اور رائے قائم کرنے کے لئے دلیلِ راہ بن گئی۔

مولوی مہدی علی کا اثر و رسوخ

مولوی مہدی علی کے وفادارانہ جذبات اور اعلیٰ قابلیت و ذہانت نے بہت جلد سرسالار جنگ اعظم کے دل میں گھر کر لیا۔ چنانچہ متعدد سیاسی خدمات میں بھی جن میں سب سے اہم خدمت رزیڈنسی کی سفارت تھی ان پر سب سے زیادہ اعتماد کیا گیا۔ سر اسٹوارٹ بیلی[1] نے ایک خط میں اس اعتماد کا یوں تذکرہ کیا ہے کہ :-

"جب میں یہاں آیا تو میں نے آپ کو ایک بہت بڑا ذمہ دار افسر اور سالار جنگ مرحوم کا سب سے زیادہ معتمد اور مشیر پایا مجھکو ان کی گفتگو یاد ہے جو اُنھوں نے

---

[1] رزیڈنٹ بعدہ سکرٹری گورنمنٹ آف انڈیا۔

ایک مرتبہ مجھ سے کہی تھی کہ بجز آپ کے کوئی دوسرا شخص ایسا نہ تھا کہ جس نے بسا اوقات ان کو بہترین مشورہ دیا ہو آپ کی ذہانت اور صحیح قوت فیصلہ پر ان کو سب سے زیادہ اعتماد تھا۔"

سالار جنگ اوّل کی رحلت

۱۸۸۳ء میں سر سالار جنگ اعظم کی رحلت کے بعد جو دور آیا وہ ایک اندوہناک بے اطمینانی کا تھا اعلیٰ حضرت سن رشد کو نہ پہونچے تھے اور کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا کہ جب تک عنانِ حکومت اعلیٰ حضرت کے دستِ مبارک میں تفویض ہو کیا کیا انقلابات واقع ہوں گے۔

مولوی مہدی علی نے واپسی کا ارادہ کیا لیکن سر اسٹوارٹ بیلی اور مسٹر جونس رزیڈنٹ نے ان کو اس ارادہ سے باز رکھا اور سر اسٹوارٹ نے لکھا کہ:۔

"حیدرآباد کے مفاد میں یہ بہت ضروری ہے کہ آپ حکومت کی خدمات بدستور انجام دیتے رہیں اور ریونیو و فنانشل صیغے آپ کی زیر نگرانی رہیں۔"

جدید انتظامات

اِس زمانہ میں امپیریل گورنمنٹ کے عارضی انتظام سے جس میں سر سالار جنگ اوّل کے صاحبزادہ میر لائق علیخاں[۱] اور حیدرآباد کے مشہور امیر راجہ نریندر پرشاد[۲] بالاشتراک وزیر مقرر ہوگئے اور ایک ایجنسی قائم کرکے چند امرا ممبر نامزد کئے گئے۔ اُن میں سے ہر ایک کے تصور میں مستقل وزارت کی اُمیدوں کا چمن لہلہا رہا تھا اور سب اپنی دولت سے گل بازی میں مصروف تھے۔

---

[۱] ولادت ۸ رجب ۱۲۸۲ھ ابتدائی تعلیم حیدرآباد میں ہوئی۔ اعلیٰ حضرت کے ہم مکتب تھے ۱۶ سال کی عمر میں تکمیل تعلیم و حصول تجربہ کے لئے یورپ بھیجے گئے عرصہ تک لندن میں قیام رہا۔

[۲] مشہور خاندان پیشکار کے رکن اور راجہ چندولال کے پوتے تھے۔

میر لائق خاں کی وزارت کے لئے کوشش اور کامیابی

مگر جو امرا اور عہدہ دار کہ مرحوم مدار المہام کے خاص معتمد تھے اور جن کو اشخاص سے زیادہ ملک کے ساتھ ہمدردی تھی ان کی اور عامہ رعایا کی تمنا اور دعا تھی کہ اس منصب عظمیٰ پر میر لائق علی خاں کو سرفراز کیا جائے تاکہ جو نظام حکومت سالہا سال کی محنتوں کے بعد قائم ہوا تھا بدستور قائم رہے اور اصلاحات کی جو مرتّبہ اسکیم ہے وہ خوش اسلوبی کے ساتھ نافذ ہو سکے لیکن اس مقصد کی کامیابی کے لئے جلیل القدر امرا کے بالمقابل کوششیں ناگزیر تھیں۔ اس لئے ایک جماعت[۵۱] علی الاعلان مصروف عمل تھی جس کے اندر بہت ہی ہوشیار اور ذہین اصحاب تھے جو مختلف سیکشنوں میں تقسیم تھے۔ ایک سیکشن جس کے لیڈر مولوی مہدی علی تھے بہت ہی زبردست با اثر روشن دماغ اور قابل و تعلیم یافتہ لوگوں سے مرکب تھا۔ انہوں نے رزیڈنسی پر اثر ڈالنا شروع کیا۔ رزیڈنٹ ان کا معترف ہو گیا۔ مہاراجہ کے خلاف اور میر لائق علی خاں کی حمایت میں زبردست پروپاگنڈا کیا گیا۔ مہاراجہ کے مددگاروں کو شکست ملی۔ سر خورشید[۵۲] جاہ کا نام امیدواران وزارت سے خارج کر دیا گیا اور رزیڈنسی اور فارن آفس میں میر لائق علی خاں کی وزارت کا حق تسلیم کر لیا گیا۔

۵ رفروری ۱۸۸۴ء = ۷ ربیع الثانی ۱۳۰۱ھ کو اعلیٰ حضرت آصف جاہ سادس میر محبوب علی خاں نظام الملک کو ۱۸ سال کی عمر میں اختیارات حکومت تفویض کئے گئے اور اسی دن میر لائق علی خاں کو عماد السلطنت سالار جنگ ثانی کے خطابات کے ساتھ خلعتِ وزارت عطا ہوا۔

۵۱؎ ماخوذ از "مائی لائف"، خود نوشت سوانح عمری نواب سرور جنگ۔

۵۲؎ نواب رشید الدین خاں امیر کبیر ثالث کے فرزند خاندان پائیگاہ کے رکن اعظم تھے سر سالار جنگ اوّل کے ساتھ دیرینہ مخالفت تھی۔ ولادت ۵ ربیع الاوّل ۱۲۵۸ھ رحلت ۱۱ ربیع الاوّل ۱۳۲۰ھ

معتمدی سیاسیات وخزانہ عماد السلطنت نے سیاسیات اور خزانہ کی معتمدی سے اہم صیغوں کو متعلق کرکے مولوی مہدی علی کو معتمد بنایا اور اس طرح عملاً حکومت کی پوری طاقت ان کے ہاتھ میں آگئی۔

خطاب ۲۳ مارچ ۱۸۸۴ء = ۲۳ جمادی الاول ۱۳۰۱ھ دربار نوروز کی تقریب پر وہ منیر نواز جنگ بہادر کے خطاب سے اور دونیم ہزاری ذات و پانصد سواری ونشان کے منصب سے ممتاز ہوئے۔

اصلاحات کا اجرا اور ان کا اعتراف وہ تمام اصلاحات جن کی اسکیم مولوی مہدی علی کے مشورہ سے سر سالار جنگ کے آخری زمانہ میں مرتب ہوئی تھی جاری کی گئیں اور جو اپنے نتائج کے لحاظ سے نہایت کامیاب ہوئیں ان اصلاحات وغیرہ کے متعلق مسٹر کارڈری رزیڈنٹ نے ایک پبلک اسپیچ میں کہا تھا کہ :-

"جو انتظام قلمرو سرکار میں جاری ہے اور جس انتظام نے کہ مدارالمہام مرحوم کی عاقلانہ اور ان کے فرزند کی مسلسل اور متواتر تائید سے حیدرآباد کے نام اور اس کی شہرت کو اس درجہ بڑھایا ہے ایک حد تک منیر نواز جنگ کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔"

مسلمان اور روسی حملہ مولوی مہدی علی یا نواب منیر نواز جنگ چوں کہ صیغہ سیاسیات کے معتمد تھے اس لئے ان کو حیدرآباد سے باہر برٹش انڈیا اور خصوصاً سلطنت برطانیہ اور دوسری اقوام کے سیاسی تعلقات اور رفتار واقعات پر بھی نظر رکھنی پڑتی تھی۔

وہ اس سے بھی واقف تھے کہ ہنوز ہندوستان میں مقتدر انگریزوں کی ایک ایسی جماعت موجود ہے جو مسلمانوں کی وفاداری کو شک وشبہ کی نظر سے

دیکھتی ہے جس کو وہ مختلف پیرایوں میں ظاہر بھی کرتی رہتی ہے۔ اور مسلمان ریاستیں بھی اس شک و شبہ سے محفوظ نہیں۔

یورپ میں روس برطانیہ کا زبردست حریف تھا اور ہر وقت سرحد ہندوستان پر اس کی پیش قدمی کا خطرہ تھا۔ روسی اخبارات کا یہ پروپیگنڈا بھی جاری تھا کہ اہل ہند حکومت برطانیہ سے بیزار ہیں۔

اِن حالات میں تیسری جنگ و صلح افغانستان ۱۸۷۸-۷۹ء کے بعد ۱۸۸۵ء میں جب سرحد پر روسی حملہ کے آثار نمایاں ہوئے تو نواب منیر نواز جنگ نے ایک مضمون "مسلمان اور روسی حملہ" کے عنوان سے ایک خط کے طور پر شائع کیا۔

جس میں روسی حملہ کا منشا، اس کے دعاوی تہذیب کی تردید، وعدہ شکنی، خلاف ورزیِ معاہدات، پیشقدمی اور اس کی غرض وغیرہ بیان کر کے ہندوستان کی اس بے چینی پر بحث کی ہے جس کی اس زمانہ میں شہرت تھی اور تاریخی واقعات سے قدیم حکومتوں اور انگریزی سلطنت کا مقابلہ اور اس کی برکات امن کا تذکرہ کر کے اور بغاوت و شکایات کا فرق دکھا کر اس سوال پر کہ:۔

"روس کبھی ہندوستان پر قابض ہو سکے گا"

اظہار خیال کرتے ہوئے برطانیہ اور ترکی و ایران کے تعلقات کی ضرورت پر زور دیا اور لبرل طبقہ کی ترکوں سے واسطہ نہ رکھنے کی خواہش کو غلطی سے تعبیر کر کے لکھا کہ:۔

"اگر ۱۸۷۶ء میں انگریزوں نے ترکوں کی اور زیادہ مدد کی ہوتی تو بہت ممکن ہے کہ آج روسی ہرات سے اتنے قریب نہ ہوتے"

نوٹ۔ اسی بنا پر ۱۸۷۱ء میں ڈاکٹر ہنٹر کی کتاب انڈین مسلمان "INDIAN MUSALMANS" نے ایک زبردست ہیجان پیدا کر دیا تھا جس کا جواب سرسید مرحوم نے ایک ریویو اور متعدد مضامین کے ذریعہ بہ کثرت شائع کیا۔

اِس کے بعد سرحد پر حفاظتی فوج کی تعداد اور ریاستوں کی افواج کی خراب حالت اور اس میں اصلاح کی اہمیت پر توجہ دلا کر تحریر کیا کہ:-

"کیا آپ کو یہ خوف ہے کہ اچھے اسلحہ، اچھے انتظام اور اچھے افسروں سے آراستہ ہو کر ہم آپ کے خلاف متحد ہو جائیں گے؟ کس غرض سے؟ روس کی مدد کے لئے نہیں تو پھر اور کس غرض سے؟ کیا سندھیا اور ہلکر، نظام کو تخت دہلی پر متمکن کرنے کے لئے متحد ہو جائینگے یا محض نظام اپنی فوج بھیجکر میسور، ہلکر یا سندھیا کو شہنشاہ ہندوستان بنا دیں گے۔ یہ واقعہ ہے کہ اِن ریاستوں کو کچھ معمولی شکایتیں ہیں جو آپ خوشی کے ساتھ سننے کے لئے تیار ہوں گے اگر وہ جنگ کے موقع پر آپ کی مدد کریں لیکن وہ شکایات ایسی نہیں ہیں کہ ان میں سے کوئی ریاست ان کے لئے ایک گولی چلانا بھی گوارا کرے جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں آپ نے ہمارے لئے لڑائی کی کوئی بات نہیں چھوڑی۔ لیکن ہم آپ کے لئے لڑنے کے واسطے آمادہ ہیں محض اپنے ملک کی خاطر جس پر ہم خود حکومت نہیں کر سکتے اور آپ اس پر کسی اور فاتح کے مقابلہ میں زیادہ بہتر طریقہ پر حکومت کرتے ہیں۔ فی الحال ہندوستان لکڑیوں کے ایک گٹھر کی حیثیت رکھتا ہے جس میں انفرادی طور پر ہر لکڑی توڑی جا سکتی ہے لیکن انھیں ایک جا باندھ دیجئے اور اس پر برطانوی حکومت کی گرہ لگا دیجئے پھر دیکھئے کہ نہ صرف روس اُسے توڑنے سے قاصر رہے گا۔ بلکہ یہ روس کی کمر توڑ دے گا۔

لیکن اس موقع پر مجھے ایک اشارہ اور کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ افواہوں کو سننے اور بے کار شبہات کرنے کے لئے تیار نہ رہئے۔ ان اطلاعات پر ہمت افزائی نہ کیجئے جو مطلب پرستوں کی جانب سے ملیں کیونکہ بدنصیبی سے ہر ہندوستانی دربار میں سازشیوں کا بازار گرم ہے جو افواہیں پھیلاتے اور جھوٹ کے پُل باندھ دیتے ہیں۔ اپنے عمل اور مشورہ سے ہماری مدد کیجئے اور ہم پر آپ کے اطمینان کا اظہار ہماری وفادارانہ

کوششوں میں جان ڈال دے گا۔ لارڈ ریپن کی اسی پالیسی نے ملک بھر میں ایک جوش پیدا کر دیا ہے۔

اب آخر میں مجھے ایک لفظ اور کہنا ہے۔ فرض کر لیا گیا ہے کہ مسلمانانِ ہندوستان کو مہدی سوڈانی سے ہمدردی ہے، حالانکہ یہ خلاف واقعہ ہے۔ اوّلاً مسلمانوں میں نصف شیعہ ہیں جو امام مہدی کے ظہور کے متوقع نہیں ہیں۔ ان کے خیال کے مطابق وہ ۱۱۰۰ سال قبل پیدا ہوئے تھے اور اس وقت تک پوشیدہ ہیں۔ باقی رہے سنّی انہیں موجودہ دعویدار پر اعتقاد نہیں کیونکہ اس میں سچّے مہدی کی تمام علامات نہیں پائی جاتیں جن میں سے ایک علامت یہ ہے کہ ان کا ظہور مکّہ معظمہ میں ہوگا۔ جب خود ساختہ مہدی کے دعاوی ہندوستان میں بیان کئے جاتے ہیں تو ان کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔

جو لوگ ہندوستان کی نافرمانی کا ذکر کرتے ہیں وہ براہ کرم مسلمانوں کو سب سے زیادہ نافرمان بتاتے ہیں۔ میں اس کی تکذیب کرتا ہوں مسلمانوں کو اپنی احسان شناسی اور وفاداری کا دعویٰ ہے۔ انگریزوں نے جب ہندوستانی سیاسیات میں حصّہ لینا شروع کیا تو مسلمانوں کی قوت ختم ہو چکی تھی اور یہ انگریز ہی تھے جنھوں نے مسلمانوں کو غالباً سکھوں اور مرہٹوں سے بچا لیا۔ اس وقت سے اب تک ہمارے مفاد کی ترقی کی جانب سے کبھی پہلو تہی نہیں کی گئی۔ اور ہماری تعلیمی ترقی کے لئے مخصوص ذرائع فراہم کئے گئے۔ انگلستان حقیقتاً دنیا میں مسلمان قوم کی سب سے بڑی حکومت ہے۔ مسلمانوں کے تقرر کے لئے مخصوص آسانیاں فراہم کی گئی ہیں اور ٹرکی کی حمایت کی اس کی سابقہ پالیسی نے اسے تمام اچھے مسلمانوں کی نگاہوں میں عزّت کا مستحق بنا دیا ہے۔ فی زمانہ ہمیں خصوصیت کے ساتھ لارڈ ڈفرن سے توقع ہے کہ وہ اسی پالیسی پر عمل درآمد فرمائیں گے۔ وہ ٹرکی اور ترکوں سے بخوبی واقف ہیں اور "ایلچی" ہونے کے زمانہ سے کسی نے انگریزوں کا رسوخ اسلامی ممالک میں

اتنا نہ بڑھایا ہوگا جتنا انہوں نے بڑھایا ہے۔ بمبئی میں انہوں نے اپنے الفاظ میں اپنے آپ کو ہمارا دوست ظاہر کیا ہے اور اس کے جواب میں ہم بھی انہیں ایک دوست کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

اب تک میں نے عام طور پر ہندوستانیوں اور بالخصوص مسلمانوں کی جانب سے کہا ہے۔ اب مجھے اس ریاست کی جانب سے بھی پُر جوش وفاداری کا یقین دلانے دیجئے جس کا میں ملازم ہوں جب کبھی ہندوستان پر کوئی مصیبت آئے گی تو ہم یقین دلاتے ہیں کہ حیدرآباد ایسا ہی وفادار اور دوست ثابت ہوگا جیسا کہ وہ ۱۸۵۷ء میں تھا۔ اب ہماری خواہش صرف اتنی ہے کہ آپ ہمیں اپنی وفاداری کے اظہار کا موقع دیجئے"

اس اہم خط پر ہندوستان اور انگلستان دونوں ممالک کی عام توجہ منعطف ہوگئی ٹائمز نے اسے اپنے کالموں میں درج کیا اور اپنے لیڈنگ آرٹیکل میں اس کی تعریف کرکے اپنی رائے ظاہر کی۔ لارڈ ڈفرن نے بھی اس خط کے مقصد اور اسپرٹ پر جس دلی پسندیدگی کا اظہار کیا اُس کو ہم ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

آپ کو یہ معلوم ہوکر غالباً مسرت ہوگی کہ ہز اکسلنسی وائسرائے نے مسلمانوں اور روسیوں کی پیش قدمی کے متعلق آپ کے خط مطبوعہ بمبئی گزٹ کو نہایت مسرت کے ساتھ مطالعہ کیا جسے ٹائمز نے اپنے کالموں میں نقل کیا ہے ایسے صائب خیالات جو نہایت تفصیل اور صحیح واقعات کی معلومات پر مبنی ہیں اور جو ایسی صفائی اور منطقی دلائل کے ساتھ ایک ہندوستانی مسلمان نے پیش کئے ہیں بالضرور اس جہالت اور قدیم تعصبات کو جو حکومت اور ہندوستانیوں میں موجود ہیں صحیح راستہ پر لانے میں کامیاب ہونگے۔ ایک ہندوستانی مسلمان نے بروقت موجودہ سیاسی حالات پر اپنے ضمیر کے مطابق جن خیالات کا اظہار کیا ہے انہیں اگر گمنام شائع کیا جائے تو یقیناً کسی اعلیٰ تعلیم یافتہ اور محب وطن انگریز سے منسوب کیا جائیگا اس لئے اس پر خواہ مخواہ توجہ منعطف ہوتی ہے

ایک غیر جانب دار نقاد کی نظروں میں لبرلوں کی جانب داری کرنے کے مقابلہ میں یہ زیادہ اطمینان بخش ہے کہ برطانوی گورنمنٹ کی پالیسی اپنی ہندوستانی رعایا کے متعلق بیان کی جائے کیونکہ اُس پالیسی کا منشا رسلطنت کا استقلال، قوت ذہنی اور قومی نشوونما اور ہر طبقہ کی وفاداری ہے۔

ایک نازک ترین مرحلہ

اگرچہ مجوزہ اصلاحات کامیاب ہو رہی تھیں لیکن بدقسمتی سے رزیڈنسی کی مداخلت دائرہ اعتدال سے متجاوز ہو گئی تھی اور بعض اوقات عماد السلطنت کے استعمالِ اختیارات میں بھی خودمختاری کی جھلک آجاتی تھی۔

عماد السلطنت کی کامیابی نے خاندانی حریفوں اور حضوری کے بعض عہدہ دار وامرا کی آتش حسد بھڑکادی تھی اور وہ سخن چینی وہیزم کشی کرتے رہتے تھے۔
ادھر بعض اشخاص جو عماد السلطنت کے مزاج میں دخیل ہو گئے تھے اور رزیڈنسی سے زیادہ توقعات رکھتے تھے اس حالت کو قائم رکھنے میں کوشاں تھے۔
اِس میں شک نہیں کہ اس وقت عماد السلطنت سے زیادہ قابل اور تعلیم یافتہ کوئی دوسرا امیر نہ تھا ان کی موروثی وفاداری بھی مسلّم تھی لیکن شاہ وزیر کی نوعمری اثر دکھائے بغیر نہ رہی دونوں میں بے اعتمادی اور رنجش پیدا ہوئی اور یہاں تک نوبت پہنچی کہ اعلیٰحضرت کی طرف سے وزیر کی معزولی پر زبردست اصرار ہوا لیکن رزیڈنسی سے وزیر کی حمایت کی گئی اور اتنی حمایت کہ اعلیٰ حضرت کی تخت حکومت سے علیحدگی آسان اور عماد السلطنت کی معزولی ناممکن سمجھی گئی اور یہ بات صاف طور پر جتادی گئی۔

نواب منیر نواز جنگ کے لئے یہ موقع سخت امتحان کا تھا ایک طرف اعلیٰ حضرت کے حقوق آقائی دوسری طرف سالار جنگ کے خاندانی احسانات، لیکن اُنہوں نے

ایسا صاف و صریح راستہ اختیار کیا کہ ان کی وفاداری ہر شک و شبہ سے پاک و صاف رہی۔ اُنہوں نے عماد السلطنت کو ان کی غلطیاں سمجھائیں، زبانی و تحریری[51] طور پر نصیحتیں کیں اور معافی کی درخواست پر آمادہ کر لیا خود مسودے لکھے اور چونکہ اعلیٰ حضرت کو نواب صاحب پر پورا اعتماد تھا اِس لئے صحیح طرز عمل اختیار کرنے کی صورت میں معاملات صاف کرنے کی حمایت کی مگر مطلع صاف ہو ہو کر مکدّر ہو جاتا تھا تا آں کہ لارڈ ڈفرن وائیسرائے ہند کو مداخلت کی ضرورت محسوس ہوئی وہ حیدرآباد آئے اعلیٰحضرت سے تخلیہ کی ملاقات کی اور اس مسئلہ پر گفتگو ہوئی۔

اعلیٰحضرت نے عماد السلطنت کی معزولی اور سرخورشید جاہ کی وزارت پر زور دیا جس کو ویسرائے نے نامنظور کیا اور چند روز تک معاملہ ملتوی رکھنے کا مشورہ دیا۔

مگر ہنوز لارڈ ڈفرن نے حیدرآباد نہ چھوڑا تھا کہ نواب منیر نواز جنگ نے ایک موقع سے فائدہ اُٹھا کر بہ چشم زدن اس کشمکش کو ختم کر دیا اور ویسرائے کو بھی اطلاع دیدی گئی۔ جس کا اعتراف نواب سرور جنگ[52] نے اپنی کتاب مائی لائف[53] میں اسطرح کیا ہی کہ:-

"لیکن مولوی مہدی علی نے اپنی سیاسی قابلیت اور دقیق النظری سے کام لے کر عرصہ درازکی ان کوششوں کو ایک پلک جھپکنے میں ختم کر دیا خدا نے ان کو اس قسم کا دل و دماغ دیا ہے کہ اگر وہ یورپ میں پیدا ہوتے تو بسمارک اور ڈزریلی کے ہم پلہ ہوتے"

---

[51] ان واقعات کے متعلق چند خطوط مؤلف کے پیش نظر ہیں۔

[52] نواب سرور جنگ (آغا مرزا)، سرخورشید جاہ کے متوسل خاص اور پائیگاہ کے جاگیردار تھے سر سالار جنگ اول کی وفات کے بعد اعلیٰ حضرت کے زمرۂ اساتذہ میں داخل ہوئے اور بعد کو معتمدی پیشی پر ممتاز ہوئے۔ واقعات و انقلابات حیدرآباد اور بالخصوص وزارتوں کے تغیر و تبدل میں ان کا زبردست حصہ رہا ہی۔

[53] یہ کتاب ذاتی اثر و رسوخ اور حیدرآبادی سازشوں کے یک طرفہ اور بلاحوالہ تبصرہ بیانات سے پُر ہی۔

محسن الدولہ محسن الملک کا خطاب

اسی دوران میں اعلیٰحضرت نے مکرمت خسروانہ سے بتقریب دربار نوروز ۲۷ر جمادی الثانی ۱۳۰۱ھ کو "محسن الدولہ محسن الملک" کے خطاب اور سہ ہزاری ذات پانصدی منصب سے سرفراز کیا جس خطاب کی روشنی میں ان کا اصلی نام ہمیشہ کے لیے چھپ گیا۔

اعلیٰحضرت نے نہ صرف خود ہی یہ خسروانہ نوازش فرمائی۔ بلکہ گورنمنٹ ہند میں بھی سفارش کی۔ چنانچہ مسٹر بیلی نے ہوم آفس شملہ سے مبارک باد کے خط میں یہ اطلاع دی تھی کہ:۔

"مجھے اُمید ہے کہ ہز ہائینس نے مسٹر کارڈری سے جو سفارش کی کہ برٹش گورنمنٹ سے آپ کی خدمات کا اعتراف کرادیں اس میں بھی کامیابی ہوگی۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ نے ریاست حیدرآباد کی جو خدمات انجام دی ہیں وہ گویا سرکار برطانیہ کی بھی ایک طرح کی خدمت تھی۔ اِس لئے آپ اس کے بھی مستحق ہیں۔"

حکومت ہند میں خطاب کا تسلیم کیا جانا

عامۃً حکومت ہند نے یہ قاعدہ قرار دے لیا ہے کہ ریاست کے خطابات برطانوی ہند میں سرکاری طور پر تسلیم نہیں کئے جاتے اور نہ مراسلت سرکاری میں ان سے مخاطب کیا جاتا ہے لیکن نواب محسن الملک کے خطاب کو گورنر جنرل نے نہایت خوشی سے تسلیم کیا اور منظور کرلیا کہ:۔

"سرکاری مراسلت میں یہ خطاب استعمال کیا جائے گا۔"[1]

عماد السلطنت کا استعفا

رزیڈنسی، فارن آفس، دیگر پولیٹکل حکام اور خود وائسرائے ہند کو نواب عماد السلطنت کی

---

[1] خط رزیڈنٹ مورخہ ۱۵ر ستمبر ۱۸۸۴ء۔

نواب محسن الدولہ محسن الملک، مولوی سید مہدی علی خان بہادر
منیر نواز جنگ، معتمد سیاسیات و خزانہ، دولت آصفیہ
حیدر آباد (دکن)

وزارت سے خاص دلچسپی تھی۔ لارڈ ڈفرن نے مراجعت کے بعد ہی ان کو کے، سی، آئی ای، کے خطاب سے ممتاز کرا کے ان کی پوزیشن اور مضبوط کر دی تھی۔ درباری امرا کے مشورہ سے اعلیٰ حضرت کی خواہش پر ایک یورپین چیف سکرٹری کا تقرر بھی ہو گیا تھا۔ ان امرا کا نقطۂ نظر تو یہ تھا کہ اس کے ذریعہ سے وزارت کی قوت توڑنا آسان ہو گا اور فارن آفس کا نقطۂ نظر یہ تھا کہ وہ دربار کی سازشوں سے الگ رہ کر اصلاح حالات کا ذریعہ ہو گا لیکن چند روز بعد ہی اس پُرسکون فضا میں جو نواب محسن الملک کی حکمت عملی نے قائم کی تھی، پھر شدید تلاطم پیدا ہوا اب شاہ و وزیر کا اشتراکِ عمل اور اعتماد ناممکن ہو گیا اور اس کے سوا کوئی شکل نہ تھی کہ یا تو عماد السلطنت مستعفی ہوں یا اعلیٰ حضرت کے اختیارات وزیر اور رزیڈنسی کی مرضی کے تابع ہو جائیں نظر بحالات آخر الذکر صورت کا زیادہ امکان تھا۔ لیکن نواب محسن الملک نے اپنے پورے اثر سے کام لے کر عماد السلطنت کو استعفا پیش کرنے پر آمادہ کر لیا چنانچہ ۱۸ ار اپریل ۱۸۸۸ء مطابق ۲۴ رجب ۱۳۰۴ھ کو غیر متوقع طور پر وہ مستعفی ہو گئے اور فوراً ہی اعلیٰ حضرت کی اجازت سے یورپ کی سیاحت[۱] کو چلے گئے۔

---

[۱] ایک سال سیاحت میں گذارا، سلاطین و امرائے یورپ سے ملاقاتیں کیں۔ ٹرکی میں بھی رہے، سلطان المعظم سے بھی شرف ملاقات حاصل ہوا۔ اردو، فارسی، کے علاوہ انگریزی زبان میں تقریر و تحریر پر خاص قدرت حاصل تھی، لندن کے نامور اخبارات و رسائل میں بھی مضامین لکھے۔ ایک مضمون پر خاص طور سے مسٹر گلیڈاسٹون نے تعریف کا خط لکھا ان کی ذہانت ضرب المثل تھی، قسطنطنیہ میں صرف ایک ہفتہ کے اندر ترکی زبان میں اتنی مہارت پیدا کر لی کہ ڈنر پر تقریر کی۔ ۲ ذیقعدہ ۱۳۰۵ھ یوم یک شنبہ کو چند روزہ علالت کے بعد حیدرآباد میں بعمر ۲۶ سال چار ماہ رحلت کی۔

نواب محسن الملک کی خدمات کا اعتراف

نواب عماد السلطنت نے منصب وزارت سے مستعفی ہوتے وقت نواب صاحب کی خدمات دیانت، راست بازی اور وفا شعاری کا متعدد خطوط میں اعتراف اور شکریہ ادا کیا اور بطور یادگار ایک طلائی گھڑی عنایت کی۔ چنانچہ ایک خط میں لکھتے ہیں کہ :۔

"اس وقت جب کہ میں اپنے فرائض منصبی سے سبکدوش ہو چکا ہوں مناسب خیال کرتا ہوں کہ اس موقع پر ان قیمتی امداد کا جو کہ آپ سے مجھ کو اپنے سہ سالہ دور وزارت میں حاصل ہوئیں شکریہ ادا کروں آپ نے مجھ کو ہمیشہ ایماندارانہ اور صحیح مشورہ دیا اور بسا اوقات جبکہ بعضے امور میں میرے اور آپ کے نقطۂ نظر میں فرق ہوتا تھا تو میں نے ہمیشہ یہی محسوس کیا کہ آپ نے اپنی رائے کا اظہار صاف طور پر کر دیا ہے۔

اس ریاست کے انتظام میں جہاں تک کہ مجھکو کامیابی ہوئی اس کی نسبت میرا خیال ہے کہ وہ آپ کے صحیح مشورے جوش اور ذہانت کا نتیجہ تھی میں نے ہمیشہ آپ کو قابل اعتماد اور ایماندار عہدہ دار پایا اور مشکلات کے وقت بھی آپ معتمد الیہ ثابت ہوئے۔

آپ کی قابلیتوں کی بابت کچھ کہنا میری طاقت سے باہر ہے جو حیدرآباد کی رعایا پر روز روشن کی طرح ظاہر ہیں اور جس سے ہز ہائینس رزیڈنٹ اور گورنمنٹ ہند کو بھی پوری واقفیت ہے" مورخہ ۲۰ اپریل ۱۸۸۸ء

اسی طرح ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں کہ :۔

"آپ نے جو خدمات میرے والد مرحوم کے زمانہ وزارت میں انجام دی ہیں اور جو امداد ان کو آپ سے ملی ہے اس کا اندازہ اور قدر تو صرف وہی

کر سکتے تھے وہ آپ کو اپنا صادق دوست اور سچا بہی خواہ تصوّر کرتے تھے اُن کو آپ پر اتنا اعتماد تھا کہ اُنھوں نے آپ کا ذکر وصیّت نامہ میں بھی خاص طور پر کیا ہے۔ میرے زمانہ وزارت میں بھی آپ نے مجھے ایسی بیش بہا امداد دی ہے جس کی میں کسی عزیز قریب سے بھی توقع نہیں رکھتا ہوں۔ میں آپ کا اس مخلص امداد پر شکر گزار ہوں اور ہمیشہ رہوں گا اور آپ کی خدمات کا نقش میرے دل سے محو نہیں ہوگا۔"

(ماخوذ از لائف اسکیچ مطبوعہ مدراس)

نواب محسن الملک کی پیشی اور خاندانِ سالار جنگ کی ایک اہم خدمت

اس واقعۂ استعفا کے بعد یہ خاندان جس کی قدیم وفاداری مُسلّم و آزمودہ تھی ایک خطرہ کی حالت میں تھا، ساتھ ہی وہ تمام عہدہ دار جو مستعفی وزارت کے متوسل تھے اپنی اپنی جگہ پریشان تھے۔ ان اشخاص کے سامنے جو اِس خاندان کے زوال میں ساعی تھے اب اُمیدوں اور آرزوؤں کا ایک وسیع میدان تھا۔

نئے وزیر کے انتخاب و ماموری تک اعلیٰ حضرت نے بہ نفسِ نفیس امور مہماتِ وزارت سر انجام دینے منظور فرمائے تھے۔

اِس عرصہ میں نواب محسن الملک کو بحیثیت معتمد اکثر باریابی کے مواقع حاصل ہوئے اور اُنھوں نے اپنے اثر قابلیت کو ایک پُر امن فضا پیدا کرنے

اور خاندان سالار جنگی کے وقار کو قائم رکھنے کے لئے استعمال کیا۔ چنانچہ جب سالار جنگ اوّل کا انتقال ہوا تو اُن پر اکیس لاکھ روپیہ قرضہ کا ایک بار عظیم تھا، حالاں کہ وہ دس لاکھ روپیہ سالانہ کے جاگیردار تھے اور اخراجات میں ہمیشہ اعتدال مرکوز خاطر رہتا تھا، اور اخراجات میں کسی قسم کا اسراف نہ تھا۔

اِس قرضہ کی نسبت اُن کے رازداروں کا یقین تھا کہ کونسل آف ریجنسی کے زمانہ میں جب کہ ہر قسم کے اخراجات رزیڈنٹ اور گورنمنٹ آف انڈیا کی منظوری کے محتاج تھے۔ سر سالار جنگ مرحوم نے بعض ان ریاستی اغراض کے لئے جن کا اظہار گورنمنٹ ہند پر وہ مناسب نہ جانتے تھے یہ قرض لیا۔

بہر حال کوئی وجوہ ہوں اس قرض کی ذمّہ داری اُن کے ورثار اور جاگیر پر تھی، عماد السلطنت اور اُن کے بھائی شجاع الدولہ منیر الملک میر سعادت علی خاں اُس کے ادا کرنے کے لئے متردد و پریشان تھے اور روز بروز سود کا بار بڑھ رہا تھا۔

اس موقع پر نواب محسن الملک نے اعلیٰ حضرت کو خاص طور پر توجہ دلائی اور غالباً تمام واقعات ظاہر کئے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ گورنمنٹ نظام نے اس قرضہ کی ذمہ داری اپنی طرف منتقل کر لی حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک بہت بڑی خدمت تھی یا بہت بڑا احسان اُس خاندان پر تھا جس کے جذباتِ تشکر گزاری سے ان دونوں بھائیوں کے دل معمور رہتے تھے۔ نواب شجاع الدولہ منیر الملک اپنے خط مورخہ

۲۶ شوال ۱۳۰۳ھ میں لکھتے ہیں کہ :-

منیر الملک کا ایک خط

دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست
در پریشاں حالی و درماندگی

مولانا -

آپ نے بعد از وفات جناب والد مرحوم اپنی دوستی اور وفاداری کا ثبوت جو اس خاندان پر ظاہر کیا اس کا شکریہ معلوم نہیں کہ میں کس زبان سے ادا کروں جب تک کہ یہ خاندان قائم ہے کبھی دوستی کو نہ بھولے گا - اور یقیناً کہہ سکتا ہوں کہ مرحوم کی روح مطہر بھی آپ کو دعا دیتی ہوگی - گویا مرحوم ہمارے حق میں اپنا ایک برادر عزیز ہماری نگہبانی کے واسطے چھوڑ گئے ہیں - اگر حقیقی عمو بھی ہمارے ہوتے تو ایسا سلوک نہ کرتے جیسا کہ آپ نے کیا -

ایسی کارروائیوں سے اس خاندان کو ہمیشہ اپنا ممنون اور شرمندہ رکھا خصوصاً یہ قرضہ مرحوم کی ادائی میں جو آپ نے کوشش کرکے تصفیہ کرایا حقیقتہً بار گراں سے آزاد اور سبکدوش کیا - لیکن اس کے ساتھ اپنا بندۂ حلقہ بگوش کر دیا زیادہ میں کیا لکھوں "دل را بدل رہے است دریں گنبد سپہر" امید ہے آپ مجھکو بلکہ تمام خاندان کو اپنا دوست دلی سمجھتے رہیں گے -

عماد السلطنت کے جذبات شکر گزاری

نواب عماد السلطنت کو جب اثنائے سفر یورپ میں اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو انھوں نے لکھا کہ[1] :-

"آپ نے جس کوشش اور عجلت کے ساتھ بابا کے قرضہ کی ادائی کروائی اور میری غیر حاضری میں جو مدد اور کمک آپ ہر امر میں ہمارے خاندان کی کر رہے ہو اس کا میں بڑا شکر گزار ہوں -

---

[1] اقتباس از خط مورخہ ۳ ستمبر ۱۸۸۶ء

اس خاندان کے ساتھ آپ کی خیر خواہی اور ہمدردی سب کو معلوم ہے۔ مگر گزشتہ چند روز میں آپ نے اس کا تازہ ثبوت دیا اور چھوٹے میاں[۱] نے جو چٹھی آپ کو لکھی اس کے لفظ لفظ سے مجھکو اتفاق ہے خدا آپ کو اس خیر خواہی کا اجر عظیم دے اور ضرور دیگا۔"

اس کے بعد بھی باہمی تعلقات ہمیشہ شگفتہ رہے، نواب عماد السلطنت یورپ سے نواب محسن الملک کے نام اکثر نہایت پُر لطف اور محبت آمیز خطوط بھیجتے رہتے اور نواب صاحب بھی ہمہ وقت اِس خاندان کی خدمت کے لئے آمادہ رہتے تھے۔

نواب سر آسمان جاہ کی وزارت کا اعتماد

کم و بیش ایک سال بعد وزارت کا جائزہ نواب سر آسمان جاہ[۲] کو ملا جو خاندان پائیگاہ کے رکن رکین اور اعلیٰ حضرت کے قریب ترین عزیز تھے اور جن کو سر سالار جنگ اعظم نے ملکی نظم و نسق کی تربیت دی تھی۔

اگرچہ اس دور میں مولوی مشتاق حسین (نواب وقار الدولہ وقار الملک انتصار جنگ) کی طاقت تمام معتمدین سے بالا تھی لیکن نواب سر آسمان جاہ نے بھی اپنے پیش رووں کی طرح نواب محسن الملک پر کامل اعتماد کیا۔ ان کی ذہانت و قابلیت کی پوری قدر

---

۱ منیر الملک۔ ۲ ولادت ۹ شوال ۱۲۵۶ھ/۱۸۴۰ء جدید اصلاحات میں صدر المہام عدالت مقرر ہوئے لیکن بلا تنخواہ کام کیا۔ سر سالار جنگ کی رحلت کے بعد مستعفی ہو گئے۔ ان کے سفر یورپ کے دوران میں وزارت کی خدمت بھی انجام دی تھی۔ ۱۸۸۷ء میں ملکہ معظمہ کے جشن جوبلی میں سرکار عالی کی جانب سے شریک ہوئے۔ سر سالار جنگ کے بعد جب کونسل کمیٹی کے ممبر ہوئے تو اعلیٰ حضرت کو اختیارات تفویض کئے جانے کے متعلق باضابطہ طور پر حکومت ہند کو توجہ دلائی۔ ہنوز لندن میں تھے کہ وزارت پر انتخاب ہوا۔

کی گئی اور فنانس اور سیاسیات کے صیغے انہیں سے متعلق رہے۔

قرضوں کا تصفیہ

نواب محسن الملک نے کروڑوں روپیہ کے قرضوں کے تصفیہ میں محنت شاقہ کی جو اصلاحات جدید سے پہلے کے تھے جب کہ ریاستوں کا کام مہاجنوں کی دولت سے چلا کرتا تھا۔

ان قرضوں کے باعث اکثر حکومت کو مشکلات پیش آتی رہتی تھیں اور اس کے خزانہ کی ساکھ قائم نہ ہوسکتی تھی۔

سر سالار جنگ کے زمانہ میں جزوی تحقیقات ہوئی تھی پھر دوسرے دَورِ وزارت میں ایک کمیشن مقرر ہوا لیکن مکمل تصفیہ نہ ہوسکا اب ۱۸۸۶ء میں باقاعدہ تحقیقات کا سلسلہ شروع ہوا۔ مدعیان اور حکومت کو وکلا کے ذریعہ پیروی کرنے کی بھی اجازت دی گئی۔ سولہ کروڑ کے دعاوی پیش ہوئے جس میں بہت کچھ مبالغہ تھا ان سب کے مکمل تنقیح اور جانچ کے بعد اس طرح فیصلے کئے گئے کہ ہمیشہ کے لئے تصفیہ ہو گیا۔ قرضخواہوں نے بھی تجاویز کو قبول کیا اور جو واقعی قرضے تھے ان کی ادائی کا انتظام کیا گیا۔

اجارہ معدنیات کی چالاکیوں کا انکشاف

اِس زمانہ میں ان کو سلطنت کا ایک نہایت نازک اور اہم کام سرانجام دینا پڑا یعنی مملکت نظام کے ایک اعلیٰ عہدہ دار کے ذریعہ اور امداد سے انگلستان کی ایک چالاک جماعت نے (جس میں چند بلند طبقے کے اشخاص بھی شامل تھے) ایک کمپنی کی تشکیل کرکے مملکت نظام کی معدنیات کا ٹھیکہ ایسی شرائط و معاہدہ پر حاصل کرلیا تھا جو بددیانتی اور چالاکی پر مبنی تھیں اور عہدہ دار مذکور کو بطور حق المحنت یا رشوت کے اِس میں کافی حصہ ملا تھا اور رزیڈنسی اور گورنمنٹ آف انڈیا نے ان شرائط و معاہدہ کی کسی قدر ترمیم کے ساتھ تصدیق بھی کردی تھی نواب صاحب نے

اِن تمام چالاکیوں اور بد دیانتیوں کا انکشاف کیا۔ وہ عہدہ دار اپنے عہدہ سے معزول کیے گئے اور اس انکشاف سے انگلستان میں ایک عام ہیجان پیدا ہوگیا پارلیمینٹ میں سوالات کیے گئے اور بالآخر اس کی تحقیقات کے لیے ایک پارلیمینٹری کمیٹی کا انعقاد ہوا۔

پیروی کے لئے لندن کی روانگی اور طریقِ کار و شہادت

آغاز مئی ۱۸۸۸ء میں گورنمنٹ نظام کی طرف سے نواب صاحب مع چند مشیران قانونی پیروی کے لئے بھیجے گئے اور اس سلسلہ میں کئی مہینے لندن میں قیام کرنا پڑا۔ اُنھوں نے اِس پیچیدہ مسئلہ میں اپنی گورنمنٹ کے وقار اور مفاد اور گورنمنٹ آف انڈیا کی پوزیشن کو ملحوظ رکھتے ہوئے نہایت ایمان داری اور راست بازی کے ساتھ تمام معاملات کو واضح طور پر پیش کر دیا اور اپنی کارروائی کے دائرہ کو صرف نقصانات کے معاوضہ تک محدود رکھا اور ہر قسم کی پارٹی اسپرٹ اور ذاتی مخاصمت سے علیحدہ رہے۔

پارلیمینٹ کی جوڈیشل کمیٹی کے سامنے ان کا بیان ہوا۔ وزرا اور بڑے بڑے امرا اور ہندوستان کے پینشن یافتہ حکام سے اِس معاملہ کے متعلق انٹرویو کئے۔

واپسی اور خدمات کا اعتراف

نواب صاحب انگلستان میں اپنی علالت کی وجہ سے زیادہ قیام نہ کرسکے اور بقیہ کاموں کو نواب فتح نواز جنگ مہدی حسن کے سپرد کرکے آخر اکتوبر میں واپس آگئے۔

اِس مشن کی کامیابی پر نہ صرف ان کے دوستوں اور سر آسمان جاہ وزیر اعظم نے تعریف کی بلکہ سر مارٹیمر ڈیورنڈ فارن سکریٹری نے اپنے خط مورخہ ۲۵ نومبر ۱۸۸۸ء میں لکھا تھا کہ:۔

"ہر شخص کو اس سے اتفاق ہے کہ آپ نے انگلستان میں اپنا کام نہایت قابلِ تعریف، دور اندیشی اور دانشمندی کے ساتھ انجام دیا ہے اور جو کچھ آپ پر اعتماد کیا گیا تھا آپ نے پوری طرح اس کو نباہا۔ مجھے یہ سن کر بہت افسوس ہے کہ آپ کی صحت خراب ہے۔ حیدرآباد میں اچھے کام کرنے والے اتنے نہیں ہیں کہ آپ کی خدمات سے بہ آسانی سبکدوشی ہو جائے۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ ابھی بہت عرصہ تک رہنے کے قابل ہونگے"

مسٹر ہاول رزیڈنٹ نے بھی ڈیوک[۵۱] آف کناٹ کی حیدرآباد وزٹ کے بعد جو ڈنر اعلیٰ حضرت اقدس کو رزیڈنسی میں دیا تھا اس میں حضور ممدوح کے جام صحت کی تقریر میں اور دوسرے واقعات و معاملات کا تذکرہ کرتے ہوئے نواب صاحب کی نسبت کہا تھا کہ :-

"نواب محسن الملک ایک ایسے دانشمند اور عالی دماغ اور علمی لیاقت کے مدبّر ہیں جنہوں نے سرکاری خدمت میں درجہ بدرجہ بڑی کامیابی کے ساتھ ترقی پائی ہے اور اس قسم کی مختلف طور کی کافی لیاقتیں ان کی ذات میں موجود ہیں کہ انہوں نے آفیشل لائف کی صورتوں میں ہز ہائینس کی گورنمنٹ کی طرف سے انگلستان میں کام دیا ہے۔ جہاں کہ سب لوگ جن کے ساتھ ان کو سابقہ پڑا اسی طرح پر ان کی قدر و منزلت کرتے تھے جیسی کہ یہاں کرتے ہیں"

---

۵۱ ہز رائل ہائینس ڈیوک آف کناٹ ۲۴ جنوری ۱۸۸۹ء کو حیدرآباد تشریف لائے اور ۲۸ جنوری تک مہمان رہے۔ ڈچس آف کناٹ اور گرینڈ ڈچس آف کناٹ نواب محسن الملک کی بیگم صاحبہ سے اُن کے مکان پر ملاقات کے لئے تشریف لے گئیں۔

انگلستان[۵۱] میں دوسری مصروفیتیں اور ملاقاتیں

نواب صاحب اگرچہ اس زمانہ قیام میں زیادہ تر علیل اور مقدمہ کی کارروائیوں اور اسی کے متعلق کاموں میں مشغول رہے لیکن جب موقع ملا تو بعض قدیم دوستوں سے ملاقاتیں کیں۔ مختلف انسٹی ٹیوشن دیکھے اور مشاہدات سے تجربے حاصل کئے۔

۸ رجون ۱۸۸۵ء کو سہ پہر کے وقت ہز رائل ہائینس[۵۲] نے سینٹ جیمس پیلس میں شرف ملاقات بخشا۔ سرفٹز جیرلڈ نے سکریٹری آف اسٹیٹ کی طرف سے نواب صاحب کو پیش کیا۔

سر جان اسٹریچی اور لارڈ رپن کی ملاقات بھی بہت خوش کن اور دلچسپ تھی۔ سر جان متعدد مرتبہ آئے اور لارڈ رپن نے اپنے مکان واقع کارلٹن گارڈن پر ملاقات کی جن پر نواب محسن الملک کی قابلیت کا خاص اثر تھا اور اس کا تجربہ ذاتی حیدرآباد کے معاملات میں ہو چکا تھا۔

ڈربی کی مشہور گھوڑ دوڑ دیکھی جہاں سر فٹز جیرلڈ نے شاہی[۵۳] ریل میں جانے کا انتظام کیا تھا۔ جو پرنس آف ویلز کے لئے مخصوص تھی یا جس کو شاہی اجازت عطا ہو۔

کیمبرج یونیورسٹی کے کانوکیشن میں شرکت کی جس میں پرنس البرٹ[۵۴] وکٹر

---

۵۱ یہ حالات نواب فتح نواز جنگ کے روزنامچہ مترجمہ مولوی عزیز مرزا مرحوم موسومہ بہ گلگشت فرنگ اور بعض دیگر کاغذات سے ماخوذ ہیں۔

۵۲ کنگ ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند۔

۵۳ مخصوص پرنس آف ویلز کے لئے تھی یا جسکو بہ الطاف شاہی اجازت عطا ہو۔

۵۴ موجودہ ملک معظم قیصر ہند کے بڑے بھائی جن کا نوجوانی میں انتقال ہوا۔

دیگر لارڈ اور مشہور لوگوں کو ڈگریاں ملیں۔ پرنس آف ویلز بھی اپنی سرخ گون میں اس موقع پر لنچ میں شریک تھے۔ جس میں خاندان شاہی کا جام صحت تجویز کیا گیا اور پرنس آف ویلز نے جواب دیا۔

لنچ کے بعد شاہی پارٹی کے ہمراہ ایک زنانہ کالج کی افتتاحی رسم میں شریک ہوئے جس کا سارا انتظام عورتوں نے ہی کیا تھا۔

اُن لوگوں کے لئے جو وہاں جمع تھے خاندان شاہی کے بعد گورنمنٹ نظام کے ہی نمایندے دلچسپی کا مرکز تھے۔ جن کے داخل ہونے پر نہایت جوش کے ساتھ خوشی کے نعرے لگائے گئے۔

کیمبرج میں ہندوستانی طلبہ نے اپنی ایک سوسائٹی قائم کی تھی اسی شام کو اُس نے ایڈریس دیا۔ مسٹر محمد احمد[1] (مرحوم) نے تقریر کی۔ نواب صاحب نے اُردو میں جواب دیا اور پھر انھوں نے دوسرے موقع پر ان طلبا کو نارتھ بروک کلب میں دعوت دی۔ قریباً چالیس طلبا تھے۔ کھانے سے فارغ ہو کر فوٹو گروپ لیا گیا۔

پورٹسمتھ میں بحری مدرسہ دیکھا۔ امیر البحر نے اپنی گاڑی اور ایک اے ڈی کانگ کو استقبال کے لئے اسٹیشن پر بھیجا تھا۔ پہلے بحری فوج کے دفتر میں میزبان سے ملے پھر مدرسہ کا معائنہ کیا جو تین پُرانے جہازوں کو ایک دوسرے سے باندھ کر بنایا گیا تھا۔ تارپیڈو کے حیرت انگیز کرشمے اور حملہ و مدافعت کے وقت برق کی سحر کاریاں دیکھیں۔ معائنہ کے بعد امیر البحر نے چاء پر مدعو کیا۔

جولائی میں مسٹر کنگ۔ ممبر پارلیمنٹ نے کنسرویٹو کلب میں نواب محسن الملک اور سرلیپل گریفن کے اعزاز میں شاندار دعوت کی جس میں نہایت ممتاز مہمان جمع تھے اور ان میں ایسے لوگ بھی تھے جن کو ہندوستان کا تجربہ تھا اور اُردو بھی

---

[1] نواب وقار الملک کے فرزند۔

جانتے تھے۔

شاہی جام ہائے صحت کے بعد میزبان نے سر لیپل گریفن کے عہدہ رزیڈنٹ حیدرآباد[۵۱] پر مقرر ہونے کا بھی حوالہ دیا جس کے جواب میں اُنہوں نے نظام گورنمنٹ کے عہدہ داروں کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ "بڑی خوشی کی بات ہے کہ اُن کو آیندہ ایسے لوگوں سے سابقہ پڑے گا۔

میزبان کی درخواست پر نواب صاحب نے بھی تقریر[۵۲] کی اور اثنائے تقریر میں اس بات پر بڑا زور دیا کہ زمانۂ غدر میں حضور پُر نور نے سرکار انگریزی کا کیسا ساتھ دیا تھا اور حضور پُر نور سرکار ملکہ معظمہ کے بڑے پُرانے آزمودہ کار دوست ہیں۔ سرکار انگریزی اور سرکار عالی بطور مقراض کے دو پھلوں کے ہیں جن کی نسبت یہ بتانا مشکل ہے کہ کون کس کی زیادہ مدد کرتا ہے۔ سرکار نظام کو گورنمنٹ ہند کی دوستی پر پورا بھروسہ ہے۔ سر لیپل گریفن کی تعریف کے بعد ان کو "گل باغ سیاسیات" سے تشبیہ دی۔ اور آخر میں کہا "پچھلے سب رزیڈنٹوں کی خواہش حیدرآباد کی بہبودی اور ہز ہائینس کے وزیروں کی امداد رہی ہے۔ اور اگرچہ بعض اوقات غلط فہمی واقع ہوئی تاہم سر لیپل گریفن کو ہمارے ملک میں پہونچنے کے بعد معلوم ہوگا کہ ہماری قوم نے کبھی ایک لمحہ بھی اس امر کی نسبت شبہ نہیں کیا کہ انگریزی رزیڈنٹوں نے ہمیشہ عمدہ ترین مسائل اور اعلیٰ ترین مقاصد کے بموجب عمل کیا تھا۔ لیکن جس بات کی جانب میں سر لیپل گریفن کی توجہ مائل کرتا ہوں اور جو تمام باتوں میں نہایت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ صاحب موصوف اب ہماری ریاست میں پولیٹکل امن و امان کی ایک فضا قائم کر سکتے ہیں۔ اور ان تمام لوکل سازشوں کو نیست و نابود کر سکتے ہیں۔

---

[۵۱] حیدرآباد کا تبادلہ ملتوی ہو گیا۔

[۵۲] تقریر کا ترجمہ فتح نواز جنگ اور سر لیپل گریفن نے کیا۔

جنہوں نے ہماری گزشتہ تواریخ میں اکثر اوقات ہماری ریاست کے انتظام کو کمزور کر دیا ہے"

اِسی زمانہ میں لارڈ لینسڈون وایسرائے ہند مقرر ہوئے تھے۔ اور لارڈ نارتھ بروک سابق وایسرائے نے ان کے اعزاز میں دعوت کی تھی۔ جس میں متعدد لارڈ اور مشاہیر کے ساتھ نواب صاحب بھی مدعو تھے۔

کھانے کے بعد ایک جلسہ ہوا جس میں اُن ہندوستانیوں کی طرف سے جو لندن میں مقیم تھے۔ مسٹر دادابھائی نوروزجی (ممبر پارلیمینٹ) نے ایڈریس سُنایا لارڈ لینسڈون نے جوابی تقریر کی اور اس میں ریاستوں کے باشندوں اور حکام کی اس مستعدی کا تذکرہ کر کے جو انگریزی رعایا کی طرح حفاظت ملک کی جواب دہ ذمہ داریوں میں شریک ہونے کے لئے مستعد ہیں کہا کہ "مجھ کو اس مسرتِ دلی کے ظاہر کرنے کی بھی اجازت دیجئے جو مجھ کو یہاں اِن دو نامور مدبّروں[1] کے دیکھنے سے ہوئی ہے جو سرکار عالی نظام کے اعلیٰ عہدوں پر ممتاز ہیں"

نواب صاحب نے لندن ٹائمز کے ایڈیٹر سے بھی ملاقاتیں کیں اور دفتر بھی دیکھا مسٹر گلیڈاسٹون مشہور وزیر اعظم سے بھی ان کے مکان واقع ہارڈن پر بہت دلچسپ ملاقات ہوئی اور ان پر نواب صاحب کی قابلیت کا زبردست اثر پڑا۔

اِس ملاقات میں سیاسی معاملات اور بالخصوص ترکی مسائل پر گفتگو ہوئی نواب محسن الملک نے ترکی و برطانیہ کی دوستی و اتحاد پر بڑا زور دیا۔

یہ ملاقات اخبارات کے لئے بھی بہت دلچسپ تھی۔ لندن ٹائمز نے ایک لیڈنگ آرٹیکل لکھا اور لندن پنچ نے دلکش کارٹون شائع کیا۔

---

[1] نواب فتح نواز جنگ اور نواب محسن الملک کی طرف اشارہ ہے۔

سرلیپل گریفن کا ایک لکچر اور نواب صاحب کا جوابی مضمون

ہم نے لندن کی ایک دعوت کے تذکرہ میں سرلیپل گریفن کا نام لیا ہے۔ یہ نہایت قابل اور با اثر رزیڈینٹ تھے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ فطری توہمات اور اپنے عہدہ کی قوت نے ان کے دماغ میں ایک خاص کیفیت پیدا کر دی تھی۔ اُنھوں نے جون ۱۸۸۹ء کو لندن کے کالونیل انسٹی ٹیوٹ میں ہندوستانی ریاستوں اور افغانستان وغیرہ اور گورنمنٹ انگریزی کے تعلقات پر ایک لکچر دیا[1] تھا جس میں ہندوستانی ریاستوں کے انتظامات اور والیانِ ملک کی قابلیتوں، فضول خرچیوں اور عیش و عشرت کی مصروفیتوں، رعایا کی زار و نزار حالتوں کی نسبت ایک خاص زہریلے انداز میں شدید ترین حملہ تھا اور خاص کر یہ زہر مسلمان ریاستوں اور رئیسوں کی نسبت بہت زیادہ اُگلا تھا۔ اور مسلمانوں کو بربنائے مذہب اسلام سلطنت برطانیہ کا خطرناک دشمن ثابت کیا تھا اور ضمناً حیدرآباد کے معاملات اور خاص کر قضیۂ معدنیات کی نسبت بھی ایسے الفاظ استعمال کئے تھے جس سے بُرائی اور ذم کا پہلو نکلتا تھا۔ بنگال میں چند سال سے جو سیاسی تحریک شروع ہوئی تھی اس کو خطرناک جانتے تھے اور چونکہ وہ ایک عرصہ تک ہندوستان میں رزیڈنٹ رہ چکے تھے اور ہندوستانی ریاستوں کے معاملات میں ایک اتھارٹی سمجھے جاتے تھے

---

[1] اس لکچر میں یہ رائے بھی دی گئی تھی کہ ۳ لاکھ انگریز جو جنگی کام کے قابل ہوں کشمیر اور کوہ ہمالیہ کی وادی میں آباد کئے جائیں جہاں کہ وہ روسی پیشقدمی کے لئے ایک اعلیٰ سدِ راہ ہوں گے۔

اِسی سال مہاراجہ کشمیر بھی بدانتظامی کے الزام میں معزول ہوئے تھے۔

سرلیپل نے اسی خطرہ جہاد اور مسلمانوں کی خلقی ذہانت کے خوف سے بھوپال کو برسوں حیران و پریشان رکھا اور نواب شاہ جہاں بیگم جیسی وفادار نیک دل فرماں روا کو بے چین کر دیا۔

اس لئے برطانوی پبلک کے خیالات میں تغیر پیدا ہونے کا اندیشہ تھا۔
نواب محسن الملک نے اس کا جواب انگلستان کے مشہور رسالہ نائنٹینتھ سنچوری
اور متعدد مقتدر اخبارات میں شائع کرایا۔
یہ مضمون نہایت مفصل اور طولانی ہے ہم مختصراً اس کے خاص خاص حصّے اس
موقع پر درج کئے جاتے ہیں۔
سر لیپل کی قوت بیانیہ اور قابلیت وغیرہ کی تعریف کے بعد لکھا کہ

اقتباسات

سر لیپل کی تشخیص سے پایا جاتا ہے کہ ہم ان تمام مرضوں میں مبتلا ہیں جو انسان کو ہو سکتے ہیں۔ ہمارے تمام بدن میں بیماری سرایت کر گئی ہے اور کوئی حصّہ بھی ایسا نہیں ہے جس کو ہم مرض کے اثر سے محفوظ کہہ سکیں اگرچہ مریض خود نہیں جانتا ہے مگر وہ بہت خراب حالت میں ہے طبیب نے بے شک نہایت اچھا کام کیا کہ ہمارے بالیں پر بغیر طلب کے حاضر ہوا لیکن کیا اس کی تشخیص صحیح ہے حقیقت یہ ہے کہ اُنھوں نے ایک عام حملہ سب پر کیا ہے اور سوائے تین چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے جس کے نام اُنھوں نے لئے ہیں باقی سب دیسی ریاستوں پر سخت الزامات قائم کئے ہیں اور اُن کی بدانتظامی عجیب وغریب بیان کی ہے۔ ہندو راجوں کی نسبت کہا ہے کہ وہ اپنی مسلمان رعایا پر ظلم کرتے ہیں اور مسلمان رئیسوں پر یہ جرم لگایا ہے کہ وہ اپنی ہندو رعایا کے ساتھ جابرانہ کارروائی کرتے ہیں ہر نیٹو اسٹیٹ میں حتیٰ کہ ان دیسی ریاستوں میں بھی جہاں کہ غیر قوم کی رعیت نہیں ہے اُن کی رائے میں دیسی گورنمنٹ کا اصول ہے کہ کاشتکاروں سے اتنا محصول لیا جاوے جس کو وہ ادا کر سکتے ہوں اور رعایا پر بے رحمی کے ساتھ ظلم کیا جاوے۔ سر لیپل گریفن کو گو شمالی اور مغربی افغانستان اور راجپوتانہ کا بہت بڑا تجربہ ہو مگر وہ حیدرآباد یا

جنوبی ہندوستان میں شاید آئے ہی نہیں لیکن اُس کو بھی اُنہوں نے نہیں چھوڑا
اس سے گو میرا ارادہ دوسروں کی طرف سے لڑنے کا نہیں ہے کیونکہ جن پر حملہ کیا
گیا ہے وہ خود اپنی حفاظت کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ مگر یہ میرا ایک ضروری
فرض ہے کہ اس ریاست کی طرف سے کچھ کہوں جس سے میرا تعلق ہے۔ اور جہاں
کی ملازمت میں۔ میں نے اپنی عمر کے آخری پندرہ سال بسر کئے ہیں۔ دیسی
ریاستوں کے انتظام کے متعلق جو کچھ سر لیپل گریفن نے بیان کیا ہے اُن کا منشا یہ
ہے کہ ان ریاستوں کا مقصود صرف ظلم کرنا ہے۔ نہ اُن کا انصاف کرنے کا کوئی
خیال ہے نہ وہ اپنی رعایا کی بہبودی کی مطلقاً پروا کرتے ہیں، جہاں تک کہ
حیدرآباد سے تعلق ہے میں ان سب فرضی خیالات کے مقابلے اور تکذیب پر
آمادہ ہوں اور صرف یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچا دوں گا کہ تیس سال سے زیادہ
عرصے میں اس سرکار نے ترقی اور اصلاح کے لئے حتی الامکان کوشش کی ہے
اور باوجود بہت سی بڑی بڑی دقتوں کے پیش آنے کے اپنی رعایا کی حالت
کی درستی کرنے میں مشغول رہی ہے میں اِس ریاست کی کامیابیوں پر شیخی بگھارنا
نہیں چاہتا بلکہ جو خرابیاں اب تک باقی ہیں اُن کو بھی ہرگز نہ چھپاؤں گا اور صرف
واقعات بیان کر کے اس کا فیصلہ ناظرین پر چھوڑ دوں گا کہ ہندوستان کی یہ
سب سے بڑی ریاست اُن الزامات کی سزاوار ہے یا نہیں جو سر لیپل گریفن نے
اس پر لگائے ہیں۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اپنے جواب کو مدلل کرنے کے لئے مجھے کچھ
تفصیلی واقعات اور حسابات بیان کرنے پڑیں گے۔ اِس لئے کہ اگر میرے درجہ
کا کوئی آدمی سر لیپل گریفن کے الزامات کا صرف انکار ہی کرے تو اُس انکار کی
کوئی وقعت نہیں ہوسکتی ہے اور چونکہ سر لیپل گریفن نے عام طور پر الزامات لگائے
ہیں اس لئے کسی قدر تفصیلی حالات لکھنے کے سوائے نہ میں اس کا جواب

دے سکتا ہوں نہ اپنے کلام کو پایۂ ثبوت تک پہونچا سکتا ہوں۔

اِس کے بعد حیدرآباد کی قدیم انتظامی حالت اور عہدۂ سالار جنگ سے اس وقت تک کی اصلاحات کو اعداد و شمار اور واقعات اور بعض مستند حوالوں سے یہ تفصیل بیان کر کے لکھا کہ ”اگر سرلیپل گریفن کو ہماری کامیابیوں کا ذاتی علم ہوتا جو ہم نے باوجود مشکلات حاصل کی ہیں تو وہ ہمارے انتظام پر اسقدر سخت الزام نہ لگاتے“ اِس کے بعد تحریر کیا کہ اب میں سرلیپل گریفن کے دوسرے الزام کی طرف رجوع ہوتا ہوں اگرچہ یہ الزام پہلے الزام کی مانند صاف طور پر بیان نہیں ہوا ہے مگر یہ معلوم ہوتا ہے کہ عبارت سے جو معنی فی الواقع مترشح ہیں ان کے علاوہ کچھ اور بھی پوشیدہ معنی ہیں حیدرآباد کی سُرخی کے نیچے سرلیپل گریفن نے مندرجہ ذیل عبارت لکھی:۔

”دیسی ریاستوں کا آخری مجموعہ جو قابل غور ہے مسلمان ریاستیں ہیں جن میں حیدرآباد جو سب سے اعلیٰ ریاست ہے اور نیز بھاولپور واقع پنجاب اور بھوپال واقع ملک متوسط شریک ہیں ریاستوں کے رئیسوں کی وفاداری میں کوئی شک نہیں ہے سب سے بڑی ریاست کا رئیس سلطنت مغلیہ کا ایک لفٹنٹ گورنر تھا اور فی الحقیقت اس سلطنت کے زوال تک اس کو خود مختاری حاصل نہ تھی مگر اس کے ساتھ یہ بھی یاد رہے کہ مسلمانوں کی خلقی عادت اور ذکاوت کے باعث اور اسلام کے زندہ قوت کے سپہداروں کی دنیا کے مختلف حصّوں میں حکومت ہونے کی وجہ سے اب تک بہ نسبت دوسرے مقامات کے مسلمانی ریاستوں اور شہروں میں زیادہ تر جوش اور پولیٹکل سازشوں کا وجود موجود ہے تاہم اس سے کسی دلیر اور دانشمند گورنمنٹ کو کوئی خوف نہ رکھنا چاہیئے جو مفسدوں اور سرکشوں کو پہچان سکتی ہے اور اُن کو سزا دینے سے بالکل نہیں ڈرتی ہندوستان میں انگریزی عملداری کے استقلال کے لیئے اگر خطرہ ہے

تو صرف مفسدوں کی سرکوبی میں بے وقوفانہ بزدلی ظاہر کرنے سے ہے۔"

اِن جملوں میں جو الزامات درج ہیں اُن کی نسبت میں اپنے ہم مذہب لوگوں کی طرف سے بزور تمام اختلاف اور اعتراض کرتا ہوں جو دو حقیقتیں سرلیپل گریفن نے ہم لوگوں کی بیان کی ہیں اور جو ان کی رائے میں باعث خطرہ ہیں اپنی ذکاوت اور ہمارے مذہب کی زندہ قوت وہی ہماری وفاداری کے بڑے عمدہ اسباب ہیں ہندوستان میں کوئی سمجھدار آدمی خواہ مسلمان ہو یا ہندو انگریزی سلطنت کا بدخواہ نہیں ہے اور اس کی جگہ کسی دوسری سلطنت کا قیام پسند نہیں کرتا ہے اس بات کو سرلیپل گریفن نے بالکل صحیح بیان کیا ہے کہ باستثنائے چند راجپوت خاندانوں کے ہندوستان میں کوئی خاندان نہ ہوگا جس کا وجود سرکار انگریزی کے طفیل سے نہیں ہے مگر حیدرآباد کے رئیسوں میں سے سب سے پہلے رئیس آصف جاہ گزشتہ صدی کے شروع میں انگریزوں کے کاروبار ملکی میں مداخلت کرنے کے زمانے سے پہلے خودمختار ہو گئے تھے۔ گو بمقابلہ راجپوت خاندانوں کے یہ خاندان کسی قدر بعد عروج کو پہونچا اس زمانے میں کوئی ایک بھی ریاست نہیں ہے جو ہندوستان کی سلطنت کا دعویٰ کرے اور اس کے دعوے کو دوسری ریاستیں تسلیم کر لیں یا وجود انگریزوں کے اس ملک سے چلے جانے کے اپنے آپ کو قوت بازو سے قائم رکھ سکے۔ اگر انگریزی حکومت چلی جاوے تو خونریزی اور ابتری گزشتہ صدی سے بدتر پھیل جاوے گی جبکہ دیسی حکومت کا وجود ممکن نہیں ہے۔ تو کیا کوئی سمجھدار آدمی ہندوستان کو کسی اجنبی قوم کے قبضہ میں دیکھنا پسند کریگا صرف روس انگلینڈ کی جگہہ لے سکتا ہے تو کیا ہم اس سے دادرسی اور حسن انتظام کی توقع کر سکتے ہیں ہم نے اس کی خودمختاری اور ظلم و تعدّی کا حال جو وہ اپنی رعایا پر کرتا ہے سُنا، ہم ایک لحظہ کے لئے بھی نہیں خیال کر سکتے کہ وہ ہمارے ساتھ اس

عمدہ برتاؤ کا نصف بھی کرے گا جو اب ہمارے ساتھ ہوتا ہے دیسی ریاستوں کے ظلم
اُن کے عہدے داروں کی بد دیانتی ان کی عدالتوں کی نا انصافی کی نسبت
چاہے جو کچھ سرلیپل گریفن کہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ وہ حکومت جس نے
ہم سب کو متحد کر دیا ہے منصف ہے اور طرف داری سے مبرّا ہے اور ہمارے ججوں
کے ہاتھ پاک ہیں۔ میری بات پر یقین کرو کہ کوئی سمجھدار آدمی ہندوستان میں
گورنمنٹ کی تبدیلی کا خواہاں نہیں اس میں شبہ نہیں کہ مفسد لوگ اکثر جگہہ ہیں لیکن
یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی شکایتوں کے ظاہر کرنے میں کچھ شور و غل کیا کرتے ہیں اور
بجز ان کی ذات کے ان کا اور کوئی شریک نہیں ہے یہ ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے
کہ جو شور و غل ایک یا دو ایسے شخص کرتے ہیں وہ اسی رسوخ کے مقابلے میں جو
اُن کو حاصل ہے کہیں بڑھ کر ہوتا ہے مسلمانوں کے بدخواہ نہ ہونے کی وجہ اور
ایک قوی دلیل۔ ان کے مذہب کی زندہ قوت ہے، ہمارا مذہب ہمارے لئے
قانون ہے اور ہمارے روزانہ افعال کا انتظام اس کے ذریعہ سے ہوتا ہے مسلمانوں کے
لئے انگریزوں سے لڑنا یا جہاد کرنا یا مقابلہ کرنا یا حکومت میں رخنہ پیدا کرنا شرعًا
ممنوع اور حرام اور گناہ ہے مسلمانوں کو اسوقت لڑائی لڑنا چاہیئے جبکہ ان کو فرائض
مذہبی اور رسوم کے ادا کرنے میں ایذا پہونچے اور تمام دنیا میں کوئی سمجھدار مسلمان
یہ نہیں کہہ سکتا کہ انگلینڈ نے مسلمانوں کو مذہب کے معاملہ میں ایذا پہونچائی ہے،
برخلاف اس کے انگلینڈ ہمیشہ مسلمانی ریاستوں کا حامی اور مددگار بنا رہا ہے۔ اور
اس کی حکومت میں بہ نسبت کسی دوسری اسلامی سلطنت کے زیادہ مسلمان ہیں،
انگریزی حکومت کے سایئے میں مسلمانوں کے ساتھ منصفانہ سلوک ہوا ہے اور
مذہبی فرائض و رسوم کے ادا کرنے میں وہ کامل آزاد ہیں اور اس سلئے انگریزی
سلطنت کے خلاف جہاد کرنے کے خیالات کو ہر ایک سمجھدار مسلمان فورًا بُرا کہیگا،

اور بُرا کہتا ہے۔ مجھے یہ بھی کہنا پڑتا ہے کہ حیدرآباد کے عنوان میں بدخواہی و بغاوت کی طرف کنایہ کرنا نہایت دل دُکھانے والا ہے خصوصاً اِس صورت میں کہ سرکار عظمت مدار سرکار عالی کے باہمی تعلقات پر خیال نہ رکھا جاوے قریب سَو برس سے ہم انگریزی سلطنت کے دل سے وفادار رہے ہیں ہمارے سپاہی پہلو بہ پہلو آپ کے سپاہیوں کے ساتھ لڑے ہیں، غدر کے زمانے میں حیدرآباد کے مستقل اور خیرخواہانہ برتاؤ نے شعلۂ بغاوت جنوب میں پھیلنے سے روک دیا۔ اب بھی ہم نے پچھلے سالوں میں محبت و دوستی کے خیالات کے اظہار میں کبھی تامل نہیں کیا پانچ برس پیشتر جب کہ روس کی کارروائیوں سے گھبراہٹ پیدا ہوئی تھی تو ہمارے حضرت بندگان عالی نے اپنی فوج گورنمنٹ انگریزی کو تفویض کرنے کے لئے سب سے پہلے آمادگی ظاہر کی تھی۔ جب سرحد کی حفاظت کی تجاویز قرار پاچکیں تو ہمارے حضور پرنور نے فوراً ساٹھ لاکھ روپیہ یعنی پانچ لاکھ پونڈ کی اپنی طرف سے عطیہ دینے کی خواہش ظاہر کی تھی اور پہلے موقع پر مدارالمہام حال نے جو اس زمانے میں خدمت وزارت پر سرفراز نہ تھے فوج کے ساتھ خود جانے کا ارادہ ظاہر کیا تھا اور دوسرے موقع پر کل ساٹھ لاکھ روپیہ اپنے خانگی خزانہ سے دینے پر آمادہ تھے۔ میں چاہتا ہوں کہ سیدھے ہاتھ سے جو کیا جائے اُس کی خبر بائیں ہاتھ کو بھی نہ ہونی چاہیے۔ اِس لئے کسی مضمونی صورت میں ان واقعات کا ذکر کرنا کبھی جائز نہ رکھتا۔ لیکن جبکہ حیدرآباد کی نسبت بدخواہی اور بغاوت کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں تو اِس لئے یہ ضرور ہے کہ ہم اپنی وفاداری اور دوستی کا خاطر خواہ ثبوت پیش کریں"

اور سر لیپل گریفن نے بیان کیا ہے کہ مفسدوں کی سرکوبی میں بے وقوفانہ بزدلی ظاہر کرنے سے انگریزی حکومت کے استقلال کو خطرہ ہے"

میں اس بات کو نہیں سمجھتا ہوں کہ اُن کا اس سے کیا مطلب ہے میں نہیں خیال کرتا کہ وہ کانگرس پہ ایسا سخت الزام لگاتے ہیں۔ میں خود کانگرس کا طرفدار نہیں ہوں اور نہ میں اس کا معتقد ہوں، لیکن اس کے اراکین پر بغاوت کا الزام نہیں لگا سکتا، البتہ ایک خطرے کو میں اُٹھتا ہوا دیکھتا ہوں اور اس کی اصلیت زیادہ تر یورپ میں ہے وہ یہ ہے کہ مغربی رو سے نکلے خیالات مشرقی لوگوں کے دلوں میں جن کو ابھی پوری قابلیت حاصل نہیں ہے سمائے جا رہے ہیں جب بڑے بڑے اسٹیٹسمینوں کو آزادی کا طالب دیکھتے ہیں تو ہم پیچ و تاب کھاتے ہیں اور قدرتی طور پر کسی قدر تعلیم یافتہ اور تیز ذہن بنگالی کاغذی انتظام بنانے لگے ہیں ہندوستان اور انگلستان میں جو بہت کچھ غلط فہمیاں ہوتی ہیں اُن کی وجہ اس مسئلے پر غور کرنے سے معلوم ہو جاوے گی، آپ لوگ صدیوں کی آزادی کے ساتھ جو آپ کو مختلف جھگڑوں اور نقصان کے بعد حاصل ہوئی ہے، ہم لوگوں کی جانچ اپنے پیمانے سے کرتے ہیں اور ہم لوگ جنھوں نے صرف آزادی کے معنی سمجھنا شروع کئے ہیں فوراً اس آزادی کے تمام حقوق کو بغیر پہلے تعلیم پانے کے چاہنے لگتے ہیں۔ یہ غیر ممکن بات ہے کہ صرف اسی سال کے امن و امان کے زمانے کے اور جو ملک دکن اور جنوبی ہندوستان میں رہا ہے لوگ پچھلی باتوں یا عادتوں کو بھول جائیں جو صدیوں کی بدانتظامی کے نتیجے سے پیدا ہوئی ہیں۔ پچھلے زمانے کی بُری عادتوں اور زمانہ حال کے بدشکل خیالات کے درمیان ٹھیک اوسط قائم رکھنا اور اس پر چلنا ایک نہایت مشکل بات ہے۔ مجھے یقین ہے کہ سرلیپل گریفن نے دیسی ریاستوں پر بالعموم اور حیدرآباد پر بالخصوص یہ جو دو بڑے الزام لگائے ہیں اُن کا جواب میں نے کسی قدر کامیابی کے ساتھ دیدیا۔"

پھر قضیہ معدنیات میں یوروپین اور دیسی عہدہ داروں پر جو الزام لگائے تھے ان کا

جواب دیکر اور لندن کے چالاک کاروبار کرنے والوں کی دغا بازی ظاہر کرکے
لکھا کہ :- سر لیپیل گریفن دکن کے معدنی معاملات کی نظیر دے کر بیان کرتے ہیں
کہ اس مقدمہ کو غور کے ساتھ دیکھنے سے ہر غور کرنے والے شخص کو مالی کارروائی
کے مشرقی اور مغربی طریقوں کی حقیقت معلوم ہو جاوے گی مگر اُس سے پوست
کندہ حال معلوم ہو سکے گا اور نہ دیسی ریاستوں کے عہدے داروں کی معمولی
دغابازی کا خیال ہو سکے گا، جہاں ایمان داری تک کا نام نہیں ہے "
سر لیپل گریفن خیال کرتے ہیں کہ دکن کی معدنیات کا یہ بدنام معاملہ ایک خاص طور کے بڑے
قسمت آزماؤں کے سبب سے پیدا ہوا جس سے سر لیپل گریفن کے قول کے بموجب
حیدرآباد بھرا ہوا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اجارہ کے دینے میں یا کمپنی کے قائم
کرنے میں کمپنی کے قائم کرنے والوں پر لندن کے سوائے ہندوستان کے کسی
یورپین کی خواہ وہ قسمت آزما یا اور کوئی شخص ہو کوئی مداخلت نہ تھی، تمام خط و
کتابت۔ رزیڈنٹ کے ذریعے سے ہوتی تھی، اس کے بعد گورنمنٹ آف انڈیا نے
یہ معاملہ ہمارے ہاتھ سے نکال لیا اور کمپنی لندن میں اُن شرائط پر قائم ہوئی جن کو
سرکار نے منظور کیا تھا باستثنائے ایک شخص کے کسی حیدرآبادی عہدہ دار کو اُس
عظیم لوٹ میں کوئی حصہ نہیں ملا تھا جس کو اجارہ داروں نے آپس میں تقسیم کر لیا تھا
اس بدنصیب کمپنی کے حصے داروں نے جو نقصان اُٹھایا اور دھوکہ کھایا اُس کے
لئے اُن کو حیدرآبادی قسمت آزماؤں یا دغابازوں کا نہیں بلکہ لندن کے دغابازوں
کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے۔ خاص اجارہ کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ حیدرآباد کے
عہدے داروں پر اُس کی نسبت کوئی الزام نہیں لگایا جا سکتا ہے۔ ہم کو معلوم تھا
کہ معدن کیا ہیں اور دوسری معدنی اشیاء اور قدیم سونے اور ہیرے کے معدن
موجود ہیں، ہم نے جب اپنے معدنی حقوق کا اجارہ دیا تو محض نیک نیتی سے دیا تھا

اور ہمارا انشاء تھا کہ ملک کے معدن میں ترقی دی جاوے۔ ہم البتہ یہ شکایت کر سکتے ہیں کہ اسٹاک ایکسچینج کی کارروائیوں کی جو ہم کو قدرتی لاعلمی ہے اُس سے دوسروں نے فائدہ اُٹھایا مگر انصافاً یہ الزام ہم پر نہیں لگایا جا سکتا ہی ہم نے پبلک کو دھوکہ دیا، درحقیقت حصہ داروں سے بھی زیادہ ہمارا نقصان ہوا ہی کیونکہ ہم نے اپنی بیش بہا ملکیت بلا کسی معاوضہ کے ایک ایسی کمپنی کو دیدی ہے جس کے پاس اُس کی ترقی کے لئے سرمایہ نہیں ہے اب میں اس دوسری بات سے بحث کرنا چاہتا ہوں جس کو سر لیپل گریفن نے دیسی ریاستوں کی عام بدانتظامی کا سبب بیان کیا ہے یعنی رؤساکی بے پروائی اور ملکی معاملات میں اُن کی غفلت عیاشی اور نفس پرستی، وہ ہندوستانی رؤساکی تصویر اسطور پر کھینچتے ہیں کہ:۔

"نوجوان رئیس کے کانوں میں جو چاروں طرف سے ستار بجانے والے مصاحبوں اور کنچنیوں سے گھرا رہتا ہے فرض منصبی کی صدا نہیں پہونچتی ہے کیونکہ اس کی طبیعت عورتوں کی چوڑیوں کی جھنکار اور طنبورہ کی صدا سُن کر عشق و شراب کی طرف مائل ہو جاتی ہے"

یہ تصویر گو مصوّر کی تصویر کشی کے فن میں اُستاد ہونے کی وجہ سے کیسی ہی دل پر اثر کرنے والی ہو لیکن جہاں تک حیدرآباد اور یہاں کے رئیس سے تعلق ہی بُرے بُرے خط و خال دکھاتی ہے یہ یاد رکھنا چاہئے کہ حیدرآباد کے مدارالمہام کی حالت دوسری ریاستوں کے وزرا سے بالکل جداگانہ ہے جہاں تک انتظام سے تعلق ہے مدارالمہام کو پورا اختیار رہتا ہے وہ کام کے تفصیلی معاملات کے خود ذمہ دار ہیں اور صرف حضرت اقدس و اعلیٰ کی بارگاہ میں جواب دہ سمجھے جاتے ہیں۔

جہاں تک کہ حضرت کی ذات سے تعلق ہے اگرچہ انتظام کے تفصیلی کاموں کو حضرت خود انجام نہیں فرماتے لیکن معاملات ریاست کے ساتھ خاص قسم کی دلچسپی ہی

یہاں تک کہ کوئی ایسا حکم جس سے رعایا کے حقوق کو تعلق ہو بغیر خاص منظوری حضرت کے جاری نہیں ہو سکتا، مدارالمہام کے لئے ہفتہ میں تین مرتبہ حضرت کے حضور میں حاضر ہونا لازم ہے تاکہ معاملاتِ ریاست سے اطلاع دیتے رہیں اور اُن موقعوں پر حضرت اقدس و اعلیٰ تمام کارروائیوں میں نہایت دلچسپی فرماتے ہیں اس لئے یہ کہنا درست نہیں کہ عیش و عشرت اُن کے فرضِ منصبی میں مداخلت کرتا ہے۔ بخلاف اسکے انتظامی امور میں نہایت متوجہ ہیں اور تمام کاغذات جو پیش ہوتے ہیں اُن پر حکم صادر کرنے سے پہلے احتیاط کے ساتھ غور فرماتے ہیں کام کی طرف حضرت کی توجہ کی مثالیں پیش کرنا میرا کام نہیں، چھوٹا منہ بڑی بات، لیکن میں اس توجہ کے نتائج بتا سکتا ہوں، بیشک آیندہ موسم سرما میں ہمارے جو انگریز دوست ہمیں اپنی ملاقات سے عزت بخشیں گے اور اس عرصہ میں اگر ان میں سے کوئی میری کچہری کی طرف تشریف لائیں گے تو میں اُن کو ایسی جلدیں کی جلدیں بتا دونگا جن میں ہمارے خداوند نعمت کے دست مبارک کے لکھے ہوئے احکام کے سوا اور کچھ نہیں۔ اسی سال کا یہ حال ہے کہ گرمیوں کے دنوں میں جبکہ بڑے بڑے درجے کے حضرات یورپین ہمالیہ اور نیلگری کے پہاڑوں پر گرمی سے بچنے کے لئے تشریف رکھتے ہیں اور آفتاب کی حرارت سے وہاں کی سردی میں پناہ لیتے ہیں، ہمارا بہادر جوانمرد رئیس اپنے ملک کے دَورے میں مصروف تھا اور اس سے نہ صرف شکار یا تفریح طبع منظور تھی بلکہ خاص غرض یہ تھی کہ گولوں کی کانوں کا ملاحظہ فرما دیں اور جو دولت و خزانے اس سرزمین نے چھپا رکھے ہیں اُسے دیکھیں کیا جو شخص عیش و عشرت کا بندہ ہے اُس سے ایسے مردانہ کام ہو سکتے ہیں یا وہ ایسی محنت اور تکلیف گوارا کر سکتا ہے یہ بھی سب جانتے ہیں کہ ہمارے حضرت کو شکار کا ازحد شوق ہے اور یہی ایک بات اس کی دلیل ہے کہ ہمارے حضرت بندگانِ عالی نہایت محنتی، چست، تیز اور مستعد نوجوان ہیں۔

یہ کون کہتا ہے کہ ہندوستانی رئیسوں اور امیروں کو کسبیوں کے ناچ سے پرہیز ہے
اور کیوں ہو یہ اس ملک کا قدیمی رواج ہے۔ اس لئے اگر کوئی رئیس ناچ نہ دیکھے تو
اس پر تعجب کیا جا سکتا ہی مگر کیا ہمارے یورپین دوست شاہزادوں سے لے کر
عوام الناس تک ایسی دل خوش کن باتوں میں ہمارے شریک نہیں ہیں اور کیا وہ
ایسی چیزوں سے پرہیز کرتے ہیں بلکہ اگر انصاف سے دیکھا جاوے تو لندن الحمرا،
اور پیرس کے تھیٹروں میں جو اندر کا اکھاڑہ نظر آتا ہے اور جہاں پری پیکر نازنینوں
کے جھنڈ کے جھنڈ پردہ اُٹھتے ہی اوچھلتے کودتے ناچتے گاتے باہر نکل آتے اور
اپنے دل فریب غمزوں اور توبہ شکن اداؤں سے دیکھنے والوں کا دین اور دل
غارت کرتے ہیں اُن کے تماشے اور ناچ گانے کے مقابلے میں تو گویا ہم کچھ کرتے
ہی نہیں، جس نے ان ایمان برباد کرنے والے تماشوں کو لندن اور پیرس میں دیکھا
ہوگا وہ سمجھ سکتا ہے کہ بربط کی آواز اور چوڑیوں کی جھنکار کچھ ایشیائی لوگوں پر
ہی اپنا اثر نہیں ڈالتی بلکہ یہ کمبخت آواز مغرب میں یورپین حضرات کے دل میں اور
دماغ پر اپنی پوری پوری تاثیر کرتی ہے۔ میں انکار نہیں کر سکتا کہ ایسے ہندوستانی
رئیس نہیں جو اپنے فرائض میں غفلت کرتے ہیں اور جو ناچ و رنگ میں ڈوبے ہوئے
رہتے ہیں مگر کیا مغربی قوموں نے ناچ رنگ اور دیگر اقسام عیش و عشرت میں عموماً
پورے طور پر ہمیشہ اعتدال رکھا ہے اور فرائض کو تفریح پر ہمیشہ مقدم جانا ہے، میں تو
نہیں سمجھ سکتا کہ اس کا کوئی عام دعویٰ کر سکے۔ سر لیپل گریفن نے اخلاق کی نسبت
جو وعظ فرمایا ہے اس کی ضرورت اور وقعت کتنی ہی کیوں نہ ہو مگر اُس رئیس کی نسبت
جس کی نوکری کا شرف مجھے حاصل ہے وہ وعظ بالکل ناواجب اور صدائے بے ہنگام
ہے میں نہایت دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ بہت کم رئیس ایسے ہونگے جنہوں نے سلطنت
کی ذمہ داریوں اور ریاست کے فرائض کو ہمارے حضور پر نور سے بڑھکر سمجھا ہو اور

اپنے عہد دولت میں عیش وعشرت کو کاموں میں دخل دینے دیا ہو، درحقیقت کوئی شخص جو پچھلے چند سال کی تاریخ اس ریاست کی لکھے اس کی کتاب ناقص اور ناتمام سمجھی جاوے گی اگر اس بیدار مغزی بلکہ نفس کشی کا ذکر کمال فخر و مباہات کے ساتھ نہ کیا جاوے جو کہ ہمارے حضرت اپنے اعلیٰ درجہ کے فرائض ادا کرنے میں ہمیشہ نہایت خوشی کے ساتھ دکھلا رہے ہیں۔

سر لیپل کی معذرت اس جواب پر ہر طرف سے تحسین کی گئی سرکاری حلقوں میں بھی وقعت کی نظر سے دیکھا گیا خود سر لیپل نے اپنے پرائیویٹ خط موسومہ کرنل مارشل میں بعض حصص مضمون کے متعلق معذرت کی۔

نواب محسن الملک کا دورِ آخر

ہندوستانی ریاستیں اور حکومتِ برطانیہ سیاسیات کے نقطۂ نظر سے ہندوستانی ریاستوں کی حیثیت ایسی عجیب ہے کہ تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ ملکہ وکٹوریہ کے اعلان مجریہ ۱۸۵۸ء سے ریاستوں کے اُن شاہی اختیارات کی ضمانت کی گئی تھی جو کہ انھیں انفرادی طور پر اپنے اندرونی معاملات کے متعلق حاصل ہیں۔

اِس شاہنشاہی کی نوعیت اور اس کے اختیارات کی وسعت کے متعلق سر ہنری مین کے بیان سے ذیل کا اقتباس کافی ہوگا کہ "ہندوستان کے اندر ہر طرز اور ہر قسم کی بادشاہت دیکھنے کو مل سکتی ہے لیکن خودمختار بادشاہ صرف ایک ہی ہے اور وہ حکومت برطانیہ ہے، حکومت برطانیہ اور کسی دیسی ریاست کے مابین شاہی اختیارات کی تقسیم کی نوعیت یا حدود کا سوال ایسا ہے کہ جس کا جواب صرف

حالات و واقعات ہی دے سکتے ہیں اور ہر ریاست کے متعلق اس کا فیصلہ علیحدہ ہی ہوتا ہے جس کے لئے کوئی عام قاعدہ یا اصول موجود نہیں ہے۔"

(ماخوذ از سیاسیات ہند باب ۱۴ ترجمہ پولیٹکل انڈیا مولفہ سر جان کمنگ)

رزیڈنٹ کا درمیانی وجود

اب ناظرین کو یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ کسی عام قاعدہ یا اصول کی عدم موجودگی میں ریاستوں اور شاہی اختیارات کی تقسیم کی نوعیت یا حدود میں رزیڈنٹ کا ایک ایسا درمیانی وجود ہوتا ہے جس میں وائسرائے کے قائم مقام کی حیثیت سے حکومت برطانیہ کی پوری طاقت کارفرما ہوتی ہے اور عامۃً اسی کی رائے اور رجحان پر شاہی اختیارات کی اُس ضمانت کی جو ۱۸۵۸ء کے اعلان شاہنشاہی میں کی گئی ہے تشریح و تعریف کی جاتی ہے۔

اگرچہ وائسرائے اور وزیر ہند کی رزیڈنٹ سے بالاتر طاقت ہے لیکن رعب سلطنت قائم رکھنے کے خیال سے اکثر و بیشتر جب تک کہ ناگزیر نہ ہو جائے یا کچھ اہم مصالح ملکی مقتضی نہوں یہ طاقت رزیڈنٹ کی حمایت میں رہتی ہے۔

ریاستوں کے شاہی اختیارات میں رزیڈنٹوں کی مداخلتیں علی العموم ریاستوں کے مفاد اور والیان ریاست کے فائدہ کے لئے متصور کی جاتی ہیں۔

رزیڈنٹ کی مداخلت کا اثر

رزیڈنٹ انسان ہوتے ہیں اور طبیعت انسانی رجحانات رکھتی ہے اس کی مداخلت اور نتائج مداخلت کا ظہور اُن ہی رجحانات کا تابع ہوتا ہے۔

اگر احیاناً و اتفاقاً جائز یا ناجائز شاہنشاہی اور ریاستی اغراض و مقاصد میں تصادم واقع ہو جائے یا واقع ہونے کا اندیشہ بھی ہو تو بغیر چون و چرا خود مختار بادشاہ کا ہی پلہ بھاری رہے گا۔

پارٹیاں یوں تو ہر شخصی حکومت میں اور حکومت ہی نہیں متعدد اشخاص کے گرد وپیش قدرتی طور پر اغراض شخصی کی بنیاد پر پارٹیاں بنجاتی ہیں لیکن چونکہ ریاستوں میں زیادہ مواقع ہوتے ہیں، اس لئے وہاں پارٹیاں جلد بنتی ہیں اور ناگزیر ہوتی ہیں ان پارٹیوں میں جب رزیڈنٹ بھی اپنے رجحاناتِ طبع یا تعلقات کی وجہ سے کسی کے ساتھ وابستہ ہوجاتا ہے تو اکثر و بیشتر ان کا عروج وزوال اس کے چشم وابرو کے اشارہ پر منحصر رہتا ہے، اس کے ریاستی دوست بعض اوقات اصلی اور حقیقی ولی نعمت پر بھی برتری حاصل کرلیتے ہیں۔ اور جن اشخاص کی نسبت اُس کے خیالات اچھے نہوں خواہ وہ کیسا ہی زبردست کیرکٹر رکھتے ہوں، اُن کی قابلیت کا تمام دنیا اعتراف کرتی ہو، فرماں رواکے موردِ الطاف اور رعایا کے محبوب ہوں، لیکن علیحدگی پر مجبور ہوجاتے ہیں یا ہمیشہ خطرہ میں رہتے ہیں۔

حیدرآباد کی پولیٹکل حالت حیدرآباد میں پارٹیوں اور امیروں کی رقابتوں کو ریشہ دوانی اور وزارت کی تمناؤں سے کوئی زمانہ خالی نہیں رہا بعض اوقات رزیڈنٹ بھی اِن پارٹیوں کے مخالف اور موافق رہے۔

سالار جنگ اوّل کو سالِ وزارت ۱۸۵۳ء سے ۱۸۶۷ء تک جبکہ آصفجاہ خامس کے مدارالمہام تھے۔ سات رزیڈنٹوں سے اور پھر ۱۸۶۹ء سے ۱۸۸۴ء سالِ رحلت تک آٹھ سے سابقہ پڑا اور اس اکتیس سال کے زمانہ میں بہت سے عجیب حالات[1] صرف رزیڈنٹوں کے باعث پیش آئے۔

آخر کے سولہ[16] سال مسٹر سانڈرس۔ اور سر رچرڈ میڈ کے زمانہ میں اُنکو بہت سی دقتیں پیش آئیں۔ انہوں نے والیانِ ملک سے زیادہ عزت پائی اور مسئلہ برار

---

[1] اِن واقعات کے لئے حیدرآباد افیرس کی جلد سیاسیات دیکھنی چاہیئے۔

اُٹھانے کی سزا میں توہین بھی برداشت کی، انصرام مہمات وزارت میں ان کے ساتھ ایک ایسے امیر کو شریک کیا گیا جو ان کے حریف بلکہ دشمن تھے اور پھر اپنے منصب پر بلا شرکتِ غیرے زیادہ شان کے ساتھ آخر وقت تک کار فرما رہے۔ رحلت کے بعد ان کی خدمات کا اتنا زبردست اعتراف ہوا کہ ان کے فرزند سالار جنگ ثانی کی حمایت میں اعلیحضرت نظام کا مسندِ حکومت خالی کر دینا آسان نظر آیا۔ ۔

غرض ہر دور میں پارٹیاں بنیں، سازشیں مرتب ہوئیں جو کبھی کامیاب اور کبھی ناکام رہیں۔ رزیڈنٹوں کی مداخلت اور امراء و عہدہ داروں پر اُن کے لطف و

لے٥ ٹائمز آف انڈیا نے ان کے سانحۂ انتقال پر جو مضمون فروری ۱۸۸۳ء میں شائع کیا تھا اس میں متعدد واقعات اور سفر یورپ کا تذکرہ کرکے لکھتا ہے کہ :۔

"ان کے واپس آنے پر اُن نئے شخصوں کی جماعت جو نئے وایسرائے نے اپنے گرد وپیش جمع کی تھی عجیب سرد مہری کے ساتھ اُن سے پیش آئی۔ لارڈ لٹن کی گورنمنٹ نے اپنی ناخوشی اس طرح ظاہر کی کہ ان کو اپنے پرائیویٹ سکرٹری کی خدمتوں سے دفعتاً محروم کر دیا اور ان کے موروثی دشمن کو ریجنٹ کے عہدہ پر مقرر کیا۔ مگر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ رقابت و مخالفت کے اس عجیب انتقام کے سبب سے جو معاملات ریاست میں اس طرح جاری کیا گیا ان فائدوں میں جو ان کی ذات سے پہونچتے تھے نہایت خلل آیا۔ لارڈ لٹن کے مستعفی ہونے کے بعد سالار جنگ پھر بدستور گورنمنٹ ہند کے معتمد علیہ ہو گئے اور اسوقت سے ریاست کے کامل اختیارات بلا روک ٹوک ان کے ہاتھ میں رہے۔"

نوٹ۔ اس خدمت پر سر سالار جنگ نے فرانسس الفینٹ کو پرائیوٹ سکرٹری مقرر کیا تھا اسکی نسبت شبہ تھا کہ برار کے متعلق وہی خطوط تحریر کرتا ہی نیز یہاں بعض معاملات میں کچھ پیچیدگیاں بھی پیدا ہوگئیں تو رزیڈنٹ کو باور کرایا گیا کہ یہ بھی اسی کا کام ہی اسلئے لارڈ لٹن نے اسکو برخاست کئے جانیکا حکم دیا۔

عنایات کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ سالار جنگ ثانی کے دورِ وزارت میں بعض اسباب نے قدرتی طور پر رزیڈنٹ کو مداخلت کا زیادہ موقع دے دیا۔ سر آسمان جاہ کے عہد میں نہایت تیزی و مضبوطی سے ردِ عمل شروع ہوا اس وقت گورنمنٹ کی پالیسی بھی کم سے کم مداخلت کی تھی۔ ایک موقع پر مسٹر ہاول کو زک اُٹھانی پڑی وہ تبدیل کر دیئے گئے ان کی جگہ ایک نہایت شریف اور ہمدرد رزیڈنٹ سر فٹنر پیٹرک (جو بعد کو پنجاب کے لفٹنٹ گورنر ہوئے) آئے، اور وہ ہیجان جو ان کے جانشین نے برپا کر رکھا تھا فرو ہو گیا۔

اخبارات کا اثر

قبل اس کے کہ ہم آگے بڑھیں یہاں اتنا اور لکھنا چاہتے ہیں کہ یوں تو عموماً انگریزی اخبارات اکثر ریاستوں کے معاملات اور پارٹیوں کی حمایت و مخالفت میں نمایاں حصہ لیتے رہے لیکن حیدر آباد ان کا خاص میدان رہا ہے اور اُنھوں نے کچھ کم مالی فوائد بھی حاصل نہیں کئے۔ مدراس، بمبئی، کلکتہ اور الہ آباد کے وہ مشہور اخبار جن کی قوت و عظمت کا سکہ ابھی تک رواں ہے اور خاص کر وہ اخبار کہ جن کے ایڈیٹر انگریز تھے ان کے کالم پارٹیوں کی حمایت و مخالفت کے لئے کھلے ہوئے تھے بعض و اتفاقات و حالات سے غیر طرف دارانہ بحث کرتے بعض تاجرانہ اصول پر جو زیادہ قیمت دے اُس کے طرفدار ہوتے۔

یہ بھی ضرور نہ تھا کہ یہ اخبارات حکومت کے رعب یا قومی نقطۂ نظر سے رزیڈنسی اور گورنمنٹ کی حمایت ہی کریں۔ اپنے آقاؤں یا گاہکوں کے مفاد میں ان ادارات حکومت پر بھی اعتراضات کی بوچھار میں ان کو باک نہ تھا۔ انگلستان کے بھی بعض اخبارات اِن معاملات پر اعتراضات و اعترافات میں کچھ کمی نہ کرتے تھے۔

بعض با اثر اور مقتدر اڈیٹر ذاتی دوستی بھی پیش کرنے اور ذاتی اثر استعمال کرنے کو آمادہ رہتے، کلکتہ کے مشہور اخبار اسٹیٹسمین کے ایڈیٹر تو نہایت وفادار

دوست تھے۔

انگلش سوسائٹی

غرض ریاستی معاملات اور پارٹیوں کے عروج وزوال میں اخبارات کا ایک قوی عنصر تھا۔ انگریزوں[1] کی بھی ایک سوسائٹی تھی جس کے ارکان پارٹیوں میں منقسم تھے اور ان میں ملازم اور دیگر پیشہ ور سب ہی شریک تھے۔

اِن کے مضامین ہندوستان اور انگلستان دونوں جگہہ موافق و مخالف شائع ہوتے رہتے تھے بعض کے رزیڈنسی سے تعلقات تھے اور رزیڈنٹ کا ان کے خیالات سے متاثر ہونا بعید از امکان نہ تھا۔

مسٹر ملوڈن رزیڈنٹ کا زمانہ اور تغیرات

سر فٹز پیٹرک کے بعد سر ملوڈن نے رزیڈنسی کا جائزہ لیا یہ اپنے پیش رو کے برعکس طبیعت رکھتے تھے۔ ان کے زمانہ میں دبی ہوئی طاقتیں زور کے ساتھ اُبھریں، سر وقارالامرا[2] خاص طور پر مورد عنایات تھے اور ان کو وزارت کی ازبس تمنا تھی۔ اعلیحضرت کے معتمد پیشی نواب سرور جنگ جو مسٹر ملوڈن کی مربیانہ نوازش حاصل کر چکے تھے، سر آسمان جاہ کی وزارت کے مخالف تھے، اب پہلا مؤثر حملہ نواب وقار الملک مولوی مشتاق[3] حسین پر ہوا جس سے گویا وزیر کا دایاں

---

[1] مسٹر نارٹن مشہور بیرسٹر کلکتہ نے اپنے اخبار لگران میں اس سوسائٹی کا پورا خاکہ کھینچا تھا۔

[2] ولادت ۱۱ ذی الحجہ ۱۲۷۲ھ امیر کبیر نواب رشید الدین خاں کے خلف اصغر اور معین المہام مال و فوج تھے [3] نواب وقار الملک کو خدا نے وہ مضبوط کیرکٹر عطا کیا تھا کہ انہوں نے حیدرآباد کی ملازمت اور نہایت پرآشوب زمانہ میں بھی کبھی کوئی چھوٹی سے چھوٹی بات بھی ایسی نہیں کی جس پر کوئی حرف گیری ہو سکتی۔ جب نواب سر آسمان جاہ کے خلاف سازشیں مرتب ہو رہی تھیں تو بعض معاملات کو نواب وقار الملک کی طرف سے ایسے مؤثر طریقہ سے (بقیہ نوٹ صفحہ ۴۸ پر ملاحظہ ہو)

بازو ٹوٹ گیا لیکن نواب محسن الملک کی موجودگی ان کی وفاداری و قابلیت وزارت کی بہت بڑی طاقت تھی۔

نواب سر آسمان جاہ کا اعتماد

نواب سر آسمان جاہ نے ان پر اپنا پورا اعتماد رکھا چنانچہ وہ خود اپنے خط[۱] موسومہ نواب وقار الملک مورخہ ۲ جمادی الثانی میں بہ دیر خط لکھنے کی معذرت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:۔

"میں انتظار اس وقت کا کرتا تھا کہ یہاں کے حالات کی نسبت آپ کو اطمینان بخش خبر دے سکوں اور آتش فساد کے بجھ جانے کی خوش خبری سناؤں مگر افسوس ہے کہ باوجود صرف اپنی تمام کوشش اور لیاقت کے اس میں کامیاب نہ ہوا گو ابھی ناکامیاب بھی نہیں کہہ سکتا..........

اب ہمارا حال سنئے کہ نواب صاحب نے مجھ پر پورا اعتماد کیا اور آپ کے بعد مجھ سے زیادہ کسی کو اپنے کام کے لائق نہ جانا اور مجھ سے کام لیا اور میں نے بھی نہایت وفاداری اور خیر خواہی سے اپنا فرض ادا کیا اور اپنے آپ کو

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۷) منسوب کیا گیا کہ اعلیٰ حضرت کے مزاج میں برہمی پیدا ہو۔ چنانچہ نتیجہ کامیاب رہا۔

نواب وقار الملک نے اس برہمی کو محسوس کر کے وظیفہ کی درخواست پیش کر دی جسکو نواب سر آسمان جاہ نے اپنی عرضی مورخہ ۲۲ صفر ۱۳۱۰ھ کے ساتھ بندگان عالی میں پیش کیا اور اس میں کچھ ان معاملات کے متعلق بھی گزارش کی تھی جو وجہ برہمی معلوم ہوئے۔

اعلیٰ حضرت کو منظوری درخواست میں تامل رہا لیکن مخالف اپنا کام کرتے رہے اور ایک ماہ دو دن کے بعد ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء کو ایک طولانی حکم کے ذریعہ سے درخواست منظور ہو گئی۔

[۱] مکاتیب صفحہ ۳۱ و ۳۲ حصہ اول۔

ریاست کے کام میں وقف کر دیا مگر کچھ ایسی پڑ گئیں کہ اب تک کوئی بھی پوری نہ ہوئی اور نہ اطمینان حاصل ہوا کوشش بدستور جاری ہے اور حضرتِ اقدس واعلیٰ کے احکام کی تعمیل اور مرضی مبارک کے مطابق کام کرنے میں ہم سب سرگرم ہیں کیا عجب ہے کہ نواب صاحب کی وفاداری اور اطاعت اپنا نیک نتیجہ دکھائے اور شورش بند ہو جائے ورنہ بہت جلد بندہ بھی پہنچتا ہے اور علی گڑھ میں آکر ملتا ہے ۔"

وایسرائے کی آمد اور رزیڈنٹ کی تعریف

۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۱ھ مطابق ۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء کو بتقریب دورہ لارڈ لینسڈون حیدرآباد آئے حسب معمول تقریبات ہوئیں وایسرائے نے ڈنر کی تقریر میں بعض مہمات امور بالخصوص فوجی انتظام اور رزیڈنٹ کے مشورہ وصلاح دینے اور سرڈمینس کا تذکرہ کر کے مسٹر پلوڈن کی نسبت کہا کہ :-

"ان کو گورنمنٹ ہند کے دفتر سکریٹریٹ اور بڑی بڑی ہندوستانی ریاستوں میں اور بحیثیت ایک منتظم ملک کے مختلف طور کا خاص تجربہ حاصل ہے اور میں جانتا ہوں کہ ان کو کسی بات سے اسقدر رضامندی حاصل نہ ہوگی جیسی کہ اس بات کے معلوم ہونے سے کہ وہ یور ہائینس کو ان اہم کاموں کے انجام دینے میں جو اس ریاستِ عظیم کے حکمراں ہونے کی حیثیت سے آپ کے ذمہ ہیں آپ کو مدد دینے کی قابلیت رکھتے ہیں ۔"

ریاستوں میں وایسرائے ہند کے ایک ایک لفظ کی قدر وقیمت اور وزن و عظمت کا اندازہ خیال کی آخری حد سمجھنا چاہیئے - لارڈ لینسڈون نے جو کچھ رزیڈنٹ کی تعریف میں کہا اس کا مطلب یہی لیا جا سکتا تھا کہ مسٹر پلوڈن ایک ایسا برتر انسان ہے کہ جس میں کوئی کمزوری نہیں، اس کی ہر رائے عین صواب ہے اور

یہ کہ اس کا مشورہ اور اس کی امداد ریاست کی بہبودی اور اہم کاموں میں ناگزیر ہے ۔

قانونچہ مبارک کی ترتیب

اب فوراً اصلاحات کی ایک جدید سکیم سامنے آئی اور اعلیحضرت بہ نفس نفیس اس کی ترتیب پر متوجہ ہوئے ۔ ڈیوڑھی مبارک میں ایک کمیٹی نے جس میں بعض امرائے ریاست بھی شریک تھے اس پر غور و خوض اور بحث و مباحثہ کیا ۔ نواب سر آسمان جاہ اس جدید اسکیم کو قانونی شکل میں لانا چاہتے تھے اُنہوں نے تمام مباحث و آرا پر غور کرنے کے بعد اپنی رائے ظاہر کی ۔ اس اسکیم کی رو سے جو قانونچہ مبارک کے نام سے موسوم ہوئی نظام حکومت میں بہت سی اہم تبدیلیاں ہوئیں ۔ کیبنٹ کونسل اور لیجسلیٹو کونسل کا قیام منظور ہوا ۔ ریونیو بورڈ قائم کیا گیا ۔

نواب محسن الملک ڈیوڑھی مبارک کی کمیٹی میں بھی شریک تھے اور پھر اس کے ضمنی قواعد وغیرہ مرتب کرنے میں ان کو محنت شاقہ اُٹھانی پڑی ۔

نواب محسن الملک کے چیف سکرٹری بنائے جانیکا خیال

یہ بھی تجویز کیا گیا کہ ایک چیف سکرٹری ہو اور مختلف شعبوں کے چار انڈر سکرٹری ہوں ہر دو کونسلوں اور ریونیو بورڈ فنانس اور پولیٹکل کاموں کا تعلق چیف سکرٹری سے ہوگا ۔ یہ امر بھی طے شدہ تھا کہ اس ذمہ داری کے اہم عہدہ پر نواب محسن الملک مامور ہوں گے ۔

کاموں کی نسبت اعلیحضرت کی پسندیدگی

اعلیٰ حضرت بھی نواب صاحب کی خدمات سے خوش تھے اور تحریری و زبانی اعتراف فرماتے رہتے تھے ۔ چنانچہ ۴ جمادی الثانی ۱۳۱۰ھ (جنوری ۱۸۹۳ء) کو (قانونچہ مبارک کے نافذ ہونے سے ایکماہ قبل ،

نواب اعظم یار جنگ مولوی چراغ علی (مرحوم) نے جو کہ بعد کو نواب صاحب کے جانشین ہوئے اپنے خانگی خط میں لکھا تھا کہ :-

"بہت خوشی کی بات ہے کہ آج کل اطمینان کامل اور رضامندی تام حاصل ہے اور حضور پُر نور نے کارگزاری کو بہت پسند فرمایا ہے اور اچھے ریمارکس تحریر فرمائے ہیں، اس موقع پر میں آپ کو اس فوز عظیم کی وجہ سے مبارکباد دیتا ہوں اور مبارک باد بھی کیسی بہت بڑی اور سچی کہ واقع میں جس کے آپ پورے مستحق ہیں اور یہ آپ ہی کی مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے اور آپ ہی کے حسن تردد ہی سے فی الواقع اپنی نہایت عاقبت بینی اور دُور اندیشی سے مناسب تدبیریں اور برمحل تجویزیں ایسی کی ہیں کہ جن سے یہ اطمینان کی حالت حاصل ہوئی ہے اور جس کے باعث آپ بہت بڑی جزا و خیر و اجر عظیم کے قابل ہیں"

مسٹر پلوڈن کے تبادلہ کا التوا

یہ زمانہ حیدرآباد میں پارٹی پالیٹکس کے انتہائی ہیجان کا تھا اور اگرچہ لارڈ لینسڈون نے مسٹر پلوڈن کی بہت کچھ تعریف کی تھی مگر معلوم ہوتا ہے کہ اُنہوں نے حالات کا اندازہ بھی کر لیا تھا اور چند ہی ماہ بعد ان کا تبادلہ کیا گیا۔ چونکہ ان دنوں وہ سر دِقار جنگ پر حد درجہ مہربان تھے اس لئے انہوں نے اعلیٰ حضرت کو یہ مشورہ دیا کہ رزیڈنٹ کو اپنا ممنونِ احسان بنانے کے لئے وائسرائے سے درخواست کر کے جدید اسکیم کے نفاذ تک ان کا تبادلہ ملتوی کرا دیا جائے چنانچہ اس بنا پر تبادلہ کا التوا ہو گیا۔[۵۱]

---

[۵۱] 'کارنامۂ سروری' اور 'مائی لائف' ملاحظہ ہو۔

اسکیم میں رزیڈنٹ کی ترمیم

اس اسکیم سے اصولاً و فروعاً سر پلوڈن کو اتفاق تھا مگر نواب محسن الملک کے تقرر سے اُنہوں نے اختلاف کیا اور پھر اپنی مداخلت اس حد تک بڑھانی چاہی کہ نفاذ اصلاحات اور کارروائیوں کو عمدہ اصول پر جاری رہنے کے لئے کیبنٹ کونسل کے اجلاسوں میں اپنی موجودگی ضروری متصور کی۔

نفاذِ اصلاحات

غرض ۲ رجب ۱۳۱۰ھ کو یہ اسکیم قانونچہ مبارک کے نام سے نفاذ پذیر ہوئی۔ نواب محسن الملک بدستور وزارت کے پولیٹکل اور فنانشل سکریٹری رہے اُن کی امداد کے لئے ایک اور عہدہ دار خزانہ کا تقرر عمل میں آیا۔

پنج سالہ رپورٹ

ایک طرف نواب محسن الملک کو جدید اصلاحات کے کام میں مصروفیت تھی اور دوسری طرف وہ ایک اور اہم کام کر رہے تھے یعنی اسی عرصہ میں اُنہوں نے نواب سر آسمان جاہ کے عہدِ وزارت کی پنج سالہ رپورٹ مرتب کی جس میں ریاست کے نظم و نسق اور ان ترقیوں کے ساتھ جو اس دورِ وزارت میں ہوئیں فنانشل حالت پر بحث کر کے اعداد و واقعات سے اس عہد کی خوبی انتظام کو نمایاں کیا۔

یہ رپورٹ انگریزی و اردو میں طبع ہو کر اسی پُر شور زمانہ میں شائع کی گئی۔

ایک مضحکہ خیز سازش اور اس کا فیصلہ

نواب سر آسمان جاہ کا زوال اس کے بغیر ممکن نہ تھا کہ نواب محسن الملک کی قوت توڑی جائے چنانچہ اب ان کے خلاف ایک نہایت مضحکہ خیز سازش[1] مرتب کی گئی کہ مولوی جواد حسین[2] ان کی امداد سے رزیڈنٹ اور رزیڈنسی

---

[1] اس سازش پر نظر ڈالتے وقت اس واقعہ کی یاد بھی تازہ کر لینی چاہیئے جو

(باقی دارد)

کو اڑا دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اِس سازش کے بڑے ہیرو اکبر جنگ کوتوال بلدہ تھے، رزیڈنٹ کے حکم سے جواد حسین کی گرفتاری ہوئی تحقیقات کے لئے ایک کمیشن قائم ہوا جس کے ارکان مولوی نظام[۵۲] الدین حسن بی اے، ایل ایل بی اور محمد یٰسین[۵۳] خاں ارکان عدالت العالیہ تھے تحقیقات میں الزام بے بنیاد نکلا اور ملزم کی بریت ہوئی۔

(گزشتہ سے پیوستہ) ۱۸۷۵ء میں ہز ہائی نس مہاراجہ ملہار راؤ گیکواڑ بڑودہ پر گزرا تھا جن کی نسبت یہ الزام تھا کہ انہوں نے کرنل فیر سے رزیڈنٹ کو زہر دلوانے کی سازش کی تحقیقات کے لئے کمیشن مقرر ہوا جس کے صدر بنگال ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور ممبران میں مہاراجہ گوالیار، مہاراجہ جے پور، سر ڈنکر راؤ اور چند انگریز تھے۔ ہندوستانیوں نے مہاراجہ کو بے قصور اور انگریزوں نے ملزم گردانا اور نتیجہ میں وہ معزول کئے گئے۔

۵۲ مولوی صاحب گوپامؤ ضلع ہردوئی کے باشندے تھے نہایت ذی علم اور معزز خاندان کے رکن تھے۔ حیدرآباد میں نواب محسن الملک نے وقتاً فوقتاً ان کی امدادِ مالی کی تھی۔

۵۳۔ نیوتنی (اودھ) کے باشندے تھے انگریزی کی اعلیٰ تعلیم کے ساتھ مذہبی علوم میں کامل دستگاہ تھی۔ نہایت متقی، متدین، اور زبردست کیرکٹر کے بزرگ تھے، برار میں ڈپٹی کمشنر تھے، حیدرآباد میں ان کی خدمات مستعار تھیں پھر بھوپال میں وزیر مال کے عہدہ پر استعارہ ہوا اس کے بعد پنشن لے کر لکھنؤ میں مقیم ہو گئے۔ ایم، اے، او کالج کے ٹرسٹی تھے اور ہمیشہ فیاضانہ مدد کرتے تھے۔ ــــــ سنہ میں انتقال کیا۔ مؤلف کو اِس لائف کے دوسرے حصّہ کا مواد بہت کچھ ان کے دفتر خانگی سے حاصل ہوا۔

۵۴۔ محمد یٰسین خاں جاودرہ کے معزز لوگوں میں تھے اور مسٹر پلوڈن کے اثر و سفارش سے عدالت العالیہ کی رکنیت پر مقرر ہوئے تھے۔

نواب سر آسمان جاہ کا طریق عمل اور ان کے خلاف سازشیں

نواب سر آسمان جاہ بغیر کسی خواہش کے اس منصب عظمیٰ پر صرف اعلیحضرت کے انتخاب سے مقرر ہوئے تھے، وہ آقائے ولی نعمت کے وفادار، رعایا کے ہمدرد اور ملک کے بہی خواہ تھے، ان کو اندرونی معاملات میں رزیڈنٹ کی مداخلت گوارا نہ تھی۔ امن و سکون کے ساتھ ملک کی ترقی اغراض ریاست کا تحفظ اور اعلیٰ حضرت کی خوشنودی و رضاجوئی ان کا نصب العین تھا، ساتھ ہی ان کی ذات میں فیاضانہ صفات مجتمع تھیں، وہ بعض مواقع پر ایسے اخراجات کا بار[۱] خود ہی اُٹھا لیتے تھے جن کا خزانہ سے کیا جانا مناسب نہ جانتے، چنانچہ ایک مرتبہ اعلیحضرت نے ذاتی مصارف کے لئے چار لاکھ روپیہ خزانہ سے طلب فرمائے جن کا دیا جانا اس وقت مناسب نہ تھا تو اپنے خزانہ سے پیش کر دئے۔

اسی طرح مسٹر سیمارس کو جس نے برار کے معاملہ میں سر سالار جنگ اوّل کے زمانہ میں کچھ خدمات انجام دی تھیں اور اس کے معاوضہ میں ایک بڑی رقم واجب الادا تھی اپنے پیشرو کے ایفائے وعدہ کے خیال سے پچاس ہزار روپیہ دیدیئے۔

امپیریل ٹروپس[۲] کے متعلق جب کہ وہ ریاستی مفاد کی خاطر گورنمنٹ ہند سے چند تدابیر و شرائط پر بحث کر رہے تھے اپنے خزانہ سے ساٹھ لاکھ روپیہ دینے کو آمادہ تھے۔ بااین ہمہ اعلیحضرت کی پیشی اور رزیڈنسی میں ان کی وزارت کے خلاف نہایت سرگرمی سے کوششوں کا سلسلہ جاری تھا امرا کے فلک نما ایوان و قصور میں حسد کے شرارے بلند تھے وزارت کی تمنائیں اُمیدواروں کو نعل در آتش

---

[۱] یہ مستند کاغذات مؤلف نے دیکھے ہیں۔

[۲] ملاحظہ ہو سر لیپل گریفن کے لکچر کا جواب۔

کئے ہوئے تھیں ۱۸۹۲ء میں جو انقلابات ہوئے یا جدید اصلاحات نفاذ پذیر ہوئیں، ان میں نواب سر آسمان جاہ اور ان کے مشیروں کا طریق عمل نہایت صاف اور بے لوث تھا اور سب بالاتفاق اصلاحات کو کامیاب بنانے پر متوجہ تھے کہ جوّاد حسین کا معاملہ سامنے آیا جو ایک نہایت کمینہ سازش ثابت ہوئی اور جن پر کہ حملہ مقصود تھا وہ مامون و محفوظ رہے۔ مگر اس ناکامی کے بعد ایک ایسا معاملہ جس کا ہیولے ایک امیرانہ فیاضی اور صورت خواہش سکون و طمانیت تھی رزیڈنٹ اور حسّاد کے مقاصد کی تکمیل کا ذریعہ بن گیا۔

امیر کبیر اعلیٰحضرت کے با اختیار ہونے سے پہلے ہی وزارت کے امیدوار تھے اور اگرچہ دو مرتبہ ناکامی ہوئی تھی لیکن کوششوں کا سلسلہ قائم تھا۔ سر پلوڈن آزادانہ مداخلت برقرار رکھنا چاہتے تھے۔ ان کے لئے اعلیٰحضرت کا وہ خط جس پر تبادلہ ملتوی ہوا تھا حصول مدعا کا بڑا ذریعہ تھا۔

اِس عرصہ میں کچھ ایسے واقعات و معاملات پیش آئے کہ ان سے اعلیٰحضرت کے خیالات میں نواب سر آسمان جاہ اور ان کے سکریٹریوں کی طرف سے برہمی پیدا کرائی گئی اور اس سلسلہ میں نواب مہدی حسن فتح نواز جنگ ہوم سکریٹری کے خلاف ایک پمفلٹ شائع کیا گیا۔ جن کو وزارت نے رزیڈنٹ کے علی الرغم مقرر کیا تھا۔

ایک پمفلٹ کی اشاعت

اِس پمفلٹ کا مصنف ایک بنگالی مسٹر مترا نامی تھا اس میں فتح نواز جنگ کی لیڈی پر جو ایک انگریز یا اینگلو انڈین تھی ایک عصمت باختہ قرار دے کر شرمناک حملے کئے گئے تھے۔ نیز یہ الزام تھا کہ فتح نواز جنگ نے ایسی عورت کو ملکہ معظمہ کوئن وکٹوریہ کی بیوی[۵۱]

---

[۵۱] یہ جب لندن میں تھے تو گورنمنٹ نظام کے اعلیٰ عہدہ دار کی حیثیت سے ان کو لیوی باریابی ہوئی اور ان کے ساتھ یہ لیڈی بھی تھی۔

میں پیش کر کے توہین کی۔

جب یہ پمفلٹ شائع ہوا تو رزیڈنٹ نے اس الزام توہین پر باز پرس کی اب لامحالہ نواب فتح نواز جنگ کو اپنی پوزیشن صاف کرنی پڑی۔ ان کو یقین تھا کہ پس پردہ نواب سرور جنگ کے ہاتھ کام کر رہے ہیں، انہوں نے ان پر اور مترا پر دعویٰ کرنا چاہا لیکن اعلیحضرت نے سرور جنگ کے متعلق اجازت نہ دی صرف مترا کے خلاف حدود رزیڈنسی میں استغاثہ دائر ہوا اور رزیڈنٹ کے ایما سے فتح نواز جنگ معطل کیے گئے۔

سرور جنگ پمفلٹ کے منصف کی حمایت میں

سرور جنگ مترا کی حمایت میں سامنے آگئے اور ان کے روپیہ سے ملزم کو کلکتہ اور بمبئی کے نامور وکلا کی امداد حاصل ہوئی۔

یہ امدادی روپیہ کس طرح فراہم کیا گیا اس کا تذکرہ اشارۃً مائی لائف (کارنامہ سروری) میں موجود ہے کہ فخر الملک نے دستگیری کی، راجہ کشن پرشاد (یمین السلطنت مہاراجہ) نے بھی معقول رقم کا وعدہ کیا حضور پُر نور نے بھی امداد دینی چاہی لیکن اس سے زیادہ صاف بیان[5] ایک انگریزی اخبار میں تھا کہ:۔

"بہت سطحی تفتیش سے معلوم ہوجاتا کہ سرور جنگ نے نہ صرف رؤسا سے بلکہ اکثر عہدہ داروں سے بھی پمفلٹ کیس کے بہانہ سے روپیہ وصول کرلیا اور ایک عہدہ دار کو اس امداد کے معاوضہ میں ترقی و خطاب بھی مل گیا۔۔۔۔ سب جانتے ہیں کہ سرور جنگ کے پاس پمفلٹ کیس میں صرف کرنے کے لئے ذاتی روپیہ نہ تھا اور اس طرح ادھر اُدھر سے لے کر خرچ کیا گیا جس میں لاکھوں روپیہ لگ گیا اور یہ تمام روپیہ حیدرآباد کے سادہ لوح اور نیک نفس

---

[5] یہ بیان "دن لگ باربری" کے نام سے کتابی شکل میں شائع کیا گیا صفحات ۲۶ و ۲۷۔

رؤسا[۵۱] کی جیب سے کاٹا گیا اس اسکیم کی کامیابی کے لئے حیدرآباد کی پولیٹکل حالت بالکل موافق تھی۔ سرآسمان جاہ کی بنیاد بالکل متزلزل ہوگئی اور دوسرے رقیب رؤسا کو یقین ہوگیا کہ یہ دَور بالکل بدل جائیگا ہر ایک شخص سے جس کو ذرا بھی اس جگہہ کے حاصل کرنے کی تمنا ہوسکتی تھی اس ..... نے امید دلا رکھی تھی۔ لیکن اپنی امداد کا دارومدار پمفلٹ کیس میں مالی امداد پہنچانے پر رکھا تھا... لوگوں کے یہ بات ذہن نشین کر رکھی تھی کہ پمفلٹ کیس میں چندہ کرنا ہز ہائینس کی خوشنودی کا باعث ہوگا اور یہ ان ہی کے ایما اور منشا سے ہے، اس جادو بھرے جملہ کا لوگوں کے دلوں پر بجلی کی طرح اثر ہوا اور وہ ہز ہائینس کو خوش کرنے کے لئے مشکل سے مشکل کام کرنے پر آمادہ ہوگئے "۔

مقدمہ مہینوں نہایت زور و شور کے ساتھ جاری رہا لکھنؤ میں بھی بعض شہادتیں قلم بند ہوئیں، سرور جنگ علی الاعلان مالی و اخلاقی امداد کرتے رہے۔

نواب سرآسمان جاہ کا ایک عطیہ اور اسکے متعلق سازش

ہنوز[۵۲] مقدمہ جاری تھا کہ سرآسمان جاہ سے سرور جنگ نے امداد کی درخواست کی اور انہوں نے اپنے مشیروں سے جن میں نواب محسن الملک بھی تھے، مشورہ کرکے ایک لاکھ روپیہ سکہ حالی کلدار ۸۲۷۰۰ عطا کردیا۔

---

۵۱ اس واقعہ کے متعلق سرور جنگ کے متعدد خطوط نقل کرکے چیلنج کیا کہ کیا وہ انکار کو تیار ہیں۔

۵۲ - ملزم پر فرد قرار داد جرم لگائی گئی لیکن ۱۹ اپریل ۱۸۹۳ء کو مسٹر پوزنکٹ (بعدہ سر و ایجنٹ گورنر جنرل سینٹرل انڈیا و مشیر المہام مالگزاری بھوپال) نے جو رزیڈنسی میں مجسٹریٹ تھے اور اس مقدمہ کی سماعت کر رہے تھے اس پر بنا پر کہ عدالت کی حدود سماعت سے باہر تھا استغاثہ خارج کردیا۔ حالاں کہ یہ سوال دائری مقدمہ کے وقت ہی غور کے قابل تھا لیکن جو کارروائیاں کہ صفائی کے وقت کی گئیں اور اس میں جو گندگی پھیلائی گئی وہ اس نوبت پر ممکن نہ تھی اور مقصد اصلی یہی تھا۔

چار ماہ بعد نواب فتح نواز جنگ نے خطوط کے ذریعہ سے مسٹر پلاوڈن کو اطلاع دی اور اس امداد کو استحصال بالجبر سے تعبیر کیا رزیڈنٹ نے مداخلت کی اور اعلیٰحضرت پر زور دیا کہ باقاعدہ تحقیقات کی جائے اشخاص متعلقہ کے تحریری بیانات پیش ہوئے نواب سر آسمان جاہ اور نواب محسن الملک نے نہایت صداقت و صفائی سے اصل واقعہ لکھدیا - یہ خطوط[۱] علی الترتیب حسب ذیل ہیں -

خط رزیڈنٹ بنام سر آسمان جاہ

صیغہ راز ۱۴ مارچ ۱۸۹۳ء

مائی ڈیر نواب - میرے پاس نواب مہدی حسن کے ۹ اور ۱۲ مارچ کو دو خط آچکے ہیں، جن میں وہ لکھتے ہیں کہ نہایت قابل اعتماد ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نواب سرور جنگ نے نواب سر آسمان جاہ سے ایک لاکھ روپیہ اس معاوضہ میں وصول کیا ہے کہ ہز ہائنس کی نا رضامندی اور غلط فہمی کو جو کہ ان کی طرف سے پیدا ہو گئی ہے دُور کر دیا جائے گا، ان خطوط کی نقل منسلک ہذا ہے جن سے آپ کو معلوم ہو گا کہ نواب مہدی حسن ظاہر کرتے ہیں کہ اس ایک لاکھ روپیہ کا دیا جانا آپ نے اپنے خانگی حسابات میں درج کیا ہے، وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ آپ کو اس روپیہ دینے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا، کیوں کہ انتظام ملکی اور بہبودی سلطنت کا یہی مقتضا تھا، ورنہ بہت رخنہ اندازی ہوتی، اس تحریر میں مجھ سے استدعا کی گئی ہے کہ میں اس معاملہ میں تحقیقات عمل میں لاؤں، حالاں کہ جو الزامات اس تحریر میں سرور جنگ پر لگائے گئے ہیں بالکل ناقابل یقین ہیں، لیکن وہ اسقدر اہم ہیں کہ انہیں بغیر دریافت کئے نہیں چھوڑا جا سکتا، میں خیال کرتا ہوں کہ آپ کی بھی یہی خواہش ہو گی کہ اس بے بنیاد بات کی تفتیش کر کے جہاں تک جلد ممکن ہو آپ کو اطلاع دوں، اس لئے مجھے اُمید ہے کہ اگر اس افواہ کے متعلق کچھ واقفیت ہو تو اس سے آپ مجھے مطلع کریں۔

---

[۱] یہ خطوط "ردن لگ بار بری" سے ترجمہ کئے گئے ہیں -

میں خیال کرتا ہوں کہ ہز ہائینس کو اس معاملہ سے آگاہ کرنے کے لئے یہ خط دکھلانا چاہیئے۔

آپ کا بہی خواہ

پیلا ڈوڈن

خط مرزا غضنفر علی بیگ بنام پرائیویٹ سکریٹری

(حضور عالی، آپ نے بارہا مجھ سے نواب سرور جنگ بہادر کو جو روپیہ دیا گیا ہے اس کے متعلق بیان کرنے کو لکھا ہے، صرف آپ کے مجبور کرنے پر میں آپ کی اطلاع کے لئے ذیل میں چند حالات لکھتا ہوں۔

وزیر اعظم کے متعلق مجھ سے اور سرور جنگ سے کئی مرتبہ گفتگو ہوئی، اثنائے گفتگو میں سرور جنگ اکثر کہا کرتے تھے کہ پمفلٹ کے معاملہ میں ان کا بہت روپیہ صرف ہو گیا اور وہ قرضدار ہو گئے، اُنھوں نے یہ بھی کئی مرتبہ کہا کہ میں سرآسماں جاہ سے انھیں کچھ روپیہ دینے کے لئے عرض کردوں، اور انہیں یقین کامل تھا کہ آسماں جاہ کبھی روپیہ دینے سے انکار نہ کرینگے، چنانچہ میں نے محسن الملک سے تمام واقعہ بیان کیا اور یہ بھی کہا کہ سرور جنگ دس برس سے اپنی ترقی نہ ہونے کی شکایت کرتے تھے محسن الملک نے جواب دیا کہ یہ تو ممکن ہے کہ انہیں روپیہ دلوا دیا جائے مگر اس کا کیا یقین ہے کہ وہ ہمیں دھوکا نہ دینگے، محسن الملک نے یہ بھی کہا کہ ہز ہائنس کو پورا یقین ہے کہ سرآسمان جاہ نہایت خیر خواہ اور فرماں بردار ہیں اور اگر سرور جنگ ہز ہائینس کو برگشتہ نہ کریں تو وہ کبھی ہز اکسیلینسی سے ناخوش نہ ہونگے۔ نواب محسن الملک کو جب یقین ہو گیا کہ روپیہ مانگنے میں سرور جنگ کی کوئی چال نہیں ہے تو اُنھوں نے روپیہ دلوانے کا وعدہ کیا، جب میں نے سرور جنگ سے اس وعدہ کا تذکرہ کیا تو وہ بہت خوش ہوئے، اس کے بعد جب تک کہ سرور جنگ کو روپیہ نہ مل گیا وہ برابر تقاضہ کرتے رہے۔ میں نے انہیں کرنسی نوٹ لیجا کر دیئے جو ایک لاکھ سکہ حالی اور (۸۲۷۰۰)

روپیہ انگریزی کے برابر تھے یہ روپیہ پاکر اُن کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی اور خود اپنے ہاتھ سے اُنہوں نے نوٹ گنے۔

آپ کا

دستخط :- مرزا غضنفر علی بیگ

نواخط سر آسمان جاہ بحضور اعلیٰ حضرت

اعلیٰ حضرت - کچھ عرصہ گذرا میں یور ہائینس سے سرور جنگ کو روپیہ دینے کے متعلق بالمشافہ مجملاً عرض کرچکا ہوں لیکن اب حضور کے حکم سے مفصل طور پر جہاں تک کہ مجھے یاد ہے تحریر کرتا ہوں کچھ مہینے گذرے میں نے بارہا لوگوں سے یہ سُنا کہ سرور جنگ نے میرے مخالفین کے مشورہ اور ان کی امداد سے حضور سے میری کئی شکایتیں کیں ، سرور جنگ نے یہ بھی کہا کہ وہ فتح نواز جنگ بہادر کے مقدمہ میں مجھ سے شہادت دلوائیں گے جو کہ حضور کی اور گورنمنٹ آف انڈیا کی ناخوشی کا باعث ہوگا - اُنہوں نے مجھ کو یہ بھی دھمکی دی کہ چند صیغہ راز کے کاغذات کو جو کہ میں نے حضور کی خدمت میں پیش کئے تھے ظاہر کر دیں گے - میں نہیں سمجھ سکتا کہ سرور جنگ کے پاس مجھے نقصان پہونچانے کے لئے ایسا ذخیرہ جو کہ میرے علم میں نہیں ہے ، کہاں سے فراہم ہو گیا اس اثنا میں محسن الملک اور دیگر حکام نے اس غرض سے کہ میرے اور سرور جنگ کے درمیان کی غلط فہمی کا دور ہو جانا ریاست کے لئے مفید ہوگا - ہم میں سمجھوتا کرانا چاہا - اس درمیان میں سرور جنگ مجھے کئی مرتبہ ملے - اُن کی گفتگو سے مترشح ہوتا تھا کہ اُن کی خفگی کا باعث یہ ہے کہ میں مہدی حسن کو اُن کے خلاف مدد دے رہا ہوں ایکمرتبہ محسن الملک نے مجھ سے کہا کہ مرزا غضنفر علی سے انھیں معلوم ہوا ہے کہ سرور جنگ کو روپیہ کی سخت ضرورت ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ میں اُن کی کچھ مالی مدد کروں مجھسے یہ بھی کہا گیا کہ اگر میں اُن کی مدد نہ کرونگا تو اُنہوں نے ارادہ کرلیا ہے کہ وہ حضور سے مدد کے لئے استدعا کریں گے - یہ ظاہر تھا کہ اُن کو روپیہ اُس مالی نقصان کو پورا کرنے

کے لئے درکار ہے جو انھیں پمفلٹ کے معاملے میں اٹھانا پڑا۔ محسن الملک نے مجھسے کہا کہ اگر ایسے موقع پر میں انھیں مالی امداد پہونچاؤں گا تو اُن کی یہ بدگمانی کہ میں مہدی حسن کی اُن کی مخالفت میں طرف داری کر رہا ہوں دُور ہو جائیگی۔ اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ اگر میں بخشش کے طور پر یا عنایتاً کچھ روپیہ دوں تو اس میں کچھ ہرج نہ ہوگا، میں نے مسٹر ہرمزجی مشیر قانون سے بھی رائے لی، اُنھوں نے بھی یہی کہا کہ ایسی صورت میں روپیہ دینا خلاف ضابطہ نہ ہوگا۔

بالآخر (۸۲۷۰۰) روپیہ جو کہ ایک لاکھ حالی سکّہ کے برابر ہوتے ہیں، میں نے محسن الملک کو دئے اور اُنھوں نے مرزا غضنفر علی بیگ کی معرفت سرور جنگ کو پہونچا دئے۔ اس واقعہ سے چند دن بعد سرور جنگ نے بیان کیا کہ اس کی اطلاع اُنھوں نے حضور سے کر دی ہے۔

حضور میری طبیعت اور چال چلن سے بخوبی واقف ہیں، اس لئے مجھے اُمید ہے کہ حضور یہ بات سمجھ سکتے ہیں، اِس طرح روپیہ دینے میں میری کوئی بدنیتی نہ تھی نہ یہ روپیہ بطور رشوت کے دیا گیا اور نہ اس کا لیا جانا استحصال بالجبر تھا، یہ روپیہ عنایتاً یا تحفۃً دیا گیا، لیکن فتح نواز جنگ اس کو بے جا دیا جانا بتلاتے ہیں۔ فتح نواز جنگ بہادر کا یہ کہنا کہ اس روپئے کو رشوت میں دیا گیا اس عداوت کی بنا پر ہے جو کہ صاحب موصوف اور سرور جنگ میں ہے۔ لیکن یہ خیال کسی طرح قابل توجہ نہیں ہے۔

اعلیحضرت کا

نہایت وفادار خادم

دستخط :۔ آسماں جاہ

مورخہ ۹ رمضان المبارک
سنہ ۱۳۱۰ھ

نواب محسن الملک بنام پرائیویٹ سکریٹری (خط)

مائی ڈیر، فریدوں جنگ

آپ کا خط مورخہ ۳۰ مارچ[لے] مع نقول خطوط میر منشی وزیر اعظم مورخہ ۹ رمضان ۱۳۱۰ھ و فتح نواز جنگ مورخہ ۱۲ مارچ موصول ہوا۔ ان خطوط کے متعلق میرا بیان حسب ذیل ہے :۔

نواب فتح نواز جنگ لکھتے ہیں کہ سر و رجنگ ایک لاکھ روپیہ میں سے صرف (۷۵۰۰۰) کی وصولی کا اعتراف کرتے ہیں اور ۲۵۰۰۰ روپیہ بقایا طلب کرتے ہیں، یہ بات غلط ہے، سرورجنگ کو کرنسی نوٹ جو ایک لاکھ حالی سکہ کے برابر ہیں، مرزا غضنفر علی بیگ کے معرفت دئے جا چکے ہیں۔ مرزا صاحب ایک منصب دار ہیں اور سرورجنگ کے بڑے دوست ہیں اور اس معاملے میں انہیں کی معرفت بات چیت ہوئی ہے۔ سر آسمان جاہ نے میر احمد علی کی معرفت جو کہ مرزا غضنفر علی کے ایجنٹ ہیں، بمبئی ہنڈی بھیج کر ایک لاکھ روپیہ کے نوٹ میں تبدیل کرائی، میر احمد علی نے ۷ ربیع الثانی مطابق ۸ نومبر ۱۸۹۲ء کو دوال دودسے کی دکان سے نوٹ لئے جو کہ مرزا غضنفر علی کو دیدئے گئے۔ تین چار روز بعد مرزا صاحب نے وہ نوٹ جو کہ قیمت میں ایک لاکھ حالی سکہ کے برابر تھے ادا کر دئے اور صرفہ وضع کرنیکے بعد باقی ماندہ رقم مجھے واپس کر دی تاکہ میں سر آسمان جاہ کو دیدوں، اس ہی دن یا دوسرے دن میں نے وزیر اعظم کو بقایا دیدیا مجھے یقین کامل ہے کہ سرورجنگ کو مندرجہ بالا رقم پہونچ گئی ورنہ وہ مجھسے ضرور تذکرہ کرتے وزیر اعظم کا عرضداشت میں یہ بیان ہے کہ انہوں نے میرے مشورہ سے سرورجنگ کو یہ روپیہ دیا بالکل درست ہے، میں نے ایسی صلاح کیوں دی، اس کے وجوہ یہ تھے :۔

سرورجنگ اور سر آسمان جاہ میں کبھی اچھے تعلقات نہیں رہے، پمفلٹ کے

لے ۔ ۱۸۹۳ء

گذشتہ سال کے واقعہ سے رنجش اور بھی بڑھ گئی، مرزا غضنفر علی نے جو کہ میرے اور سرور جنگ کے پاس اکثر آیا جایا کرتے ہیں، مجھ سے متعدد مرتبہ تذکرہ کیا کہ سرور جنگ کو روپیہ کی آجکل سخت ضرورت ہے اور کچھ دن سے ان کی ضروریات بہت بڑھ گئی ہیں، یہاں تک کہ سرور جنگ نے خود اُن سے یہ خواہش ظاہر کی کہ انھیں کچھ مالی امداد دی جائے، چنانچہ جو کچھ میں نے سُنا تھا سر آسماں جاہ سے کہا، اُنھوں نے میری رائے پوچھی، میں نے یہی صلاح دی کہ سرور جنگ کی ضرور مدد کرنی چاہیئے، میں نے مصلحت وقت کے لحاظ سے اس قسم کا مشورہ دینا بہتر سمجھا اور مجھے یقین ہے کہ اس زمانے کے حالات کے لحاظ سے ایسے موقع پر سوائے اِس کے کوئی اور صلاح نہیں دے سکتا تھا۔ اس زمانہ میں ہر قسم کی غلطی مٹانے کے لئے اِس قسم کا عطیہ بہترین ذریعہ تھا، اِس ترکیب سے سرور جنگ پر یہ بات ظاہر ہو جاتی کہ سر آسماں جاہ کو ان سے کوئی ذاتی عداوت یا گہری دشمنی نہیں ہے۔

ماہ ربیع الثانی میں غضنفر علی سے کہا گیا کہ وہ سرور جنگ سے کہیں کہ اُن کی منشاء کے مطابق اُنہیں ایک لاکھ روپیہ دیا جائیگا، چنانچہ مرزا صاحب نے سرور جنگ سے تذکرہ کیا اور جیسا کہ مجھسے کہا گیا ہے سرور جنگ یہ خبر سنکر بہت خوش ہوئے۔ اس کے بعد برتاؤ سے بھی یہی پتہ چلتا ہے کہ یہ خبر کہاں تک ان کی خوشی کا باعث ہوئی ہوگی مجھ سے سرور جنگ نے کئی مرتبہ پوچھا کہ آیا اب وزیر اعظم ان سے خوش ہیں یا نہیں علاوہ ازیں ایک مرتبہ سرور جنگ ہز ہائینس کی طرف سے خود آسماں جاہ کے پاس یہ خبر لائے کہ ہز ہائینس جس خوش اسلوبی سے کہ ہز اکسیلینسی ریاست کا کام انجام دے رہے ہیں، بہت خوش ہیں، سرور جنگ نے مجھ سے ایک مرتبہ یہ کہا کہ اُنھوں نے رزیڈنٹ سے بھی وزیر اعظم کے متعلق بہت تعریف کی ہے۔

روپیہ ادا کرنے میں کچھ دیر ہوئی۔ اِس اثنا میں مرزا غضنفر علی میرے پاس آئے

اور کہنے لگے کہ اس توقف سے سرور جنگ مالی امداد کے پہونچنے کے متعلق کچھ شبہ ظاہر کرتے ہیں اور انہیں یہ خیال ہوگیا ہے کہ شاید اب وعدہ پورا نہ کیا جائے لیکن روپیہ پہونچ چکنے پر مجھے مرزا صاحب سے معلوم ہوا کہ سرور جنگ بہت ہی خوش ہوئے۔ روپیہ کی ادائیگی کے کچھ دن بعد سرور جنگ نے مجھ سے کہا کہ انہوں نے ہز ہائینس سے یہ کہدیا ہے کہ انہوں نے سر آسماں جاہ سے جو نہایت متمول شخص ہیں اور جو ہز ہائینس کے عزیز ہیں ایک لاکھ روپیہ لیا ہے لیکن وہ اپنے فرائض منصبی کے انجام دینے میں ایسے ہی استوار رہیں گے جیسے کہ اب تک رہ چکے ہیں، میں نے بھی اس واقعہ کی اطلاع سر آسماں جاہ کو کر دی۔

میں نے جو کچھ اوپر بیان کیا ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ جو کچھ مشورہ میں نے سر آسماں جاہ کو دیا تھا وہ محض نیک نیتی اور خلوص قلب پر مبنی تھا۔ میری تجویز کا درست ہونا خود سر آسماں جاہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے میری عدم موجودگی میں علیحدہ علیحدہ کئی اور عہدہ داروں سے مشورہ لیا اور سب نے یہی رائے دی۔

آپ کا مخلص

دستخط :۔ محسن الملک

نواب محسن الملک کا استعفا اور وظیفہ

لیکن نو اب سرور جنگ کا غیر مصدقہ بیان جس کی تائید میں ایک شخص بھی نہ تھا ہر شک وشبہ سے پاک سمجھا گیا۔ وزیر و معتمد اور ایک منصب دار کے بیانات جو ایک دوسرے کے موید تھے، غلط تصور کئے گئے اور بغیر مزید تحقیق اور زبانی استفسارات کے نتیجہ نکال لیا گیا۔ رزیڈنٹ نے نواب سر آسماں جاہ اور نواب محسن الملک کے خلاف رائے قائم کی جو گورنمنٹ آف انڈیا اور وہاں سے سکریٹری آف اسٹیٹ کے پاس بھیجی گئی۔

انجام کار نواب محسن الملک نے ایک زبردست قربانی کی اور ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۱۰ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۸۹۳ء کو انہوں نے استعفا داخل کردیا جو اسی دن منظور ہو گیا۔ خود نواب سرآسماں جاہ نے اپنے قلم خاص سے منظوری لکھکر بھیجی اور آٹھ سو روپیہ سکّہ حالی وظیفہ مقرر ہوا۔ نواب سرآسماں جاہ بھی پانچ ماہ بعد ۶ جمادی الاوّل ۱۳۱۱ھ کو مستعفی[۵۱] ہو گئے اور نواب وقارالامرا[۵۲] قائم مقام مقرر کئے گئے۔

اصل حقیقت اب ہمارے ناظرین پہلے اُن واقعات و حالات کا خیال کریں جو ہم نے عام ریاستوں اور بالخصوص حیدرآباد میں رزیڈنٹ اور گورنمنٹ کے طرز عمل، درباری سازشوں، وزرا اور سکرٹریوں کی مشکلات کے متعلق بالاجمال بیان کئے ہیں۔ پھر اس امر پر غور کریں کہ ۱۸۷۴ء سے ۱۸۹۲ء تک نواب محسن الملک نے تین وزرا کے ماتحت انتہائی وفاداری اور تدبیر و قابلیت کے ساتھ جو خدمات انجام دیں اور دس رزیڈنٹوں سے جس عمدگی کے ساتھ شگفتہ تعلقات رکھے اور ادائے فرائض میں جو عاقلانہ پالیسی تھی اس کی ہر طرف سے ہمیشہ تعریفیں ہوئیں، لارڈ نارتھ بروک سے لارڈ ڈفرن تک وبسرایان ہند ان کے مدّاح رہے، لارڈ لینسڈون کا زمانہ بھی ان کی خدمات کے اعتراف سے خالی نہیں رہا۔

اعلیٰ حضرت نے بھی ان کو وفادار[۵۳] اور معتمد ملازم سمجھا لیکن مسٹر پلاؤڈن کی اُفتادِ طبع اندرونی معاملات میں زیادہ سے زیادہ مداخلت کی خواہش، وزارت کی رقابتیں اور تمنائیں، معتمد پیشی کی طینت و طبیعت، یہ وہ مشکلات تھیں کہ جن کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے یہ واقعہ رونما ہوا۔

---

۵۱ انتقال ۲۶ صفر ۱۳۱۶ھ۔ ۵۲ ۱۱ جمادی الاوّل ۱۳۱۹ء کو سرپلاؤڈن کا زمانہ ختم ہوتے ہی مستعفی ہوئے۔ ۶ ذیقعدہ ۱۳۱۹ھ کو رحلت کی۔ ۵۳ ملاحظہ ہو نواب محسن الملک کی رحلت پر تعزیت کا تار اور نوازش خسروانہ۔

مگر ابھی پانچ سال بھی نہ گذرے تھے کہ نواب سرور جنگ جو مسٹر پلاوڈن کی عنایتوں سے دوسروں کو گرا کر اُس اوج و رفعت پر پہونچے تھے جہاں سے ہر شخص ان کو پست نظر آتا تھا ایسے حضیض ادبار میں گرے کہ نفس واپسیں تک گمنامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو گئے یعنی وسط ۱۸۹۷ء میں ان کو اپنے مربی کی ہی مہربانی نظر کی بدولت ہمیشہ کے لئے حیدر آباد چھوڑنا پڑا۔

اب اُنہوں نے ویسرائے کے سامنے ایک یادداشت پیش کی جس میں سر پلوڈن کی رزیڈنٹ کی مداخلتوں اور سازشوں کا افسانہ تھا۔

سرور جنگ کا بیان یہ واقعہ مندرجہ مثل ہے کہ اعلیٰحضرت ابتدا سے ہی سر وقار الامرا کے تقرر کے مخالف تھے اور اُنہوں نے اپنے خیال کا اظہار رزیڈنٹ سے بھی کر دیا تھا اور جتنا اعلیٰ حضرت نے مجوزہ تقرر سے اختلاف کیا اتنی ہی مسٹر پلاوڈن کی ضد بڑھتی رہی اور اگر میں نے اعلیٰ حضرت کو مسٹر پلاوڈن کی خواہش پوری کرنے کے لئے ہموار نہ کر لیا ہوتا تو جن سیاسی وجوہ کی بنا پر مجھے حیدر آباد چھوڑنا پڑا اس سے کہیں زیادہ نازک صورت حال پر تمام ہندوستان انگشت بدنداں ہو جاتا مسٹر پلاوڈن نے اپنے آوردہ کو وزارت پر متمکن کرنے کے لئے اپنی طبعی ضد سے اس حد تک کام لیا کہ اس سلسلہ میں اُنہوں نے چند چالیں بھی چلیں۔ حتیٰ کہ جواد حسین پر مقدمہ چلانے کے اصرار کے ساتھ سر آسماں جاہ کو بھی اس سے ملوث کر دیا۔ یہ واقعات حیدر آباد پبلک کی یاد سے ہنوز محو نہیں ہوئے ہیں غریب دیوانہ پر نہایت سختی کے ساتھ الزام لگایا گیا کہ رزیڈنسی اور رزیڈنٹ کو وہ اُن ناری کارتوسوں سے اڑا دینا چاہتا تھا جنہیں پولیس نے کسی نہ کسی طرح اس کی جیبوں میں ڈال دیا تھا اس مقدمہ کی سماعت ہفتوں جاری رہی اور اس کا یہ مایوسانہ نتیجہ نکلا کہ:۔

"خواہ مخواہ یہ خیال قائم کر لیا گیا کہ کوئی دیوانہ نشانہ باز یقیناً رزیڈنٹ کو اپنی گولی کا نشانہ بنانا چاہتا تھا۔"

جو اوحسین کے مقدمہ کے باریک نقاب کے پیچھے جو حیدرآباد میں ضرب المثل ہو چکا ہے بجز اس مقصد کے اور کچھ نہ تھا کہ سرآسماں جاہ کو مع ان کے ایک سکرٹری مہدی علی کے برطرف کردیا جائے، آخر الذکر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انہوں نے مجرم کی پشت پناہی کی تھی بہرحال مقدمہ کے اختتام کے قبل مسٹر ہلاوڈن کا مقصد ایک دوسرے طریقہ سے حاصل ہو گیا۔ وہ اس طرح کہ ایک لاکھ کی رشوت کے چھوٹے سے واقعہ کو اہمیت دے کر اعلیحضرت کو سرآسماں جاہ اور مہدی علی کی علیحدگی پر مجبور کیا گیا۔ (مائی لائف صفحہ ۲۱۲ نواب سرور جنگ)

حیدرآباد سے رخصت یکم محرم ۱۳۱۱ھ ۱۵ جولائی کی صبح کو نواب محسن الملک ۱۹ سال چھ ماہ کی ملازمت کے بعد ہمیشہ کے لئے حیدرآباد سے روانہ ہوگئے، ان کی روانگی کے وقت جس قسم کے جوش اور جلیبی محبت کا مظاہرہ ہوا وہ بھی حیدرآباد کی سرزمین پر ایک یادگار رہ گیا۔

اس کے حالات تاروں اور خطوط کے ذریعہ اخبارات میں بھیجے گئے جس میں سے ہم بعض اس موقع پر اس لئے درج کرتے ہیں کہ ناظرین کو نواب صاحب کی عظمت کا اور انکے ساتھ حیدرآباد کے ہر طبقہ کی شیفتگی کا اندازہ ہو جائے۔

پانیر جس وقت نواب مہدی علی خاں آج صبح کو یہاں سے روانہ ہوئے تو لوگوں نے ان کی نسبت نہایت محبت اور گرم جوشی ظاہر کی صدہا آدمی ہر ایک رتبہ کے یعنی عہدہ دار اور امرا اور پرائیویٹ شخص ان کی مفارقت میں زار زار روتے تھے اور لوگ ان کے ہاتھ چومتے اور اُن سے بغل گیر ہونے کے واسطے دوڑتے تھے اور اس وقت کی کیفیت دیکھکر دل پر نہایت اثر ہوتا تھا، چوں کہ یہ ایک طبعی اظہار ہمدردی کا ایک زوال یافتہ شخص کی نسبت تھا اس لئے اس سے یہ بات بخوبی ظاہر ہوتی

ے۔ حیدرآباد چھوڑ کر کچھ مدت اجمیر و لکھنؤ رہ کر آخر تک علی گڑھ میں بحالت گوشہ نشینی مقیم رہے اور سنہ ۱۹۳۲ء میں بعمر ۸۴ سال انتقال کیا۔

ہے کہ لوگ ان کی بڑی قدر کرتے تھے اور ان کے ساتھ نہایت محبت رکھتے تھے ہر ایک
شخص کا اتفاق اس بات پر ہے کہ حیدرآباد میں جہاں کہ کسی ایسے شخص کی عزت کرنا
جس کو ایک معزز رتبہ سے زوال ہوا ہو خلاف دستور ہے کبھی اس قسم کا جوش ایسی
صورتوں میں نہیں دیکھا گیا جو شخص اُن سے رخصت ہونے کے واسطے آئے ان کی تعداد
بہ نسبت اس کے بہت زیادہ تھی جو اس وقت ملنے آتے تھے جبکہ وہ برسر حکومت تھے۔

اقتباس اخبار جریدۂ روزگار مدراس

جریدۂ روزگار مدراس کے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ :- غرّہ محرم کا روز شنبہ کا
وقت صبح کا ۱۳۱۱ھ نبوی وہ تاریخ وہ یوم وہ وقت وہ سنہ ہے کہ ایک ہر دلعزیز
محبوب، خلیق سید، عالی نسب والا حسب مولانا مولوی سید مہدی علی خان بہادر نواب
محسن الملک معتمد فنانس دولت نظام خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ کی حیدرآباد سے الوداع ہے
جس کی جدائی سے ماہ محرم کا غم دوہرا ہو رہا ہے، یہ نیا سال، نیا روز صفحۂ تاریخ دکن
پر یادگار رہے کہ اسی تاریخ سے دکن کی تاریخ کا نیا رنگ، نیا ڈھنگ جلوہ گر ہے، خدا
انسان پیدا کرے تو ایسا ہر دلعزیز کرے کہ جس کی جُدائی پر خاص و عام مرد و زن، ہندو
مسلمان، انگریز، پارسی، نوحہ زن ہوں، گمان تھا کہ نواب مہدی علی خاں کی مشایعت
کے لئے بلحاظ عتاب اعلیٰ حضرت، کوئی شخص ریل تک نہ آئیگا، مگر گمان بالکل غلط نکلا
سات بجے سے لوگوں کی آمد شروع ہوئی، آدھ ساعت میں غمخواران سید کا وہ ہجوم ہوا
کہ پلیٹ فارم بھر گیا، اسٹیشن کے باہر سواریوں کا ہجوم ہو گیا۔ جو آیا سید کے روبرو
خمیدہ ہوا۔ اشک حسرت و یاس سے دامن کو تر کرنے لگا۔ صدہا لوکل عہدہ داران دولت
اکثر اعزۂ شہر اور نامی ساہوکار، لیڈیاں محترم، اکثر ملازمان دولت جمع تھے، اسٹیشن
کے باہر صدہا کم درجہ کے لوگ آہ و فغاں کر رہے ہیں، جب ٹرین کے چلنے کا وقت آیا
انگریزوں نے ٹوپیاں اُتار کر نعرہ ہرّے کا مارا اور سارے مجمع میں ایک کہرام سا مچ گیا۔

کوئی سنگ دل ایسا نہ ہوگا جس نے اس منظر عبرت خیز کے ملاحظہ پر چار آنسو نہ بہائے ہوں یہ پہلا وقت ہے جو ہم نے اس مستقل مزاج متحمل سید کو بے اختیار پایا۔ ٹرین گئی اور ایک سکتہ وحیرت کا عالم طاری ہو گیا۔ اکثروں کو دیر تک بیخود و بے حواس پایا۔ سچی عزت، سچی قدر اسی کو کہتے ہیں کہ ایسے عالم میں اس قدر عزت کی جائے۔ ہر کہ و مہ کی زبان پر ہائے مہدیعلی وائے محسن الملک ہی ہے۔ اس وقت کا سماں جو کوئی سنتا ہے اُس کا کلیجہ مُنہ کو آتا ہے امیر و غریب یکساں سوگوار اور غمخوار نظر آتا ہے، یہ عام غمخوار کسی کے ساتھ ظاہر ہوتے ہوئے کبھی نظر نہ آئی، عوام میں یہ مشہور ہو رہا ہے کہ صاحب عالی شان اس ریاست کے لائق و خیر خواہ لوگوں کو الگ کرا رہے ہیں کہ آیندہ کوئی عقلمند یہاں رہے نہیں۔ اور پھر اپنی مداخلت اچھی ہو جائے اور انگریزی حکومت ہو جائے۔ ہر چند کہ کوئی دانا ایسے لغو خیالات پر توجہ نہیں کر سکتا ہے مگر ایسے خیالات کا پیدا ہونا سراسر خلاف مصلحت ہی۔ برٹش گورنمنٹ ایک لحظہ پسند نہیں کرے گی کہ ایسے خیالات کا تخم دکن میں بویا جائے، بلکہ حتی الامکان ایسے خیالات کے بنا کی جڑ ہی کو اُکھیڑ دے گی۔ غرضکہ غرّۂ محرم سے دکن کی تاریخ کا نقشہ بدل گیا ہے، ہر طرف سوگواری ہی سوگواری ہے، نواب محسن الملک بہادر کیا گئے کہ عیش و نشاط شہر لوٹ لے گئے۔ خدا اُن کو خوش رکھے جہاں رہیں باعزت و حرمت رہیں۔

اقتباس اخبار آزاد نواب صاحب کی روانگی سے دو روز پیشتر لوگ بکثرت آپ سے ملتے اور آپ کو وداع کر کے ٹھیک ساڑھے سات بجے اسٹیشن ریلوے پر جلوہ فرما ہوئے، مولوی صاحب کے آنے سے پہلے ایک جانب ہزارہا آدمی انگریز و پارسی جنٹلمین اور لیڈیاں، ہندو، مسلمان جن میں اکثر سرکاری عہدہ دار وغیرہ وغیرہ تھے دوسری جانب ایک کثیر التعداد بیوہ عورتوں کا گروہ اپنے چھوٹے چھوٹے یتیم بچوں کو گود میں لئے ہوئے مولوی صاحب کے وداعی رنج میں شریک ہونے کے لئے آموجود تھا۔

اِن بیکس عورتوں کا زار زار رونا اور نواب محسن الملک بہادر کا درد انگیز آواز سے اُن کی دل دہی اور خاطر داری کے الفاظ کہنا۔ اللہ اکبر ہم نے کیا بلکہ کسی نے آج تک کسی عہدہ دار کی روانگی پر اس طرح خاص و عام کو وداعی تقریب میں شریک ہوتے نہیں دیکھا جس وقت مولوی صاحب نے ہر ایک سے معانقہ کر کے ریل پر قدم رکھنا چاہا تھا کہ ایک بیوہ عورت نے اپنے یتیم بچے کو مولوی صاحب کے روبرو ڈالدیا اب تک تو مولوی صاحب نے خودداری سے کام لیا تھا لیکن اسوقت بہت زار و قطار رونے لگے اور مسٹر فریدون جی صاحب پرائیویٹ سکرٹری کو مخاطب کر کے فرمایا کہ :۔

"سرکار[۵] میں غلام کی جانب سے قدمبوسی کے بعد عرض کرنا کہ جب تک فدوی تھا ان غریب عورتوں کو جس طرح بن سکا نباہا اب میری آخری سفارش ہے جو میں ان عورتوں کے لئے کرتا ہوں اور ان کا خرچ مجموعی دو سو روپیہ سے زیادہ نہیں ہے ان بیکسوں کی پرورش کا سرکار کو خیال رہے"

یہ کہکر پھر مولوی صاحب نے ضبط کو خیرباد کہدیا اور سینہ پر ہاتھ رکھے ہوئے ٹرین پر سوار ہو گئے پھر تو ریل کی سیٹی کی آواز تک بھی لوگوں کے رونے اور چلّانے میں سُنائی نہ دیتی تھی۔

کرنل مارشل کا ایک دلچسپ خط

اس واقعہ کے مشتہر ہوتے ہی کرنل مارشل نے جن کی شخصیت حیدرآباد کے اس سیاسی کھیل میں بہت نمایاں رہی ہے نواب صاحب کو لندن سے جو خط بھیجا وہ متعدد حیثیتوں سے نہایت دلچسپ ہی اور اس کے پڑھنے سے بعض حقیقتیں بہت کچھ نمایاں ہوتی ہیں جن کو ہم ناظرین کی فکر سلیم پر چھوڑتے ہیں۔

مجھ کو اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر کہ آپ حیدرآباد چھوڑ رہے ہیں افسوس ہوا اب اس کا اظہار اس خط کے ذریعہ کرتا ہوں میں کبھی نہیں خیال کرتا تھا کہ نظام کو اتنا غلط مشورہ

---

[۵] مدارالمہام سے مراد ہے۔

دیا جائے گا اور نیز وہ اس غلط مشورہ پر کاربند ہوں گے اور وہ آپ جیسے شخص کو علیحدہ
کریں گے میرا یہ خیال تھا کہ ہز ہائینس خود دست برداری اختیار کریں گے بجائے اس کے کہ
وہ آپ کو علیحدہ کریں۔ حیدرآباد کے لئے وہ بہت منحوس دن تھا جب آپ نے اپنے
قدم اس سرزمین سے اُٹھائے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ آپ کے ساتھ بہت نازیبا سلوک
ہوا اور آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی۔ میں آپ سے اپنے پورے دلی جذبات
کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہوں، میرے ساتھ بھی بہت بُرا سلوک کیا گیا تھا اور
تمام اطراف سے مخالفتیں شروع ہوگئی تھیں لیکن میرا ریاست سے چلا آنا اس کے مفاد
کے لئے اتنا مضر ثابت نہ ہوا جتنا آپ کا چھوڑنا۔ میرا یہ خیال ہے کہ آپ کا جانا مرزا[1]
کے سبب سے ہوا اور اس کی تہ میں وہ ہی تھے، اُنہوں نے جس طرح قوت حاصل کی وہ
بھی ظاہر ہے اور ساتھ ہی اُنہوں نے اس کو عقلمندی کے ساتھ استعمال نہیں کیا۔ سالہائے
گذشتہ پر نظر ڈالتے ہوئے اور ۱۸۸۴ء و ۱۸۸۸ء کو دیکھتے ہوئے کون یہ خیال کر سکتا تھا
کہ یہ پانچ زبردست شخصیتیں جو کہ سالار جنگ، میں، اور آپ، حق[2] اور مشتاق حسین
تھے یوں یا اس طرح اپنی قوتوں سے گر جائیں گے۔ میں مہدی حسین کو زبردست شخصیت
نہیں خیال کرتا۔

میں نے سُنا ہے کہ اب آپ کا ارادہ قیام علی گڑھ کا ہے مجھے امید ہے کہ میں آپ
سے وہاں ملوں گا جب کہ آئندہ سال میں ادھر سے گذروں گا۔ چراغ علی میں یہ قابلیت نہیں
کہ وہ آپ کی خالی جگہ کو عمدگی کے ساتھ نباہ سکیں۔ میری نظر میں تو کوئی ایسا آدمی نہیں
جو اس زبردست کام کو اس خوش اسلوبی سے کر سکے۔ حیدرآباد کو یقینی آپ کی عدم موجودگی
سے شدید نقصان پہونچے گا۔ میں نے سُنا ہے کہ حق کی واپسی کے لئے آغا مرزا کوشاں

---

[1] آغا مرزا نواب سرور جنگ۔

[2] سردار عبدالحق دلیر جنگ جو سلسلہ مقدمہ معدنیات میں علیحدہ ہوئے۔

ہیں، کیا یہ خبر صحیح ہے؟ میرے خیال میں خورشید کا اثر وزیر پر ہے اور غالباً اس ذریعہ سے وہ اپنے مطلب میں کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کریں، کیا وزیر اس اثر کو قبول کریں گے؟ میں گذشتہ چھ سال کی حیدرآباد کے مدّوجزر کی تاریخ لکھنا چاہتا ہوں اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ مدّوجزر وہاں کس طرح آتا ہے۔

میں خیال کرتا ہوں کہ غالباً اب میں دوبارہ اس شہر کو دیکھ بھی نہ سکوں اور وہاں کے لوگ مجھ کو خاموشی کے ساتھ اپنے اس اسپرنگ کے گھر جس میں کہ میں تھا شاید دیکھنے بھی نہ دیں۔ میں آج کل انگلستان میں بہت عمدہ دن گذار رہا ہوں اور اگلے مارچ یا اگست تک واپس لوٹوں گا اور غالباً میرا تقرر لاہور ہو گا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آیندہ وایسرائے کون ہو گا۔ وہ پُرانا...... گلیڈسٹون یقیناً کسی غلط آدمی کا انتخاب کرے گا وہ اپنی پوری کوشش انگلستان کو تباہ کرنے کی کر رہا ہے وہ ہمارے ملک کے لئے ایک لعنت ہے۔ سرایچ نارمن نے تو جانے سے انکار کر دیا کیوں کہ جو پالیسی گلیڈسٹون نے اختیار کی ہے اس پر وہ کاربند نہ ہو سکتے تھے۔

آپ کا بہی خواہ

ایچ۔ مارشل

حیدرآباد سے واپسی کے بعد موت تک وہاں کے دوستوں سے ان کے تعلقات قائم تھے اور ان کے دلوں میں وہ ہی عظمت و محبت جاگزین تھی جس کا اظہار عروج حیدرآباد کے زمانہ میں ہوتا تھا۔ نواب سرفریدوں جنگ جو حیدرآباد کے نہایت ممتاز اور اعلیٰ درجہ کے عہدہ دار تھے اور عرصہ تک نواب صاحب کے ماتحت رہے تھے ان پر جو اثر تھا وہ ہمیشہ قائم رہا اور جب تک زندہ رہے شکر گذار و وفادار رہے۔

اس سلسلہ میں ان کا ایک دلچسپ خط ذیل میں نقل کیا جاتا ہے جس سے محسن الملک کی عظمت و محبت کا اندازہ ہوتا ہے۔

نواب سرفریدوں جنگ کا ایک خط

میں اپنی خوشی کو (الفاظ میں) ظاہر نہیں

کر سکتا جو مجھ کو آپ کے عنایت نامہ حاصل کرنے سے ہوئی - نہ میں اس مسرت کا اظہار کر سکتا ہوں جو جناب کے اس پدرانہ سلوک سے ہوتی ہے جو میرے ساتھ ہے - میں نے ہمیشہ آپ کو اپنا باپ تصور کیا اور آپ نے ہمیشہ میرے ساتھ اپنے بچہ کی طرح محبت و شفقت کی - میں نے آپ کی عزت و محبت اور آپ کی قدر ہمیشہ اپنے دل میں محسوس کی اور میری رگوں میں دوران خون کے ساتھ ساتھ آپ کے احسانات کے جذبات گردش کرتے ہیں - یہ ہاتھ جو اس وقت یہ خط لکھ رہا ہے جب تک کہ تہ زمین ہو کر ٹھنڈا نہ پڑ جائے آپ کے احسانات اور پدرانہ شفقتوں کو نہیں بھول سکتا - مبادا آپ کو یہ خیال گزرے کہ (خدانخواستہ) میں آپ کی خوشامد کر رہا ہوں (مولوی صاحب آپ کو علم ہے) کہ یہ میری خو نہیں - میں ان بات کا اظہار نہیں کر سکتا جو صدمہ مجھ کو آپ کی علالت سے ہوا ہے یہ ایک صدمہ ہے جو نہ صرف مجھے ہے بلکہ اس زمرہ میں آپ کے اور سب دوست شامل حال ہیں کیونکہ آپ کے علاوہ کوئی دوسرا فرد حیدرآباد میں ایسا نہیں جس کے اتنے دوست ہوں آپ کے دل و دماغ کی وہ شریف خوبیاں جو خدائے عزوجل نے آپ کو تفویض کی ہیں اس قابل ہیں کہ آپ کے دوست آپ کی زندگی بھر کے دوست ہوں - اگر لوگوں کی دعاؤں میں کچھ اثر ہے تو مجھ کو یقین ہے کہ یہ دعائیں جو روزانہ آپ کی ترقی صحت کے لئے مانگی جاتی ہیں ضرور اس خدائے بزرگ و برتر کی درگاہِ عالی میں قبول ہوں گی اور آپ کو ایک عرصہ دراز کے لئے صحت کلی نصیب ہوگی - مجھ کو یہ معلوم کر کے بہت خوشی ہوئی کہ آپ کے معالج بہت ہوشیار ہیں اور خاص کر رستم جی جیسے ہوشیار اور قابل شخص آپ کے ساتھ ہیں - میں دل سے دعا کرتا ہوں اور مجھ کو خدا پر بھروسہ ہے کہ وہ آپ کو جلد از جلد صحت کلی عطا فرمائے - ہز ایکسیلینسی آجکل قاضی پیٹھ میں ہیں کل رات میں نے ان سے چھٹی منگائی ہے اگر میری درخواست سہ روزہ چھٹی کی منظور ہو گئی تو میں ایک دن کے لئے آپ کو دیکھنے کے لئے بھی حاضر ہوں گا اور انشاءاللہ آپ کو رو بہ صحت اور خوش دیکھ کر خوش

خوش واپس لوٹوں گا۔ مجھے امید ہے کہ بیگم صاحبہ اس وقت اپنے دل کو قوی بنائیں گی اور ان کی ہمدردانہ نگہبانی میں آپ کو افاقہ حاصل ہوگا جس طرح اس سے پہلے بھی اس سے زیادہ سخت بیماریوں کے زمانوں میں اُن کی نگہبانی سے آپ کو نفع ہوا ہے۔ یہ آپ کا کرم ہے کہ آپ اپنی علالت کے زمانہ میں بھی مجھے خطوط لکھتے رہتے ہیں اور آپ ہی ایسے بے غرض لوگ اپنی مصیبت اور علالت میں بھی دوسروں کو یاد رکھتے ہیں۔ اللہ پاک آپ پر اور آپ کے متعلقین پر برکتیں نازل فرمائے اور آپ کو صحت کامل و عاجل عطا فرمائے۔

اپنی انتہائی محبت و خیر طلبی کے ساتھ آپ کا دائمی شکر گزار

فریدوں جی

۱۳۲۲ھ = ۱۹۰۴ء میں مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنت صدر اعظم ایک خط کے جواب میں لکھتے ہیں کہ :۔

بہت دنوں کے بعد آپ کا نامہ پہونچا قبل ازیں کہ میں آپ کا شکریہ ادا کروں، مرزا نذیر بیگ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی وجہ سے آپ نے مجھے یاد کیا ؎

یہ بھی کیا مہر نہیں لطف نہیں ہے اے شاؔد
کہ کسی بھولنے والے نے کیا یاد مجھے

...... میں ایک کیا دنیا اس بات کو مانتی ہے کہ ہندوستان میں اعلیٰ درجہ کے اسپیکر اب دو رہ گئے ہیں ایک ہمارے ہندوستان کے گلیڈ اسٹون یعنی آپ اور دوسرے مولوی نذیر احمد صاحب۔ آپ کی طوطی تقریر کے مقابل دوسروں کی زبان لال ہے۔ اس میں شک نہیں کہ سحر بیانی آپ صاحبوں پر ختم ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کی اسپیچوں سے گویائی کا سبق حاصل کروں ؎

اے وقتِ تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی

اعلیحضرت کی مکرمت خسروانہ | نواب محسن الملک کی رحلت کے بعد دنیا کو اندازہ

ہوا کہ خود ذات شاہانہ کے دل میں ان کی کتنی عزت اور اُن کے کاموں کی کس درجہ وقعت تھی کہ خبر رحلت پاکر ہی ان کی بیوہ کا معقول وظیفہ مقرر فرما دیا اور ٹرسٹیانِ کالج کو پیغام ہمدردی بھیجکر اپنے خسروانہ الطاف کا اظہار کیا۔

محسن الملک فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کی نظر میں

عام طور سے شعرائے زمانہ رئیسوں، امیروں اور عہدہ داروں کی جو مدح وستائش کرتے ہیں اس میں کوئی خاص جذبہ نہیں ہوتا بلکہ غرض اور صلہ کی تمنا ان کو جھوٹی خوشامد اور قابل نفریں مبالغہ پر مائل کرتی ہے۔

لیکن جو مدح صحیح جذبہ پر مبنی ہوتی ہے خواہ اس میں کچھ مبالغہ شاعرانہ بھی ہو وہ کیفیات وجذبات سے خالی نہیں ہوتی اور دوسروں کو بھی متاثر کئے بغیر نہیں رہتی۔

حیدرآباد میں مرزا داغ دہلوی کا وہ مرتبۂ اعزاز تھا کہ اس زمانہ میں کسی اور شاعر کو محض شاعری کی حیثیت سے نصیب نہیں ہوا وہ مدحیہ نظمیں بھی بہت کم خاص مواقع پر ہی لکھتے تھے۔ ان کی نواب محسن الملک سے کوئی غرض وابستہ نہ تھی نہ کسی قسم کا سرکاری تعلق تھا۔ لیکن ان کا دل محسن الملک کی خوبیوں اور نیکیوں سے متاثر تھا اور اس اثر کو انہوں نے ایک خاص جذبہ کے ساتھ اس طرح ظاہر کیا ہے کہ:۔

مہدی کو اگر خیرِ زماں کہتے ہیں ‏ ‏ ‏ یا محسنِ ملک اُس کو یہاں کہتے ہیں
زیبا ہے کہیں محسنِ عالم اے داغ ‏ ‏ ‏ جو چاہئے کہنا وہ کہاں کہتے ہیں

ایضاً

اِس خیر کا انسان کوئی ہو تو سہی ‏ ‏ ‏ ذی مرتبہ ذیشان کوئی ہو تو سہی
ہر شخص کی ملحوظ ہے خاطرداری ‏ ‏ ‏ یوں دل کا نگہبان کوئی ہو تو سہی

وحدتِ وجود کے مسئلے کا عقدہ حل ہوتا تھا ؎

میانِ احمد و مہدی نہ ہیچ ہست حجاب　　تو خود حجاب خودی احمد از میاں برخیز

یہ بے تصنّع آپ سے کہتا ہوں کہ آپ کی شکستہ رقم نے اور بھی زیادہ لطف دیا دو تین دفعہ پڑھنا پڑا۔ ایک دفعہ کے پڑھنے سے جو لفظ رہ گیا تھا وہ دوسری دفعہ نکلا اور بہت زیادہ مزا دیا۔ اُسی وقت میرے دل میں مرزا مرحوم کا یہ شعر گزرا ؎

زلکنت می تپد نبض رگِ لعلِ گہربارش　　شہید انتظار جلوہ خویش ست گفتارش "

"حقیقت میں ۳۰ اپریل کے اخبار میں جو مضمون چھپا ہے وہ الہام یا القاء غیبی ہے۔ نہایت عمدہ ہے اگر میں یہودی ہوتا تو بجائے عزیز بن اللہ کے مہدی ابن اللہ کہتا۔ توبہ استغفر نا .... خدا معاف کرے ؎

قبلہ گویم یا خدا یا کعبہ یا پیغمبرش　　اصطلاحِ شوق بسیار ست و من دیوانہ ام

"آپ کی تحریرات جو اخبار میں چھاپہ ہوئیں اُن سے میرا دل اسقدر خوش ہوا ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا جو جو مقام مجھکو اس میں ملے ہیں اس سے میرا دل عجیب طرز پر خوش ہوتا ہے۔ جیسے کوئی سوداگر یہ دیکھے کہ ایک نہایت بیش بہا و بے نظیر ہاتھی اس کی اوگی میں آن پھنسے اور وہ یقین کرے کہ اب وہ نکلنے والا نہیں۔"

خطبات احمدیہ کی تالیف میں علمی و مالی امداد

سرسید نے دوران قیام لندن میں وہ مشہور اور معرکت الآرا کتاب لکھی جو "خطبات احمدیہ" کے نام سے اردو انگریزی میں شائع ہوئی ہے۔

سرسید کوئی امیر آدمی نہ تھے جو آمدنی تھی اُس کا بڑا حصہ قومی کاموں میں صرف ہو جاتا تھا۔ اس کتاب کی تالیف میں ان کو مالی مشکلات درپیش تھیں اور اسی مجبوری سے

نواب محسن الملک بہادر مرحوم کی شان خط

اُنھوں نے دوستوں سے چندہ اور قرض بھی لیا۔

تالیف کتاب میں نواب صاحب نے جو مالی اور علمی و قلمی امداد دی، اس کو بھی ان ہی خطوط میں پڑھنا چاہیئے۔

لندن سے مراجعت کرتے وقت سرسید کے پاس زادِ راہ کے لیئے کچھ نہ رہا تھا جب اس کی اطلاع نواب صاحب کو ہوئی تو اُنھوں نے اپنی پوری تنخواہ کا روپیہ[1] بھیجدیا۔

تہذیب الاخلاق میں مضمون نگاری

لندن سے واپسی کے بعد آخر ۱۸۷۰ء میں جب سرسید نے رسالہ تہذیب الاخلاق جاری کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ "مسلمانوں کی تہذیب و معاشرت میں جہالت کی وجہ سے جو خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں اور مذہب کے متعلق جو غلط عقائد و خیالات راسخ ہوگئے ہیں اُن کی اصلاح کی جائے" نواب صاحب اس رسالہ کے ان بہترین مضمون نگاروں میں تھے جن کی تحریروں نے اس کو خاص امتیاز بخشا تھا وہ اکثر مذہبی، اخلاقی اور تمدنی مضامین لکھتے تھے۔ جن میں وسیع الخیالی، قوتِ فکری، استدلال اور اجتہاد کے علاوہ ادائے مطالب میں باموقع تشبیہات و استعارات اور ضرب الامثال سے خاص لطافت پیدا ہوجاتی تھی، بقول شمس العلما مولوی ذکاء اللہ خاں صاحب:۔

"نواب محسن الملک جو کچھ لکھتے تھے اس میں ایسی لطافت ہوتی تھی کہ لوگ اُن کے مضامین کو پڑھ کر سر دھنتے تھے، سرسید پر جو لوگ نکتہ چینی کرتے تھے اُن کے جواب وہ ایسی دل ربا ظرافت اور فصاحت سے دیتے تھے کہ سرسید کے حریف دنگ رہ جاتے تھے اور اُن سے کوئی معقول جواب بن نہیں پڑتا تھا"

سرسید کا ایک مضمون حالِ خود و یاران خود

اِن مضامین کی وجہ سے سرسید کے دست و بازو نواب محسن الملک اور دوسرے رفیق نواب وقار الملک

---

[1] حیاتِ جاوید۔

مولوی مشتاق حسین بھی تکفیر و زندقہ اور الحاد کے تیروں سے محفوظ نہ رہے۔ چنانچہ سر سید نے ان تعصبات سے متاثر ہو کر تہذیب الاخلاق کے ایک نمبر میں لکھا تھا کہ :-

"اب ہمارے محبوب مہدی علی خاں اور ہمارے عزیز مشتاق حسین کا حال سنو یہ ہمارے دونوں دوست ایسے ہیں جن کا حال کچھ چھپا نہیں ہے مولوی مہدی علی کا علم، اس کی ذاتی خوبیاں، اُس کی پیاری پیاری باتیں، اُس کی سچی ایمان داری، اس کی فصیح تقریر اس قابل ہیں کہ اگر ہماری قوم کے دل کی آنکھیں اندھی نہ ہوتیں تو اُس کے نام پر فخر کیا کرتے۔

منشی مشتاق حسین کی ذاتی نیکی اور نہایت سخت دینداری، بے ریا عبادت سچی خدا پرستی، نہایت تشدد سے نماز اور روزہ اور احکام شریعت کی پابندی جو درحقیقت بے مثل ہے، اِس لائق تھی کہ اگر ہماری قوم پر خدا کی خفگی نہ ہوتی تو اس سے مسلمانی کو فخر سمجھتے۔ مگر خدا نے ایسا اپنا غضب ہماری قوم پر نازل کیا ہے کہ ایک رائے یا ایک مسئلہ یا ایک آبائی رسم و رواج کے اختلاف کے سبب ایک کو نہایت حقارت سے حواری جس سے اشارہ عیسائی کا رکھا ہے اور دوسرے کو ملحد کا خطاب دیا ہے "کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا" مگر ہمارے ان دونوں دوستوں کو خدا کا شکر کرنا چاہیئے کہ ان کو بعوض سچائی اور دینداری کے یہ خطاب ان ہی کی قوم سے ملے ہیں جن کی وہ بہتری چاہتے ہیں ؎

نیک باشی و بدت گوید خلق   بہ کہ بد باشی و نیکت گوید

جواب مضمون کمیٹی خواستگار تعلیم مسلمانان

سر سید نے اسی سال ایک کمیٹی "خواستگار تعلیم مسلمانان" بنارس میں قائم کی تھی جس کا مقصد یہ تھا کہ "وہ اِس امر کی تحقیقات کرے کہ مسلمان

سرکاری مدارس میں کیوں کم تعلیم حاصل کرتے ہیں اور کیوں علوم جدیدہ ان میں رواج نہیں پاتے اور علوم قدیمہ کیوں گھٹ گئے ہیں اور کیا تدابیر ترقی تعلیم مسلمانان کی اختیار کی جائیں۔

اس کمیٹی نے ایک اشتہار کے ذریعہ سے مسلمانوں سے بطور جواب مضمون اس مسئلہ پر رائے طلب کی تھی اور بہترین مضامین کے لئے تین انعام، پانسو، تین سو اور ڈیڑھ سو کے تجویز کئے تھے۔

انشراحات مہدویہ

نواب صاحب نے ایک مدلل و مفصل مضمون بنام "انشراحات مہدویہ" لکھا اور سب کمیٹی نے اس کو اوّل درجہ کا تجویز کرکے پانسو روپیہ کے انعام کا مستحق قرار دیا۔ لیکن اُنہوں نے انعام لینے سے انکار کیا۔

مجلس خزینۃ البضاعت کے لئے چندے

اس کمیٹی نے غور و خوض کے بعد ایک مدرسۃ العلوم کی بنا ڈالنے کی تجویز طے کی اور اُس کے قیام کے لئے ایک مجلس "خزینۃ البضاعت" کے نام سے قائم کی گئی۔ چندہ جمع کرنے کے لئے مختلف مقامات میں شاخیں کھولی گئیں۔ مرزا پور میں نواب صاحب نے عام جلسہ منعقد کرکے ایک لکچر دیا جو مسلمانوں کی گزشتہ اور موجودہ حالت پر تھا۔

اس لکچر نے حاضرین کو بہت متاثر کیا ان میں جذبہ و جوش پیدا ہو گیا۔ ایک سب کمیٹی بنی اور نواب صاحب نے اپنی ایک ماہہ تنخواہ چار صد روپیہ سے چندہ کی ابتدا کی۔ اسکے بعد انہماک کے ساتھ چندہ فراہم کرنے میں مشغول رہے۔

ایک تقریر اور سرسید کا ریمارک

دوسرے موقع پر پھر مسلمانوں کی تہذیب پر ایک بسوط تقریر کی جو اُن کے عروج و زوال کا مرقع تھا۔ اس کے آخر میں تعلیم جدید کی ضرورت پر بحث اور سرسید کے مقصد کی کامیابی کی دُعا تھی یہ تقریر کس پایہ اور مرتبہ کی تھی اس کا جواب سرسید کے الفاظ میں یہ ہے کہ:-

"مولانا کی تقریر مثل ایک دریائے ذخار کے تھی جو پہاڑوں پر مینہ برسنے

سے نہایت زور شور سے بہتا ہوا اور غراتا ہوا، جوش زن اور موج افگن چلا جاتا ہو اور اس پر سورج کی کرنوں کے پڑنے سے رنگ برنگ کی موجیں نظر آتی ہوں با ایں ہمہ پانی نتھرا ہوا ہو اور کچھ کدورت اس میں نہ پائی جاتی ہو اور اس کرشمہ نے امتنع غیر ممتنع کے اعجاز کو ثابت کیا ہو۔ ہم بھی اس کی داد دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سبحان اللہ خوب گفتی و دُر سفتی، مگر اس کے ساتھ اس شعر کو بھی پڑھتے ہیں ؎

پیر ما نیز درا ندر ز بگوشم فرمود — نکتہ ہا ہست در و محرم اسرار کجاست

(۲)

۱۸۷۴ء تا ۱۸۹۲ء

مدرسۃ العلوم (ایم، اے، او، کالج) کی تاسیس کے زمانہ میں نواب صاحب حیدرآباد میں تھے اور یہ زمانہ ملکی اصلاحات میں سخت انہماک کا تھا اس لئے وہ کوئی عملی حصہ اس کے قیام و تاسیس میں نہ لے سکے لیکن جہاں تک مشورہ اور مالی امداد کا تعلق تھا بیش از بیش امداد دی مقام کالج کے تصفیہ نصاب تعلیم انتظام تربیت کے متعلق رائیں لکھیں۔

۱۸۷۵ء میں جب مدرسہ کا افتتاح ہو گیا تو ہر ایک مد میں معقول چندے دئیے۔ ۱۸۷۹ء میں اُنہوں نے جو مدد دی اس کو سرسید نے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں یوں بیان کیا ہو کہ:۔

محسن الملک کی مالی مدد پر سرسید کا ایک بیان

کیا کوئی شخص اس محبت و امداد کا جو ہمارے دوست ہمارے ساتھ کرتے ہیں اندازہ کر سکتا ہی۔ مہدی علی کو گو ہم نے احمقٌ لحیتیٌ کہا ہو مگر ہم کو یاد نہیں ہے کہ کوئی زمانہ ایسا گزرا ہو کہ ہمارا دل ان کی طرف سے رنجیدہ نہ رہا ہو اور جب کبھی وہ ہم سے ملے ہوں گے اور جو کچھ ہم نے اُن سے کہا ہو گا اُس سے اُن کو بھی خوشی نہ ہوئی ہو گی، اب ایسے دو دوستوں کا

جن کے دل ہمیشہ رنجیدہ رہتے ہیں، حال سنو!

"مہدی علی کو معلوم ہوا کہ تعمیر مدرسۃ العلوم میں چندہ کی دقت ہے اور میں قرض لیکر اس کو پورا کرنا چاہتا ہوں، اس وقت ایک ہزار روپیہ نقد اپنے پاس سے چندہ بھیجدیا اور چھ ہزار روپیہ خود اپنی دستاویز تحریر کرکے حیدرآباد میں قرض لیا اور مدرسہ کی تعمیر میں صرف کرنے کو بھیجدیا یہ ایک ادنیٰ حالت اُس ہمارے پیارے دوست کی ہے جس سے ہم اپنی بدنصیبی سے بجز ترش روئی کے اور کسی طرح بات نہیں کرتے۔ افسوس ہے کہ مہدی علی نے تو ایسی محبت اور فیاضی اور دریا دلی کا کام فرمایا اور گو اُمید ہے کہ یہ قرضہ[۱] کمیٹی مدرسۃ العلوم ادا کرے گی، مگر اس کے صلہ میں اس عزیز نے بجز خفگی کے کہ "کیوں قرض لیا اور کیوں اپنی ذمہ داری کی اور کیوں اپنے سر بوجھ ڈالا"، اور کچھ نہیں سُنا، مگر اس میں شک نہیں کہ اس وقت ایسی مدد ہوئی ہے جس کا شکر کسی طرح ادا نہیں ہو سکتا۔ افسوس اُن لوگوں پر جن پر چندہ موعودہ باقی ہے اور نہیں دیتے جیسا ہمارا دل مہدی علی سے رنجیدہ ہوتا ہے ویسے ہی ہم سچے دل سے خدا سے اس کی عمر و دولت و اقبال کی ترقی کی دعا بھی کرتے ہیں۔ حیدرآباد میں بلا اجازت وہ قرضہ نہیں لے سکتے تھے، ہز ایکسیلینسی سر سالار جنگ بہادر نے صرف اس وجہ سے کہ مدرسۃ العلوم کی تعمیر کے لئے بھیجنے کو لیا جاتا ہے، قرضہ لینے کی اجازت دی۔ پس سب سے بڑا احسان اور دلی شکر اس توجہ کا ادا کرنا چاہئے جو حضور سر سالار جنگ بہادر کی نسبتِ مدرسۃ العلوم ثابت ہوتی ہے۔"

دیگر امدادیں

اس کے علاوہ ہر اُس چندہ میں شرکت کی جو کسی ضرورت سے جاری ہوا اور ہر اُس یادگار میں روپیہ دیا جو کسی دوست یا قومی محسن کے نام سے قائم ہونی تجویز ہوئی۔ ۱۸۸۹ء میں جب حاجی محمد اسمٰعیل خاں صاحب نے سرسید کی یادگار میں ایک عمارت بنائی جانی تجویز کی تو مولوی مہدی علی نے پُرزور تائید کے

---

[۱] اس قرضہ کی ادائیگی کے متعلق مؤلف کو کوئی حوالہ نہیں ملا۔

ساتھ پانسو روپیہ کا چک بھیجدیا۔ چاہ اخوان الصفا۔ بیوت الاطفال الصغار (ظہور وارڈ) اسٹریچی ہال۔ سالار منزل۔ مسجد بجٹ کی گئی۔ غرض کوئی ایسی مدنہ تھی جس میں اُن کی فیاضانہ امداد شامل نہو۔

یوں تو وظائف کے فنڈ میں جو کالج بجٹ کی ہی ایک مد تھی ہمیشہ چندے دیتے رہے۔ لیکن جب بی اے کلاس جاری ہوا تو تین انعام بھی مقرر کئے۔

اِن فیاضانہ امدادوں پر ۱۸۸۱ء میں مولوی مشتاق حسین (وقار الملک) نے اپنے ایک دوست مولوی ضامن علی صاحب کو مدرستہ العلوم کی امداد پر توجہ دلاتے اور دوستوں کی امداد کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ نہایت جامع فقرہ لکھا تھا کہ "مولوی مہدی علی صاحب نے تو ہزاروں ہی دیئے"۔

۱۸۸۳ء میں جب سر سید ڈپوٹیشن لے کر حیدرآباد گئے تو سولہ سو روپیہ پیش کئے جس میں ایک ہزار روپیہ بمد چندہ اور پانسو از نام دعوت تھے۔

مہدی منزل بطور یادگار ان احسانوں اور امدادوں کی شکر گزاری میں سر سید نے ایک عمارت کی تعمیر تجویز کی اور کمیٹی نے جب منظور کرلیا تو حسب ذیل نوٹ شائع کیا۔

اگرچہ کمیٹی مدرستہ العلوم ان تمام بزرگوں کی جنہوں نے قومی ہمدردی سے مدرستہ العلوم کی اعانت و امداد کی ہے دل سے شکر گزار رہے مگر اس نے اپنا فرض سمجھا ہے کہ اُن میں سے اُن بزرگوں کی جنہوں نے اس کے قیام میں بے انتہا ہمّت صرف کی ہے اور اپنے مال سے اور اپنی سعی سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا خاص طور سے شکر گزاری کی جاوے اگرچہ ہر ایک بزرگ کی فیاضی فرداً فرداً علت تامّہ اس مدرستہ العلوم کے قیام کی متصور رہے مگر بعض کی سعی اور فیاضی ایسی ہے جن کے شکریہ کی دائمی یادگار قائم ہونا ہماری کمیٹی کو ذریعہ افتخار متصور ہے۔ ان بزرگوں میں سے ایک جناب سید مہدی علی خاں رئیس اٹاوہ معتمد مدار المہام صیغہ مالگزاری سرکار عالی حیدرآباد نظام ہیں، انہوں نے اپنی ذات سے بے انتہا

فیاضی اور اپنے قلم و قدم سے بے نظیر امداد اس مدرسہ کی کی ہے اس لئے ممبران کمیٹی
مدرستہ العلوم نے یہ تجویز کی ہے کہ علاوہ اُن عمارتوں کے جو خاص ان کے زرعطیہ سے تعمیر
ہوئی ہیں اور جن پر ان کے نام نامی کے کتبے لگائے جاویں گے وہ عمارت جو مابین عمارت
انگلش کلاسوں اور لٹن لائبریری کے واقع ہے اور جس کی تعمیر نہایت سرگرمی سے ہو رہی ہے
کمیٹی کی جانب سے بطور اظہار شکرگزاری و یادگاری فیاضی جناب ممدوح کی ان کے نام
سے موسوم کی جاوے اور آیندہ سے اس عمارت کا مہدی منزل نام ہو اور ایک کتبہ جو
اس پر لگانا تجویز ہوا ہے بجنسہ اس کو ہم اپنے اخبار میں چھاپتے ہیں۔

کتبہ

ممبران کمیٹی ہائے مدرستہ العلوم کہ در قیام این مدرسہ صرف ہمت نمودہ اند
بشکر گزاری گل سر سید این گلستان و شجر بارور این اعنی جناب مولوی
سید مہدی علی خاں رئیس اٹاوہ رطب اللسان و عذب البیان بودہ اند۔ الحق سعی ہائے
بے عدیل و فیاضی ہائے جمیل شاں در قالب آں انداختہ اند۔ ذریعۂ قیام و استحکام
آں بودہ است پس ممبران کمیٹی ہائے مذکورہ باظہار شکرگزاری و یادگار فیاضی جناب
ممدوح ایں لوح را دریں منزل نصب می نمایند و ایں منزل را بنام نامی جناب ممدوح میسازند
ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وانا العبد المفتقر الی اللہ الصمد سید احمد۔

کالج کلاس کی تعمیر کا روپیہ اور سر سید کا شکریہ

اس کے بعد جب کالج کلاسوں کی تعمیر کے لئے روپیہ کی
اشد ضرورت تھی ایک لکچر روم کے لئے ڈھائی مہینہ کی
تنخواہ پیش کی جس کی نسبت سر سید نے لکھا کہ:۔

"دنیا ایک جائے انقلاب ہے ہزاروں آدمی ادنی حالت سے ایسے درجے پر
پہونچے ہیں کہ دنیا میں کسی کو اپنا ہمسر تصور نہیں کرتے تھے اور ہزاروں آدمی اس درجے
سے ایسے گرے ہیں کہ ادنی ادنی اشخص بھی ان کو اپنا ہمسر نہیں کہہ سکتا تھا مگر انسان کی
سعادتمندی اس میں ہے کہ زمانہ عروج میں اپنے سے ادنی لوگوں کو اور جو اس کی مکرمت

اور عنایت کے محتاج ہیں ان کو نہ بھولے بلاشبہ اس سعادت کے حاصل کرنے کے لئے مختلف خیالات ہوسکتے ہیں۔ مگر ہماری رائے میں اس زمانے میں یہ سعادت صرف قومی رفاہ کے کاموں کے انجام دینے میں جن کی اس موجودہ زمانے میں قوم کو ضرورت ہے حاصل ہوسکتی ہے ہم نہایت خوش ہیں کہ مہدی علی نے اس سعادت کے حاصل کرنے میں بھی کوتاہی نہیں کی۔ ہمیشہ مدرسۃ العلوم مسلمانان کی جس سے قوم کی فلاح کی امید قوی ہے، مدد کی ہے اور ابھی مبلغ چھ ہزار روپیہ اس لئے دینا منظور کیا ہے کہ منجملہ آٹھ کمروں کے کالج کلاسوں کے لئے بننے باقی ہیں اُس روپیہ سے ایک کمرہ بنا دیا جائے خدائے تعالیٰ ان کے عطیہ کو قبول فرمائے اور ان کو زندہ و سلامت با اقبال رکھے (آمین)"

گورنمنٹ نظام سے مدرسۃ العلوم کے یومیہ کا اجرا اور اضافے

نواب صاحب نے اپنے رسوخ کو جو سر سالار جنگ پر حاصل تھا مدرسۃ العلوم کی امداد کرانے میں نہایت عمدگی سے استعمال کیا اور اس کا ہی نتیجہ تھا کہ ۱۸۷۵ء میں انہوں نے تین سو روپیہ ماہانہ حکومت نظام سے اور سو روپیہ ماہانہ اپنی جاگیر سے مقرر کئے اور ۱۳ ہزار نقد جیب خاص سے اور دس ہزار نقد خزانہ عامرہ سے مرحمت کیا اور پھر دو سو کا اور اضافہ کیا۔ ۱۸۸۳ء جب سرسید ڈپوٹیشن لیکر حیدرآباد گئے تو ڈھائی سو روپیہ ماہانہ گرانٹ کا اضافہ کرایا۔

سرسید کا اعتراف

سرسید نے ایک موقع پر اس اثر کے استعمال کا اعتراف ان الفاظ میں کیا تھا کہ:۔

"در حقیقت خدائے تعالیٰ نے اس قومی کام کے اس درجہ تک پہونچ جانے کے لئے ہز ایکسیلینسی سالار جنگ بہادر مرحوم و مغفور کو ابر رحمت بنایا تھا اور مولوی مہدی علی کو آب رسانی کا وسیلہ کیا تھا"

سالار جنگ ثانی کو بھی جب وہ مدارالمہام ہوئے تو کالج کی طرف مائل کیا۔ چنانچہ اکتوبر

۱۸۸۴ء میں اثنائے سفر کلکتہ میں اُنہوں نے کالج کا معائنہ کیا اور گورنمنٹ نظام کی طرف سے معینہ یومیہ میں اضافہ کرکے پورے ایک ہزار روپیہ ماہانہ کر دئے۔

کانفرنس کے اجلاس میں شرکت

۱۸۹۰ء کے آخر میں اجلاس کانفرنس منعقدہ الہ آباد میں شریک ہوئے جب سے کانفرنس قائم ہوئی تھی اب تک اس میں شرکت کا موقع نہ ملا تھا۔

اُنہوں نے اجلاس میں ایک معرکت الآرا مضمون پڑھا جو تین حصوں میں منقسم تھا پہلے حصہ میں مسلمانوں کی ملکی، تمدنی اور علمی ترقی و تنزل کی مختصر تاریخ اور اسباب کا بیان تھا، دوسرے حصہ میں یونان کی ترقی و زوال اور یورپ کے تنزل و ترقی اور اسباب کا تذکرہ تھا، تیسرے حصہ میں یورپ کے ان اسباب ترقی سے مسلمانوں کے استفادہ نہ کرنے کے وجوہ و نقصانات پر بحث تھی۔ اس مضمون کے لئے دو دن مقرر تھے لیکن تیسرا مضمون رہ گیا اور افسوس ہے کہ طبع و شائع بھی نہ ہو سکا۔

کالج کا معائنہ اور عطیات

اجلاس کے بعد علیگڑھ آئے۔ کالج کا معائنہ کیا۔ یونین کلب کے جلسہ میں طلبا کی تقریریں سُن کر نہایت خوش ہوئے اور تین سو روپیہ یونین لائبریری کو دیا طلبا کے لئے ایک خاص بورڈنگ ہاؤس کی تعمیر کا مسئلہ پیش تھا، دس ہزار روپیہ کا تخمینہ تھا، ہر ٹرسٹی کے ذمہ جن کی تعداد ۴۹ تھی کم از کم دو سو روپیہ عائد کئے گئے تھے، نواب صاحب نے پندرہ سو روپیہ اس فنڈ میں دئے۔

(۳)

۱۸۹۳ء تا ۱۸۹۸ء

حیدرآباد سے واپسی کے بعد قومی مصروفیتیں

۱۸۹۳ء کے وسط میں نواب صاحب حیدرآباد سے وظیفہ یاب ہوئے تو اس وقت اُن کی صحت بہت

خراب ہو چکی تھی، لیکن بجائے اس کے کہ وہ وطن میں یا کسی پُرفضا مقام پر رہ کر اپنی صحت پر توجہ کرتے، اُنھوں نے علی گڑھ میں قیام کرنے کا تہیّہ کر لیا تاکہ سر سید کے شاندار کام کی تکمیل میں اپنی بہترین قوتوں سے مدد پہونچائیں۔

اسی سال وہ اجلاس کانفرنس منعقدہ علی گڑھ کے پریسیڈنٹ ہوئے اور اپنے خطبہ صدارت میں ایک خاص دلربایانہ انداز سے کانفرنس کی ضرورت اس کے اغراض و مقاصد اور اُس کی تکمیل کی کوششوں پر بہت زیادہ زور دیا۔

اُنھوں نے ایک رزولیوشن پر ایسی زبردست تقریر کی جو قومی لٹریچر میں ایک خاص مرتبہ رکھتی ہے اور "مسلمانوں کی قسمت کا فیصلہ" اُس کا عنوان ہے۔

اس موقع پر (ڈاکٹر سر نواب) سید راس مسعود کی تقریب بسم اللہ بھی تھی، اس میں نیوتہ کے طور پر پانسو روپیہ کالج فنڈ میں دیئے۔

نواب صاحب نے پہلے ہی اجلاس میں اندازہ کر لیا کہ اگر کانفرنس کو سعی و ہمّت کے ساتھ چلایا گیا تو قومی تعلیم اور کالج کو بہت کچھ ترقی ہوگی، اِس لئے اُنھوں نے اِس خدمت کو اپنے ذمّہ لیا۔ صاحب الرائے اصحاب سے مشورے کئے، گشتی خطوط جاری کئے مختلف مقامات میں دورے کرتے رہے، کانفرنس کے تمام جلسوں میں شریک ہوئے۔ ۱۸۹۵ء کے اجلاس میں دوبارہ فرائض صدارت انجام دئے اور ایک عالم بیداری خاص کر صوبہ متحدہ میں پیدا کر دی۔ وہ سال کا کچھ حصّہ درستی صحت کے لئے بمبئی میں بسر کرتے تھے لیکن یہاں بھی تمام وقت کالج اور کانفرنس اور قومی تعلیم کی ترقی و بہبودی کی جدوجہد میں صرف ہوتا تھا۔

بمبئی میں اخبارات کا اجرا

اِس مقصد کے لئے اخبارات[۱] جاری کرائے اور اُن کے لئے صدہا روپیہ اپنے پاس سے دیا، مسلمانوں کی انجمنوں

---

[۱] مؤلف تذکرہ کو فخر رہے گا کہ نواب محسن الملک کی شفقانہ تربیت میں اُن اخبارات کی ادارت کے فرائض اس نے انجام دئے۔

کمیٹیوں اور سوسائیٹیوں میں تقریریں کیں۔ پرائیویٹ صحبتوں میں یہی مسائل زیر بحث رہے اور ایک عام رجحان قومی تعلیم اور کالج کی طرف پیدا کر دیا بمبئی کے اس قیام کا سب سے زیادہ قیمتی نتیجہ یہ تھا کہ ہز ہائینس آغا خاں کے اثر و اقتدار اور فیاضی کا رخ قومی مقاصد و اغراض کی جانب مائل ہو گیا۔

اصلاحات کی ضرورت کا احساس

اُنھوں نے کالج کی عام حالتوں میں بہت سی اصلاحات کی ضرورت محسوس کر کے کوشش کی کہ صورت حالات کو بدلیں مگر اپنے آپ کو بے بس پایا اور اسی وجہ سے سر سید کے آخر زمانہ میں ان دونوں محترم دوستوں میں اختلاف رائے[1] پیدا ہو گیا۔

نواب صاحب نے کئی مرتبہ ٹرسٹی شپ سے مستعفی ہونے کا ارادہ کیا لیکن پھر سر سید کی عظمت و محبت اس ارادے پر عمل کرنے سے مانع رہی۔

تلافی نقصان غبن

۱۸۹۵ء میں جب ایک لاکھ روپیہ کے غبن کا راز کھلا اور سر سید دل شکستہ ہو گئے تو نواب صاحب نے اوّلاً خود ایک ہزار روپیہ اس نقصان کی تلافی میں پیش کیا اور بقیہ پورا کرنے کے لئے تدابیر کیں۔

سر سید کا انتقال اور نزاکت حالات

سر سید کی وفات جو ۲۸ مارچ ۱۸۹۸ء کو ہوئی کالج ہی کے لئے نہیں بلکہ قوم کے لئے ایک مصیبت کبریٰ تھی ان پر انتظامات کی خرابی اور مالی حالت کی کمزوری نے دلوں میں مایوسیاں پیدا کر دی تھیں۔ سید محمود (مرحوم) اپنے باپ کے جانشین ہو گئے تھے لیکن ان میں مشکلات کے مقابلہ کی طاقت نہ رہی تھی اس مالی حالت کا کچھ اندازہ اس اڈریس سے ہوتا ہے جو سر سید میموریل فنڈ کمیٹی نے ہز آنر سر جیمس لاٹوش لفٹنٹ قائم مقام گورنر و پیٹرن کالج کو دیا تھا جس میں بیان کیا گیا تھا کہ :-

---

[1] ملاحظہ ہو مکاتیب۔

کالج کی مالی حالت کالج کی موجودہ حالت کا موازنہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس حالت پر اس کالج کو سرسید مرحوم نے اپنے آخری پانچ سال میں پہنچا دیا تھا اس حالت پر بھی اس کا قائم رہنا ممکن نہیں ہے۔ تاوقتیکہ ایک بڑی رقم روپیہ کی اس کے کیپٹل فنڈ میں اضافہ نہ کی جائے۔ سرسید کی وفات کے وقت کالج کے ذمہ تقریبًا پچاس ہزار روپیہ قرض تھا اور اس قرض کی بدولت ایک بڑی رقم سود کی اس وقت دینی پڑتی ہے، اس کے علاوہ کالج کے ذمہ تقریبًا تیرہ ہزار روپیہ کا ایک اور قرض ہے اور باوجودیکہ ایک یوروپین پروفیسر کی جگہ کالج میں خالی ہے تاہم ماہواری اخراجات اس وقت آمدنی سے قریب تین سو روپیہ کے زیادہ ہیں اور باوجودیکہ نہایت کفایت شعاری سے بہ زیادتی کم کی گئی، مگر اب بھی کالج اس قابل نہیں ہوا کہ ایک یوروپین پروفیسر کو بلا سکے یا اس قرضہ کو ادا کر سکے جو اس کے ذمہ روزمرہ کے اخراجات کی وجہ سے عائد ہو جاتا ہے اس قرضہ کو ہم صرف اپنی آمدنی کی بچت ہی سے ادا کر سکتے ہیں، جب تک کالج کو کچھ روپیہ نہ مل سکے اس کی حالت نہ صرف ایسی ہی خراب رہے گی جیسی کہ اب ہے بلکہ اس کو مجبورًا اپنے اس درجہ سے تنزل قبول کرنا پڑے گا جو اس نے سرسید کی آخری عمر میں حاصل کر لیا تھا۔

اس کے علاوہ اس وقت درجنوں آدمیوں کا اسٹاف کے ممبروں کی تنخواہیں امعماروں باغبانوں، مزدوروں، کتب فروشوں، ڈبیجر کے خریداروں کا روپیہ ادا کرنا تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ گویا ان کی فہرست کبھی ختم نہ ہوگی، ہر روز ان قرض خواہوں کا کالج میں ہجوم رہتا تھا یا وہ غضب ناک خطوط تحریر کرتے تھے۔

ان حالات پر صوبہ کے حکمراں اور کالج کے پیٹرن سرانٹونی میکڈانل نے ایک تقریر میں کہا تھا کہ:۔

عام خرابی پر سرانٹونی میکڈانل کا ریمارک اِس موقع پر یہ ضروری نہیں ہے کہ میں مالی جزئیات کی تفصیل کروں مگر میں اسی قدر کہہ سکتا ہوں کہ زرِ ادانی کی ایک معقول رقم ہے، تاہم اگر ٹرسٹی باہمی اتفاق سے اور

معقول اعتدلال اور استقلال کے ساتھ ٹھیک ٹھیک کوشش کریں تو اس کا بیباق کر دینا چنداں دشوار نہیں، مگر اس موقع پر اس بات کا پوشیدہ رکھنا محض بے سود ہوگا کہ ٹرسٹیوں میں اتفاق نہیں ہے اور میں اس بات کے کہنے پر مجبور ہوں کہ بعض لوگوں میں اعتدال بھی نہیں جس کی وجہ سے ان اصول پر جو اس کے بانی نے قائم کئے تھے کالج کا وجود ہی مخدوش حالت میں ہو گیا ہے اور اس ہی حالت کی وجہ سے پبلک کے دلوں میں قدرتی طور سے اس انسٹی ٹیوشن کی طرف سے بے اعتمادی پیدا ہو گئی ہے۔

میں نے اپنا دورہ روہیلکھنڈ اور میرٹھ ڈویژن میں جہاں بہت سے قدیم مسلمان خاندانوں کے وطن ہیں خاص کر اس غرض سے کیا کہ اس بارہ میں مسلمانوں کے خیالات معلوم کروں اور میں اپنی اس تحقیقات کے نتیجہ سے مطمئن ہوں کہ لوگوں کو یقین ہے کہ موجودہ انتظام اور بندوبست کا سسٹم (طریقہ) کافی اور قابل اطمینان نہیں جس کی وجہ سے اب تک ایسی ضرورت کے وقت میں بھی وہ کالج کی پوری پوری مدد کرنے سے ہاتھ کھینچے ہوئے ہیں یہ خیال اُس وقت پیدا ہوا تھا جب کہ ۱۸۹۵ء کا غبن لوگوں پر ظاہر ہوا اور جتنے سال گزرتے گئے اُتنا ہی یہ خیال بھی پختہ ہوتا گیا کیوں کہ جس انتظام کی خرابی یعنی ایک شخص کے ہاتھ میں کل انتظام ہونے کی وجہ سے اِس غبن کا ہونا ممکن ہوا اس کی کوئی اصلاح نہ کی گئی۔ میں یقین کرتا ہوں کہ تعلیم یافتہ مسلمانوں کی بالاتفاق یہ رائے ہے کہ قبل اس کے کہ کالج کی طرف سے لوگوں کو پورا پورا اعتماد اور اطمینان ہو یہ امر نہایت ضروری ہے کہ اس کے انتظام میں بعض ضروری تغیرات عمل میں آئیں۔"

محسن الملک کی سرگرمیاں

ان حالات میں نواب محسن الملک اپنی پوری ہمت و قابلیت سے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ اُنھوں نے بغیر ایک لمحہ ضائع کئے سرسید میموریل فنڈ قائم کر کے کالج کو یونیورسٹی کے درجہ تک پہنچانے کا مسئلہ قوم کے سامنے پیش کر دیا۔

میموریل فنڈ کو لارڈ ایلجن وائسرائے ہند اور ہز آنر سر جیمس لاٹوش لفٹننٹ گورنر صوبہ متحدہ کی امداد و حوصلہ افزائی سے بڑی تقویت ہوئی۔

نواب صاحب سنٹرل کمیٹی کے پریسیڈنٹ تھے، انہوں نے جا بجا کمیٹیاں قائم کرائیں، مئی و جون کے گرم موسموں میں پنجاب اور صوبہ متحدہ کا دورہ کیا۔ لاہور کے عظیم الشان جلسہ میں ایک نہایت پُراثر تقریر میں یونیورسٹی کی ضرورت و اہمیت محسوس کرائی۔ پھر دسمبر میں کانفرنس کا اجلاس لاہور میں منعقد کرایا اور یونیورسٹی کا رزولیوشن پیش کر کے ایک عام جوش پیدا کر دیا۔

(جنت آرام گاہ) نواب حامد علی خاں بہادر والی رام پور کے حضور میں صورت حالات عرض کی، اور ہز ہائینس کو کالج کی معاونت[۵] پر مائل کر لیا حضور محتشم نے گرانٹ میں سو روپیہ ماہانہ کا اضافہ فرمایا اور پچاس ہزار روپیہ میموریل فنڈ کو عطا کئے۔

(۴)

۱۸۹۹ء تا ۱۹۰۷ء

سکریٹری شپ پر انتخاب

قومی بدقسمتی سے سید محمود کی سوء مزاجی و حالت ایسی نہ تھی کہ ایسے خطرات میں اس شکستہ جہاز کی ناخدائی کر سکیں اس لئے ۱۳ جنوری ۱۸۹۹ء کے اجلاس میں ٹرسٹیوں نے ان کو سبکدوش کر کے نواب محسن الملک کو منتخب کیا۔

بلاشبہ سید محمود میں وہ تمام قابلیتیں موجود تھیں جن کی اس وقت کالج اور قوم کو ضرورت تھی، کالج کی تاسیس اور سرسید کی قومی مساعی میں ان کی قابلانہ مساعدت

---

[۵] نواب محمد اسحاق خاں صاحب مرحوم اور مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم نے اس موقع پر خاص امداد دی تھی

وامداد ابتدا سے شامل تھی، اُنہوں نے ہی ۱۸۷۳ء میں یونیورسٹی کی اسکیم تیار کی تھی اور ہزاروں روپیہ کالج کی مختلف مدات میں دیا، ان کی قانونی تصانیف سے کالج فنڈ کو کافی فائدہ ہوا لیکن تقدیر پر کس کا قابو ہو سکتا ہے یہ تغیر ناگزیر تھا اور ناگزیر طور پر کرنا پڑا اور زمانہ نے اس کو مفید اور موزوں ثابت کیا۔ اس وقت نواب محسن الملک سے زیادہ کوئی اور شخص اس بارگراں کو اُٹھانے کی قوت و قابلیت نہ رکھتا تھا۔

بقول مولانا حالی[۵] کے " سرسید کے بعد ان کا جانشین بننے کی جہاں تک ہم کو معلوم ہے ان کو مطلق خواہش نہ تھی مگر تقریباً تمام ٹرسٹی تمام کالج اسٹاف تمام کالج اسٹوڈنٹس صوبہ کے تمام اعلیٰ حکام اور افسر جو کالج کے بہی خواہ تھے تمام ڈیلی گیٹ جو پچھلے سال بمقام لاہور محمدن ایجوکیشنل کانفرنس میں شریک ہوئے تمام مسلمان اخبار اور عموماً تمام مسلمان جن کو قومی معاملات سے دلچسپی تھی یہ اس بات پر متفق تھے کہ ان کو کالج ٹرسٹیز کا سکرٹری بنایا جائے اس لئے ان کو اس کے سوا چارہ نہ تھا کہ اس جوئے کو اپنے کندھے پر رکھیں۔

پُرآشوب زمانہ

حقیقت یہ ہے کہ کالج کے لئے یہ زمانہ نہایت پُرآشوب تھا مالی دوالیہ پن۔ قرض کی گراں باری انتظامی خرابی، قاعدہ و قانون کا نقص اور عام بے اطمینانی کے ساتھ کالج کی انتظامی جماعت پر پرنسپل اور اسٹاف کی خواہش حکمرانی اور بیٹرن کی طرف سے اس کی حمایت، ٹرسٹیوں میں پارٹی بندی اور باہمی نفاق، پیرانِ کہن سال پر نوجوانوں کی تمنائے فوقیت نے آنریری سکرٹری کے لئے پیچ در پیچ مشکلات جائزہ میں پیش کیں، ادھر کالج کی حیثیت قائم رکھنے اور ترقی کے لئے اساتذہ اور عمارات میں فوری اضافہ اور نامکمل عمارتوں کی تکمیل کی ضرورت

---

[۵] حیات جاوید حصہ دوم

تھی فیسوں کے علاوہ مستقل آمدنی جو گورنمنٹ اور ریاستوں کی گرانٹ[1] ان ایڈ سے حاصل ہوئی تھی کل بیالیس ہزار تھی انڈومنٹ فنڈ صرف ۲۵۰،۳۳۲ کا تھا۔ عمارتوں میں فقط چند پختہ کمرے اور ایک کچی بارگ اور چند خام بنگلے اور ایک اسٹریچی ہال تھا باقی ناتمام یا صرف نقشہ پر تھیں۔

نواب محسن الملک نے پورے جوش اور بے نظیر حکمت عملی کے ساتھ ان مشکلات کا مقابلہ و دفعیہ شروع کیا قوم کے سامنے یونیورسٹی کا نصب العین پیش کر کے جو ولولہ پیدا کیا تھا اس کو بڑھایا ۱۸۹۹ء میں مقام کلکتہ کانفرنس کا اجلاس منعقد کرایا اور قوم کی عام توجہ کالج اور یونیورسٹی کی طرف مائل کر لی۔

ہندی کے سرکاری رزولیوشن سے عام بے چینی اور علی گڑھ میں احتجاجی جلسہ

مگر ہنوز ان کی سکرٹری شپ کو پندرہ مہینے ہی گزرے تھے کہ سر انٹونی میکڈانل نے ۱۸ اپریل ۱۹۰۰ء کو سرکاری دفاتر میں ہندی حروف کے استعمال کا وہ مشہور رزولیوشن صادر کیا جس سے اِس صوبہ کے مسلمانوں میں حکومت کے خلاف زبردست بے چینی پھیل گئی۔ کیونکہ اُن کے لئے قومی طور پر یہ رزولیوشن سخت مضر تھا تعلیم اور وسیع و ترقی پذیر لٹریچر اور عدالتی و تجارتی اور تمدنی کاروبار ہندو مسلم اتحاد غرض سب ہی اس کی زد میں تھے اور دوسرے فریق کے لئے بھی کچھ زیادہ مفید نہ تھا۔ چونکہ علی گڑھ مسلمانان ہند کی نہ صرف تحریکات تعلیمی و تمدنی کا مرکز تھا بلکہ ۱۸۸۶ء سے اس نے ایک سیاسی مرکزیت اختیار کر لی تھی اور سر سید کی اس پولیٹکل پالیسی کی جو کانگریس کے بالمقابل قائم ہوئی تھی اور جس سے عموماً مسلمانان ہند نے اتفاق کیا تھا۔ اسی جگہ بنیاد پڑی تھی اور یہی وہ مقام تھا جہاں کہ قومی مسائل پر بحث اور تبادلہ خیال کے لئے ہندوستان کے روشن خیال و

---

[1] گورنمنٹ ۱۵ ہزار۔ حیدرآباد ۲۴ ہزار۔ رام پور بارہ سو۔ پٹیالہ اٹھارہ سو۔

تعلیم یافتہ مسلمان مجتمع ہو جاتے تھے۔

پھر اس رزولیوشن کے بدترین اثر سے وہ ہی صوبہ زیادہ متاثر تھا جس میں کہ قومی مرکز قائم تھا۔ اس لئے قدرتی طور پر علی گڑھ میں زیادہ ہیجان پیدا ہوا۔ نواب محسن الملک کو بھی اس رزولیوشن کے اثر و اہمیت کا پورا اندازہ ہو گیا تھا اور ان کے لئے یہ ناممکن تھا کہ وہ اس کی مضرت سے محفوظ رہنے کی تدابیر اختیار نہ کریں۔ چنانچہ دوسری مئی کو اُن کی کوٹھی پر ایک مختصر جلسہ منعقد ہوا جس میں علی گڑھ کے رؤسا اور تعلیم یافتہ اشخاص شریک تھے تبادلہ خیالات کے بعد نواب محسن الملک اور نواب لطف علی خاں صاحب رئیس چھتاری نے اس رزولیوشن پر غور کرنے کے لئے علی گڑھ اور دیگر اضلاع کے مسلمانوں کا ایک ابتدائی جلسہ منعقد کئے جانے کی تجویز کی ۔ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۰۶ء کو ٹاؤن ہال میں جلسہ مذکور منعقد ہوا جس کے صدر نواب لطف علی خاں صاحب تھے۔

نواب محسن الملک کی تقریر اور رزولیوشن

نواب محسن الملک نے اپنی تقریر سے جلسہ کا افتتاح کیا اُنہوں نے حاضرین کو اپنی کارروائی میں اعتدال اور صبر تحمل اور احترام وادب کو ملحوظ رکھنے، رزولیوشن کو کسی فریق کی طرف داری یا ایک قوم کے حقوق کو دوسری قوم کے حقوق پر ترجیح کے خیالات سے بالاتر سمجھنے اور گورنمنٹ کی نیک نیتی اور انصاف کو پیش نظر رکھنے کی نصیحت کی۔

اُنہوں نے واضح طور پر یہ بھی سمجھایا کہ اپنے برادران وطن کے اغراض و فوائد کے خلاف حملہ آور ہونے سے احتراز کریں۔

پھر اُنہوں نے رزولیوشن پر ایک نہایت زبردست بحث کی اور اس سے جو نقصانات پہونچتے تھے ان کو واضح اور مشرح طور پر بیان کیا اور مسلمانوں نے برادران وطن کی کوششوں کے درمیان میں جو غفلت اختیار کی اُس پر بھی غیرت دلائی اور اپنا مشورہ پیش کیا کہ شمالی ہندوستان کے تمام مسلمانوں کی صلاح و مشورہ کے بعد ایک مدلل میموریل تیار کر کے گورنمنٹ

میں پیش کیا جائے جس میں ان نقصانات کے تمام پہلوؤں کو جو اس رزولیوشن کا نتیجہ لازمی ہیں آزادی وادب کے ساتھ ظاہر کیا جائے۔

اُنھوں نے برٹش گورنمنٹ اور ہز آنر کے انصاف وحق پسندی کا یقین دلا کر اس رزولیوشن کو نیک نیتی کی غلطی سے تعبیر کیا اور خاتمہ تقریر پر کہا:۔

"میں نہیں کہتا نہ کہہ سکتا ہوں کہ جو کوشش کی جائے گی اس میں پوری پوری کامیابی ہوگی یا ہمارے خیالات سے گورنمنٹ کے خیالات ہر بات میں متفق ہوں گے کیوں کہ ممکن ہے کہ بوجہ اس کے کہ اس معاملہ میں ہمارے اغراض شامل ہیں رائے قائم کرنے میں ہم سے خطا ہو یا بعض دلائل ہمارے ضعیف ہوں مگر اس مقولہ کو ہمیشہ یاد رکھو کہ "رعایا کی خواہشوں کا سننا کام ہے ایک دانا گورنمنٹ کا اور ظاہر کرنا اپنی خواہشوں کا اور مانگنا اپنے حقوق کا کام ہے ایک آزاد اور وفادار رعیت کا" اور اپنے اس پاک عقیدہ کو بھی ہمیشہ پیش نظر رکھو کہ "ہمارا کام ہے کوشش کرنا اور خدا کا کام ہے اس کا پورا کرنا" پس ہم سب کو چاہیے کہ اس قومی کام کو دانشمندی اور استقلال سے کریں اور بذریعہ ایک معزز ڈپوٹیشن کے ایک میموریل ہز آنر سر انٹونی میکڈانل ہی کے حضور میں پیش کریں اگر ہم کامیاب ہوئے فھو المراد اگر ناکام رہے تو ہمارا دل اس خیال سے مطمئن رہیگا کہ ہم نے اپنا حق ادا کیا اور آیندہ آنے والی نسلیں اس بات کو دیکھ کر ہماری شکر گزار ہوں گی کہ ہم نے ان کی بہبودی کے لئے کوشش کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا پس اے مسلمانو آؤ! اور خدا کے کرم اور گورنمنٹ کے انصاف پر بھروسہ کرکے اس قومی کام میں بلا خیال اس کے کہ تم جیتو گے یا ہارو گے آخری کوشش کرلو تاکہ کہنے کو یہ بات رہ جائے کہ ؎

شکست وفتح نصیبوں سے ہے ولے اے میر مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا"

اس جلسہ میں متعدد رزولیوشن پیش ہوئے جس میں ایک رزولیوشن یہ بھی تھا کہ نواب محسن الملک ہی تمغۂ عرضداشت تیار کرنے کے لئے شمالی ہند کے مسلمانوں کا ایک نمایندہ جلسہ منعقد کرنے کا انتظام کریں۔ اس کے علاوہ نواب صاحب کی ہی تحریک سے بالاتفاق دو[۲] اور رزولیوشن بھی پاس کئے گئے جن میں اُن باتوں سے اجتناب کی ہدایت تھی جن سے حکومت کی جانب سے بددلی یا ہندوؤں کے خلاف حملہ آوری پائی جائے۔

ایک سخت پیچیدگی

اسی دوران میں آنریبل سید محمود کو ٹرسٹیوں نے پریسیڈنٹ کے عہدہ سے وزیٹر کے ممتاز تر عہدہ پر منتخب کیا۔ لیکن چونکہ عملاً انتظام کالج سے اس جدید عہدہ کا کوئی تعلق نہ تھا اس لئے اُن کو اور اُن سے زیادہ بعض لوگوں کو سخت پیچ و تاب تھا اس بنا پر آنریبل سید محمود نے وزیٹر شپ منظور نہ کی اور ہز آنر (پیٹرن) کو ایک خط لکھا جس میں اپنی نامنظوری کے وجوہ میں ایک وجہ یہ بھی ظاہر کی کہ:۔

"کالج کے اصلی بہی خواہوں کو یہ امر ضرور رنج و افسوس کا باعث ہوگا کہ میرے والد سر سید مرحوم کی وفات کے بعد بہت جلد کالج کے معاملات کی نوبت جس کو پولیٹکل ایجی ٹیشنوں سے محفوظ رکھنے کے واسطے اُنہوں نے اپنی تمام عمر کوشش کی تھی کیونکہ وہ ایک خالص خیراتی اور تعلیمی انسٹی ٹیوشن تھا ادنیٰ پارٹی پالیٹکس پر پہنچ گئی"

ادھر علی گڑھ میں جو احتجاجی جلسے منعقد ہوئے اور مسلمانوں کے اخبارات میں جو بحثیں ہوئیں اُن کو ہز آنر نے اپنی گورنمنٹ کی پالیسی پر ایک زبردست حملہ متصور کیا جس سے اُن کے مزاج میں سخت برہمی پیدا ہوگئی نواب صاحب نے کوشش کی کہ وہ ہز آنر سے مل کر اور بالمشافہ تمام معاملات پر گفتگو کر کے برہمی دُور کریں۔ چنانچہ ۲۱ جون کو اُنہوں نے نینی تال آنے کی اطلاع دی۔ لیکن ۲۴ جون سنہ ۱۹۰۰ع کو پرائیویٹ سکرٹری نے جواب دیا کہ:۔

"آپ کا اس مقصد سے نینی تال کا سفر کرنا کہ آپ اُردو، ناگری کے متعلق اپنے

خیالات ہز آنر کے سامنے ظاہر کریں اُن کے نزدیک آپ کے لئے غیر ضروری تکلیف ہے یہ مقصد خط و کتابت سے بھی حاصل ہو سکتا ہے ۔"

ہز آنر کی جوابی کارروائیاں

اس انکار کے ساتھ ہی آنریبل سید محمود کے خط کے جواب میں ان کو اطلاع دی گئی کہ :۔

"جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر خیال فرماتے ہیں کہ کالج کے انتظام میں ایسے معاملات کے داخل ہونے کو جن سے پارٹی پالیٹکس کی بو پائی جائے آپ کا نامناسب سمجھنا حق بجانب ہے اور اس بارہ میں جناب ممدوح ٹرسٹیوں کو آپ کی رائے سے مطلع کرنا چاہتے ہیں، ہز آنر کو اس امر میں کچھ شبہ نہیں ہے کہ بحیثیت ایک جماعت کے ٹرسٹیوں کی یہ رائے ہو گی کہ کالج ایک تعلیمی انسٹی ٹیوشن ہے نہ کہ ایک پولیٹکل مجمع، اور اس کے منیجروں اور اسٹاف کا کالج کے منیجروں اور اسٹاف ہونے کی حیثیت سے پولیٹکل ایجی ٹیشنوں سے علیحدہ رہنا واجب ہے۔ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کو بلاشبہ مسلمانوں کی ترقی اور مسلمانوں کی فلاح اور بہبودی کے ساتھ ہمدردی کرنی ضروری ہے، لیکن کالج بغیر اس کے کہ جو نیک نامی اس کو سر سید کے حین حیات میں ایک ایسے تعلیمی انسٹی ٹیوشن ہونے کی حاصل ہوئی تھی جس کو پارٹی پالیٹکس سے کچھ تعلق نہ تھا ایسا کر سکتا ہے۔"

ساتھ ہی ٹرسٹیوں اور متعلقین کالج کے حلقہ میں باضابطہ طور پر آنریبل سید محمود کے خط کی اشاعت کی گئی اور جولائی میں بمقام بنارس میونسپل کمیٹی کے ایڈریس کے جواب میں ہز آنر نے جو تقریر کی اس میں سرکاری رزولیوشن کی معقولیت وغیرہ پر بحث کر کے یہ تنبیہ کی کہ :۔

"اس مسئلہ پر قومیت اور طرف داری کا رنگ چڑھانا ایک نہایت لغو حرکت ہے جو لوگ ہندی رزولیوشن کی مخالفت کر رہے ہیں وہ دراصل حاکم و محکوم کے درمیان سدّ راہ پیدا کرتے ہیں، گو کہ واقف نہ ہوں کہ ان کی کوششوں کا

یہ لازمی نتیجہ ہے "

جوابی کارروائیوں کا اثر

اِن کارروائیوں سے بہت سے وہ لوگ جو نہایت جوش کے ساتھ اِس احتجاج میں شریک ہوئے تھے مرعوب ہو کر سرد پڑ گئے۔ بعض اطراف سے یہ پُر زور اور وفادارانہ صدائیں بلند ہوئیں کہ جس پالیسی پر نہایت غور و خوض اور استقلال کے ساتھ مدت مدید سے مسلمان عمل پیرا تھے اُس سے اب انحراف کیا جا رہا ہے۔

اِس مرعوب جماعت میں جلسہ منعقدہ علی گڑھ کے پریسیڈنٹ نواب لطف علی خاں سب سے زیادہ متاثر تھے اور اُنہوں نے فوراً صدارت سے استعفا دے کر کمیٹی سے بھی علیحدگی اختیار کر لی اور ہز آنر کے سامنے یہ عذر پیش کیا کہ چونکہ اُن کے سامنے واقعات غلط طور پر بیان کئے گئے تھے اس لئے اُنہوں نے صدارت منظور کی تھی۔

لکھنؤ میں جلسۂ عام کا انعقاد

باوجود ہز آنر کی برہمی مزاج اور ایک جماعت کی علیحدگی کے اُردو ڈیفینس[1] ایسوسی ایشن نے ۱۸ اگست کو لکھنؤ میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جس میں مختلف اضلاع سے کثیر التعداد اصحاب آکر شریک ہوئے۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ سرکاری احکام کے برخلاف احتجاج کرنے کے لئے مسلمانوں کی اتنی زبردست نمایندگی ہوئی۔ جلسہ میں متعدد رزولیوشن پیش ہوئے، نواب صاحب نے خود بھی حسب ذیل رزولیوشن پیش کیا۔

"اِس مجمع کی ہرگز یہ رائے نہیں ہے کہ سر انٹونی میکڈانل صاحب بہادر نے رزولیوشن مورخہ ۱۸ اپریل ۱۹۰۰ء درباره نفاذ ناگری عمداً کسی فریق کی طرفداری یا نامنصفانہ کارروائی سے دانستہ اہل اسلام کو ضرر پہنچانے کی نیت سے پاس کیا ہے بلکہ جیسا کہ صاحب ممدوح کے بیان سے ظاہر ہوگا، اُن کا یہ

---

[1] یہ مستقل جماعت لکھنؤ میں قائم ہوئی تھی۔

رزولیوشن صرف کثرت اہالیانِ ممالک مغربی و شمالی و اودھ کے عرض پر مبنی ہے گو یہ جلسہ ہز آنر کی رائے سے متفق نہیں ہو سکتا۔"

نواب صاحب کی تقریر اس رزولیوشن کو پیش کرتے ہوئے وہ فصیح و بلیغ اور معرکۃ الآرا تقریر کی جو کسی وقتی معاملہ سے تعلق رکھنے کے باوجود اپنے اثر اور لٹریچر کے لحاظ سے ہمیشہ کے لئے یادگار ہو جاتی ہے۔ اس تقریر میں جو اعتراضات قدیم پالیسی سے انحراف وغیرہ کے متعلق کئے گئے تھے۔ اُن سب کا جواب دیکر ۱۸۶۲ء کی ان کوششوں کا تذکرہ کیا جو اسی معاملہ کی نسبت سر سید نے کی تھیں[۱] اُنھوں نے ہز آنر کی نسبت ناانصافی اور طرفداری کے خیالات کی بھی تردید کی اور کہا کہ :-

"گو ہمارے ہاتھ میں قلم نہیں اور ہمارے قلم میں زور نہیں اور اسی وجہ سے ہم دفتروں میں کم نظر آتے ہیں مگر ہمارے ہاتھ میں تلوار پکڑنے کی قوت ابھی باقی ہے (چیرز) اور ہمارے دلوں میں ملکہ معظمہ کی محبت ہے (چیرز) اور اُن کی گورنمنٹ کی برکتوں پر ہم کو یقین ہے کہ اس گورنمنٹ کی بدولت ہم اپنی سلطنت کے جانے کے بعد اپنا وجود ہندوستان میں دیکھتے ہیں اور اس آزادی اور امن و امان سے زندگی بسر کرتے ہیں پس گو قلم سے کچھ نہیں کر سکتے، مگر خدانخواستہ جب مغرب سے ہم کسی کو ایسی گورنمنٹ کے مقابلہ میں آتے دیکھیں گے تو اسی طرح ملکہ معظمہ کے تاج اور سلطنت پر اپنا خون بہائیں گے جیسا اپنے ہم مذہب بادشاہوں کی بادشاہی قائم رکھنے کے لئے بہاتے تھے (نہایت جوش کے ساتھ چیرز) ہم اپنی

---

[۱] ہندوؤں نے ۱۸۶۲ء سے یہ کوشش شروع کی اور ۱۸۶۸ء میں باقاعدہ درخواست کی گئی کہ فارسی حروف کی جگہ ناگری حروف جاری کئے جائیں۔ صوبہ بہار میں ان کو کامیابی ہوئی ۱۸۹۰ء میں صوبہ متحدہ کی گورنمنٹ کے سامنے باقاعدہ ڈپوٹیشن پیش ہوا اگرچہ اسوقت ناکامی ہوئی مگر ۱۹۰۰ء میں یہ زیر بحث رزولیوشن صادر ہوا۔

قوت کو گورنمنٹ کے دشمنوں پر کام میں لادیں گے ہم کبھی ایک لحظہ کے لئے بھی خیال نہیں کر سکتے کہ گورنمنٹ ہم کو بھلا دے اور چھوڑ دے اور ہماری اُن چیزوں کو جن پر ہماری زندگی ہے صدمہ پہنچنے دے، مجھے ہرگز یقین نہیں ہے کہ گورنمنٹ ہماری زبان کو مرنے دے گی، بلکہ اس کو زندہ رکھے گی اور وہ کبھی مرنے نہ پائے گی، مگر اس میں کچھ شبہ نہیں کہ جو کوشش اُس کے مارنے کی دوسری طرف سے ہو رہی ہے اگر وہ برابر جاری رہی تو آیندہ کسی وقت ہماری زبان کو صدمہ پہنچے گا یہی خوف ہے جس کے لئے یہ کوششیں ہو رہی ہیں تاکہ ہم اپنی زبان کو زندہ رکھ سکیں اور اگر خدانخواستہ وہ وقت آ جائے کہ اس کو زندہ نہ رکھ سکیں تو اس کا جنازہ تو دھوم سے نکالیں۔ ع

عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے ''

پھر اُنھوں نے سرکاری ملازمتوں کے تناسب پر ایک تبصرہ کرکے سرسید کی رحلت کے وقت ہز آنر نے جو ذاتی دلچسپی اور ہمدردی کالج کے ساتھ ظاہر کی تھی اور اُن کی گورنمنٹ نے جو مالی امداد دی تھی اُس کا پُرجوش احسانمندی کے ساتھ تذکرہ کیا۔

اُنھوں نے علی گڑھ کے جلسوں کے متعلق جو خط و کتابت نواب لطف علی خاں سے ہوئی تھی اور جو عذر اُنھوں نے اپنے استعفے وغیرہ کے متعلق کیا تھا اُس کو بھی ایک عمدہ طریقہ پر پیش کرکے اس اصول کو بیان کیا کہ :-

''جب کسی مسئلہ کی نسبت تمام قوم کے دل کو صدمہ پہنچے تو اس کے متعلق ایجی ٹیشن کے پھیلانے اور برانگیختہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ایسے وقت میں ہمارا فرض حقیقت میں یہ ہے کہ پبلک کی رائے کو اعتدال پر لائیں اور گورنمنٹ کے ارادوں اور مقاصد کی نسبت جھوٹے خیالات لوگوں کے دلوں سے دُور کریں باوجود اس کے کہ ایسے بڑے شخص جیسے کہ ہمارے سنتقی پریذیڈنٹ

ہیں اس تحریک سے علیٰحدہ ہو گئے یا بڑے بڑے نواب اور رئیس خیالی خوف سے علیٰحدہ رہے ہم کو یقین ہے کہ ہماری قومی زبان مرنے نہ پاوے گی اور ہمیشہ زندہ رہے گی۔"

اس کے بعد رزولیوشن کے اثرات اور دقتوں کی صراحت کی اور ہزآنر کی تقریر بنارس پر توجہ دلاکر کہا کہ اگر ہزآنر کے ایسے حکم کی جس سے ہماری زبان کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا اور دوسری قوم متمتع ہو سکتی ہے تشریح کر دی جائے اور جو ابہام پیدا ہو گیا ہے اُس کو رفع کر دیا جائے تو اس بحث کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور کسی قسم کا اعتراض باقی نہیں رہتا۔

نتیجہ | اس جلسہ کی کارروائیوں سے ہزآنر سر انٹونی میکڈانل کو اور زیادہ اشتعال پیدا ہوا وہ بحیثیت پیٹرن علی گڑھ آئے اور ٹرسٹیوں کو جمع کرکے اُس ایجی ٹیشن پر جو اُردو ڈیفینس ایسوسی ایشن کے ذریعہ کی جاتی تھی، اپنی سخت ناراضی کا اظہار کیا اور یہ الزام لگایا کہ ایم۔ اے۔ او۔ کالج کے طلبا اس تحریک کے منّاد بنائے گئے نیز اساتذہ اور بعض ٹرسٹیوں اور آنریری سکرٹری نے اُس میں نمایاں حصّہ لیا اگر یہ طریقہ جاری رہا تو گورنمنٹ سے جو امداد کالج کو ملتی ہے وہ بند کر دی جائے گی۔

بعض ٹرسٹیوں نے سر انٹونی کی خوشامدانہ تائید کی اور تمام تر الزام نواب محسن الملک پر لگایا اور اب اُن کے لئے بجز اس کے کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ یا تو سکرٹری شپ سے مستعفی ہو جائیں یا اس تحریک سے۔

استعفا | چنانچہ اُنھوں نے ان حالات کی نزاکت پر غور کرکے ۲۶ اگست سنہ ۱۹۰۰ء کو ٹرسٹیوں کے جلسہ میں سکرٹری شپ سے استعفیٰ پیش کر دیا۔

چونکہ یہ استعفیٰ ہزآنر کی ناراضی کی وجہ سے پیش ہوا تھا اُن کے پاس بھیجا گیا اور اسی عرصہ میں آنریبل (مسٹر) مسٹر مارسین نے بھی اُن سے ملاقات کی۔

اگرچہ پرنسپل کو کوئی تعلق آنریری سکرٹری کے استعفے سے نہ تھا لیکن چونکہ

ہز آنر کی ابتداسے یہ پالیسی رہی تھی کہ کالج کی عنانِ حکومت جہاں تک ممکن ہو یورپین اسٹاف کے ہاتھوں میں رہے اور اس کا اقتدار مضبوطی کے ساتھ قائم کیا جائے اور ۱۸۹۹ء میں انہوں نے جو پہلی تقریر کی تھی اُس میں جا بجا یورپین اسٹاف کی مراعات اور مسٹر بیک (پرنسپل) کے توسیع اختیارات کی طرف اشارہ تھا اور کالج کی آیندہ بہبودی اور زندگی بھی اسی پر منحصر قرار دی تھی، اسی اصول پر وہ تمام معاملات میں پرنسپل کو ذریعہ و واسطہ بنانا چاہتے تھے۔ چنانچہ اس استعفے کے سلسلے میں بھی انہوں نے پرنسپل سے گفتگو کی اور اس ملاقات کے بعد حسب ذیل ایک طولانی چھٹی جو سرکاری حیثیت سے لکھی تھی ٹرسٹیوں کی اطلاع کے لئے پرنسپل کے پاس بھیجی جو ٹرسٹیوں میں گشت کرائی گئی۔

ہز آنر کی چھٹی

"کیمپ لفٹنٹ گورنر اضلاع شمالی و مغربی و اودھ

۱۰ر اکتوبر ۱۹۰۰ء

ڈیر ماریسن!

لفٹنٹ گورنر خیال فرماتے ہیں کہ آپ کے پاس ہز آنر کی ملاقات کے نتیجہ کا ایک معتبر ریکارڈ (تحریر) رہنا چاہیے تاکہ آپ اُس کو ٹرسٹیوں کی کمیٹی میں پیش کر سکیں، اس ملاقات کے نتیجے مختصر طور پر یہ ہیں۔

(۱) ٹرسٹیوں کو اس امر کا خود فیصلہ کرنا چاہیے کہ آنریری سکرٹری کے استعفے کو منظور کریں یا اُن سے اُس کے واپس لینے کی درخواست کریں یہ امور اس بات کے مقتضی نہیں ہیں کہ اس میں لفٹنٹ گورنر کی مداخلت کرنے یا صلاح دینے کی ضرورت ہو۔

(۲) اس بارہ میں جو کچھ ٹرسٹی باہم فیصلہ کریں وہ بوجہ اس کے کہ اُن کو اپنے افعال کی آزادی حاصل ہے اُس کی پیروی کریں اس موقع پر لفٹنٹ گورنر اُن کے خیالات یا فیصلہ میں حصہ لینا نہیں چاہتے بلکہ وہ دونوں سے علیحدہ ہیں

ہزآنر ایک بات اور ظاہر کرنی چاہتے ہیں اُنھوں نے آپ سے بیان کیا تھا کہ وہ پبلک معاملات میں ہر قسم کے اظہار رائے کو جو ایمان داری اور نیک نیتی سے کیا جائے مبارک اور عمدہ سمجھتے ہیں - ہزآنر کی رائے میں علانیہ طور سے بحث و مباحثہ کرنا اور رفاہ عام کی تجویزوں پر نکتہ چینی کرنی اس سے بدرجہا بہتر ہے کہ خفیہ طور پر اُس کی مذمت کی جائے - تاہم حضور ممدوح کا خیال ہے کہ بموجودگی اُن تعلقات کے جو گورنمنٹ اور مدرستہ العلوم علیگڑھ کے درمیان قائم ہیں، یہ امر ٹرسٹیوں کے معتمد یا پریزیڈنٹ کے مناسب نہیں ہے کہ بغیر اس کے کہ ٹرسٹیوں کی رائے سے گورنمنٹ کو مطلع کیا جائے - وہ ایک باضابطہ ایجی ٹیشن کے بانی مبانی ہوں جو گورنمنٹ کی ایک تجویز کے خلاف کی گئی ہو - سر سید احمد اس طریقہ پر کبھی کارروائی نہ کرتے قبل اسکے کہ وہ ایک پبلک ایجی ٹیشن کی سربراہی کریں وہ ضرور گورنمنٹ کے ساتھ براہ راست خط و کتابت کرتے اور جو کچھ اعتراض ان کو گورنمنٹ کے طرز عمل پر ہوتا اُس کو وہ ظاہر کرتے اور گورنمنٹ کی عمدہ منشاء اور نیک نیتی پر کامل اعتماد اور بھروسہ کر کے وہ گورنمنٹ سے درخواست کرتے کہ اُن کے دلائل پر پوری طرح غور کیا جائے اور اُن کی یہ درخواست کبھی نامنظور نہیں ہوتی -

سر انٹونی میکڈانل کی رائے میں یہ امر نہایت غیر مستحسن ہے کہ وہ لوگ جو سر سید احمد کے کام کو جاری رکھنا چاہتے ہیں یا جو اُن کے قائم مقام ہونے کی کوشش کرتے ہیں گورنمنٹ پر اعتماد و بھروسہ کرنے کی پالیسی کو چھوڑ دیں ہزآنر کو پورا یقین ہے کہ اکثر ٹرسٹی اس تبدیلی کو پسند نہ کریں گے جس کی وجہ سے بعض ٹرسٹی بلاشبہ مخدوش حالت میں ہو گئے ہیں -

لفٹننٹ گورنر درخواست کرتے ہیں کہ آپ براہ مہربانی یہ چٹھی ٹرسٹیوں کی

کمیٹی کے روبرو پیش کردیں اور جو فیصلہ وہ آنریری سکرٹری کے استعفے کے
متعلق کریں اس سے پریسیڈنٹ کے ذریعہ سے بہ تسلسل ان کی سابق چٹھی
مشعر اطلاع استعفے ہز آنر کو مطلع کیا جائے"

(دستخط) ڈبلیو۔ بی۔ ڈگلس کپتان پرائیویٹ سکرٹری

ذاتی کاوش

ہز آنر کو نواب محسن الملک سے نہ صرف یہ نام نہاد اصولی اختلاف تھا بلکہ ایک ایسی ذاتی کاوش پیدا ہو گئی تھی جس کے ظاہر کرنے میں انہوں نے وہ طریقہ اختیار کیا جس کی مثال وہ ہی طریقہ ہو سکتا ہے۔

اُن کو محسن الملک کا خطاب بھی ناگوار تھا جس کے استعمال کی ممانعت کی گئی اور جب نواب صاحب نے اس کے حق استعمال کے متعلق گورنمنٹ آف انڈیا کی منظوری[۱] کا حوالہ دیا تو اُس کے جواب میں ۱۹ اکتوبر سنہ۱۹۰۱ء کو مطلع کیا گیا کہ :۔

"اُن کے پاس گورنمنٹ آف انڈیا سے اطلاع آئی ہے کہ جو خطاب آپ کو نظام گورنمنٹ کی سروس کے زمانہ میں ملا تھا اُس سے سبکدوشی حاصل کرنے کے بعد برٹش انڈیا میں اِس خطاب کا استعمال متروک ہو گیا"

حالانکہ نواب صاحب جب حیدرآباد سے وظیفہ یاب ہو کر آئے تو نہ صرف پبلک میں بلکہ گورنمنٹ آف انڈیا اور پراونشل گورنمنٹ کی سرکاری مراسلت میں یہ خطاب استعمال ہوتا رہا چنانچہ ۳۰ دسمبر سنہ۱۸۹۳ء کو ہز ایکسیلنسی وایسرائے ہند کے پرائیویٹ سکرٹیری نے جو آفیشل ٹیلیگرام بھیجا تھا اُس میں بھی نواب محسن الملک بہادر خطاب کیا گیا تھا۔ سنہ۱۸۹۹ء میں ہز آنر سر جیمس لاٹوش کے متعدد خطوط میں یہی خطاب موجود تھا۔ اور سنہ۱۹۰۰ء میں سر انٹونی کے پرائیویٹ سکرٹری نے ضابطہ کی جو چٹھی ارسال کی تھی

---

[۱] اس خطاب کو گورنمنٹ آف انڈیا نے سرکاری مراسلت میں استعمال کیا جانا منظور کیا تھا اور وزارت حیدرآباد کو رزیڈنٹ نے اپنے خط مورخہ ۱۵ دسمبر سنہ۱۸۸۳ء کے ذریعہ اطلاع دی تھی۔

اِس میں بھی اسی خطاب سے مخاطب کیا تھا۔

لیکن باوجود حاکمانہ اقتدار کے یہ پُرغضب اور منتقمانہ حملہ ناکام رہا۔ پراونشل گورنمنٹ اور گورنمنٹ آف انڈیا ان کو اسی خطاب سے مخاطب کرتی رہی۔

استعفا واپس لینے پر ٹرسٹیوں اور قوم کا اصرار

پریسیڈنٹ نے نواب صاحب کا استعفا حسب قاعدہ تمام ٹرسٹیوں کے سامنے پیش کیا۔ ٹرسٹیوں نے اس کو ایک سخت مصیبت تصور کیا۔ نواب صاحب کی سرگرمی اور اس کے نتائج کا اعتراف کر کے واپسی کی استدعا کی۔ اسلامی انجمنوں نے بھی اسی مقصد سے جلسے منعقد کئے اور استعفا واپس لینے کے لئے درخواستیں کیں۔

آنریبل سید محمود اور نواب بہادر سر مزمل اللہ خاں کے خطوط

خود آنریبل سید محمود نے لکھا کہ :۔

"میری رائے ناقص میں جب آپ نے عہدۂ آنریری سکرٹری کو قبول کیا تو جو کام آپ کو کرنا پڑا وہ دشوار اور محنت طلب تھا خصوصاً جو محنت کہ آپ نے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس اور سر سید احمد میموریل فنڈ کے لئے سفر کرنے میں اپنے اوپر گوارا کی اور جو پُرجوش کوششیں اِن کاموں میں ظاہر کیں اس کی قدر کرنا تمام ٹرسٹیوں اور سب سے زیادہ مجھ ناچیز پر واجب ہے میں اس امر سے واقف نہیں ہوں کہ باوجود ٹرسٹیوں میں باہمی اختلاف رائے ہونے کے کسی نے آپ کی منصبی کارگذاری کی نسبت کوئی الزام لگایا ہو"

اُنھوں نے ٹرسٹیوں کو بھی نامنظوری استعفے پر توجہ دلائی (نواب بہادر ڈاکٹر سر) محمد مزمل اللہ خاں صاحب نے تو یہ دھمکی دی کہ "سکرٹری شپ کالج سے اسوقت حضور کا علیحدہ ہونا کالج کی موت اور قومی مصیبت ہے اور اس کا مواخذہ حضور کے اوپر خدائے ذوالجلال کے حضور میں ضرور ہوگا۔ نیز میں یہ بھی ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر اس وقت از خود حضور نے کالج کی سکریٹری شپ کو چھوڑ دیا اور ہمارے اصرار و الحاح پر

توجہ نہ فرمائی تو میں بھی جائنٹ سکریٹری کے عہدہ سے استعفا دیدوں گا۔ بلکہ ہر ایک تعلق سکریٹریٹ آفس سے علیحدہ ہو جاؤں گا"

اسی طرح سرسید کے جو رفقا زندہ تھے اُنہوں نے خانگی اور ضابطہ کے خطوط میں سخت اصرار کیا اور ہر قسم کا ذاتی اثر ڈالا۔ اس نوبت پر نواب صاحب مجبور ہو گئے اور بقیہ میعاد تک کے لئے استعفا واپس لے لیا۔ لیکن آیندہ انتخاب کے لئے معذرت کی۔

دوبارہ انتخاب اور ایک اصولی سوال کا تصفیہ

جب دوبارہ انتخاب کا وقت آیا تو عام و خاص نظریں ان ہی پر تھیں اور ۱۳ جنوری ۱۹۰۲ء کو جو اجلاس ہوا تو اس میں نواب وقار الملک نے عام خواہش کی اس طرح ترجمانی کی کہ "حقیقت یہ ہے کہ قوم اس وقت ایک سرے سے لیکر دوسری سرے تک نواب محسن الملک ہی کے بہ لحاظ ان کی نہایت بیش بہا خدمات کے اس عہدہ پر رہنے کے واسطے آرزومند ہے اور ہم لوگ جو اس قومی کالج کے ٹرسٹی ہیں ہماری حالت بمنزلہ قوم کے وکلا کے ہے اور ہمارا یہ فرض ہے کہ اس وقت ہم اُس ہر دلعزیزی کے لحاظ سے جو نواب صاحب ممدوح کو قوم میں حاصل ہے ان ہی کو دوبارہ منتخب کرنے کے لئے ووٹ دیں۔ اس وقت ہمارا یہ طرز عمل جو درحقیقت ایک اعتراف نواب صاحب ممدوح کی نہایت قیمتی خدمات کا ہے آیندہ ان لوگوں کی ہمت افزائی کا بھی ایک موجب ہوگا جو قومی خدمات پر اپنے آرام و آسائش کو قربان کریں اور خود قوم کے لئے یہ افتخار و عزت کی بات ہے کہ وہ اپنے محسن کے احسانات کی قدرشناسی عملی طور سے کرے۔ غرض کہ ہر ایک حیثیت سے میرے نزدیک نواب محسن الملک کو دوبارہ اس عہدہ کے لئے منتخب کرنا ہمارے قومی فرائض میں سے ہے۔"

چنانچہ نواب صاحب بلا اختلاف سکریٹری منتخب ہوئے۔ لیکن اُنہوں نے جبتک کہ یہ اصولی مسئلہ کہ آنریری سکریٹری پولیٹیکل مسائل میں حصہ لے سکتا ہے طے نہ ہو جائے

اپنا انتخاب منظور نہیں کیا۔ جلسہ کے بعد اس تمام کیفیت سے ہز آنر کو اطلاع دی گئی۔ اب صوبہ کی عنان حکومت سر جیمس لاٹوش کے ہاتھوں میں تھی جن کی ہمدردی اور شرافتِ نفس پر ہر شخص کو اعتماد تھا۔ ان کو کالج کے خالص خیر خواہوں اور بہی خواہوں کے بے شمار خطوط[۱] موصول ہوئے جن میں صرف یہی خواہش وامید تھی کہ نواب محسن الملک مستعفی نہ ہوں اور دوسری مدت کے لئے بھی سکریٹری کا عہدہ قبول کریں۔"

ہز آنر سر جیمس خود کالج میں تشریف لائے ٹرسٹیوں سے پرائیویٹ گفتگو کی، اُس ملاقات میں نواب محسن الملک نے ان اسباب و وجوہ کو جو اس عہدہ کو قبول کرنے میں مانع تھے نہایت وضاحت سے بیان کیا اور آخر میں کہا کہ علاوہ کالج کے اور بھی قومی کام ہیں اور اکثر قومی حقوق کی حفاظت میں حصہ لینے اور پولیٹکل مسائل جو مسلمانوں سے متعلق ہیں ان میں شریک ہونے کی ضرورت ہوتی ہے اگر کالج کا سکریٹری صرف سکریٹری ہونے کی وجہ سے اس میں بطور خود بھی حصہ نہیں لے سکتا اور شریک نہیں ہو سکتا تو وہ سکریٹری ہونا منظور نہیں کر سکتے لیکن اگر اس کو آزادی ہے اور اپنی رائے اور منشا کے موافق وہ اُس میں حصہ لے سکتا ہے اور ایسی مجالس میں شریک ہو سکتا ہے تو وہ سکریٹری کے عہدہ کو خوشی سے قبول کرنے پر آمادہ ہیں۔

ہز آنر نے اس تقریر کے جواب میں فرمایا کہ "گورنمنٹ کو اُن پر اعتماد ہے اور وہ کسی کی آزادی کو نہیں روکتی"

جب یہ اصولی سوال طے ہو گیا تو اُنہوں نے سکریٹری شپ منظور کر لی اور ہز آنر نے اسٹریچی ہال میں آ کر ایڈریس لیا اور جواب میں کالج کی ترقی پر مبارکباد دی۔ نواب محسن الملک کے انتخاب ثانی پر اظہار مسرت کر کے فوائد کالج کے لئے اُس کو بہتر سے

---

[۱] ملاحظہ ہو تقریر مارچ ۱۹۰۲ء

بہتر انتخاب قرار دیا۔

اگرچہ اس پیچیدگی و مشکل کے سلجھانے اور رفع کرنے میں زیادہ وقت صرف ہوا لیکن ان کی سرگرمیوں میں کوئی رکاوٹ نہ تھی اور وہ برابر اور مسلسل انہاک کے ساتھ کام کرتے رہے۔

عربی اسکیم اور جدید پیچیدگی سر انٹونی میکڈانل کی پیدا کی ہوئی پیچیدگی دور ہوتے ہی ایک نیا پیچیدہ سوال سامنے آیا۔ ۱۹۰۲ء میں لارڈ کرزن نے جو تعلیمی کمیشن قائم کیا تھا اس سے عام طور پر یہ خیال تھا کہ گورنمنٹ جدید تعلیم کی ترقی کو خطرناک سمجھکر روکنا چاہتی ہے۔ اسی کمیشن کے سلسلہ میں مسٹر ماریسن امپیریل کونسل میں عارضی ممبر بھی نامزد ہوئے تھے جو ایم، اے، او کالج کے لئے بڑی عزت تصور کی گئی تھی۔ کالج کے پروفیسر مسٹر گارڈنر براؤن نے عربی تعلیم کی ایک اسکیم کانفرنس منعقدہ بمبئی کے اجلاس میں پیش کی کہ ایک لائق اسٹاف رکھا جائے تاکہ ایم اے کے طلبار کو جو عربی میں ڈگری لیں اور بی اے میں جو زبانِ ثانوی کے طور پر لیں تعلیم دے۔ اسٹاف میں ایک انگریز پروفیسر ہو جو عربی کا عالم ہو اور یورپ میں عربی تعلیم اور تحقیقات علمی کے متعلق جو کچھ ہو رہا ہے اس سے باخبر ہو اور یہ تعلیم موجودہ سائنٹیفک طریقہ سے دے، نیز ایک مصری عالم بھی مقرر کیا جائے۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے بھی امپیریل بجٹ سے لوکل گورنمنٹوں کو تعلیمی امداد کے لئے ایک عطیہ دیا اور اس عطیہ سے صوبہ متحدہ کی گورنمنٹ نے ایم، اسی کالج الہ آباد میں سائنس کی تعلیم کے لئے ہندو کالج میں سنسکرت کی اور ایم، اے، او، کالج میں عربی تعلیم کے لئے امداد دینی تجویز کی۔

اس سلسلہ میں یہ تجویز سامنے آئی کہ علی گڑھ میں علوم عربیہ کی تکمیل اور تحقیقات کی غرض سے ایک دارالعلوم کھولا جائے۔ ہندوستانی اور مصری پروفیسر مامور کئے جائیں فیلو شپ مقرر ہوں۔ نایاب اور غیر مطبوعہ کتابیں فراہم کی جائیں اور اُن کو شائع کیا جائے اور سائنٹیفک طریقہ پر باقاعدہ تعلیم ہو اور اس کا مقصد علم کا علم کے لئے حاصل کرنا ہو

اوّل الذکر کے اخراجات پندرہ سو روپیہ ماہانہ اور ثانی الذکر کے اخراجات تین ہزار ماہانہ تھے علاوہ بریں معقول تعداد کے وظائف کا بھی انتظام تھا۔

نواب صاحب نفسِ تعلیم کے مخالف نہ تھے لیکن ان کے نزدیک کالج میں یہ تحریک اور سکیم مصلحت وقت اور اقتضائے حالات کے خلاف تھی وہ خیال کرتے تھے کہ :-

"اِس وقت مسلمانوں کی جو توجہ انگریزی تعلیم اور اس کے سامان کی تکمیل کی طرف ہو چلی ہے وہ پھر جائے گی یا منقسم ہو جائے گی اور ایسی حالت میں جب کہ اِس وقت کالج کے پاس اتنا سرمایہ بھی نہیں ہے کہ اُس کی آمدنی سے ایک صیغہ کا خرچ بھی چل سکے، قانونی تعلیم کے لئے کوئی پروفیسر نہیں ہے عمارتیں غیر مکمل ہیں اور ضروری عمارتوں کے نقشے تک مرتب نہیں ہو سکے ہیں طلباء کو دماغی تعلیم میں ترقی کرنے کے لئے کوئی اچھا کتب خانہ تک نہیں تو کیوں کر ممکن ہے کہ عربی تعلیم کے لئے ایسا سرمایہ جمع کرنے کی کوشش بارور ہو سکے جو اب تک انگریزی تعلیم کے لئے بھی نہ ہو سکی"

اِس لئے انہوں نے سخت اختلاف کیا اور مسلمان ماہرین تعلیم کی رائیں حاصل کر کے ان کو بھی شائع کیا اِس سلسلہ میں جو مضامین[1] انہوں نے لکھے تھے وہ نہایت پُرزور مدلل اور اہم تھے البتہ وہ اِس بات پر آمادہ تھے کہ اگر کسی قسم کی قید و شرط نہ لگائی جائے اور ایم اے کی تعلیم صرف عربی پر محدود نہ کی جائے بلکہ دوسرے مضامین کے لئے بھی اِس کا دروازہ کھلا رہے اور عربی ایک اختیاری مضمون ہو تو جدید اصول تعلیم رائج کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ چنانچہ اس غرض کے لئے انہوں نے ایک ہندوستانی اور ایک مصری عالم کے تقرر کی تجویز بھی منظور کی تھی۔

یہ مسئلہ انتہائی پیچیدہ تھا گورنمنٹ کے رجحان کے باعث ٹرسٹی آزادی کیا تھ

---

[1] یہ تمام مضامین اخباری اور کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔

رائے ظاہر کرنے سے مجبور تھے۔ ہز ہائینس آغا خاں بھی سرکاری اسکیم کے اتنے مؤید تھے کہ اس کی نامنظوری کی صورت میں ان کی امداد بند ہونے کا احتمال تھا لیکن نواب محسن الملک اس پر کسی طرح آمادہ اور راضی نہ ہوئے وہ اس تجویز کو انگریزی تعلیم اور کالج کی ترقی کے لئے سخت خطرہ[۱] سمجھتے تھے اور اس میں شک نہیں کہ اس اسکیم پر عمل کرنے سے اس وقت مسلمانوں کو نقصان عظیم پہونچ جاتا۔

مگر بالآخر ہز آنر سر جیمس لاٹوش نے اس تردد کو رفع کیا وہ کالج میں تشریف لائے ٹرسیٹوں سے پرائیویٹ ملاقات کرکے غلط فہمیوں کو دور کیا اور تبادلہ خیالات کے بعد یہ طے ہوا کہ گریجویٹوں کی تعلیم کے لئے عربی کی اعلیٰ تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ گورنمنٹ ایک یوروپین پروفیسر کے اخراجات ادا کرے اور مسلمان ایسے طلبار کے لئے مخصوص وظائف کا انتظام کریں۔

اس قرارداد کے مطابق کالج میں ایک یوروپین مستشرق اور ایک مصری عالم کا تقرر ہوا امرا اور اصحاب خیر نے وظائف کی معقول تعداد مقرر کی اور سرمایہ دیا۔

اس تجویز کے سر آغا خاں بھی بڑے مؤید تھے اور ان کو اس درجہ اصرار تھا کہ نامنظوری کی صورت میں اپنی امداد بند کر دینے کا بھی اشارہ کر دیا تھا لیکن نواب محسن الملک نے بھی زبردست اختلاف کیا اور آخر کار کامیاب ہوئے۔ انھوں نے ہز ہائینس کی تشریف آوری فروری ۱۹۰۰ء کے موقع پر ہز ہائینس کے سامنے بھی اسٹریچی ہال میں کہا تھا کہ:۔

"بے شک ہم لوگوں نے ابتدا میں تعلیم عربی کی اسکیم کی مخالفت کی تھی یہاں تک کہ خود جناب ممدوح کو ناراض کر دیا تھا۔ مگر اس کا اصل سبب کالج کی خیر خواہی کا خیال تھا اور ہمارا فرض تھا کہ جب کوئی ایسا معاملہ آن پڑے جس پر ہماری قوم

---

[۱] بنارس میں بھی یہی تردد تھا کہ حکومت تعلیم انگریزی کی جگہ سنسکرت کی تعلیم جاری کرنا چاہتی ہے چنانچہ ہز آنر لفٹنٹ گورنر نے ۱۹۰۰ء میں وہاں ابھی ایک تقریر میں اس تردد کو دور کیا اور سمجھایا کہ یہ تبدیلی نہیں بلکہ اضافہ ہے۔

کے بچوں کی قسمت کا فیصلہ ہو تو ہم کسی بات کی جو ہماری دانست میں مضر ہو حتی المقدور سخت مخالفت کریں اور ضرر اور نقصان کے اندیشہ سے اپنے کالج اور اپنی قوم کو محفوظ رکھیں خواہ اس مخالفت میں وہ لوگ بھی ناراض ہو جائیں جو ہم کو مدد دیتے ہیں اور اپنا عطیہ بھی بند کر دیں مگر جب ہمیں یقین ہو گیا کہ تعلیم عربی کی تجویز ترمیم ہو کر ایسی ہو گئی ہے کہ جس سے ہماری قوم کے بچوں کو کوئی نقصان نہیں پہونچ سکتا اور جو علمی ترقی کی موید ہے نہ کہ ہماری دنیوی اور تعلیم ترقی کے مانع ۔ تو ہم نے نہایت شوق اور جوش کے ساتھ اس اسکیم کی تائید کی، اس کو منظور کیا اور اس کو اختیار کیا اور اس کے لئے روپیہ جمع کرنا شروع کر دیا ہم مسلمان ہیں اور مسلمانوں کے خیر خواہ ہم سے زیادہ کون علوم عربی کی قدر کرنیوالا اور علوم عربی سے محبت کرنے والا ہو سکتا ہے ؟"

تعلیم سائنس کی تجویز عربی اسکیم کے سلسلہ میں ہمدردانِ قوم کا خیال سائنس کی تعلیم پر منعطف ہو گیا نواب محسن الملک نے موقع سے فائدہ اٹھا کر اس کی ضرورت اور اس کے انتظام پر توجہ دلائی اور باقاعدہ سلسلہ کوشش شروع کر دیا۔ ہز ہائینس سر آغا خاں نے بھی دلی تائید کی ۔ اور جب کالج میں ہز رائل ہائینس پرنس آف ویلز کی تشریف آوری طے ہو گئی تو جناب موصوف نے جنوری ۱۹۰۵ء میں اس شاہی خیر مقدم کی مستقل یادگار کے طور پر پرنس آف ویلز سائنس اسکول قائم کئے جانے کی تحریک کی اور پینتیس ہزار روپیہ کا چک بھی بھیجدیا۔

کانفرنس بطور محور عمل ان ہی حالات میں جن کا ایک سرسری خاکہ اوراقِ ماسبق میں ہے نواب محسن الملک نے کالج کی ترقی اور قوم میں تعلیمی تبلیغ کے لئے اپنی کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ انہوں نے ابتدا سے کانفرنس کو اپنا محور عمل قرار دیا اور اس کو حقیقی تعریف میں آل انڈیا انسٹی ٹیوشن بنا کر

به موقع اجلاس کانفرنس منعقدہ بمبئی

تمام قوم کو اس نے پلیٹ فارم پر جمع کر لیا۔ تقسیم عمل کے اصول پر ۱۹۰۱ء میں اصلاح تمدن اور مدارس کے اور ۱۹۰۳ء میں ترقی اُردو کے شعبے قائم کئے اور ہر شعبہ ایک سکریٹری کے متعلق رکھا۔ ۱۸۸۶ء تا ۱۸۹۷ء اس کے گیارہ اجلاس صرف صوبہ متحدہ اور پنجاب میں منعقد ہوئے تھے لیکن ۱۸۹۸ء سے ۱۹۰۶ء تک نو اجلاس رام پور، علی گڑھ، لاہور، دہلی، لکھنؤ، کلکتہ، ڈھاکہ، مدراس اور بمبئی میں منعقد ہوئے، گورنروں اور اعلیٰ حکام نے بھی اپنی شرکت سے اجلاسوں کو رونق بخشی۔ دہلی کا اجلاس (۱۹۰۲ء) اپنی عظمت و شان کے لحاظ سے اور لکھنؤ (۱۹۰۶ء) کا مالی کامیابیوں کے لحاظ سے یادگار رہے ہر اجلاس میں ممبروں اور وزیٹروں کی حاضر تعداد ہزاروں سے متجاوز ہوتی تھی اور وہ ایک خاص اثر لے کر جاتے تھے۔ وظائف اور کالج کے لئے ہزاروں، لاکھوں روپیہ وصول ہوتا تھا اور تمام مسائل تعلیم پر نہایت قیمتی آرا حاصل ہو جاتی تھیں۔

ڈائرکٹر جنرل ایجوکیشن کی رائے | اِن اجلاسوں کے اثرات کو ڈائرکٹر جنرل تعلیمات ہند نے اپنی پنج سالہ رپورٹ ۱۹۰۷ء میں یوں بیان کیا ہے کہ:-

"اس زمانہ میں مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے جو اسباب تھے ان میں ایک بلند مقام اس جدوجہد کو دینا چاہئے جو مرحوم نواب محسن الملک ایسے پرجوش لیڈروں اور ان کے قائم کردہ محمدن ایجوکیشنل کانفرنس کے سالانہ جلسوں کے ذریعہ جاری رہی یہ تمام کوششیں بے اثر نہیں رہیں، ہندوستان کے دور دراز اور بعید مقامات کے مسلمان اپنے ہم مذہب بھائیوں کی تعلیم کے متعلق اپنا فرض بہتر سمجھنے کے لئے بیدار ہو گئے اور تعصب کے دور کرنے اور تعلیم و ترقی کی خواہش مستقل کرنے سے بیش بہا کام پورا ہو رہا ہے۔

انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا اجرا | نواب محسن الملک اخبار کی قوت سے واقف تھے۔

اِس لئے آغاز کار ہی میں انہوں نے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کو جو عرصہ سے بند تھا پھر جاری کیا۔ اس کو حالاتِ کالج کی اشاعت کا ذریعہ تبلیغ تعلیم کا وسیلہ اور قومی پالیسی کا منا د بنایا۔

قومی اخبارات سے امداد

ساتھ ہی تمام قومی اخبارات کو متوجہ کیا اور ان کے ذریعہ سے پبلک نے کالج کانفرنس اور قومی تعلیم و مقاصد کے مباحث میں دلچسپی لینی شروع کی اور اس طرح قوم میں عام رجحان پیدا کر دیا۔

علما کا اشتراک عمل

جب سے کالج قائم ہوا علما و مشائخ نے محض مذہبی نقطہ خیال سے اس کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا مگر نواب محسن الملک نے ان کے تعصب و نفرت کے دور کرنے پر بھی توجہ کی وہ علما جو کالج کی طرف رخ کرنا بھی گناہ سمجھتے تھے اکثر کانفرنس کے اجلاسوں اور کالج میں تشریف لاکر اپنے مواعظ سے مستفید کرنے لگے۔

مولانا عبدالباری کا اعتراف

مولانا عبدالباری صاحب مرحوم فرنگی محلی نے ایک خط موسومہ مؤلف میں لکھا تھا کہ یہ امر ظاہر ہے کہ سرسید کے ساتھ ہم لوگ نہ تو معاندانہ پیش آئے نہ مویدانہ پیش آئے۔ ان کی مذہبی فروگزاشت سے زیادہ ہمارے اکابر کو ان کی سیاست سے بیگانگی تھی، ان کے استقلال طبع کے باعث جو خود رائی تھی اس کا تدارک ناممکن تھا اس وجہ سے اکثر مواقع پر تنفر ہو جاتا تھا اس کے اندفاع میں نواب سید مہدی علی خاں ایسے صلح جو اور متاثر مزاج شخص کی ضرورت تھی اور خدا کی حکمت نے ان کو انتخاب کیا تھا۔

سفر اور دورے

نواب محسن الملک نے اس ضعف و ناتوانی میں جو عمر و صحت کی وجہ سے تھی موسموں کی سختی برداشت کرکے ہر سال متعدد سفر اور دورے کئے کلکتہ، ڈھاکہ، مدراس، پونا، جوناگڑھ، بھوپال وغیرہ تک گئے ہر طبقہ اور ہر درجہ کے آدمیوں سے ملے۔ والیان ملک اور ان کے وزیروں اور عہدہ داروں سے ملاقاتیں

کیں۔ صوبوں کے اعلیٰ حکام سے ربط وضبط کیا اور ان کو ہمدرد بنا لیا۔

رنگون کے سفر کی حالت

۱۹۰۸ء میں جب رنگون گئے ہیں تو اُن کی عمر ارسٹھ سال کی تھی، کچھ مدّت پہلے بیماری کا جھٹکا اُٹھا چکے تھے اور پوری صحت بھی نہ ہوئی تھی مصروفیتیں بھی کچھ کم نہ تھیں۔ مگر اسی حالت میں سفر کیا اور تقریباً مہینہ بھر مقیم رہے۔

غرض ان سفروں اور دوروں میں اپنی اعجاز بیانی اور اخلاق سے بڑے بڑے امرا، تجار اور روائیانِ ملک اور طبقاتِ عوام وخواص پر اثر ڈالا قومی تعلیم اور قومی یونیورسٹی کا خیال دلوں میں جاگزین کیا اور قومی تحریکات کا دلدادہ بنایا۔

انجمن الفرض کے وفود

انجمن الفرض ابھی تک محدود پیمانہ پر تھی نواب صاحب نے اس کو وسیع کیا قابل نوجوانوں کے وفود مرتب کرائے ان کے سامنے تقریریں کرکے جذبات پیدا کئے اور عرض وطول ہند میں روانہ کئے تاکہ غریب طلبا کے لئے وظائف کے چندے جمع کریں مسلمانوں کو کالج اور مقاصد قومی پر توجہ دلائیں۔

کالج ڈپوٹیشن کی روانگی ایران

۱۹۰۳ء میں مولوی سید حسن عسکری نے جو کالج میں کچھ مدّت ملازم رہ چکے تھے شیراز سے مسٹر ماریسن کو ایک خط لکھا جس میں ان کو زمانہ تعطیل وہاں گزارنے کی دعوت دی اور یہ بھی لکھا کہ:-

> "بعض ایرانی اپنے بچّوں کو تعلیم جدید دینا چاہتے ہیں لیکن یہاں انتظام نہیں ہے اگر کالج کا کوئی ڈپوٹیشن آئے تو غالباً کچھ طلبا علی گڑھ جانے کے لئے آمادہ ہو جائیںگے"

مسٹر ماریسن نے نواب محسن الملک سے تذکرہ کیا، انھوں نے مقامی ٹرسٹیوں سے رائے لی تو یہ طے پایا کہ چوں کہ حفاظت جان کی کوئی ضمانت نہیں ہو سکتی اس لئے

ڈپوٹیشن کا بھیجنا مناسب نہیں۔

مارین صاحب شملہ جا چکے تھے ان کو اطلاع دی گئی۔ لیکن انہوں نے حکومت سے حفاظتی انتظامات کے متعلق تمام امور طے کر کے اپنی رائے پر اصرار کیا اور بالآخر ٹرسٹیوں نے بھی منظوری دے دی۔

ممبران اسٹاف سے خاں صاحب میر ولایت حسین بی اے اور سید جلال الدین ایم اے۔ طلبا میں سے سید ابو محمد صاحب ایم اے اور جمیل احمد صاحب منتخب کئے گئے کالج کے متعلق بعض معلومات وحالات کا فارسی میں ترجمہ ہوا اور یہ ڈپوٹیشن بوشہر ٹھہرتا ہوا شیراز گیا۔ دونوں جگہ عمائدین و ارکان حکومت سے ملاقاتیں کیں۔ کالج کے حالات بیان کئے اور حکومت کی اجازت سے ان مطبوعہ کیفیتوں کو مشتہر کیا۔

وہاں جاکر معلوم ہوا کہ بلا شبہ ایرانیوں میں تعلیم جدید کا شوق پیدا ہو گیا ہے اور متعدد ایرانی نوجوان ممالک یورپ میں تعلیم کے لئے جا چکے ہیں۔

اگرچہ مولوی سید حسن عسکری کا خط اور ڈپوٹیشن کی روانگی خالص تعلیمی نقطۂ نظر سے کچھ بھی قابل اعتراض نہ تھی بلکہ ہندوستانی اور ایرانی مسلمانوں کے تعلقات و روابط اور کالج کی شہرت اور عالمگیر اثر قائم کرنے کے لئے ایک بہترین موقع تھا لیکن چونکہ اس زمانہ میں شمالی ایران میں روس کا اور جنوبی ایران میں انگریزوں کا اثر و رسوخ بڑھ رہا تھا اور دونوں سلطنتوں کی کوشش تھی کہ ایک دوسرے پر سبقت لے جائے اس لئے عام خیال یہی تھا کہ ڈپوٹیشن کی روانگی پر مارین صاحب نے سیاسی اغراض کو پیش نظر رکھ کر زور دیا تھا بہرحال ایرانیوں میں تعلیم جدید کی خواہش تھی۔ ہندوستان کے مصارف بھی کم تھے ڈپوٹیشن کو کامیابی ہوئی اور بارہ طلبا آکر کالج میں داخل ہوئے۔

کالج میں فوجی ٹریننگ کا خیال

نواب محسن الملک باعتبار ملازمت خالص سولین تھے اہلکاری سے حیدرآباد کی افسرانہ منازل

ملک قلم ہی ان کے ہاتھ میں رہا لیکن ان کی تقریروں اور بعض تحریروں میں سپاہیانہ جوش اور عسکری ولولہ ہمیشہ پایا گیا۔ روسی پیشقدمی پر ۱۸۸۵ء میں جو مضمون لکھا تھا اس میں اس جوش اور ولولہ کی پوری جھلک موجود ہے اور یہ چیز ان کی نسلی وراثت تھی سادات بارہ کی تاریخ اسی جوش و جذبہ سے معمور ہے کالج میں رائڈنگ اسکول کا قیام بھی اسی کا اثر تھا مگر وہ اس سے آگے بڑھ کر طلبا ئے کالج کا ایک کیڈٹ کور بنانا چاہتے تھے۔

۱۹۰۰ء میں سر الفریڈ گیسلی کمانڈر افواج احاطہ بنگال کی کالج وزٹ کے موقع پر جو ایڈرس پیش کیا گیا تھا تو اس میں اس ارادہ کو یوں ظاہر کیا تھا کہ "کالج کو امید ہے کہ آیندہ گورنمنٹ سے اجازت مل جائے گی کہ طلبائے کالج کا ایک کیڈٹ کور قائم کیا جائے جو فوجی اعتبار سے ایک خفیف چیز ہوگا لیکن یقین ہے کہ کسی اندرونی بدانتظامی کے وقت ہمیشہ گورنمنٹ کے کام آئیگا۔ کالج کے انتظام اور گورنمنٹ کے اطمینان کے لئے ہماری چھوٹی سی فوج کے افسر کالج اسٹاف کے انگریز ہوں گے"۔

پھر اپنی تقریر میں اس خیال پر زور دیا کہ "مسلمانوں میں ہمیشہ وہ دو خوبیاں رہی ہیں جن کا بہت کم کسی قوم میں اجتماع ہوا ہے یعنی ہماری قوم صاحب سیف و قلم رہی ہے اور اب ہمیں گوارا نہیں کہ وہ خوبیاں ہاتھ سے جاتی رہیں۔ ہم سیف و قلم دونوں کو اپنے ہاتھ میں رکھیں گے مگر قلم ہمارا ہماری قوم کی خدمت میں استعمال ہوگا اور تلوار ہماری گورنمنٹ کے کام آئے گی گورنمنٹ کے حکم سے اور گورنمنٹ کے لئے میان سے باہر نکلیگی اور گورنمنٹ کے حکم سے پھر میان میں چھپ جائے گی"۔

پھر نومبر ۱۹۰۶ء میں لارڈ کچنر سپہ سالار افواج ہند کی وزٹ کے موقع پر بھی ایڈرس میں اسی خیال کو بیان کیا تھا۔ اول موقع پر اخبارات نے بھی اس مسئلہ پر خوب بحث کی تھی اور انگریزی اخبارات نے کسی قدر تردد کے ساتھ اس خیال کو قابل تسلیم قرار دیا تھا لیکن نواب محسن الملک کی موت نے اس خیال و ارادہ کو پورا نہ ہونے دیا۔

اب کہ جنگ عظیم کے بعد یونیورسٹیوں میں فوجی ٹریننگ کی طرف توجہ ہوئی اور ہر یونیورسٹی میں اس کا انتظام کیا گیا ہمارے نزدیک تو اسی خیال وارادہ کا نتیجہ ہے جو ۱۹۰۹ء میں اسٹریچی ہال میں ظاہر ہوا تھا۔

کالج کی وقعت و عظمت

ایم، اے، او، کالج میں سر ولیم میور اور لارڈ لٹن کے زمانہ سے سلطنت ہند کے اعلیٰ حکام اور والیان ملک کی تشریف آوری بطور ایک رسم و روایت کے رہی۔ لیکن نواب محسن الملک کی موقع شناسی اور افکار و مساعی سے اُس رسم و روایت میں وہ اضافہ ہوا جو ہمیشہ اس ادارہ کی تاریخ کا سرمایہ نازش و افتخار رہے گا۔

عاقبت مقبولی کالج بدیں غایت رسید
تربیت گاہ غریباں شد گذر گاہ شہاں

(۱)

ہز رائل ہائینس پرنس و پرنسز آف ویلز کا ورود مسعود

ہز رائل ہائینس جب ہندوستان رونق افروز ہوئے تو شاہی پروگرام میں علیگڑھ نہ تھا اور گورنمنٹ نے ٹرسٹیان کالج کی درخواست نامنظور کر دی تھی۔ مگر نواب محسن الملک نے کرنل ڈنلاپ اسمتھ، لارڈ منٹو کی تائید و مہربانی اور ہز ہائینس سر آغا خاں کے ذاتی اثر سے فائدہ اُٹھایا۔ اور ۷ راکتوبر ۱۹۰۵ء کو حکومت نے منظوری کی اطلاع دی۔ ۸ مارچ ۱۹۰۶ء کو ہز رائل ہائینسز ایم، اے، او، کالج میں پرائیویٹ طریقہ سے بطور مہمان جلوہ افروز ہوئے۔

خیر مقدم | کالج کی زیبائش و آرائش کا اہتمام اور خیر مقدم کا انتظام مہمانِ محتشم

وعزیز کی عظمت و مرتبت کے لحاظ سے تھا۔ اکثر ٹرسٹی اولڈ بوائے اور دیگر معزز اصحاب تاریخ معینہ سے کئی دن پہلے آ گئے تھے ہز ہائینس آغا خاں وزیٹر کالج اور ہز آنر سر جمیس لاٹوش پیٹرن کالج بھی تشریف فرما تھے۔

ایک بجے شاہی اسپیشل اسٹیشن پر پہنچا جہاں کلکٹر علی گڑھ و کمشنر میرٹھ نے استقبال کیا دس منٹ میں شاہی سواری کالج کے احاطہ میں داخل ہوگئی۔ وکٹوریہ گیٹ پر تمام عہدہ داران کالج نے خیر مقدم کیا ہز آنر نے نواب ممتاز الدولہ سر فیاض علی خاں پریسیڈنٹ اور نواب محسن الملک آنریری سکریٹری کو حضور شاہی میں پیش کیا جن سے ہز رائل ہائینس نے ہاتھ ملایا اور پھر ان دونوں نے کالج کے ٹرسٹیوں کو اور کمشنر نے ممبرانِ اسٹاف کو باریاب کرایا اور سب کو شاہی مصافحہ کا شرف عطا ہوا۔

اِس کے بعد ہز رائل ہائینس مسقف راستہ اور طلبائے کالج و اسکول کی دو رویہ صفوں سے نعرہ ہائے مسرت میں اسٹریچی ہال کے قریب پہونچے جہاں قدیم طلبہ آداب شاہی بجالانے کے لئے صف بستہ حاضر تھے۔

لنچ

یہاں سے لٹن لائبریری میں رونق افروز ہو کر لنچ تناول فرمایا۔ اس قومی دعوت میں بہتر ٹرسٹیز اسٹاف اور دیگر مہمان بھی شریک تھے۔

سائینس اسکول کا قیام اور ہز رائل ہائینس کی منظوری و مسرت

لنچ سے فارغ ہونے کے بعد ہز ہائینس آغا خاں نے سائنس اسکول کی بابت تذکرہ کیا جو حضور ممدوح کی یادگار میں قائم ہونا قرار پایا تھا اور بمبئی کے مشہور فیاض تاجر آدم جی پیر بھائی کا تار ملاحظہ میں پیش کیا جو اسی وقت نواب محسن الملک کے نام موصول ہوا تھا اور جس میں اس سائینس اسکول کے لئے ایک لاکھ دس ہزار کے عطیہ کی اطلاع تھی، ہز رائل نے تار ملاحظہ فرما کر اسکول کے قائم ہونے پر اظہار مسرت فرمایا۔

کالج کا معائنہ کچھ دیر بعد دیر رائل ہائینسز نے کالج کا بالتفصیل معائنہ شروع کیا، ہز آنر سر جیمس لاٹوش ہز ہائینس آغا خاں، نواب محسن الملک (نواب بہادر ڈاکٹر سر) محمد مزمل اللہ خاں جائنٹ سکریٹری مسٹر آرچ بولڈ پرنسپل معیت میں تھے اسٹریچی ہال اور کالج کلاسیز کا معائنہ فرما کر پختہ بارک[1] کے چھ کمروں کو اندر سے ملاحظہ فرمایا اور بورڈروں سے یہ الطاف خسروانہ باتیں کیں۔

پختہ بارگ کے دروازہ سے گاڑی میں سوار ہو کر انگلش وارڈ تشریف لے گئے جو سر سید کی کوٹھی میں تھا گاڑی سے اتر کر اس کتبہ[2] کو ملاحظہ کیا جو اس کے پورٹگو میں لارڈ کرزن کے عطیہ سے نصب ہے یہاں سید راس مسعود (نواب سر ڈاکٹر) حضور شاہی میں پیش کئے گئے دیر رائل ہائینسز نے ان سے مصافحہ کیا اور ان کی تعلیم کے متعلق حالات دریافت کرکے اظہار مسرت کیا۔ کلاسوں میں بھی تعلیم کے متعلق کچھ سوالات فرمائے۔

مسجد کا ملاحظہ اور خدائے ذوالجلال کے نام کا احترام اس کے بعد ممتاز لاٹوش بورڈنگ ہاؤس کی سڑک سے کالج کے مغربی دروازہ میں داخل ہوئے گاڑی سے اتر کر مسجد کو ملاحظہ کرتے ہوئے سر سید اور سید محمود کے مزاروں پر گئے یہاں سے واپسی میں دروازہ تک تشریف لائے تھے کہ موذن نے نماز عصر کی اذان دی۔

اللہ اکبر کا پرجلال نام سنتے ہی ہز رائل ہائینس نے تعظیم کے لئے ٹوپی اتار لی اور تاختم اذان اسی طرح مؤدب کھڑے رہے۔

---

[1] نمبر ۳ و ۴ و ۶ و ۱۱ و ۱۳ و ۳۵ کا ملاحظہ کیا جن میں عباس مرزا، علی رضا، سید محمود (ڈاکٹر جنرل سکریٹری کانگرس) آفتاب عمر، تصدق احمد خاں (شروانی) محمد اکرم (خواجہ انسپکٹر جنرل پولیس) ابن احمد صاحبان بورڈر تھے۔

[2] اس کتبہ پر سر سید کی تاریخ ولادت و رحلت وغیرہ بطور یادگار تحریر ہے۔

مراجعت

پھر نظام میوزیم میں کچھ دیر استراحت فرما کر بقصد مراجعت روانہ ہوئے دورویہ صفوں سے نعرہ مسرّت بلند ہوا دروازہ پر ہار پہنائے گئے اور کالج کی تصاویر کا خوبصورت مرقع جو ہاتھی دانت کے نفیس بکس میں رکھا ہوا تھا قبول فرما کر خدا حافظ کی مخلصانہ ومودبانہ گونجتی صداؤں میں مراجعت کی۔

ہز رائل ہائینس کی تقریر میں علی گڑھ کا تذکرہ

مراجعتِ ہند کے بعد جب گلڈ ہال لندن میں ہز رائل ہائینس نے اپنی سیاحت پر تقریر فرمائی تو ایم، اے، او، کالج کو فراموش نہیں کیا اور اس کی نسبت فرمایا کہ:-

"مختلف حصصِ ہند میں متعدد کالج اور دیگر تعلیمی اداروں کا مشاہدہ کرنے کے بعد مجھے اس امر کا اندازہ کرنے میں تھوڑی بہت واقفیت ہوئی ہے کہ کس طور پر جمہور انام کو لبرل ایجوکیشن سے عام طور پر مستفید کرنے کی کوشش کی جارہی ہے مثال کے طور پر میں علی گڑھ کے مہتم بالشان کالج اور اسکول کا تذکرہ کروں گا جسکی اعانت، انتظام وانصرام مختلف اکناف ہند کے مسلمان کرتے ہیں طلبا، کے بودوماند کا جو طریقہ اکسفورڈ اور کیمبرج میں رائج ہے اسی کو مناسب حال بنا کر یہاں بھی نافذ کیا گیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ورزشی مشاغل کی طرف سے بھی غفلت نہیں برتی گئی ہے اور تمام اسکول اور کالجوں میں کرکٹ اور فٹ بال میں ترقی کرنے کا جذبہ کار فرما ہے۔

اِس میں کوئی شک نہیں کہ اِس قسم کے ادارے آیندہ نسل کی سیرت کی تشکیل وتعمیر میں بڑی حد تک مُعین ہوں گے"

---

(۲)

ہز مجسٹی امیر افغانستان کا نزولِ اجلال

سنہ۱۹۰۶ء میں جب کہ ہز مجسٹی امیر حبیب اللہ خاں کی سیاحت ہند متیقن ہوگئی تو نواب محسن الملک نے علی گڑھ کو بھی پروگرام میں داخل کئے جانے کی کوشش کی، ہز اکسلینسی لارڈ منٹو اور کرنل سمٰعیل خاں سفیر افغانستان کی توجہ سے کامیاب ہوئے اور ۱۶ جنوری سنہ۱۹۰۷ء کی تاریخ محمدن کالج میں تشریف آوری اور اس کا معائنہ شاہی پروگرام میں معین کی گئی۔

تاریخ معینہ سے کئی دن پہلے مختلف صوبجات ہند سے ہر درجہ اور طبقہ کے مسلمان ایک خود مختار ہم قوم بادشاہ کے دیدار کی مسرت حاصل کرنے کے لئے اس قومی مرکز میں جمع ہوگئے تھے، کالج کی طرف سے مہمانوں کے قیام و آسائش کا بھی نہایت وسیع پیمانہ پر اہتمام تھا اسٹیشن سے کالج تک اور کالج کے اندر کی آرائش و زیبائش میں پورا جوش اور کامل سلیقہ جلوہ گر تھا۔

اسٹیشن پر استقبال کمشنر میرٹھ کلکٹر ضلع، نواب ممتاز الدولہ سر فیاض علی خاں پریسیڈنٹ، نواب محسن الملک (نواب بہادر ڈاکٹر سر) محمد مزمل اللہ خاں اور چند ٹرسٹی صاحبان استقبال کے لئے اسٹیشن پر حاضر تھے ٹھیک دس بجے ہز مجسٹی کا اسپیشل اسٹیشن میں داخل ہوا اعلیٰ حضرت کے شاہی سیلون سے برآمد ہونے پر حاضرین اپنے اپنے طریقہ پر آداب بجالائے۔ پھر پلیٹ فارم پر رسمی تعارف کے بعد ہز مجسٹی کالج کے رائیڈنگ اسکول اسکوٹ، آٹھویں لینسرز اور افغان سواروں کے جلو میں کالج کی جانب روانہ ہوئے سڑک کے دونوں جانب خلقت کا ہجوم تھا جس نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ خوش آمدید کہا اور ہندوؤں نے "امیر کی جے" کے نعرے لگائے، کالج کے صدر دروازہ پر نواب محسن الملک نے جو دوسرے راستہ سے

آ چکے تھے ٹرسٹیوں، یورپین اور ہندوستانی اسٹاف کے ممبروں کا نام بنام تعارف کرایا۔

نواب محسن الملک کی آزمائش یا مکالمہ

اس کا سلسلہ ابھی ختم نہ ہوا تھا کہ ہز مجسٹی کا وہ مکالمہ شروع ہوا جس نے نواب محسن الملک کو ایک شدید آزمائش میں مبتلا کر دیا اور معلوم ہوا کہ شاہِ افغانستان محض تفریح و تماشہ کے لئے علی گڑھ تشریف نہ لائے تھے بلکہ یہاں کی لامذہبی کی سُنی ہوئی روایات کی تفتیش و تحقیق مدعائے اصلی تھا۔ چنانچہ انٹروڈکشن کے دَوران میں اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔

"میں نے اِس کالج کے متعلق بہت سی باتیں سُنی ہیں، بعض اس کے موافق ہیں اور بعض مخالف، لیکن مخالف باتیں زیادہ سُنی ہیں؛ حضرت علی کا قول ہے کہ سچ اور جھوٹ میں چار انگل کا فاصلہ ہے جو آنکھ اور کان کے درمیان ہے کان سے میں نے سُن لیا اب آنکھ سے دیکھنے آیا ہوں"

نواب محسن الملک نے کالج کی چند خوبیاں بیان کرنی چاہیں تو اعلیٰ حضرت نے فرمایا:۔

"مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید، مجھ سے کالج کی بہت سی بُرائیاں کی گئی ہیں"

نواب محسن الملک۔ قِیلَ اِنَّ الْاِلٰہَ ذُو وَلَدٍ[1] قِیلَ اِنَّ الرَّسُوْلَ قَدْ کَہِنَا
مَا نَجیٰ اللّٰہُ وَالرَّسُوْلُ مَعًا مِنْ لِسَانِ الْوَرٰی فَکَیْفَ اَنَا

ہز مجسٹی۔ سچ ہے، لیکن جب تک ہر چیز کا معائنہ اور ہر شخص کا امتحان خود نہ کرلوں، کالج کے متعلق میں ایک لفظ بھی نہیں کہہ سکتا اس کے بعد جو میری رائے ہوگی اس کا اظہار

---

[1] لوگوں نے خدا پر بھی بہتان اُٹھائے ہیں کہ وہ صاحب اولاد ہے۔ حضرت رسالت پناہ کو بھی نعوذ باللہ جادوگر کہا ہے۔ جب خدا و رسول بدگویوں کی زبان سے نہ بچے تو ہم کس شمار میں ہیں۔

کروں گا مگر شاید میری رائے تمہیں پسند نہ آئے۔

نواب محسن الملک۔ شب کی تاریکی کے بعد آفتاب کی روشنی کون پسند نہ کریگا۔

ہر مجسٹی۔ الاخفاش۔

نواب محسن الملک۔ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ۔۔۔ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

استراحت

اس مکالمہ کے بعد انٹروڈکشن کا سلسلہ ازسرنو شروع ہوا پھر مسقف راستہ میں سے دونوں جانب صف بہ صف سیاہ یونیفارم پہنے ہوئے طلبہ کا آداب لیتے ہوئے اپنے کمرہ استراحت یعنی بیک منزل میں تشریف لے گئے۔

نواب محسن الملک کی طلبی اور سوالات وجوابات

تقریباً پاؤ گھنٹہ آرام فرمانے کے بعد نواب محسن الملک بہادر کی طلبی ہوئی اور کالج کے متعلق مختلف حالات دریافت فرماتے رہے تعلیم دینیات کے متعلق خصوصیت کے ساتھ بہت دقیق سوالات کئے اور نواب محسن الملک برجستہ وخاطرخواہ جوابات دیتے رہے۔

ہر مجسٹی۔ عام درسگاہوں اور انگریزی خوانوں کے لئے اس کی ضرورت ہے کہ انہیں دینیات کی اتنی تعلیم دی جائے کہ وہ اسلامی اصول اور اسلامی عقائد اور اسلامی احکام سے جو متعلق عبادت ہوں واقف ہوجائیں اور اسلام کی حقیقت اور اس کی سچائی کا انھیں یقین ہو تاکہ وہ مسلمان رہیں اور اسلامی مذہب پر ثابت قدم رہ سکیں۔

نواب محسن الملک۔ اس کا انتظام یہاں پہلے سے موجود ہے۔

ہر مجسٹی۔ میں جب تک بذات خود امتحان اور تحقیق نہ کرلوں کوئی رائے ظاہر نہیں کرسکتا میں دو حیثیت سے کالج دیکھ سکتا ہوں، ایک بطور ممتحن کے دوسرے بطور سیاح کے، پہلی حیثیت سے ضرور ہے کہ ہر بات کی تحقیق وتفتیش اور طلبہ کا امتحان کرکے میں اپنی رائے ظاہر کروں اور دوسری صورت میں معمولی اور رسمی طور پر کالج کو دیکھکر رخصت ہوجاؤں اب بتاؤ ان دو باتوں میں سے تم کسے ترجیح دیتے ہو؟ میری اچھی یا بری رائے امتحان

لینے پر منحصر ہوگی۔

نواب محسن الملک۔ تمام ٹرسٹیان کالج یہ بات پسند کریں گے کہ اعلیٰ حضرت بحیثیت شاہِ افغانستان اور مذہبی عالم ہونے کے پورا امتحان لیں اگر حضور نے کالج کو قابلِ اطمینان پایا تو جو رائے حضور ظاہر فرمائیں گے کالج کے لئے ایک بابرکت اور انمول سند ہوگی اور پھر کسی کو کالج کی تعلیم دینیات پر غلط الزام لگانے کی جرأت نہ ہوگی اگر اعلیٰحضرت نے کچھ نقائص معلوم کئے تو ان کا اظہار بھی ان نقائص کی اصلاح کے لئے مفید ہوگا۔

.... حضور شاہزادہ ولیعہد، ولیعہد بیگم نے پچھلی تشریف آوری کے موقع پر ٹرسٹیان کالج کے ساتھ لنچ تناول فرمایا تھا امید ہے کہ اعلیٰ حضرت بھی ٹرسٹیوں کو یہ افتخار عطا فرمائیں گے۔

ہز مجسٹی۔ میں جب تک جانچ پڑتال نہ کرلوں اور میری تحقیق میں کالج پسند کے قابل نہو میں تمہارے ساتھ شریک طعام نہیں ہوسکتا۔

یہ سادہ اور صاف جواب سن کر نواب صاحب انگشت بدنداں رہ گئے یہ وقت حقیقتاً بڑی سخت آزمائش کا تھا۔

معائنہ لنچ کے بعد اعلیٰ حضرت کالج کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔ پہلے پختہ بارگ کے بعض کمروں میں اندر جاکر لڑکوں کا طریق بود و باش ملاحظہ فرمایا۔ سالار منزل سے نکل کر نواب محسن الملک اور مسٹر ہنری میکموہن کو اپنی گاڑی میں بٹھایا اور انگلش ہاؤس میں پہنچ کر بچوں کے سونے، کھانے، نماز، غسل اور سبق یاد کرنے کے کمرے ملاحظہ کئے اور فرمایا "لوگ مسلمان بچوں کے اس طرح رہنے سہنے پر کیوں معترض ہیں؟ اگر مسلمان بچے اسلامی عقائد سے واقف ہیں اور ارکان اسلام کے پابند۔ تو جو چاہیں پڑھیں اور جس طرح چاہیں رہیں اس میں کچھ ہرج نہیں۔

مسٹر ریس ہاؤس ماسٹر نے وہ الماری دکھائی جس میں قرآن پاک اور سیپارے

رکھے تھے۔ اعلیٰحضرت نے فرمایا "میں کلام پاک بالائے طاق دیکھنے نہیں آیا ہوں، میں اس کا متلاشی ہوں کہ بچّے انہیں پڑھتے ہیں یا نہیں" مسٹر ریس نے چار لڑکے بغرض امتحان اعلیٰحضرت کی خدمت میں پیش کئے۔ ہز مجسٹی نے فرمایا "میں آپ کے منتخب کردہ لڑکوں کا امتحان نہیں لینا چاہتا، میں خود لڑکوں کا انتخاب کروں گا"۔

نماز ظہر یہاں سے واپس ہو کر اعلیٰحضرت نماز ظہر کے لئے مسجد[۱] میں تشریف لیگئے جہاں سیکڑوں مسلمان کھڑے تھے جو دُور دُور سے ایک بادشاہِ وقت کو اللہ جل جلالہٗ کے دربار میں سربسجود دیکھنے آئے تھے اور جن میں علماء، فضلا اور صوفیہ کرام بھی خاصی تعداد میں موجود تھے۔

امتحان دینیات نماز کے بعد نظام میوزیم میں طریق تعلیم ملاحظہ فرمانے کے بعد اعلیٰحضرت نے فرمایا کہ:-

"اب میں تعلیم دینیات دیکھنا چاہتا ہوں"

چنانچہ مولوی عباس حسین معلّم دینیات شیعہ طلبہ کی ایک جماعت لیکر حاضر ہوئے۔ اعلیحضرت نے طالب علم سے سوال کیا۔ بنائے مسلمانی چند است؟

---

[۱] ان سب کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب اعلیٰحضرت اور ان کے سردار اپنے بوٹ پہنے ہوئے نہایت بے تکلفی کے ساتھ مسجد میں تشریف لے گئے۔

نماز سے فارغ ہونے کے بعد مسجد سے واپسی میں اعلیحضرت کے ایک ہمراہی سردار نے کالجیٹ اسکول کے ایک طالب علم سے دریافت فرمایا "تم نے نماز پڑھی تھی؟"

طالب علم۔ جی ہاں، پڑھی تھی۔

سردار۔ آج امیر صاحب کو دکھانے کے لئے پڑھی تھی یا کل بھی پڑھو گے۔

طالب علم۔ آج تو میں نے اپنی خوشی سے پڑھی تھی، اگر نہ پڑھتا تو کوئی پوچھنے والا نہ تھا لیکن اگر کل نہ پڑھوں گا تو جرمانہ ہوگا اور مار بھی پڑے گی۔

طالب علم:۔ "پنج۔ توحید، عدل۔۔۔۔۔۔۔۔" لڑکا یہیں تک کہنے پایا تھا کہ اعلیٰحضرت متعجب ہوئے۔

نواب محسن الملک۔ یہ جماعت شیعہ طلبہ کی ہے۔

اعلیٰ حضرت نے سُنّی طلبہ پیش کرنے کی فرمائش کی۔ چنانچہ مولوی عبداللہ صاحب انصاری مرحوم کالج و اسکول کے پچاس سے زائد سنّی طلبہ جو اس وقت فراہم ہو سکے لیکر حاضر ہوئے۔ اعلیٰحضرت نے ان میں سے چند طلبا انتخاب کئے اور ان میں سے اپنے پاس بلاکر سوالات کئے، جنہوں نے بالعموم صحیح جواب دئے، بجز دو ایک سوالات کے جن کے متعلق خود اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ:۔ "خیلے سخت است۔"

قرأت قرآن اور ایک پُر عظمت نظارہ۔

اس کے بعد اعلیٰ حضرت نے ایک طالب علم علی الدین کو اپنے پاس بلاکر بٹھایا اور فرمایا "قرآن مجید میں سے تمہیں جو کچھ یاد ہو، سناؤ۔"

کسی کو وہم و گمان بھی نہ تھا کہ یہ جزو ضعیف، شیر افغانستان کو زار و قطار رلا کر اٹھیگا اُس نے نہایت خوش الحانی کے ساتھ مصری لہجہ میں اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے بعد سورہ عمران کا یہ رکوع شروع کیا:۔ اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّہَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ الخ دو چار ہی آیتوں کے بعد ایک پُر عظمت سماں بندھ گیا اور تمام حاضرین پر ایک وجد کی سی کیفیت طاری ہو گئی، اعلیٰ حضرت کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور بہ بہ کر رخساروں اور ڈاڑھی تک چلے آ رہے تھے۔ رکوع ختم ہونے تک دو رومال آنسوؤں سے تر ہو چکے تھے۔ اعلیٰحضرت نے فرمایا۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ، اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ، پھر کرسی سے کھڑے ہو گئے اور نہایت جوش و زور کے ساتھ کبھی اُردو میں، کبھی فارسی میں اور کبھی انگریزی میں بار بار فرماتے تھے "اس کی جو بدگوئی مجھ سے کی گئی ہے سب غلط اور جھوٹ" "They are liars"

"ہمہ دروغ است و کذب و بدگوئی"

اظہار اطمینان

اِس موقع پر نواب محسن الملک کی خوشی و مسرّت کا اندازہ لگانا آسان نہیں۔ اعلیٰ حضرت نے اِن سے مخاطب ہو کر فرمایا "ہم نے طلبہ کا امتحان لے کر اپنی تشفی کر لی، اب ہمارا جواب ہے کہ سب اچھا اور ہم بہت خوش ...."

کچھ اور فرمانے والے تھے کہ نواب محسن الملک نے عرض کیا کہ "اعلیٰ حضرت کے انتظار میں صدہا مسلمان جو مختلف اکنافِ ہند سے ذوقِ زیارت میں آئے ہیں اسٹریچی ہال میں جمع ہیں اعلیٰ حضرت وہیں قدم رنجہ فرمائیں اور اُن کے سامنے ان خیالات کا اظہار ہو تو عین نوازش ہے" چنانچہ اعلیٰ حضرت نے یہ منظور فرمایا۔

اِس وقت سر ہنری میکموہن نے کہا "No doubt, your majesty is a good mulla" (کچھ شک نہیں کہ اعلیحضرت بڑے مُلّا ہیں)

اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔ "Yes, I am three things, I am a mulla, I am a soldier, I am a king"

(درست ہے۔ بلکہ میں تین چیز ہوں، میں مُلّا ہوں، میں سپاہی ہوں، میں بادشاہ ہوں)

اسٹریچی ہال میں نطق شاہانہ

اِس کے بعد اسٹریچی ہال میں اعلیٰ حضرت کی خدمت میں نواب (سر ڈاکٹر) مزمل اللہ خاں نے نہایت بلند اور صاف آواز میں ایڈریس پڑھنا شروع کیا جسے اعلیٰ حضرت نے نہایت توجہ کے ساتھ سُنا لیکن صرف اُسی حد تک جہاں سے تعلیم دینیات کا ذکر شروع ہوا تھا۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا "میں خود دینیات کا امتحان لے چکا ہوں۔ شنیدہ کے بود مانند دیدہ" پھر کھڑے ہو کر تقریر فرمائی۔ دَوران تقریر میں حاضرین کا جوش و خروش برابر ظاہر ہوتا تھا۔ ترجمان نے جو اعلیٰ حضرت کے پاس کھڑا ہوا لفظ بہ لفظ اسپیچ کا ترجمہ سُنا رہا تھا کئی بار ہاتھ کے اشارے سے حاضرین کے جوش و خروش کو روکنا چاہا لیکن اعلیٰ حضرت نے فرمایا

"منع نہ کرو جیسے ان کا دل چاہے چیرز دینے دو" اِس پر چیرز اور خوشی کے نعروں کا وہ زور ہوا کہ دیر تک اسٹریچی ہال گونجتا رہا۔ نطق شاہانہ ختم ہونے کے بعد ایڈریس ایک نقرئی صندوقچہ میں رکھکر نواب ممتاز الدولہ نے پیش کیا جو دہلی کی کاریگری اور سادہ کاری کا اعلیٰ نمونہ تھا اور جس میں کالج کی عمارات مسجد، صدر دروازہ، اسٹریچی ہال، مقبرہ، سرسید کی تصویریں اور دولت افغانستان کے نشان محراب و ممبر اور کالج کے ہلال و کھجور اور تاج کی تصاویر ہاتھی دانت پر بنائی گئی تھیں اور گول اور بیضوی شفاف آئینوں میں جڑی ہوئی جھلک رہی تھیں۔ اندر سب سے اوپر اعلیٰ حضرت کی اور اُس کے نیچے سرسید مرحوم کی اور اس کے دونوں جانب نواب فیاض علی خاں اور نواب محسن الملک کی تصویریں بنی ہوئی تھیں۔

ڈنر اور مراجعت اِس کے بعد اعلیٰ حضرت بیگ منزل میں بغرض آرام تشریف لے گئے بعد مغرب کالج کی جملہ عمارات اور احاطہ میں چراغاں کیا گیا۔ ڈنر کے لئے ساڑھے سات بجے کا وقت مقرر تھا اس سے پیشتر اعلیٰ حضرت نے نواب فیاض علیخان بہادر نواب محسن الملک، نواب مزمل اللہ خاں، نواب وقار الملک، صاحبزادہ آفتاب احمد خاں اور شیخ عبداللہ کو باریابی کی عزت بخشی اور مبلغ بیس ہزار روپیہ کے کرنسی نوٹ بابت عطیہ یکمشت اور چھ ہزار نقد ایک سال کے عطیۂ دوامی کی بابت پیشگی عطا فرمائے اور اپنے دستِ مبارک سے کالج کے متعلق اپنی تحریری رائے مرحمت فرمائی۔ ڈنر کے بعد اعلیٰ حضرت نے ٹرسٹیوں کا شکریہ ادا کیا خوشنودی ظاہر کی مولانا حالی مرحوم کا قصیدہ سُنا جس کا ایک شعر اِس باب کے عنوان پر درج ہے۔

ڈنر سے فارغ ہوکر اعلیٰ حضرت نے بیگ منزل میں نماز عشا پڑھی پھر طلبہ و مہمانوں کے ہجوم اور صفوں میں گذرتے ہوئے صدر دروازہ پر تشریف لائے اور الوداع کہکر ریلوے اسٹیشن کو نہضت فرما ہوئے۔

برکتِ قدوم

علاوہ اُس شاہانہ عطیہ کے جو ہز مجسٹی نے مرحمت فرمایا حاجی احمد سعید خاں (مرحوم) رئیس بھیکم پور نے اعلیٰحضرت کی یادگار تشریف آوری قائم کرنے کے لئے دس ہزار روپیہ کا سید سردار علی رئیس بمبئی نے عربک اسکالرشپ کے لئے سات ہزار روپیہ کا اور راجہ نوشاد علی خاں (لکھنؤ) نے زنانہ تعلیم کے لئے تین ہزار کا اعلان کیا۔

اوّل الذکر کے مصرف کی بابت منشا رشاہی دریافت کرنے پر اعلیٰحضرت نے جواب دیا کہ اس روپیہ کی آمدنی فقہ کی تعلیم میں صرف کی جائے۔

اِن مالی فوائد کے علاوہ غیر متوقع اخلاقی کامیابی کی قیمت کا کوئی اندازہ ہی نہیں ہوسکتا۔

محسن الملک کی کامیابی

امیر افغانستان کی تشریف آوری کسی بھولے بھالے مشرقی حکمراں کی آمد نہ تھی جو ظاہری زیبائش و آرائش اور تکلفات سے متاثر و مسرور ہو جاتا ہے نہ ایک مغربی وزیٹر کی آمد تھی جو مغرب کے طرز تعلیم اور طریقوں سے قدرتی طور پر مانوس اور ان کا قدرداں ہوتا ہے یہ آمد ان دونوں صورتوں سے مختلف تھی، اس کثرت سے کالج کی مخالف باتیں سمع اقدس تک پہونچائی گئی تھیں کہ اس کے مسلمہ اصول و فوائد کا ذہن نشین کرنا بھی دشوار تھا کالج کی آیندہ قسمت اور قومی منزلت شاہ افغانستان کی رائے پر منحصر تھی مگر نواب محسن الملک کے ساتھ تائید غیبی تھی ان کی تمام قابلیتیں اپنے پورے زور و قوت کے ساتھ حسب معمول مشکلات کی مقاومت کے لئے جمع تھیں اُنھوں نے ہر موقع پر اُن سے کام لیا اور کامیاب ہوئے خدا نے انکی کوششوں میں برکت دی اور مشکور کیا۔

نوٹ۔ غالباً عطیاتِ یادگار غیر مودلے رہے دس ہزار اور سات ہزار کی رقوم حسابات میں نظر نہیں آتیں۔

کوششوں کے نتائج

تعداد طلبہ میں اضافہ

کالج کی شہرت، وظائف کا اہتمام اور نواب صاحب کی کوششوں کا لازمی نتیجہ تھا کہ ہر حصۂ ہند سے جوق جوق طلبا اپنے قومی کالج میں داخل ہوں۔ چنانچہ سنہ ۰۷-۱۹۰۶ء کے سیشن میں یو۔پی۔ پنجاب، بلوچستان، برما، چترال، ٹرانسوال، بہار و بنگال، متوسط و برار، مدراس اور بمبئی کے ۸۹[۵۱]، طالب علم تھے اِن میں نوابانِ مرشدآباد، ڈھاکہ، بیگم پلی مدراس، سچین، مانگرول، سورت، کے صاحبزادے بھی شامل تھے۔

اسٹاف کا اضافہ اور حقوق

تعداد طلبا اور ضروریات تعلیم کے لحاظ سے مینجنگ اسٹاف کا اضافہ ہوا مشاہرات کے گریڈ مقرر کئے گئے اور بونس سسٹم جاری کیا گیا۔

عربی اور سائنس کے شعبے

سنہ ۱۹۰۴ء عربی تعلیم کا شعبہ جاری کیا گیا لیکن اسوقت تک مسلمانوں میں سائنس کی تعلیم بہت کم تھی علی گڑھ میں برائے نام انتظام تھا۔ ہز رائل ہائینس شہزادہ ویلز کی تشریف آوری کے موقع پر نواب محسن الملک نے ایک انسٹی ٹیوشن کی تجویز پیش کی اور سنہ ۱۹۰۶ء میں پرنس آف ویلز سائنس اسکول قائم ہوگیا۔

---

۵۱ یہ تعداد جو روزافزوں ترقی کر رہی تھی مگر انگلش اسٹاف کے لئے تردد کا باعث تھی اور چونکہ داخلہ کا تعلق پرنسپل سے تھا اِس لئے ماریسن صاحب اکثر آنریری سکریٹری کے علم و اطلاع بغیر چپکے چپکے درخواستیں نامنظور کرتے رہتے تھے اور سنہ ۱۹۰۶ء کی اسٹرائک کے بعد تو وزیٹر کی حیثیت سے اُنہوں نے صاف طور پر اپنی رائے ظاہر کردی تھی کہ "میں ٹرسٹیوں سے سرگرمی کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ جو سچا علاج ہو وہ کریں یعنی کالج میں جو طلبہ داخل ہوں اُن کی تعداد کو محدود کیا جائے"

مذہبی تعلیم مذہبی تعلیم کا انتظام بہتر بنانے کے لئے علما کی ایک کمیٹی قائم کرائی اب تک صرف ۲۰ منٹ فی ہفتہ مذہبی تعلیم کے لئے تھا، انہوں نے روزانہ ایک گھنٹہ ٹائم ٹیبل میں رکھوایا امتحانات کے لئے باہر کے علما مقرر کئے۔ اُن کا خیال تھا کہ کالج کلاسوں کی تعلیم کے لئے ایک روشن خیال اور معقولی فلسفی عالم کا تقرر کیا جائے مگر بعض رفقا کے ذاتی تعصّبات و رجحانات نے مجبور رکھا البتہ جہاں تک وقت اور موقع ملا خود تقریریں کرتے اور لیکچر دیتے رہے۔

نقد و سالانہ امدادیں مالی لحاظ سے بھی کامیابی پیش پیش تھی اکثر امراء و تجار نے بڑی بڑی رقوم عطیات میں دیں۔ ۱۹۰۶ء میں پہلا موقع تھا کہ کالج کو ایک لاکھ روپیہ کی یکمشت اور نقد رقم ملی، ہز ہائینس سر آغا خاں نے آٹھ ہزار پانسو کی گرانٹ مقرر کی، جاورہ سے ایک ہزار دو سو، مالیر کوٹلہ اور محمود آباد سے چھ چھ سو، بھاولپور سے دو ہزار اور افغانستان سے چھ ہزار روپیہ سالانہ مقرر ہوئے، رامپور کے یومیہ میں بارہ سو روپیہ سالانہ کا اضافہ ہوا گورنمنٹ نے بھی گرانٹ ان ایڈ میں اضافہ کیا جو تینتیس ہزار سالانہ تک پہنچی۔

تکمیل و تعمیر عمارات نواب محسن الملک نے قرضوں اور امانتوں کا حساب پاک کرنے کے بعد جس کی مجموعی رقم مع سود ایک لاکھ تریسٹھ ہزار تھی عمارات کی تکمیل و تعمیر شروع کی اور ۱۹۰۰ء سے ۱۹۰۶ء تک صدر دروازہ کے مغربی جانب ۱۷ کمرے ڈبیچز (ماریسن کورٹ) کے سات کمرے اور ایک ہال کی تعمیر کی گئی اور اسکول میں چار جدید کمرے اضافہ کئے گئے۔

لٹن لائبریری، حمید منزل، برکت علی خاں لیکچر روم، آسمان منزل، نظام میوزیم کی تکمیل ہوئی۔

میکڈانل ہاؤس، کرزن ہاسپٹل، ممتاز لاٹوش ہاؤس، آرنلڈ ہاؤس، بالاخانہ

صدر دروازہ، بیک منزل کی جدید عمارتیں تعمیر کی گئیں۔ احاطہ کی بہت سی جالیاں بنیں بعض دیگر نئی عمارتوں کی بنیاد ڈالی گئی اور ان پر کام شروع کیا گیا۔ ایک بہت بڑا قطعہ اراضی ۲۱۴ بگیہ کا جہاں اب سائنس کالج ہے حاصل کیا اور صاحب باغ کے حصول کی کارروائی شروع کی۔

مسجد کی تعمیر کا کام بھی جاری کیا، مینار اور گنبد تیار ہوئے۔

مالی حالت سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء تا سنہ ۰۸-۱۹۰۷ء تک پچیس فنڈ جاری تھے اور ان میں (۱۰،۳۳،۹۱۶) روپیہ نقد وصول ہو چکا تھا اور جو موعودہ تھا وہ بعد کو وصول ہوتا رہا وظائف کے سلسلہ میں الفرض (ڈیوٹی) کو (۱،۴۴،۸۵۲) اور اسکالرشپ فنڈ میں (۳۰۳،۸۸) جملہ (۱۷۵،۲۴۰) وصول ہوا۔ سنہ ۰۸-۱۹۰۷ء کے بجٹ کی رو سے (۱،۷۹،۱۵۴-۸-۷) آمدنی مع دیگر مدات وظائف تھی اور (۱،۷۳،۷۲۱) روپیہ سالانہ خرچ تھا۔

تمغۂ طلائی قیصر ہند

نواب صاحب نے حیدرآباد میں حکومت نظام کی جو خدمات کی تھیں وہ بے صلہ نہیں رہیں۔ اعلیٰ حضرت نظام نے ان کو خطابات عطا کئے اور ان میں سے ایک خطاب تو تمام ہندوستان میں اتنا مشہور ہوا کہ اس کی روشنی ان کے اصلی نام پر بھی غالب آگئی۔ لیکن برطانوی حکومت میں ان کی خدمات کی قدر و منزلت کا اعتراف ہونے کے باوجود اعزازات حکومت کی فہرست میں ان کا نام نہ آیا۔

اس کی وجہ یہ ہی ہو سکتی ہے کہ انیسویں صدی کے آخر تک ریاستی عہدداروں کو خطابات دینے میں حکومت محتاط تھی۔ البتہ حیدرآباد کے وزیروں کا تو روایتی حق قائم ہو گیا تھا مگر دوسری ریاستوں میں پانچ چھ بھی خطاب یافتہ نہ تھے۔

برطانوی ہند میں پبلک خدمات کے صلہ میں نواب محسن الملک کو یقیناً استحقاق تھا کہ عام رواج کے مطابق وہ اعزازات سے سرفراز کئے جائیں، چنانچہ سنہ۱۹۰۰ء میں ان کو تمغۂ طلائی قیصرۂ ہند عطا کیا گیا جو خدمت عام کا ایک قیمتی صلہ ہے اور اکتوبر میں ہزآنر سر جیمس لاٹوش نے کالج ورزٹ کے موقع پر حسب قاعدہ وہ تمغہ پہنایا، یہ ایک رسمی بات تھی مگر ہزآنر نے تمغہ پہناتے وقت جو تقریر کی وہ بہت دلچسپ اور معنی خیز تھی۔ اُنھوں نے فرمایا کہ :-

"دوسرا فرض یہ ہے کہ میں اپنے دوست آنریری سکریٹری مدرستہ العلوم علیگڑھ کو تمغۂ طلائی قیصرۂ ہند پہناؤں، جو ہز اکسلینسی وایسرائے ہند نے ان کو عطا فرمایا ہے۔ مجھے اس امر کے اظہار کی ضرورت نہیں کہ یہ عزت صرف اُن لوگوں کو بخشی جاتی ہے جو اپنے ہمعصروں کی بے لوث خدمت کرتے ہیں اور نہایت خلوص کے ساتھ ہندوستان کی فلاح کے لئے اپنے کو وقف کر دیتے ہیں سرسید کی وفات کے بعد سے میں نے مولوی سید مہدی علی خاں کے کارناموں کو بغور دیکھا ہے اور مجھکو معلوم ہے کہ اُن کی جانفشانی، خوش بیانی اور صائب رائے کالج کی غیر معمولی ترقی کی کس قدر باعث ہوئی ہے اُنھوں نے علی گڑھ میں محسن الملک (یعنی ملک پر احسان کرنے والا) کا خطاب دوبارہ حاصل کیا ہے جس نام سے کہ وہ زیادہ تر مشہور ہیں۔ اَللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ[1] (زور سے چیرز)۔

اِس کے بعد نواب صاحب نے شکریہ ادا کیا اور تقریر شکریہ میں خدمت و صلہ کے مفہوم پر بھی روشنی ڈالی اُنھوں نے کہا کہ :-

جو عزت ہز امپیریل مجسٹی قیصر ہند کی طرف سے مجھے دی گئی ہے میں اس کا

---

[1] تقریر انگریزی میں ہے لیکن ہزآنر عربی سے واقف تھے۔

تہِ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور ہر فردِ رعیت کے لئے جو عزت کہ اس کے بادشاہ کی طرف سے ملے نہایت فخر اور قدر کے لائق ہے اور مجھے اس کی خوشی زیادہ تر اسوجہ سے ہے کہ اُس مبارک ہاتھ سے مجھے یہ تمغہ ملا ہے جس نے اپنے زمانۂ حکومت میں نہ صرف ایک فرمانروائے صوبہ کی حیثیت سے کام کیا ہے بلکہ بطور ایک محسن اور مربی کے ہر شخص کا لحاظ رکھا ہے اور جس کے زمانۂ حکومت میں ہر ملت و مذہب کے لوگ اس کے احسان و مہربانی اور شفقت سے اُس کے گرویدہ ہو رہے ہیں اور جو احسان کہ مجھ پر آپ نے کئے ہیں وہ بیان نہیں ہو سکتے مگر حضور والا اس کہنے کی میں معافی چاہتا ہوں کہ میرے نزدیک جو شخص کوئی خدمت اپنے ملک اور اپنی قوم کی کرے اُس کی خدمت کا صلہ خود اُس کی خدمت ہونی چاہیئے نہ کہ کوئی خطاب یا ڈکوریشن؛ اس لئے کہ اس سے اُس کی بے ریا اور پاک خدمت میں خودغرضی کا خیال پیدا ہوتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی۔

صلہ کی خواہش۔ سچے دل سے بے غرض خدمت کرنے پر محدود نہیں رکھتی کاش میں ایسا خوش نصیب ہوتا کہ میری ناچیز خدمت اگر درحقیقت کوئی خدمت ہے کسی صلہ یا تمغہ کے ملنے سے پاک رہتی اور اگر مجھے معلوم ہوتا کہ کوئی صلہ میرے لئے تجویز کیا جاتا ہے تو میں نہایت ادب سے اس کی معافی چاہتا۔ مگر اس سے حضور یہ خیال نفرمادیں کہ اس شاہی عطیہ کی میں قدر نہیں کرتا بلکہ میں درحقیقت اسکی بڑی عزت کرتا ہوں اور اس خیال سے کہ یہ بڑا ثبوت آپ کی خوشنودی اور مہربانی کا ہے۔ سب کا نہایت شکرگزار ہوں۔

حضور والا! آپ نے اپنے زمانۂ حکومت میں جو احسان کالج پر کئے ہیں اور آپ کے مبارک عہد میں کالج نے جس قدر ترقی کی ہے اُس کے عام مسلمان جو اس وقت موجود ہیں ممنون ہیں اور آیندہ اُن کی نسلیں شکرگزار رہیں گی اور آپ کا

نام نامی ہمیشہ مسلمانوں کے صفحۂ دل پر کندہ رہیگا ہم سب کی دعا ہے کہ خداوند عالم آپ کو اپنے وطن میں شاد اور تندرست رکھے اور آپ اپنے وطن میں بھی ہم کو اور ہمارے کالج کو یاد اور اُس کی مدد کرتے رہیں۔"

ہز آنر سر جیمس لاٹوش کی مہربانیاں

اس میں کوئی شک نہیں کہ ابتدا سے آج تک بہت سے جلیل القدر انگریز حکام نے جن میں ویسرائے یا گورنران صوبہ اور دیگر افسر سب ہی ہیں، اس ادارہ پر بڑی بڑی مہربانیاں کی ہیں لیکن اُن سب میں سر جیمس لاٹوش کی مہربانیاں سب سے زیادہ اخلاص وجوش اور محبتِ قلبی کے ساتھ تھیں اُن کو عام مسلمانوں کی ترقی سے دلچسپی تھی، سر سید اور نواب محسن الملک کے ساتھ مخلصانہ الفت تھی اور اس ادارہ کی بہبودی سے دلی تعلق تھا، اُنہوں نے سر سید کی رحلت کے بعد جو خطرات عظیم تھے اُن کے دُور کرنے میں آنریری سکریٹری کی ہر موقع پر معاونت کی، اُن کی ذاتی نیکی اور سچی محبّت مختلف صورتوں میں جلوہ گر رہی وہ چار مرتبہ علی گڑھ آئے اور ہر مرتبہ امیدوں کا پیغام اور اُمیدوں کی خوشی ساتھ لائے۔

یوں تو ان کے جذبات ان کی پبلک تقریروں سے بھی معلوم ہوتے ہیں لیکن اس موقع پر اُن کا ایک پرائیویٹ خط بہت زیادہ دلچسپی سے پڑھا جائیگا ایسے ہی خطوط اصلی جذبات کا آئینہ ہوتے ہیں۔

ہز آنر کا پرائیویٹ خط موسومہ نواب محسن الملک

۴ر جون ۱۹۰۵ء۔ مسٹر بٹلر آپ کے کُل کے خطوں کا جواب ارسال کر رہے ہیں لیکن میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ آپ کی اس اہم کامیابی پر جو آپ نے رنگون میں حاصل کی اور نیز اُس زبردست اطمینان بخش نتیجہ پر جو کہ ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ لکھنؤ سے حاصل ہوا اپنے قلم سے آپ کو اپنی دلی مبارکباد کا خط لکھوں۔ مسٹر بٹلر نے مجھ سے کانفرنس کے متعلق بہت کچھ کہا ہے اور مجھے اس کے یقین کرنے میں کوئی شک نہیں کہ وہ صرف

آپ کی تقریر کا اثر تھا جس نے حاضرین کے خوابیدہ جذبات کو بیدار کر دیا میں ۸ رکو لکھنؤ میں ہوں گا اور مجھے امید ہے کہ جب کبھی آپ لکھنؤ آئیں گے تو آپ سے ملاقات ہوگی ۔

آج مسٹر فیاض[۱] علی خاں سی، ایس، آئی نے مجھے اطلاع دی ہے کہ وہ آپ کو اپنے اس ارادہ کے متعلق تحریر کرنے والے ہیں کہ آپ "اس بات کا اعلان کر دیں کہ وہ ایم' اے ، او، کالج علی گڑھ میں ایک بورڈنگ[۲] ہاؤس بیس[۳] ہزار روپیہ کے صرف سے جو خود دیں گے تعمیر کرانا چاہتے ہیں"!

غالباً آپ کو یقین ہو گیا ہوگا کہ میں کالج کا مخلص حقیقی و بہی خواہ ہوں اور میری طرف سے آپ کو اس بات کے یقین دلانے کی چنداں ضرورت باقی نہیں ۔

مذہبی خدمات اور مذہبی تعلیم کی حمایت

مذہبی خدمات یہ ایک عام غلطی شائع ہو رہی ہے کہ جب کوئی شخص کسی ایک مذہب کی جزئیات اور کلیات کا عالم ہوتا ہے تو لوگ اس کو مذہبی عالم کہنے لگتے ہیں، حالاں کہ وہ نفس مذہب کی نسبت نہیں جانتا کہ وہ دنیا میں کس طرح پیدا ہوا اور اس میں تغیر اور انقلابات کن وجوہ سے پیدا ہوئے۔ دنیا میں تمام مذاہب کی ترقی اور تنزل کیوں کر ہوئی۔ کیوں وہ بن کر بگڑ گئے۔ اس کو سوائے اپنے مذہب کے دنیا کے اور مذہبوں کی تاریخ سے لاعلمی ہوتی ہے، ہر مذہب دنیا کے کل مذاہب کی ایک جزئی (شکل) ہے۔ پس کوئی شخص ایک مذہب کے جزئیات اور کلیات جاننے سے مذہبی عالم کہلائے جانے کا مستحق نہیں ہوتا جب تک وہ نفس مذہب کے حقائق سے آگاہ نہ ہو۔

---

[۱] ممتاز الدولہ نواب سر۔

[۲] ممتاز لاٹوش بورڈنگ ہاؤس۔

[۳] ۲۰ ہزار کو بڑھا کر اسّی ہزار روپیہ کئے جس سے یہ عمارت تعمیر ہوئی۔

یہ صفت مولوی مہدی علی میں تھی کہ وہ حقیقت میں مذہبی عالم تھا وہ فقط مسلمانوں کے شیعہ اور سنّی وغیرہ فرقوں کے مذہب ہی سے خوب واقف نہ تھا بلکہ وہ دنیا کے تمام مذاہب کے حقائق سے آگاہ تھا، اس نے دنیا کے مذاہب کا علم حاصل کرنے کے لئے اپنا بہت سا وقت انگریزی کتابوں کے مطالعہ میں خرچ کیا تھا اور بعض کتابوں کے ترجمہ کرانے میں اپنا روپیہ بھی صرف کیا تھا۔ دنیا کے تمام مذاہب کی تاریخ اس کے ذہن میں ایسی موجود تھی جیسی کہ اپنے مذہب کی۔ وہ اور مذاہب کو جان کر اسلام کی برتری اُن پر ثابت کرتا تھا وہ مسلمانوں کے تمام تعصّبات اور توہمات کو قرآن اور حدیث اور علما کے اقوال سے استدلال کر کے دور کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ وہ قرآن اور حدیث کے موافق وہ مذہبی اصلاحیں بتاتا تھا جن کا ہونا اس زمانہ میں ضروری ہے۔ وہ موجد اس علم کلام کا تھا جس کی اشد ضرورت اس زمانہ میں اسلام کے لئے ہے۔ اس پاک نفس عالم کی کوشش کا نتیجہ یہ ہوا کہ اب اسی کے طریقۂ استدلال کی پیروی شروع ہو گئی ہے اور آیندہ اور ہوتی جائے گی اور اُس کی تمام تصنیفات کی قدر بڑھتی جائے گی اُس نے قرآن شریف اور حدیث کے موافق اسلام کی ایسی شکل دکھائی کہ مہذّب قوموں میں اسلام کی نسبت جو غلط رائیں دی جاتی تھیں وہ بدل گئیں۔

(شمس العلما مولوی ذکاء اللہ مرحوم)

مذہبی تصنیفات و تالیفات

اس سلسلہ میں نواب صاحب نے بجز آیاتِ بیّنات[51] اور کتاب المحبّت والشوق[52] کے کوئی اور تصنیف و

---

[51] یہ کتاب ۱۲۸۷ھ میں شائع ہوئی اس کے اعلام اور دیباچہ میں اس کا موضوع اور سبب تالیف بیان کیا گیا ہے شیعہ سنّی کے مباحث میں اس کی خاص عظمت ہے۔

[52] احیاء العلوم کی کتاب المحبت کا انتخاب ہے اور مثنوی مولانا روم کی حکایتیں اور اشعار اور بعض موقعوں پر دیگر کتب کے مضامین کے اقتباسات بھی شامل ہیں۔

وتالیف نہیں چھوڑی، لیکن وہ مضامین جو تہذیب الاخلاق میں شائع ہوئے بجائے خود مستقل رسائل ہیں اور ان کے مطالعہ سے مولوی ذکاء اللہ خاں نے جو کچھ مذہبی خدمات کے متعلق لکھا ہے اس کی لفظ بہ لفظ تصدیق وتائید ہوتی ہے۔

ندوہ کی تائید ۱۸۹۳ء میں جب چند روشن خیال علما نے رفع نزاع باہمی کے لئے ندوۃ العلما اور طریقہ تعلیم عربی کی اصلاح کے لئے قیام دار العلوم ندوہ کی تحریک کی تو ۱۸۹۴ء کے اجلاس کانفرنس منعقدہ علی گڑھ میں نواب محسن الملک نے اس تحریک کی امداد کے لئے ایک رزولیوشن پیش کیا اور ایک پُر لطف تمہید کے بعد قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ:-

حضراتِ علما نے زمانہ کی ضرورت کو دیکھا اور ہماری اصلاح و ترقی پر متوجہ ہوئے یہی ہماری خواہش تھی اور یہی ہمارا مقصود ہے، خواہ وہ ایجوکیشنل کانفرنس کے نام سے ہو یا ندوۃ العلماء کے مبارک لقب سے اور اُس کے لئے ہم علی گڑھ میں جمع ہوں یا کانپور میں

شاخِ گل ہر جا کہ روید ہم گل است   خم مُل ہر جا کہ جوشد ہم مُل است
گر ز مغرب بر زند خورشید سر   عین خورشید است نے چیزے دگر

پھر اُنہوں نے علما کی کوششوں تحفظ علوم مذہب کی ضرورتوں اور مسلمانوں کی قدیم علمی مساعی پر تقریباً ایک گھنٹہ تقریر کی، اس کے اثر سے تعلیم یافتہ طبقہ اور تعلیم جدید کے حامیوں میں تحریک ندوہ کے ساتھ خاص دلچسپی پیدا ہوگئی۔

اس کے بعد جب سر انٹونی میکڈانل کی حکومت میں یہ تحریک مشتبہ نظر آئی علما پر مخفی پولیس تعینات ہوئی اور ۱۹۰۰ء میں ایم، اے، او، کالج کی وزٹ کے موقع پر ہز آنر نے حسب ذیل فقرہ سے تحریک ندوہ سے اظہار ناپسندیدگی کیا کہ:-

"آپ کے مطالب کی تکمیل بوجہ احسن اپنی ذات پر بھروسہ کرنے اور اپنے کو ان ہتیاروں سے مسلح کرنے سے ہوگی جو زمانہ حال کی تعلیم کے ذریعہ سے حاصل

ہوتے ہیں آپ کو کفر و الحاد کے الزام کے اندیشہ سے یا ندوہ کی اس خواہش سے کہ آپ پرانے قاعدوں پر قائم رہیں اپنے پچھلے مقصد سے منحرف ہونا مناسب نہیں ہے، قومی اصلاح اس طریقہ سے نہیں ہوتی ہے اور زمانہ حال کی لڑائی جدید ہتیاروں کے ذریعہ سے لڑنا چاہیئے!!"

تو کمزوروں پر ایک خوف طاری ہوگیا خود علی گڑھ میں نوجوانوں کی ایک جماعت مخالف ہوگئی مگر نواب محسن الملک اپنی رائے پر قائم رہے، انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں ندوہ کی تائید کی اور ہز آنر کی تقریر کا اثر زائل کرنے کے لئے ایک نہایت پُرزور مضمون لکھا اور پھر ۱۹۰۲ء میں یونیورسٹی کمیشن میں جو بیان دیا اُس میں بھی تائید ستائش کی

بچپن میں مذہبی تعلیم پر رائے نواب محسن الملک کے نزدیک مذہبی تعلیم اور خاص کر بچپن کی تعلیم نہایت اہمیت رکھتی تھی لیکن مسلمانوں میں ایک جماعت بچپن میں مذہبی تعلیم کو ہندوؤں کے مقابلہ میں پیچھے رہ جانے کا باعث تصور کرتی ہے جو بعض غیر مسلم ماہرین تعلیم کے خیالات کا عکس ہے۔ چنانچہ ۱۹۰۶ء میں جب شمس العلما، مولوی ذکاء اللہ خاں (مرحوم) نے اس قسم کے خیالات اخبار میں ظاہر کئے تو نواب صاحب نے ان کی تردید میں قلم اُٹھایا اور انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں ایک نہایت پُرزور اور دلچسپ مضمون لکھکر اسی عمر میں اس کی ضرورت و اہمیت ظاہر کی۔ اب کہ بچپن میں مذہبی تعلیم نہ دینے کے نتائج نمایاں ہو رہے ہیں ان کی خیالات و آرا کی صحت اور اس ضرورت و اہمیت کا ہر روز ایک نیا ثبوت ملتا ہے۔

کالج میں مذہبی تقریریں و مواعظ وغیرہ یہی جذبہ خدمت مذہب تھا کہ ۱۸۹۴ء سے ۱۹۰۶ء تک جب موقعہ ملا اسلام پر خود تقریریں کیں مشہور علما کو کالج کی طرف راغب کیا اور اُن سے وعظ کرائے اور مذہبی تربیت و تعلیم کا نظام قائم کیا۔

سیاسی خدمات

نواب محسن الملک کے سیاسی افکار و عقائد

فیاضِ ازل نے نواب محسن الملک کے ذہن و دماغ کو سیاسیات کے لئے خاص طور پر موزوں بنایا تھا، اٹاوہ کی تحصیلداری اور مرزا پور کی ڈپٹی کلکٹری کے زمانہ میں سرسید کے علاوہ مسٹر اے او ہیوم کی تربیت و صحبت میں ہندوستانی سیاسیات کے

لہ مسٹر اے او ہیوم اٹاوہ اور مرزا پور میں کلکٹر تھے جنھوں نے سب سے پہلے آل انڈیا جمعیۃ کا خیال ظاہر کیا، تاکہ وہ ہندوستان کی سیاسی ترقی کے لئے اہلِ ہند کی عمرانی زندگی میں تازگی پیدا کرے، اُنھوں نے ہی کلکتہ کے گریجویٹوں کے نام ایک مکتوب مفتوح لکھکر اُنھیں اُبھارا کہ اِس تحریک کی رہبری کریں، وہ نواب محسن الملک کے شفیق و مربی اور اُن کی قابلیت کے بڑے معترف تھے، چنانچہ حیدرآباد جاتے وقت اُنھوں نے جو سارٹیفکٹ دیا تھا اس میں اُنکی ذہانت ومحنت اور فراست و مستعدی اور ذیرکی کے متعلق لکھا تھا کہ "یہ سب صفات ان میں اتنی وسعت کے ساتھ جمع ہیں کہ شاید ہی کسی اور شخص میں ہوں" نیز اپنے تمام ماتحت ہندوستانی اور انگریز عہدہ داروں کے مقابلہ میں ان کو ترجیح دے کر اور ہر مشکل، وقیق اور نئے کام کو خوبی کے ساتھ انجام دینے کی تعریف کرتے ہوئے تحریر کیا کہ "نہایت تعجب کی بات ہے کہ باوجود اس اعلیٰ درجہ کی لیاقت کارگذاری کے ایسا شخص جو ایک ریاست اور صوبہ کا انتظام نہایت عمدہ طور پر کر سکتا ہے اب تک ایسے ادنیٰ عہدہ پر مامور رہے جیسا کہ تحصیلداری و ڈپٹی مجسٹریٹی کا عہدہ ہے اور وہ لوگ جو اس سے سب صفات میں کمتر ہیں عمدہ اور معزز عہدے پائیں، اب وہ عنقریب سرکار انگریزی کی ملازمت سے مستعفی ہو رہے ہیں، اِس لئے کہ اس سرکار سے ہنوز انکی لیاقت کا کوئی نتیجہ نہیں ملا" مؤلف کو مسٹر اے او ہیوم کا ایک خط بھی دستیاب ہوا لیکن اس میں کوئی قابلِ ذکر بات نہیں تاہم باہمی تعلقات کا ضرور اندازہ ہوتا ہے۔

ہر پہلو پر ان کو غور و فکر کا موقع ملا تھا لیکن علائق ملازمت کے باعث وہ سیاسی
خیالات کے اظہار یا سیاسیات میں عملی حصّہ لینے سے معذور تھے البتہ حیدرآباد کے دَور
ملازمت میں جہاں تک کہ ان کے منصب کا تعلق تھا برٹش انڈیا کے معاملات پر چند مرتبہ
اُنہوں نے اپنی رائیں ظاہر کیں روسی پیش قدمی پر ۱۸۸۵ء میں جو مضمون لکھا تھا وہ اگرچہ
معتمد سیاسیات دولت آصفیہ کی حیثیت سے تھا مگر اس میں عام مباحث بھی تھے۔

اِسی سال کانگریس بھی قائم ہوئی تھی، اس کے ابتدائی مطالبات میں ہندوستانیوں
کا اعلیٰ عہدوں پر تقرر بھی ایک اہم مطالبہ تھا۔

سول سروس کمیشن میں شہادت

حکومت اس مطالبہ کو ایک حد تک تسلیم
کر چکی تھی اور بتدریج اس کو پورا کیا جا رہا تھا
۱۸۸۶ء میں اسی مقصد کے لئے ایک کمیشن قائم ہوا جس میں شہادت کے لئے نواب محسن
الملک بھی منتخب کئے گئے وہ اس مطالبہ کے مؤید تھے اور ان امتیازات کو ناپسند کرتے
تھے جو انگریزوں اور ہندوستانیوں کے تقررات میں رکھے جاتے تھے لیکن ملکی حالات
کے لحاظ سے تقررات کو "محض مقابلہ" پر منحصر کر دینے کے بھی خلاف تھے، اُنہوں نے
ان دونوں امور کے متعلق ایسا مدلل و مؤثر بیان پیش کیا کہ کمیشن کے ایک ممبر مسٹر ٹریور
نے اپنے خانگی خط میں اس کی بہت تعریف کی اور اُن کے مرتبہ و مواقع کے لحاظ سے
اس کو زیادہ توجہ کا مستحق قرار دیا۔

ان کی رائے ہندوستان و انگلستان دونوں جگہ پسند کی گئی نواب مہدی حسن
فتح نواز جنگ نے اپنے ایک خط میں لندن سے اطلاع دی کہ "سول سروس کمیشن کے
سامنے آپ کی شہادت کی یہاں بھی بڑی تعریف ہے"، آج نصف صدی گذرنے پر بھی یہی
اصول قائم ہے اور اسی اصول کی بدولت جب تک کہ مسلمانوں نے تعلیم میں کافی ترقی
نہیں کی ان کو اکثر کامیابی ہوئی۔

نیشنل کانگرس سے اختلاف اور اس کے اسباب

نیشنل کانگرس کا پہلا اور باقاعدہ اجلاس ۱۸۸۵ء میں منعقد ہوا دو سال تک اس کے اصول کا بہ نظر غور مطالعہ کرنے کے بعد سر سید نے اس کی مخالفت میں بمقام میرٹھ، ۲۸ دسمبر ۱۸۸۷ء کو ایک معرکۃ الآرا لیکچر دیا جو ان کے رفقائے کار اور عام مسلمانوں کی سیاسی پالیسی کا سنگِ بنیاد بنا۔ اس موقع پر یہ حقیقت بھی ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ زوال و انتزاع سلطنت مغلیہ کے ساتھ انیسویں صدی شروع ہوتے ہی مسلمانانِ ہند ایک بڑے سخت دورِ ابتلا میں داخل ہوئے تھے اگرچہ انہوں نے اپنی قسمت نئی حکومت کے ساتھ وابستہ کر دی تھی لیکن قدرتی طور پر نہ وہ اس قدر جلد عہدِ ماضی کو بھول سکتے تھے اور نہ حکومتِ جدید کی بدگمانیوں سے محفوظ رہ سکتے تھے، پھر اگرچہ ہندوستان میں ان کی قوت ختم ہو چکی تھی لیکن ان میں عالمگیر اخوت کا رشتہ تھا دنیا کے دوسرے ملکوں میں ان کی سلطنتیں موجود تھیں اور وہ بحیثیت مسلمان ایک زندہ قوت تھے، ان میں اور عیسائی ممالک میں مذہبی و سیاسی رقابت قائم تھی، بہ ایں وجہ حکومت کو ہندوستان میں جو اطمینان ہندوؤں پر ہو سکتا تھا وہ مسلمانوں کی نسبت جلد حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔

مسلمان ایسٹ انڈیا کمپنی کے تسلط کے بعد امتیازی حقوق و اختیارات سے محروم اور اقتصادی طور پر برباد ہونے کے باوجود اپنی حالت پر قانع ہو گئے تھے اور امید تھی کہ ان پر حکومت کا جلد اعتماد قائم ہو جائے گا لیکن ۱۸۵۷ء کے واقعۂ غدر سے وہ گوناگوں مصیبتوں میں پھنس گئے۔

"انگریزوں میں بہت سے اس بات کے بڑے خواہشمند تھے[1] کہ فتح کے بعد (ہندوستانیوں سے) دل کھول کر انتقام لیں اور ان کے غصہ کی آگ مسلمانوں کے خلاف خاص کر بھڑکی ہوئی تھی جن کی نسبت بہت لوگوں کا خیال تھا کہ وہ غدر کے محرک ہوئے ہیں"، چنانچہ فتح

---

[1] سر تھیوڈر ماریسن علیگڑھ منتھلی ۱۸۹۰ء

کے بعد مسلمانوں سے دل کھول کر انتقام لیا گیا۔

سرسید[۵۱] کے خاص ہم مذہبوں اور انگریزوں کے درمیان عداوت سب سے زیادہ تھی، ایسے وقت پر کسی شخص کو مسلمانوں کی قوم کی جانب سے اُن وسیلوں کی نسبت بہت کم غور یا توجہ کی توقع تھی جس سے پھر اتفاق ہو سکے اور مصالحت کی بہت کم اُمید یا خواہش ہو سکتی تھی جو مصیبت ہم سب پر پڑی تھی وہ نہایت ہولناک تھی اور جو انتقام قوم کے ایک فرقہ سے لیا گیا اس کے باعث بہت جلد مصالحت کا خیال نہیں ہو سکتا تھا۔"

لیکن سرسید[۵۲] نے جن کو خدا نے اس مصیبت میں ایک نجات دہندہ بنایا تھا اس التہاب انتقام کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی اتفاق کے وسائل پر توجہ دلائی اور مصالحت کی خواہش و اُمید پیدا کر دی۔

یہ کوشش ہنوز پورے طور پر بار ور نہ ہوئی تھی کہ بنگال کی وہابی تحریک نے ایک نئی مصیبت میں پھنسا دیا، ہنگامہ غدر پر بارہ تیرہ سال ہی گزرے تھے کہ مشہور و معروف ڈاکٹر ہنٹر نے "انڈین مسلمانز[۵۳]" لکھکر ثابت کیا کہ "ہندوستانی مسلمان اب بھی ہندوستان میں گورنمنٹ انگریزی کے لئے موجب خطر ہیں جیسے کہ ایک مدت سے موجب خطر چلے آتے ہیں" مگر وہی نجات دہندہ (سرسید) اس تازہ اُفتاد سے بچانے کے لئے پھر سینہ سپر ہوا اور اسی نے انگلستان و ہندوستان میں اس مہیب شعلہ کو سرد کیا تاہم چنگاریاں زیر خاکستر دبی تھیں بعض مدبرین کبھی کبھی مسلمانوں پر مہدی سوڈانی کی ہمدردی کا الزام رکھتے تھے اور مسلمانی ریاستوں اور شہروں میں جوش اور پولیٹیکل رشتوں کے وجود کو خوفناک صورت میں بیان کرتے تھے۔

یہی زمانہ تھا کہ بنگال کی سیاسی تحریک جو ۱۸۳۲ء میں شروع ہوئی تھی مختلف

---

۵۱ تقریر ہنر آنر سر اکلینڈ کالون لفٹنٹ گورنر صوبہ متحدہ بجواب ایڈریس ٹرسٹیان کالج ۱۸۹۲ء

۵۲ حیات جاوید۔ ۵۳ ریویو ڈاکٹر ہنٹر کی کتاب پر۔

منازل سے گذر کر انڈین نیشنل کانگرس کی صورت میں ملک کے سامنے آئی۔

ابتدا سے اس کی رہبری بنگال کی تعلیم یافتہ جماعت کے ہاتھوں میں تھی اور ۱۸۵۳ء میں ہی ایک انتہا پسند جماعت پیدا ہو چکی تھی ۱۸۷۸ء تک وہ طبقہ جو کامل سیاسی آزادی کا مدعی تھا وجود میں آ گیا تھا بنگال میں اس تحریک پر مختلف دَور گذرے تھے جن کے متعلق بعض اوقات حکومت نے سخت کارروائیاں بھی کی تھیں اور اب کہ اس تحریک نے بنگال سے دوسرے صوبوں تک منظم صورت میں وسعت اختیار کر لی تھی، اس کا اصول وطریق کار حکومت کی نظروں میں خطرناک متصور ہوا، گورنر جنرل اور صوبہ کے گورنروں نے اس کو بغاوت کے مترادف سمجھا۔ دانائی کا اصلی معیار مقتضیات وقت کا لحاظ ہوتا ہے، سر سید نے اپنی پوری طاقت سے مسلمانوں کو اس مہلک اقدام سے باز رکھا، یہ عاقلانہ پالیسی اس درجہ مقبول ہوئی کہ وہ مسلمان بھی جو اختلاف عقائد کی بنا پر سر سید کی تعلیمی تحریکات سے علیحدہ تھے اسی پر کاربند ہوئے اور کانگرس سے ابراء و علیحدگی مسلمانوں کی متفقہ پالیسی ہو گئی۔

نواب محسن الملک کا انگلستان میں مسٹر گلیڈاسٹون سے تبادلۂ خیالات

نواب محسن الملک بھی سر سید کے اسی سیاسی عقیدہ کے متبع تھے ۱۸۸۸ء میں جب وہ حکومت نظام کی طرف سے انگلستان گئے تو وہاں لبرل حکومت کا دَور دَورہ تھا، مزدوروں کے حق رائے دہندگی کی جنگ زور پر تھی، مسٹر گلیڈاسٹون آئرلینڈ کے لئے ہوم رول کی مہم جاری کر چکے تھے جس سے سیاسیئین ہند کی پُر حوصلہ طبائع میں بھی جوش تھا۔ دونوں جگہ تحریک کانگرس کی رفتار، اُس کے مطالبات اور مخالف آرا و افکار پر بھی کافی غور و خوض ہو رہا تھا اس موقع پر نواب محسن الملک نے مسٹر گلیڈاسٹون سے ملاقات کی اور اُن سیاسی مسائل پر جن کا تعلق مسلمانوں سے تھا تبادلۂ خیال کیا۔

اس زمانہ میں انگلستان نے ٹرکی و مصر کے متعلق جو پالیسی اختیار کی تھی اُس سے اسی اخوت اسلامی کی بنا پر مسلمانان ہند کے قلوب بھی بے چین تھے، قریب قریب اسی عرصہ میں سر سید نے نہایت درد سے کہا تھا[1] کہ :-

"جب بہت سی مسلم سلطنتیں موجود تھیں تو ہمیں ان میں سے ایک سلطنت کی تباہی پر زیادہ افسوس نہیں ہوا تھا لیکن اب جبکہ صرف چند سلطنتیں باقی رہ گئی ہیں ہمیں ان میں سے ایک چھوٹی سی سلطنت کے ضائع ہو جانے کا بھی احساس ہوتا ہے اگر ترکی کو فتح کر لیا گیا تو وہ بہت بڑا صدمہ ہوگا کیونکہ وہ اسلام کی دول عظمیٰ میں سے آخری دولت ہے جو باقی بچی ہے، ہمیں یہ خطرہ ہے کہ کہیں ہم یہودیوں کی طرح ایک ایسی قوم بن کر نہ رہ جائیں جس کا اپنا ملک کوئی بھی نہیں"

اس لئے نواب محسن الملک نے ترکی مسئلہ پر بھی وزیر اعظم کے خیالات معلوم کئے یا اپنے جذبات کا اظہار کیا، یہ ملاقات اگرچہ دولت نظام کے نمایندے کی حیثیت سے ہوئی تھی لیکن چوں کہ نہایت دلچسپ ہے اور اس کا زیادہ تعلق مسلمانوں کی سیاسیات سے ہے اس لئے اس کی تفصیلی کیفیت لندن ٹائمز سے اخذ کر کے ذیل میں درج کی جاتی ہے :-

مسٹر گلیڈ اسٹون اور نمائندۂ نظام

سر ایچ جیمس کی کمیٹی نے معاملۂ دکن کی جانچ پڑتال ختم کر لی ہے اور اب چونکہ اس سلسلہ کی کارروائی اختتام پذیر ہے اس لئے ہز ہائینس نظام کے نمایندۂ خصوصی جن کو پیسٹوری مقدمہ کے سلسلہ میں صدر اعظم سر آسمان جاہ نے انگلستان بھیجا تھا، ہندوستان واپس جا رہے ہیں، نواب محسن الملک مہدی علی خاں جو پہلے حکومت ہند

---

[1] پولیٹکل انڈیا مضمون سر تھیوڈر ماریسن۔

کے عہدہ دار تھے اور ادھر کچھ عرصہ سے حکومت نظام سے وابستہ ہیں، قوم کے مشہور خادم ہیں، آج کل وہ حیدرآباد کے پولیٹیکل اور فنانشل سکریٹری کے اہم عہدہ پر فائز ہیں چونکہ ان کی خواہش یہ بھی کہ وہ ہندوستان واپس ہونے سے پہلے انگلستان کا دورہ کرلیں اس لئے پچھلے ہفتہ اُنھوں نے مسٹر گلیڈاسٹون کا دعوت نامہ قبول کرلیا جس میں ان کو ہاورڈن کاسل (قصر ہاورڈن) آنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ راستہ میں وہ مانچسٹر ٹھہرے، جہاں اُن کا استقبال مسٹر مکینل اور مسٹر واڈس نے کیا جن کو شہر کے معاملات و دیگر معززین سے قریبی تعلق تھا محسن الملک نے مختلف اہم و دلچسپ مقامات کی سیر کی، چیسٹر میں میجر رابرٹسن ملے جو کبھی حیدرآباد کے اسسٹنٹ رزیڈنٹ تھے، یہاں سے یہ اصحاب قصر ہاورڈن پہنچے۔ جہاں مسٹر گلیڈاسٹون نے نہایت تپاک کے ساتھ اُن کی پذیرائی کی۔

ملاقات کی حسب ذیل کیفیت حکومت نظام کی اطلاع کے لئے مرتب کی گئی ہے۔

مسٹر گلیڈاسٹون نے سلسلۂ گفت وشنید یوں شروع کیا کہ بالعموم وہ ملاقاتیوں سے قصر ہاورڈن میں نہیں ملا کرتے کیونکہ یہاں اُن کو تخلیہ و سکون حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے لیکن اس خاص موقع پر اُن کو یوں استثنا برتنا پڑا کہ ملاقات ایک ایسے شخص سے ہونیوالی تھی جس کو اپنے وطن میں مخصوص امتیاز و اعزاز حاصل تھا۔

اس کے بعد انھوں نے دریافت کیا کیا آپ کو اکثر انگلستان آنے کا اتفاق ہوتا رہا ہے اور بالخصوص آپ نے لیورپول بھی دیکھا ہے پھر اُنھوں نے دریا سے مرسی کے دلچسپ مناظر کا بیان کرتے ہوئے اس کی موجودہ ہیئت اُس کے ڈاک Docks کی وسعت جو چھ میل کے رقبہ میں ہے اپنے باپ کے زمانہ سے مقابلہ کیا اور یہ بتایا کہ اگرچہ دریا بہت وسیع ہے لیکن مختلف وجوہ سے پہلے کی بہ نسبت اب بحری تجارت کم ہوتی ہے اور یہ کہ اُن کے والد نے سب سے

پہلے سنہ ۱۸۱۲ء میں ایک تجارتی جہاز گنگس مل، نامی ہندوستان روانہ کیا تھا اور یہ معلوم کرنے پر کہ مہدی علی کا یہاں سب سے پہلا سفر ہا ورڈن کاسل آنے کے لئے تھا شکریہ ادا کیا اور ہز ہائینس نظام کے نمایندہ سے ملاقات ہونے پر بڑی مسرت ظاہر کی

مولوی مہدی علی نے کہا کہ وہ مسٹر گلیڈ اسٹون کا نام اور شہرت ہندوستان اور انگلستان دونوں میں سن چکے ہیں، پھر انہوں نے اس خط کا حوالہ دیتے ہوئے جو مسٹر گلیڈ اسٹون نے سالار جنگ[1] کے اس مضمون کے سلسلہ میں تحریر کیا تھا جو موخر الذکر نے ایک رسالہ میں لکھا تھا، کہا کہ میں آپ کا نہایت شکرگزار ہونگا اگر آپ اپنی زبان سے بھی یہ فرمادیں گے کہ آپ باشندگان ہند سے بالعموم اور اُن کے (مہدی علی کے) ہم مذہبوں سے بالخصوص ہمدردی رکھتے ہیں۔

مسٹر گلیڈ اسٹون نے کسی قدر شرح و بسط کے ساتھ اپنے ان دوستانہ اور ہمدردانہ جذبات کا ذکر کیا جو ہندوستان اور اس کے باشندوں کی طرف سے اُن کے دل میں موجزن تھے اور یہ بھی فرمایا کہ جو خط انہوں نے سالار جنگ کو لکھا تھا اُسے اُن کے اُن آرا و افکار کا ترجمان تصوّر کیا جا سکتا ہے جن پر وہ اب تک قائم ہیں اور جن میں اب تک کسی قسم کا تغیّر واقع نہیں ہوا ہے اور اُس پر کچھ اضافہ کرنا نہیں چاہتے۔

اُن کے لئے یہ امر باعثِ مسرّت ہے کہ ہندوستان کے تمام اربابِ سیاست اس بات کو رفتہ رفتہ محسوس کر رہے ہیں اور اس پر استواری کے ساتھ قائم ہیں کہ انگریزوں کا ہندوستان میں قیام صرف اس اعتبار سے جائز اور معتبر ہے کہ وہ ہندوستان کی صلاح و فلاح کا موجب ہے۔ ان کو یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ اب تک جتنی تجاویز اور تدابیر بروئے کار لائی گئی ہیں، اُن میں اسی مفید اور بصیرت افروز پالیسی کو مدّ نظر

---

[1] میر لایق علی خاں عماد السلطنت جب سبکدوش ہونے کے بعد یورپ گئے ہیں تو اس زمانہ میں یہ مضمون لکھا تھا۔

رکھا گیا ہے۔

مولوی مہدی علی، آپ ایسے فاضل اور مشہور سیاست داں کی زبان سے یہ خیالات سُن کر مجھے نہایت مسرت حاصل ہوئی۔

مسٹر گلیڈاسٹون، تمام امور سے قطع نظر کرکے میں ان دنوں اپنی تمامتر توجہ اس پر صرف کر رہا ہوں کہ آئرلینڈ کا نظم حکومت کس نوعیت کا ہو۔ رہا ہندوستان کا اندرونی معاملہ اس کے بارے میں میرا خیال ہے کہ ان نوجوانوں کی رائیں جن کو مجھ سے بہتر مواقع غور کرنے کے ملے ہیں زیادہ سودمند ہوں گی۔

مولوی مہدی علی۔ آپ ایسے مقتدر مدبر کی رائے بہرنوع نہایت درجہ قیمتی ہوگی۔

مسٹر گلیڈاسٹون نے (کسی قدر مایوسانہ) جواب دیا کہ دارالعوام کا ۵۶ سال تک رکن رہنے کے بعد اب میں اپنی سیاسی زندگی کے آخری مرحلہ سے گزر رہا ہوں (از راہ خوش طبعی) آخر "پک کر اُتر جانا" بھی تو کوئی چیز ہے۔

جب اُن سے یہ سوال کیا گیا کہ انگلستان کے اقتدار کو برقرار رکھنے اور اگر ضرورت پیش آئی تو جنگ کریمیا کی اس پالیسی کو دوہراتے رہیں گے جس سے کہ ٹرکی کو مدد پہونچے جو کہ ملت اسلامیہ کا مدعا ہے اور یہ پالیسی نہ صرف اس لئے ہوگی کہ مسلمانان ہند کی ہمدردی حاصل ہو بلکہ مشرق کی طرف روسی پیشقدمی کو روکا جائے۔

مسٹر گلیڈاسٹون نے فرمایا کہ یہ مسئلہ نہایت درجہ اہم اور تفصیلی بحث کا محتاج تھا لیکن قطع نظر اس سے کہ اس پر شرح وبسط سے بحث کی جائے، مجھے اس امر کے اظہار میں مطلق پس وپیش نہیں ہے کہ بذاتہ ترکی کی طرف سے میرے جذبات نہایت دوستانہ ہیں، اسکندریہ پر گولہ باری کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ یہ فعل بعض حلقوں میں اس اعتبار سے قابل اعتراض تصور کیا گیا کہ یہ ایک طور پر دولت ترکی کے سرحدی مقبوضات پر حملہ کرنے کا مرادف تھا جس دن گولہ باری ہوئی ہے اس کے قبل کی

شب میں میں ترکی سفیر مسرور پاشا ؟ کے ساتھ شب کے کھانے پر تھا، میں نے اُن کو بتا دیا تھا کہ یہ مصر میں ترکی اثرات کے برسرِ کار لانے کے لئے راستہ صاف کیا جا رہا تھا، ترکی افواج اس طور پر مصر میں داخل ہو کر خدیو کو بعض ان مضر اور مخرب اثرات سے نجات دلا سکیں گی جن میں وہ گھرے ہوئے تھے، یہ مشورہ ترکی سفیر نے فی الفور بذریعہ تار برقی قسطنطنیہ پہنچایا، لیکن بدقسمتی سے ہز مجسٹی سلطان نے اس کو قبول کرنا مناسب نہیں خیال کیا۔ رہا مصر پر قبضہ اس کے بارے میں قطعاً شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ وہاں افواج صرف اس وقت تک رکھی جائیں گی جب تک ان کا رکھنا اشد ضروری ہوگا، ورنہ ملک فوراً خالی کر دیا جائیگا۔

رہا یہ امر کہ باشندگان ہند کی طرف سے اُن کے خیالات کیا تھے، مسٹر گلیڈاسٹون نے فرمایا کہ میں نے اپنے عہد وزارت میں اپنے پرانے دوست اور رفیق کار لارڈ رپن کا تقرر کیا تھا جنہوں نے ہندوستان کے لئے کتنی مہتم بالشان یادگاریں چھوڑیں، اس کے بعد لارڈ ڈفرن کارفرما ہوئے، جن کو شاید اپنے پیش رو کی طرح مواقع نصیب نہیں ہوئے لیکن اس میں شک نہیں کہ وہ اپنے پیش رو کے نقش قدم کو خضر راہ بنانے کے لئے ہمیشہ کوشاں اور متمنی رہے۔

مولوی مہدی علی نے کہا کہ جہاں تک ان کے ہم مذہبوں کا تعلق ہے ان کو یقین کامل ہے کہ قدیم سلطنت مغلیہ کی تشکیل ناممکن ہے اور ایک ایسی حکومت جو اُن کے مذہب کا احترام اور ہمت افزائی کرنے کے علاوہ مسلمانوں کو دنیاوی منفعت سے متمتع کرتی ہے ہر نوع اس کی مستحق ہے کہ اس کی اعانت کی جائے اور اس کا دم بھرا جائے اسکے بعد فرمایا کہ ضرورت آن پڑی تو مسلمانوں کے دلوں میں وہی جذبات محبت اور عقیدت موجزن ہوں گے جو مسلمانانِ ہند کے دلوں میں گذشتہ زمانہ میں موجزن تھے اور اس طور پر برطانوی اقوام کے دوش بدوش وہ مشترک دشمن کے لئے سینہ سپر بھی ہوں گے،

یہ جذبۂ عقیدت حیدرآباد دکن کی نسبت سے اور زیادہ صحیح تھا اور تاج برطانیہ کے ساتھ حیدرآباد دکن کو جو عقیدت ہے وہ اپنی غیر متبدل نوعیت کے اعتبار سے ہمیشہ نمایاں اور ممتاز رہی -

مولوی مہدی علی نے سرسالارجنگ سابق کا بھی ذکر کیا جن کے آرا اور عقائد سے مسٹر گلیڈ اسٹون پورے طور پر واقف تھے اور جنہوں نے مولوی مہدی علی سے اکثر اس امر کا اعادہ کیا کہ برطانوی حکومت ہندوستان کے لئے ایک نعمت و رحمت ہے اور اسی وجہ سے اُنہوں نے بتیس سال ہوئے غدر کے موقع پر انگریزوں کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ کر دی تھی -

مسٹر گلیڈ اسٹون نے جواب میں فرمایا کہ مجھے یہ حالات سُن کر مخصوص مسرت اور طمانیت حاصل ہوئی بالخصوص اس وجہ سے کہ اُنہوں نے براہ راست یہ روایت ایسے شخص سے سُنی جو معتبر اور بارسوخ ہے -

اس کے بعد گفتگو کا رُخ اس اعانت اور امداد کی طرف پھرا جو گزشتہ سالوں میں دیسی والیانِ ریاست نے حکومت برطانیہ کو پیش کی تھی - جن میں سب سے گراں قدر امداد ہزہائی نس نظام حیدرآباد کی طرف سے پیش کی گئی تھی، اور حیدرآباد وہ ریاست ہے جہاں سے ہر وقیع اسلامی جذبہ کی شعاعیں ہندوستان کے ہر گوشہ میں پھیلتی رہتی ہیں - اس سلسلہ میں ریاست کے امیر کبیر سر آسماں جاہ صدر اعظم کا بھی تذکرہ آیا جنہوں نے اپنے آقا کے نقش قدم کو اپنا رہنما بنایا اور یہ تہیہ کر لیا تھا کہ اگر موقعہ آیا تو اپنے سارے ذرائع اور وسائل حکومت برطانیہ کے لئے محفوظ اور مخصوص کر دینگے -

مسٹر گلیڈ اسٹون نے جواب دیا کہ جو جذبات اس اقدام کے محرک ہوئے ہیں وہ نہایت درجہ قابل ستائش ہیں اور یہ امر کہ اس کا انتظام بھی ہو گیا ایک ایسا حیرت انگیز واقعہ تھا جو اب تک اُن کے علم میں نہ آیا تھا اور اُن کو یقین تھا کہ تاج برطانیہ کے

ساتھ یہ دلی عقیدت کبھی زائل یا زوال پذیر نہ ہوگی۔

نیشنل کانگریس کے مسئلہ پر مسٹر گلیڈاسٹون نے فرمایا کہ مجھے کافی معلومات نہیں ہیں اس لئے مجھے اس موضوع پر بحث کرنے میں پس وپیش ہے لیکن جہاں تک میرا علم ہے، کانگریس کے سامنے جو مسائل ہیں وہ بالعموم شادی کی اصلاح یا صغرسنی کی شادی کے انسداد سے متعلق ہیں اور یہ وہ مسائل ہیں جو کلیتاً ہندوؤں سے متعلق ہیں۔

مولوی مہدی علی نے کہا کہ اُن کے ہم مذہب بحیثیت قوم اُسمیں شامل نہیں ہوئے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ حکومت کو اصلاحات کو نافذ کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیا جائے کیونکہ اُس نے اُن کے اور اُن کے مذہب کے لئے بہت کچھ کیا تھا اور اُس کے خلاف سیاسی شورشیں کرنا نا روا تھا۔ اُس کے ساتھ اُنھوں نے یہ بھی فرمایا کہ اس میں شک نہیں تعلیم یافتہ باشندگان وطن کا حکومت کے معاملات میں رائے زنی کے لئے آمادہ ہونا یقیناً بہتر ہے لیکن دوسری طرف اس میں یہ خطرہ ہے کہ باشندوں کی کثیر تعداد غیر تعلیم یافتہ ہے اور انتظامی معاملات پر غور و فکر کرنے کی اہل نہیں ممکن ہے حکومت کے رویہ پر باشندگان کی نکتہ چینی حکومت کی نا قابلیت اور کمزوری پر محمول کی جائے اور اس غلط فہمی کا پھیلنا نہایت درجہ ناپسندیدہ بات ہے۔

مسٹر گلیڈاسٹون نے جواب دیا کہ ممکن ہے ایسا ہی ہو لیکن وہ یہ چاہتے نہیں کہ لوگ یہ سمجھیں کہ اُنھوں نے اس مسئلہ پر اظہار خیال کیا ہے۔ البتہ وہ اس امر کا اعادہ کر سکتے ہیں کہ وہ ہر اُس تجویز یا تحریک کا نہایت گرمجوشی کے ساتھ خیر مقدم کرنے کے لئے تیار ہیں جو جائز اور معقول ہو۔ اور جس کا بروئے کار لانا لوگوں کے نزدیک ان کی ضروریات کی کفیل اور صورت حال کی مصلح ہو۔

اِس کے بعد مسٹر گلیڈاسٹون اُن لوگوں کو قدیم الایام قصر کے منہدم آثار پر لے گئے اور اُس کی تاریخ اور قدامت کی تفصیل بیان کرتے رہے۔ اُنھوں نے اپنے پارک کی

خوش نمائیوں کی طرف لوگوں کو متوجہ کیا مزید گفتگو کے سلسلہ میں اُنھوں نے فرمایا کہ مجھے یہ امر معلوم کرکے نہایت مسرت ہوئی کہ ہز ہائی نس نظام نے اپنے خاندان کی روایات کو نظر انداز کرکے اپنے دادی صاحبہ مکرمہ کے جنازہ میں شرکت کی۔ اُن کو یہ معلوم کرکے بھی طمانیت ہوئی کہ موجودہ دَور میں مسلمان ذہنی ترقی حاصل کر رہے ہیں جس کی ایک علامت یہ ہے کہ اس وقت اکسفورڈ اور کیمبرج کی یونیورسٹیوں میں تقریباً ۳۰ ہندی مسلمان داخل ہیں۔

مسٹر گلیڈ اسٹون کے لئے یہ امر موجب دلچسپی ہوا کہ مولوی مہدی علی اس امر سے واقف تھے کہ ان کو (مسٹر گلیڈ اسٹون کو) درختوں سے محبت ہے اور تبر آزمائی میں اُن کی طاقت مسلم تھی۔ مسٹر گلیڈ اسٹون نے اپنا ایک فوٹو دیا جو اس وقت لیا گیا تھا جب کہ وہ درخت کاٹ رہے تھے۔ اُس کے معاوضہ میں آنھوں نے نواب مہدی علی کا فوٹو لینا بھی منظور کیا۔

اِس کے بعد مسٹر گلیڈ اسٹون نے نواب مہدی علی کا تعارف اپنے خاندان کے دوسرے اراکین سے جو اِس وقت قصر ہاورڈن میں موجود تھے کرایا۔ اس ملاقات کے اختتام پر جو شروع سے آخر تک نہایت خوشگوار اور پُرخلوص تھی، مسٹر گلیڈ اسٹون نے نواب مہدی علی سے فرمائش کی کہ وہ اُن کا مودبانہ سلام اور اُن کی بہترین تمناؤں کا ہدیہ ہز ہائی نس نظام کی خدمت میں لے جائیں۔ اور ایک مرتبہ پھر اس کا اعادہ کیا کہ ہز ہائی نس نے جس فیاضی کے ساتھ حکومت برطانیہ کی اعانت پر آمادگی ظاہر کی تھی اسکو وہ کبھی فراموش نہ کرسکیں گے۔

واپسی میں ایک دعوت

جب وہ لندن سے واپس ہونے لگے تو ہز گریس ڈیوک آف ویسٹ منسٹر اِن کا دعوت نامہ موصول ہوا جس میں نواب مہدیعلی کو خاص طور پر مدعو کیا تھا۔ چنانچہ اٹین ہال میں نہایت توقیر واحترام کیساتھ نواب صاحب کے مراسم پذیرائی بجالائے گئے۔

اور اس رفیع الشان قصر کے تمام حصّوں، عالی شان بیرونی عمارتوں، باغ اور رمنے کی سیر کرائی گئی۔ (ترجمہ لندن ٹائمز ۱۲ ستمبر ۱۸۵۵ء)

اس ملاقات کے متعلق متعدد اخبارات نے تبصرے کئے اور مضامین لکھے لیکن اس موقع پر لندن ٹائمز کا ہی تبصرہ درج کیا جاتا ہے۔

لندن ٹائمز کا تبصرہ

ہم آج حکومت نظام کی اطلاع کے لئے نواب مہدی علی (نمایندہ نظام بسلسلہ مقدمہ دکن) اور مسٹر گلیڈاسٹون کی ملاقات (بمقام ہاورڈن) کی کیفیت شائع کر رہے ہیں اور ہم کو یہ سن کر مسرت ہوئی کہ ملاقات آخر تک نہایت دوستانہ اور دلچسپ رہی اور دونوں اس ملاقات سے مسرور ہوئے۔

نواب مہدی علی، مسٹر گلیڈاسٹون کی شہرت ہندوستان اور انگلستان میں پہلے ہی سن چکے تھے اور اس زبردست مدبر کے متعلق اپنے حُسنِ ظن میں قابلِ قدر اضافہ کرنے کا تہیّہ کر کے آئے تھے۔

ہمیں امید ہے کہ جب وہ نظام کے حضور میں واپس جائیں گے تو اس عزت و توقیر کا یقین لے کر جائیں گے جو اس مشرقی حکمراں کی مسٹر گلیڈاسٹون کے دل میں ہے خصوصاً وہ گرم جوشی اور ہمدردی جو موصوف نے ان تمام لوگوں کی نسبت ظاہر کی جن کا تذکرہ اِس ملاقات میں آیا، لیکن اگر (نواب) مہدی علی مسٹر گلیڈاسٹون کے سیاسی نظریات کی ٹوہ میں ہاورڈن آئے تھے تو ہمیں یقین ہے کہ وہ اپنی معلومات میں کسی قسم کا اضافہ کر کے نہ لے گئے ہوں گے۔

(نواب) مہدی علی نے دو باتوں پر بہت زور دیا اور چاہا کہ اُن کا معزز میزبان کُل کا گہرا راز کہہ دے لیکن انہیں اُن میں سے ایک کا بھی تسلی بخش جواب نہیں ملا جتنا وہ چاہتے تھے۔

جنگ کریمیا کی پالیسی اور دولت انگلشیہ کا اُسے برقرار رکھنا، نیز بر وقت ضرورت

ٹرکی کو مسلح فوج سے امداد دینے کے متعلق مسٹر گلیڈاسٹون نے صرف اتنا کہا کہ یہ سوال بہت اہم ہے اور اس میں کافی بحث کی گنجائش ہے، ذاتی طور پر مسٹر گلیڈاسٹون کے خیالات ٹرکی کی طرف سے بہت اچھے ہیں لیکن ہمیں علم نہیں کہ اُن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے وہ کہاں تک تیار ہیں۔

اسکندریہ کی گولہ باری ایک ایسی مثال تھی جو اس دوستی کے ثبوت میں پیش کی جاسکتی تھی لیکن چونکہ اس کا اثر ترکی کے بیرونی علاقہ پر پڑا اس لئے یہ کافی تسلی بخش ثابت نہیں ہوئی، مگر مسٹر گلیڈاسٹون کے کاموں کو اگر ہم اُن کی تہ تک پہنچنا چاہتے ہیں تو اُن کے الفاظ کی طرح گہری نظروں سے دیکھنا چاہیئے، یہ ہمیں اب معلوم ہوا کہ گولہ باری کی غرض صرف اتنی تھی کہ مصر میں ترکی حکومت کا دخل ہو جائے مگر بدقسمتی سے سلطان ترکی نے اس کی غلط توجیح کی اور اس موقع سے فائدہ نہیں اُٹھایا جو اُن کے ناخواندہ مددگار دوں نے بہم پہنچا دیا تھا۔

مسئلہ مصر کے متعلق مسٹر گلیڈاسٹون کو ذرا بھی شک نہیں کہ حکومت اِس بات پر تیار ہے کہ مصر سے دست بردار ہو جائے اور وہ اپنی فوج ضروری مدت سے زیادہ ہرگز نہیں رکھے گی۔

یہ ایک عام طرز بیان ہے ورنہ جب کہ وقت کی میعاد مقرر نہیں کی گئی ہے اور نہ کوئی ایسی شرط پیش کی گئی ہے جس سے معلوم ہو سکے کہ کب مصر میں فوج کی ضرورت باقی نہیں رہے گی تو اس کا مطلب خبط ہو جاتا ہے۔

اِسی طرح (نواب) مہدی علی انڈین نیشنل کانگرس کے متعلق بھی مسٹر گلیڈاسٹون کے خیالات معلوم کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے، اِس میں بہت سی دشواریاں تھیں۔

(نواب) مہدی علی انگلستان میں ایک مسلمان حکومت کے نمایندے کی حیثیت سے آئے تھے اور مسلمانان ہند نے اپنے کو بحیثیت قوم کانگرس بحرکہ (سے بالکل علیحدہ

کر لیا

اُس سے (مسٹر گلیڈاسٹون کے) اتفاق کرنے کے یہ معنی ہوتے کہ اس میں حصہ نہ لینے والے قابلِ الزام ہیں اور اس تحریک کے خلاف رائے دینا گویا اپنی اُس پوزیشن کو مجروح کرنا تھا جو مسٹر گلیڈاسٹون کو انقلابیوں میں حاصل ہے خواہ وہ دنیا کے کسی حصہ میں کیوں نہوں لیکن (نواب) مہدی علی اب بھی کچھ کچھ زور دے رہے تھے انہوں نے مسٹر گلیڈاسٹون کی توجہ کانگریس سے پیدا ہونے والے خطرات کی طرف مبذول کرائی اور اپنے ہندوستانی ہم مذہبوں کے دوسری راہ اختیار کرنے کی بھی معقول وجوہ بیان کئے مگر مسٹر گلیڈاسٹون اِس قالب میں نہ ڈھل سکے اور اُنہوں نے عمومیت کے دامن میں پناہ لی، وہ اس مخصوص معاملہ پر اظہار خیال کرنا نہیں چاہتے تھے اور ہر طرح اپنا پہلو بچا رہے تھے، اُنہوں نے جو کچھ کہا وہ صرف یہ تھا کہ انہیں ان لوگوں سے کافی ہمدردی ہے جو اپنے مطالبات پورے کرانے اور اپنی حالت سدھارنے کی جائز اور معقول کوششوں میں لگے ہوئے ہیں لیکن جو مسائل اسوقت در پیش ہیں ایسے ہیں جن کی نہ تو حمایت ہی کی جاسکتی ہے اور نہ مخالفت،

جانبین کے لئے ایک سب سے بڑی مشکل مسٹر گلیڈاسٹون کی معلومات کا ناقص ہونا ہے جو ایک اہم مسئلہ میں سدّراہ ہے ہم کو اس مسئلہ پر اس سے زیادہ غور نہیں کرنا چاہئے کہ اُن کے لئے یہ ایک خوشگوار حیلہ تھا کیوں کہ مسٹر گلیڈاسٹون کے ذرائع معلومات بہت زیادہ وسیع ہیں اور اُن کی یہ عادت ہے کہ معمولی سے معمولی معاملات بھی جو کہ نظر انداز کئے جاسکتے ہیں وہ اُن کی حقیقت بھی معلوم کرلینا چاہتے ہیں۔ لیکن چوں کہ اُن کے حیلہ کی بنیاد پختہ تھی اس لئے اُن کے عذر میں شبہ کی گنجائش نہیں۔

کانگریس کے متعلق مسٹر گلیڈاسٹون کو جو کچھ یاد ہے وہ صرف ہندوستان کا قانون شادی ہے اور بچپن کی شادی کا انسداد (خصوصاً اہلِ ہنود میں جیسا کہ اُنہوں نے ظاہر کیا) مسٹر گلیڈاسٹون اس بات سے خوش ہیں کہ انہیں کچھ باتیں یاد ہیں اور کچھ کے

بھلا دینے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

اگر کانگریس کا نصب العین صرف اہلِ ہنود میں شادیوں کی اصلاح کرنا ہی ہے تو (نواب) مہدی علی کے ہم مذہب مسلمان کانگریس سے علیحدہ رہنے میں حق بجانب ہیں کیونکہ انہیں قانونِ شادی سے کوئی سروکار نہیں۔

لیکن جب (نواب) مہدی علی نے یہ دریافت کیا کہ کیا غیر تعلیم یافتہ طبقہ حکومت کا بہترین نقاد ہو سکتا ہے اور کیا اُسے اس کی شہ دینا خطرناک نہیں تو مسٹر گلیڈ اسٹون کے حافظہ کی کمزوری نے اُن کی بہترین خدمت کی۔

ہم نہیں سمجھتے کہ (نواب) مہدی علی کے یہ سوالات کسی طرح بھی اُس زبردست مدبّر کی ذہانت کو مشتبہ کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی مسٹر گلیڈ اسٹون نے اُنہیں بہت ہی کھٹّے دل سے سُنا ہوگا اور اپنے دل میں یہ سوچ کر خوش ہوئے ہونگے کہ میں نے اپنی لاعلمی کا اظہار کر دیا، اور یہی وہ آلہ ہے جس سے وہ اس وقت کام لیتے ہیں جب صاف جواب دینا نہیں چاہتے، مسٹر گلیڈ اسٹون اپنی اُس محبت پر جو اُنہیں ہندوستان اور خاص کر وہاں کے مسلمانوں سے ہے بغیر کسی قسم کی احتیاط کے اظہار خیال کر سکتے تھے وہ یہ سوچ سوچ کر خوش ہو رہے تھے کہ تمام لوگ اور تمام سیاسی جماعتیں اُن کی ہم خیال ہوتی جا رہی ہیں اور ایک مفید اور ایک روشن پالیسی ہندوستان کے لئے تیار ہے لیکن جب اُنھوں نے اپنے جذبات کی گرم جوشی کا ثبوت دیا جو اُنہیں ہندوستان اور وہاں کے مسلمانوں کے ساتھ ہے تو وہ ایسا ہی تھا جیسا کہ ترکی سے ہمدردی رکھنے کا ثبوت تھا۔

ترکی سے محبت کا ثبوت اُنھوں نے اسکندریہ پر گولہ باری کر کے دیا تھا اور ہندوستانی مسلمانوں کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار اُنھوں نے لارڈ رپن کو وسیرائے بنا کر کیا جنھوں نے ایک ایسی پالیسی اختیار کی جس سے ہندوستانی مسلمانوں کو اظہار بیزاری کرنے کا ہر طرح حق حاصل تھا۔ مثلاً اُنہیں اِس حق سے محروم رکھنا جو اُن کو پبلک کے معاملات اور

نظامِ حکومت میں حاصل ہے۔

ہمیں معلوم ہے کہ مسٹر گلیڈ اسٹون کو ہر شے سے ایک خاص ہمدردی ہے حتےٰ کہ درختوں سے بھی، لیکن یہ ہمدردی جیسا کہ اُنھوں نے اپنے مہمان کو بتایا اُن کی ہمت و شجاعت کو کلہاڑی استعمال کرنے سے باز نہیں رکھ سکتی۔

(نواب) ہمدی علی ہندوستان اپنے ساتھ ایک تصویر لے جائیں گے جو اس وقت لی گئی ہے جب کہ مسٹر گلیڈ اسٹون ایک درخت کے کاٹنے میں مشغول تھے، یہ تصویر سیاحت ہاورڈن کی ایک دلچسپ یادگار ثابت ہوگی اور اکثر اُن کے دل میں اِس درشتی کی یاد تازہ کرتی رہا کرے گی جس سے وہ کبھی کبھی اپنی عالمگیر محبت کے ساتھ پیش آیا کرتے ہیں

اسوقت مسٹر گلیڈ اسٹون آئرلینڈ کی حکومت کی تنظیم میں اس درجہ منہمک ہیں کہ اُنہیں دوسرے معاملات پر توجہ کرنے کا بالکل وقت نہیں ملتا ہے (یوں تو) ان کا دریائے ہمدردی ہر اُس نشیب میں بہنے لگتا ہے جو اپنے کو پیش کردے لیکن یہ صرف آئرلینڈ ہی ہے جس پر اُن کی ساری فراست ختم ہوئی جا رہی ہے۔ وہ ہندوستان کے اندرونی معاملات کو اپنے سے چھوٹوں کے لئے چھوڑ دینے پر بالکل آمادہ ہیں لیکن ایک تماشائی کی حیثیت سے وہ معاملات کی تغیرِ حال پر خوش ہیں۔

نظام اور دوسرے رئیسوں کی اس بات پر آمادگی کہ وہ اپنے سارے ذرائع اور وسائل حکومت کو حوالہ کردینے پر تیار ہیں مسٹر گلیڈ اسٹون کے لئے باعث صد مسرت و انبساط ہے لیکن اس بات پر وہ بالکل خاموش ہیں کہ اُن کی ضرورت کہاں پیش آئے گی وہ اس پیش کش کو قابلِ ستائش مستعدی سے تعبیر کرتے ہیں اور اُسے اپنے دَورِ حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ سمجھتے ہیں۔

ممکن ہے کہ یہ بیان کچھ مبالغہ آمیز معلوم ہو لیکن مسٹر گلیڈ اسٹون خود دَورانِ ملاقات میں مبالغہ کی بلندیوں پر موجود تھے، وہ جس طرف مائل ہوتے تھے اُن کے جذبات

اس درجہ شدید ہوتے تھے کہ اُن کو الفاظ کا جامہ پہنانا ہی پڑتا تھا اگر نظام کا برطانوی حکومت کے ساتھ اطاعت و فرماں برداری کا رویہ رکھنا انتہائی خوشی و مسرت کا سبب ہے تو اسی طریقہ سے اُس فرماں روا کے لئے انتہائی سعادت مندی کے ساتھ اپنی دادی صاحبہ کے جنازہ میں شرکت ایک اخلاقی فرض تھا۔

ہر چیز ایک خوش نما رنگ میں رنگی ہوئی تھی جس کو ایک زبردست دماغ کا پرتو تصوّر کرنا چاہئے۔

اگر (نواب) مہدی علی اس ملاقات میں جن معاملات کے متعلق معلومات بہم پہنچانا چاہتے تھے کچھ زیادہ بہم نہ پہنچا سکے تو وہ اپنے دل پر مسٹر گلیڈاسٹون کی شخصیت کا ایک خوشگوار اثر ضرور لے کر رخصت ہوئے ہوں گے۔

اس کے علاوہ ہمارا خیال ہے کہ وہ مسٹر گلیڈاسٹون کی اس تدبر و فراست کا بھی زبردست نقش لے کر گئے ہوں گے کہ اُنھوں نے کہیں کوئی بات ایسی نہیں کہی کہ جس سے اُن کی کہیں کسی طرح کی گرفت ہوسکے اور وہ نازک و دقیق مسائل کے پیچ و خم سے پورے طور پر نکل آئے

نواب محسن الملک اور مسٹر گلیڈاسٹون کی مُراسلت

نواب صاحب اس ملاقات میں مسٹر گلیڈاسٹون کے افکار و خیالات معلوم کرنے میں پورے کامیاب نہ ہوسکے اس لئے اُنھوں نے واپس آکر کانگریس کے متعلق ایک خط لکھا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ:۔

خلاصۂ خط

گزشتہ ستمبر کو جب کہ ہاورڈن میں آپ نے مجھے شرف ملاقات بخشا تھا اُسوقت نیشنل کانگریس کے متعلق جس کی جانب سارے ہندوستان کی توجہ روز بروز بڑھ رہی ہے اظہار خیال کے لئے میں نے آپ سے درخواست کرنے کی جرأت کی تھی۔ ہندوستان کے بعض مشہور و معروف اخباروں نے سر آکلینڈ کالون

صاحب کی رائے سے اتفاق کیا ہے اور چند نے اختلاف۔ سرسید احمد خاں اور دوسرے حضرات جنہیں ہم اپنا رہبر سمجھتے ہیں اُنہوں نے بھی اس بارہ میں اپنی رائے بہ تفصیل ظاہر کی ہے ایسی حالت میں (بشرطیکہ معاملات ملکی اس قسم کے اظہار خیال میں حائل نہ ہوں) اگر آپ اس سلسلہ میں اپنے گراں بہا خیالات کا اظہار فرمائیں تو آپ کے علوم مرتبت کی وجہ سے دنیا پر اس کا دائمی اور پائدار اثر ہوگا۔

ہم کانگریس کے خلاف ہیں۔ خصوصاً ہم اس طرز و طریق کو اور بھی بُرا سمجھتے ہیں جن کے ذریعہ سے اس کے حامیوں نے کانگریس کو مقبول بنانے کی سعی کی ہے لیکن یہ مسئلہ اس قدر پیچیدہ ہے کہ ہم اسے کماحقہ حل نہیں کر سکتے نہ ہماری تعلیم اس درجہ کو پہنچی ہے کہ ہم ملک کے ایسے تعمیری معاملات پر بخوبی غور کر سکیں علاوہ ازیں کوئی تاریخی مثال بھی نظر نہیں آتی کہ ایک ایسی مرکزی قانون ساز جماعت موجود ہو جو قوم اور مذہب کے لحاظ سے مختلف فریقوں پر مشتمل ہو۔ مقامی فساد کے تازہ اور گوناگوں اسباب یا گورنمنٹ پر اعتراضات اور نکتہ چینی کی بھرمار ممکن ہے کہ یہ چیزیں مجوزہ کانگریس کی توجہ کو اپنی جانب منعطف کرلیں لیکن اس سے کسی مفید قانون سازی کی توقع نہیں پائی جاتی۔

اِس خط کا جواب حسب ذیل تھا۔

مسٹر گلیڈاسٹون کا جواب

ہاورڈن کاسل۔ چیسٹر ۱۰ دسمبر ۱۸۸۸ء

ڈیرسر۔ آپ کے دلچسپ خط کا تفصیلی جواب ہندوستان سے متعلق بعض ایسے مسائل کی تفصیل و تجزیہ کا محرک ہوتا ہے جن سے عہدہ برآ ہونا میری طاقت سے باہر ہے۔ انسانی نسل کی تاریخ میں نیابتی نظام کا رکا زمانہ ماضی میں بہت بڑا حصہ رہا ہے اور آیندہ ممکن ہے اس کی کارفرمائی اور بھی زیادہ مسلّم اور متیقن ہو، اس کی ابتدا آریائی بالخصوص مغربی ہے اور میرا خیال ہے کہ یہ عیسائی

کلیسا کے داخلی نظام کار کا رہین منت ہے، اس سے صلاح و فلاح کے مہتم بالشان ثمرات حاصل ہوئے ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس طریقہ کار کو مزید توسیع دی جائے۔

مجھے یہ نہیں معلوم کہ مسلمانوں کا عیسائی یلغاریوں کے ساتھ اتحاد یک بہ یک اور یک لخت ان ممالک میں بھی ممکن و مقبول ہوگا جہاں اس قسم کے اتحاد کا برسر کار لانا غرابت سے خالی نہیں اس لئے ان کا نتیجہ خیز یا ثمر آفریں ہونا بھی غیر متیقن ہے۔

ایسے معاملات میں کامل غور و خوض کرنا چاہئے اور ایسی مساعی بر سر کار لانے چاہئیں جن سے تجربہ حاصل کرنا مقصود ہو۔

میں اس مسئلہ کو اسی طور پر چھوڑتا ہوں لیکن میں یہ ہرگز پسند نہیں کروں گا کہ اس مسئلہ میں مختلف آرا و افکار کو دبانے کی کوشش کی جائے بشرطیکہ اس کا اظہار خیر خواہانہ اور سنجیدہ طریقہ پر کیا جائے۔

آپ کا مخلص و عقیدت مند

ڈبلیو، ای۔ گلیڈ اسٹون

قوم میں حیات اجتماعی اور احساس ملّی پیدا کرنے کی کوشش

سرسید نے اپنی قوم کے ارتقا کی جو کوششیں شروع کی تھیں اُن میں تعلیمی کانفرنس کا قیام بھی ایک مؤثر اور زبردست کوشش تھی یہ کانفرنس ۱۸۸۶ء میں قائم ہوئی تھی اور یقین تھا کہ اس کے ذریعہ قوم میں حیات اجتماعی اور اپنی حالت پر غور کرنے کا ایک جذبہ پیدا ہوگا لیکن سات برس تک اُن کو جب کہ وہ عمر کی سترویں منزل میں تھے تنہا یہ مہم سرانجام کرنی پڑی۔ ایم، اے او، کالج کے کام بھی کچھ کم نہ تھے اور یہ سب بار ان ہی کی ذات پر تھا اس لئے کانفرنس کا دائرہ اثر محدود رہا۔ نواب محسن الملک اس عرصہ میں اگرچہ حیدرآباد میں تھے لیکن رفتار حالات پر ان کی نظر تھی وہ جو کچھ برٹش انڈیا میں ہو رہا تھا اس کو غور و خوض کے

ساتھ دیکھتے تھے ۱۸۹۳ء میں جب سبکدوش ہو کر آئے تو اُنہوں نے اسی کانفرنس کو قوم میں حیاتِ اجتماعی اور احساس ملّی پیدا کرنے کا آلہ بنایا۔ وہ اُس کو ایک قومی مرکز بنانے پر متوجہ ہوئے پہلے اُنہوں نے ۱۸۹۳ء کے اجلاس میں اپنی تقریروں سے جذبات کو اُبھارا اپنی اعجاز بیانی سے طبیعتوں میں ولولہ اور دلوں میں جوش پیدا کیا، اُنہوں نے ایک رزولیوشن پر بحث کرتے ہوئے کانگریس کی مثال اِس طرح پیش کی کہ "ذرا آنکھ کھولکر ایک نیشنل کانگرس کی کارروائی کو دیکھئے اور اس کے نتیجوں پر خیال فرمائیے کیا وہ جوش جو ہمارے ہم وطن دکھلا رہے ہیں اور جس استقلال اور گرم جوشی سے وہ کام کر رہے ہیں اور جو اخلاص اور اتحاد باہم ان کے ہے اور وہ ہمدردی جو قلم سے زبان سے مال سے جان سے وہ ظاہر کر رہے ہیں اس قابل ہیں کہ آپ اسے عبرت کی نظر سے نہ دیکھیں اور آپ کی حمیت وغیرت کا خون جوش نہ کرے اور اپنی قوم کے لئے ان کے مقابلہ میں کچھ نہ کریں۔ بھائیو، یہ نتیجہ کس چیز کا ہے صرف اعلیٰ تعلیم کا، وہ تعلیم کی بدولت اِس قابل ہو گئے کہ اپنی اغراض پبلک کے سامنے پیش کر سکتے ہیں وہ اپنا استحقاق گورنمنٹ پر ثابت کر سکتے ہیں وہ اس چیز کے پانے کے لیاقت رکھنے کے مدّعی ہیں جس چیز کو وہ مانگتے ہیں اور باوجود اس بات کے کہ ان کی کوششیں کچھ ناجائز ہیں اور کچھ ناواجب اور کچھ پیش از وقت اور باوجود اس بات کے کہ ان کی کچھ کارروائیاں حیرت انگیز ہیں اور باوجود اس بات کے کہ بہت زبردست مزاحمت اُن کے سامنے ہے مگر وہ صرف اعلیٰ تعلیم میں لیاقت پیدا کرنے اور انگریزی میں پوری مہارت رکھنے اور فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے اور زبردست تحریروں سے اپنے مطلب کے حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے چلے جاتے ہیں اور ایک حیرت انگیز رسوخ اور وقعت انگلستان کی پبلک کے دلوں میں پیدا کر رہے ہیں اور بتدریج پارلیمنٹ کے ممبروں کی توجہ بلکہ ہمدردی حاصل کر رہے ہیں۔

گیا پارلیمنٹ میں سنہ ۱۸۵۳ء سیمل ٹینس اگزامی نیشن (علیحدہ علیحدہ امتحانات) ولایت اور ہند دونوں جگہ ایک وقت مقابلہ کے امتحان حاصل کرنا اور گیا گورنر جنرل کی کونسل میں انتخاب کا قاعدہ جاری ہونا ایسے دو بڑے واقعے نہیں ہیں جن کو عبرت کی نظر سے مسلمان دیکھیں اور جس پر اپنی افسوس ناک حالت پر توجہ نہ کریں۔

انہوں نے اسی تقریر میں اکتوبر سنہ ۱۸۹۳ء کی سول لسٹوں سے اعداد و شمار جمع کر کے یہ بات بھی دکھائی کہ تعلیمی پس ماندگی و غفلت ہی کا یہ سبب ہے کہ مسلمان سرکاری ملازمتوں میں بھی بمقابلہ سنہ ۱۸۵۶ء کے اب کس درجہ تنزل کر گئے ہیں۔

اسی طرح وہ ہر اجلاس میں جوش و گرمی پیدا کرتے رہے اور ساتھ ہی اس کی تنظیم جدید پر توجہ رہی۔

سنہ ۱۸۹۹ء میں جب قومی رہبری کا بار اُن کے شانوں پر رکھا گیا تو انہوں نے کانفرنس کی ایک مرکزی حیثیت قائم کر دی صوبہ متحدہ کے علاوہ پنجاب و بمبئی، کلکتہ اور مدراس تک کے تمام مسلمانوں کو ایک مرکز پر جمع کر دیا اور جسد قومی میں حیات اجتماعی اور اور احساس ملی کی روح پھونک دی۔

محافظت حقوق اور احتجاج کا پہلا معرکہ

سنہ ۱۹۰۰ء میں اُردو ہندی کے متعلق جو احتجاج کیا وہ دراصل ایک امتحانی قدم تھا اور اگرچہ اس میں حسب مُراد کامیابی نہیں ہوئی لیکن قوم کو اپنی طاقت کا اندازہ اور طاقت میں اضافہ کرنے کا خیال پیدا ہو گیا اور ان کے سیاسی جمود میں حرکت شروع ہو گئی۔

سرکاری ملازمتوں میں مسلمانوں کے حقوق کا مسئلہ

بظاہر نوکری غلامی کے مرادف ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان میں ملازمت کا پیشہ بہت کچھ

لہ پہلے امتحانات مقابلہ صرف انگلستان میں ہوتے تھے اور یہ ہندوستانیوں کے لئے ایک دِک تھی۔

وقعی اور وقیع ہے اسی پر پولیٹکل وقعت کا انحصار اور سیاسی اثر کا قیام ہے۔ نیشنل کانگریس کی ابتدائی سرگرمیوں میں بھی یہی مطمح نظر موجود ہے اور یہی اہم مطالبہ رہا ہے لیکن حکومت کی پالیسی اور جدید تعلیم کی شرط لازم نے مسلمانوں پر بہت بُرا اثر ڈالا، اس شعبۂ زندگی کے دروازے اُن پر مسدود ہو گئے اور ایک صدی کے اندر ان کی تعداد ۵۰ فی صدی سے تنزل کر کے ایک اور دو فی صدی کے درمیان رہ گئی۔

اگرچہ مسلمان تعلیم میں پس ماندہ تھے تاہم وہ نسبتاً ترقی کر رہے تھے اور اب اُن کا حق تھا کہ ملازمتوں میں اُن کو اسی نسبت سے حصّہ ملے، بعض صوبوں کی گورنمنٹوں نے بھی تلافی حق کے متعلق احکام جاری کئے لیکن دروازہ پر دوسروں کا پہرہ تھا، صوبہ متحدہ میں جب سر انٹونی میکڈانل کی گورنمنٹ نے مسلمانوں کے ساتھ عدم رواداری بلکہ ناانصافی کی تو اس موقع پر نواب محسن الملک نے انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں اس مسئلہ پر بحث شروع کر کے مسلمانوں کو حق طلبی کے لئے آمادہ کیا۔

مسلمانوں کے پولیٹکل حقوق کی حفاظت

سنہ ۱۹۰۶ء میں یہ سوال کہ "مسلمانوں کو اپنے پولیٹکل حقوق کی حفاظت کے لئے کیا تدابیر اختیار کرنا چاہیئے"، موضوع بحث بنا کر اور متعدد مضامین لکھکر تعلیم یافتہ نوجوانوں کے سامنے سیاسی افکار و آرا کا ایک باب کھول دیا جس کے نتیجہ میں پولیٹکل ارگنائزیشن کی تحریک ہوئی جس کی تاسیس و تکمیل کا بار اُن کے بڑے رفیق نواب وقار الملک نے اپنے شانوں پر لیا، نواب محسن الملک اور اُن کے رفقا اپنی قومیت ہندو قومیت میں فنا کر دینے کے قائل نہ تھے اور نہ اپنے قومی حقوق اکثریت کے رحم و کرم پر منحصر رکھنا چاہتے تھے جس کا لارڈ رپن کے زمانہ سے تلخ تجربہ ہو رہا تھا اُنہوں نے دیکھ لیا تھا کہ جب مسلمان کچھ آگے بڑھنے کے قابل ہوئے اور ملکی حقوق سے متمتع ہونے کی صلاحیت آئی تو ان کو پیچھے ڈھکیلنے کی کوشش کی گئی، ان حالات میں وہ تجدید و تعین حقوق

ملکی اتحاد اور حکومت کی وفاداری سے سیاسی ترقی کے معتقد تھے اور اسی عقیدہ کی بنا پر ان کو ایک علیحدہ سیاسی جماعت کی ضرورت محسوس ہوئی۔

ہندو مسلمانوں کی منافرت لیکن مسلمانوں کی یہ سیاسی حرکت برادران وطن کو پسند و دل پذیر نہ ہوئی ایک عرصہ سے تعلیم جدید نے ان کے دلوں میں اسلامی عہد حکومت سے تنفر کے ساتھ موجودہ زمانہ کے مسلمانوں سے بھی نفرت پیدا کر دی تھی جو مختلف صورتوں میں ظاہر ہوتی رہتی تھی وہ سیاسی اختلاف آرا جن کے سلئے مسلمان قدرتی طور پر مجبور تھے زیادہ وجہ اشتعال تھا۔

مہاراشٹر کے مشہور لیڈر بال گنگا دھر تلک کو جو خالص برہمنیت کے علم بردار تھے اسلامی عہد سے انتہائی نفرت تھی اور اُن کے قلم وزبان اور تحریکات نے جذبات منافرت کو بہت زیادہ بھڑکا دیا تھا ان ہی کی کوشش سے ۱۸۹۳ء میں "انجمن مخالفین ذبیحہ گاؤ" کی بنیاد پڑی نیشنل کانگریس کی ترقی کے ساتھ ہی ساتھ ایسے واقعات وخیالات رونما ہونے شروع ہوئے کہ ہندو مسلمانوں کے درمیان ہموطنی کے تعلقات محبت منقطع ہونے لگے اگرچہ یہ فسادات غیر تعلیم یافتہ اور جاہل آبادیوں میں ہوئے لیکن اُن کا کھلا ہوا مقصد یہ تھا کہ اگر حکومت پر نہیں تو مسلمانوں پر ہندو تسلط ہو جائے، ۱۹۰۵ء میں تقسیم بنگال کے خلاف ہندوؤں میں سخت ایجی ٹیشن پھیلا اور اگرچہ یہ ایک صوبجاتی مسئلہ تھا لیکن کانگریس نے اپنے دائرہ میں لے لیا کیوں کہ اس سے ہندوؤں کو نقصان اور مسلمانوں کو ایک گونہ فائدہ تھا۔ اس تقسیم کے سلسلہ میں بھی خوفناک فسادات بھی ہوئے، اور اب ان دونوں قوموں کے درمیان ایک وسیع خلیج حائل تھی۔

مسلمانوں میں تعلیم اتنی ترقی کر چکی تھی کہ وہ ملک کی آئین ساز جماعتوں اور انتظامات بلدیہ میں شریک ہو کر برادران وطن کے ہم جلیس ہوں لیکن ایک ایسے ملک میں جو

فرقہ داری کا گہوارہ ہو جس میں جدا جدا تہذیب و تمدن کی قومیں آباد ہوں اور اُن میں باہمی منافرت و سیاسی اختلاف اور عدم اعتماد موجود ہو جب تک کہ حقوق کی تجدید و تعیین نہ ہو جائے اقلیت کبھی اکثریت کا مقابلہ نہیں کر سکتی، یہی وجوہ تھے کہ لارڈ رپن کی اصلاحات کے زمانہ سے اب تک مسلمان ہر اس شعبۂ زندگی میں جس کا تعلق حکومت اور پبلک سے تھا پیچھے تھے اور اسی لئے ان کو اپنے تحفظ حقوق کے لئے سیاسی تنظیم کی ضرورت ہوئی۔

منٹو مارلے ریفارم اسکیم اور مسلم مطالبات

ہنوز پولیٹیکل آرگنائزیشن کی تکمیل نہ ہوئی تھی کہ ۱۹۰۶ء کے آغاز میں وزیر ہند نے اپنی بجٹ اسپیچ میں ہندوستانی مجالس مقننہ اور دیگر اصلاحات کا تذکرہ کیا۔

اس تقریر سے عامۂ مسلمانوں میں اپنے سیاسی حقوق کی طرف توجہ ہوئی جولائی میں حاجی محمد اسمٰعیل خاں صاحب[۱] رئیس دتاولی ممبر لیجسلیٹو کونسل صوبہ متحدہ نے نواب صاحب کو ایک خط کے ذریعہ توجہ دلائی کہ "اس موقع پر مسلمانوں کو اپنی مرضی کے مطابق اپنے قائم مقاموں کو منتخب کرنے کے متعلق کوشش کرنی چاہئے" اسی طرح دوسرے مقامات سے بھی خطوط وصول ہوئے جس میں اسی قسم کی تحریکات تھیں۔

نواب وقار الملک اور نواب محسن الملک میں تبادلۂ خیالات ہوا اور بالآخر علی گڑھ میں ایک کمیٹی منعقد ہوئی جس نے طے کیا کہ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر حکومت کو مسلمانوں کے حقوق کی جانب توجہ دلائی جائے اور یہ اتفاق عام قرار پایا کہ نواب محسن الملک اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیں اور وایسرائے سے ڈیپوٹیشن لانے اور ایڈریس پیش کرنے کی اجازت حاصل کریں تمام سربرآوردہ مسلمان مشاہیر اور اسلامی مجالس نے بھی اس قرارداد سے تحریری اتفاق کیا۔

---

[۱] علی گڑھ تحریک کے بڑے حامی تھے ان کی خدمات بہت زبردست اور قابل شکریہ ہیں سالہا سال مسلسل مختلف صورتوں میں انہوں نے یہ خدمات کی ہیں انتقال ۱۹۱۶ء[۲] مکاتیب حصہ اوّل

ویسرائے کی خدمت میں ایڈریس اور ڈپوٹیشن پیش ہونے کی کوشش

مبادیاتِ امور طے ہو جانے کے بعد نواب محسن الملک نے ایک مفصل خط مسٹر آرچبولڈ پرنسپل ایم، اے، او کالج کو جو اُن دنوں شملہ پر تھے تحریر کیا کہ وہ ویسرائے کے پرائیویٹ سکریٹری سے اس کے متعلق گفتگو اور مشورہ[۱] کریں۔ چنانچہ اُنہوں نے ایک وکیل کی حیثیت سے گفتگو کی اور ایک مختصر اطلاع کے بعد ۱۰ اگست کو مفصل خط بھیجا۔

مسٹر آرچبولڈ کا خط

میں اب پورے وثوق کے ساتھ آپ کو لکھ سکتا ہوں کہ مسلمانوں کا رویہ موجودہ صورت حال میں کیا ہونا چاہئے جیسا کہ میں پہلے لکھ چکا ہوں، میں نے کرنل ڈنلاپ اسمتھ کے سامنے پوری صورت حال پیش کر دی .... میں نے ان کو اس بات کا یقین دلا دیا ہے کہ میں کامل طور پر مطمئن ہوں کہ مجوزہ ڈپوٹیشن کا ایڈرس جو پیش ہوگا اس کے اندر کوئی بھی ایسی بات نہ ہوگی کہ جس میں عدم وفاداری کا شائبہ ہو اور مسلمانوں کی مطلق ایسی خواہش نہیں ہے کہ وہ کوئی بھی ایسا کام کریں جس سے گورنمنٹ کو وہ مشکلات میں ڈالیں اور ساتھ ہی میں نے مسلمانوں کے وہ تمام معقول اندیشے جو موجودہ حالت میں ہیں اپنی پوری قابلیت سے واضح کر دیئے ہیں۔

کرنل ڈنلاپ اسمتھ نے اب مجھ کو خط لکھا ہے کہ ہز اکسیلنسی ویسرائے نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ مسلمانوں کا ڈپوٹیشن قبول کر لیں گے اور اس کے لئے ایک ضابطہ کی درخواست بھیجنی چاہئے نیز ایڈریس کی ایک کاپی ڈپوٹیشن پیش ہونے سے دس دن قبل اگر ممکن ہو تو بھیجدی جائے۔

درخواست منظوری

نواب صاحب نے ایک درخواست مرتب کی اور دستخطوں

---

[۱] افسوس ہے کہ باوجود انتہائی کوشش کے اس کارروائی کی مراسلت حاصل نہ ہو سکی۔

کے لئے جداگانہ فارم طبع کرائے جن پر ہر صوبہ کے معزز و تعلیم یافتہ اصحاب کے دستخط حاصل کئے گئے ۱۶ ستمبر کو درخواست روانہ کی گئی اور فارموں کی دو جلدیں جن پر ۱۱۸۳ دستخط ثبت تھے اس کے ساتھ بھیجی گئیں۔

درخواست پر حضور ویسرائے نے ڈپوٹیشن کی باریابی اور ایڈریس کا پیش ہونا منظور کر لیا۔

ایڈریس و ڈپوٹیشن کی تیاری اسی ضمن میں ہر صوبہ کے اہل الرائے اصحاب سے قومی حقوق کے متعلق رائیں حاصل کیں اور ۲۴ اگست کو نواب عماد الملک نے بمبئی آکر مسودہ مرتب کیا اور اُس کی نقول بھی غور کے لئے ارسال کی گئیں۔

۱۶ ستمبر کو لکھنؤ میں ایک جلسہ ہوا جس میں ہر صوبہ کے قائم مقام شریک ہوئے مسودہ بحث و تمحیص کے بعد آخری صورت میں مکمل ہوا۔

دو مہینے کی قلیل مدت میں اتنے عظیم الشان مرحلہ کا طے ہو جانا کہ تمام صوبجات ہند کی انجمنوں اور اہل الرائے اصحاب ایک نقطۂ خیال پر مجتمع ہو جائیں اور مجوزہ عرضداشت پر ہر صوبہ کے مختلف طبقات و خیالات کے پانچ ہزار لوگوں کے دستخط ہوں نیز یہ کہ ساری کارروائی صیغۂ راز میں رہے۔ صرف نواب محسن الملک کی غیر معمولی شخصیت قابلیت، محنت اور تنظیمی قوت کا نتیجہ تھا۔ تمام ہندوستان میں اسوقت جس قدر با اثر و ممتاز اصحاب اور تعلیم یافتہ اہل الرائے تھے سب میں اتحاد خیال و اتفاق رائے ہو گیا صرف مدراس کے ایک صاحب سید محمدؐ نے جو کانگریس کے نہایت سرگرم ممبر تھے کچھ اختلاف کیا تھا۔

ڈپوٹیشن میں بھی ہر صوبہ کی نمایندگی رکھی گئی اور اس کی صدارت کے لئے بالاتفاق ہز ہائی نس سر آغا خاں منتخب ہوئے۔

مطالبات ایڈریس میں جن مطالبات پر خصوصیت سے زور دیا گیا تھا (بالاجمال) حسب ذیل تھے۔

(۱) انتخابی اداروں میں جو طریقہ انتخاب رائج کیا جائے اس میں مسلمانوں کو مخصوص حلقہ ہائے انتخاب سے خود اپنے نمایندے منتخب کرنے کا حق ہو۔

(۲) قائم مقامی میں اُن کی اہمیت اور سیاسی حیثیت کو ملحوظ رکھکر تناسب آبادی سے زیادہ نشستیں دی جائیں۔

(۳) مندرجہ گزٹ اور ذیلی ملازمتوں میں ایک مناسبت کے ساتھ مسلمانوں کا تقرر ہوا کرے ہائی کورٹوں اور چیف کورٹوں میں مسلمان جج اور ایگزیکیٹو کونسل میں مسلمان ممبر مقرر کئے جائیں۔

(۴) یونیورسٹیوں کی سنڈیکیٹ اور سینٹ میں بھی مسلمانوں کی تعداد مقرر ہو۔

(۵) محمڈن یونیورسٹی کے قیام میں امداد کی جائے۔

ان تمام مطالبات کو قوی دلائل اور واقعات و اعداد کے ساتھ مرتب کیا گیا تھا اور انتخابی اداروں میں مسلمانوں کی جو حالت تھی اس کو تفصیل کے ساتھ دکھایا گیا تھا۔

ایڈریس کی پیشی اور جواب یکم اکتوبر کو بڑی شان کے ساتھ ڈپوٹیشن حضور وایسرائے کی خدمت میں باریاب اور ایڈریس پیش ہوا۔ ہز اکسیلنسی لارڈ منٹو نے نہایت حوصلہ افزا جواب دیا اور اصولی امور کے ساتھ اتفاق کر کے آخر میں فرمایا کہ :۔

"سر دست میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مسلمانانِ ہندوستان مطمئن رہ سکتے ہیں کہ جب تک میرا تعلق اس کشور کے انتظامی ابواب سے باقی ہے اُن کے قومی حقوق و مقاصد کا پورا لحاظ کیا جائے گا آپ اور تمام رعایائے ہندوستان پورا بھروسہ کر سکتے ہیں کہ جس طرح انگریزی راج کو

زمانہ گزشتہ میں تمام ان مختلف مذاہب وملل اقوام کے ساتھ کہ جن سے
ہندوستان کی بے شمار آبادی مرکب ہے مدارا و مراعات کی نظر
رکھنے کا فخر حاصل رہا ہے اسی طرح ہمیشہ رہیگا۔"

شام کو والسیرائے کی طرف سے پارٹی تھی اور اس موقع پر ہزاکسلینسی نے
نواب محسن الملک کو یاد کر کے ڈپوٹیشن کی کارروائی اور ایڈریس میں اعتدال پسندی
کی تعریف کی۔

ایڈریس کی تعریف و تعریض

ایڈریس کا کانگریسی اخبارات اور کانگریسی
خیالات رکھنے والے اصحاب کے سوا ہندوستان
و انگلستان میں تعریف کی گئی۔ لندن ٹائمس نے ایک زبردست ریویو کرتے ہوئے
اس ایڈریس کی پیشی کو مسلمانوں کی بست سالہ پولیٹکل خاموشی کی مُہر سکوت ٹوٹنے
سے تعبیر کیا بنگالی و کانگریسی اخبارات نے اس کو دیدہ و دانستہ بنائے نفاق
اور چند افسران اور مخالف ہنود انگلش پریس کا زائیدہ قرار دیا۔

غلط فہمی

مسلمانوں کی متفقہ سیاسی پالیسی کے انتشار اور قومی مرکزیت کے تباہ ہو جانے
کے بعد سیاسی خیالات کی ترقی سے بعض مسلمان دماغوں میں بھی یہی
غلط فہمی جاگزین ہو گئی ہے کہ یہ ڈپوٹیشن حکومت کے اشارے سے مرتب ہوا تھا
حالانکہ واقعات کی رفتار صاف بتا رہی ہے کہ اُردو، ہندی کے قضیئے کے بعد جو
حالات پیش آئے اور جو سیاسی تحریک قوم میں پیدا ہوئی اور نواب محسن الملک اور
نواب وقار الملک کو قومی ترقی اور سیاسی جمود دُور کرنے کا جو خیال ہوا یہ ڈپوٹیشن
اُس کا نتیجہ تھا۔

مسٹر آرچبولڈ کا خط اس بات کو بھی ظاہر کر رہا ہے کہ حکومت کو تو اس خواہش سے
ابتداءً ایک قسم کا تردد تھا اور اُس نے شرطیں کی تھیں۔

خط موسومہ ہز ہائی نس سر آغا خاں

بہرحال اس مرحلہ کے بعد ابھی اس سلسلہ میں حکومت سے مراسلت، منظوری مطالبات کی کوشش اور دیگر جد و جہد کے مراحل اور طے کرنے تھے اسلئے

نواب محسن الملک نے ہز ہائی نس سر آغا خاں کو حسب ذیل خط لکھا :-

مائی ڈیر- آپ کا تار اٹارسی سے پہونچا- آپ کی علالت کی خبر سُن کر بہت فکر و پریشانی ہوئی- خدا سے دعا ہے کہ آپ جلد اچھے ہو جائیں- جو ڈیپوٹیشن آپ کی افسری میں شملہ گیا تھا اُس کو زندہ رکھنا نہایت ضروری ہے اور اس کے لئے یہ خیال ہے کہ ایک کمیٹی مقرر ہو اور ممبران ڈیپوٹیشن اُس کے ممبر ہوں اُن کا صرف یہ کام ہو کہ جو درخواستیں ایڈریس میں کی گئی ہیں اُن کی تکمیل کے لئے وقتاً فوقتاً گورنمنٹ سے خط و کتابت کرے اور میٹیریل جمع کرتی رہے- یہ کام درحقیقت اُس انجمن کا تھا جو کل ہندوستان کے لئے ہوتی یعنی سینٹرل پولیٹکل ایسوسی ایشن فار انڈیا- مگر چونکہ کوئی ایسی انجمن موجود نہیں ہے اور اُس کے قائم ہونے میں بہت دقتیں ہیں اس لئے کہ ہر صوبہ والا اپنے ہی صوبہ میں قائم کرنے کی خواہش کرتا ہے اور میں اپنے تجربہ سے کہہ سکتا ہوں کہ کہیں کسی صوبہ میں کوئی ایسا شخص موجود نہیں ہے جو اُس کو چلا سکے مگر بوجہ حسد کے کسی ایک جگہہ اُس کا اتفاق ہونا مشکل ہے اس لئے میں نے ایک تجویز کی ہے جس کا آپ کے نام سے شائع ہونا ضرور ہے اور چونکہ آپ مسلمانوں کے مسلّمہ لیڈر گورنمنٹ اور پبلک دونوں کے نزدیک ہو گئے ہو اس لئے جو تجویز آپ کی طرف سے پیش ہوگی کم لوگ اُس کی مخالفت کرینگے- اِسلئے میں ایک مسودہ خط کا جو آپ کی طرف سے میرے نام ہوگا آپ کے ملاحظہ کے لئے بھیجتا ہوں اگر آپ اس کو منظور کریں تو بعد رد و بدل مناسب کے دستخط فرما کر میرے پاس بھیجدیں- اگر آپ نے اس تجویز کو منظور فرما لیا تو آیندہ کی جو تجویزیں میرے خیال میں

ہیں اُن سے آپ کو مطلع کروں گا۔

مسلم لیگ کا قیام اور آخری کوشش

چنانچہ ہز ہائی نس سر آغا خاں نے اس تجویز کو منظور کیا اور گشتی خطوط کی اشاعت کی گئی مگر اسی قریب زمانہ میں ۳۰ دسمبر ۱۹۰۶ء کو بمقام ڈھاکہ مسلمانوں کا ایک نمایندہ جلسہ منعقد ہوا اور اُس نے ایک سیاسی انجمن مسلم لیگ کے نام سے قائم جانے کا فیصلہ کر دیا[۵۱] نیز لیگ کے ضوابط و قواعد مرتب کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی۔

نواب محسن الملک اور نواب وقار الملک اُس کے سکریٹری منتخب ہوئے اور اُنکو مجاز کیا گیا کہ ترتیب ضوابط کے بعد مسلمانوں کا ایک عام جلسہ طلب کر کے اُنکو آخری منظوری کے لئے پیش کریں۔

اگرچہ نواب محسن الملک واقعۂ شورش طلبا[۵۲] اور اس سلسلہ کی بعض دوسری کارروائیوں سے دل شکستہ تھے اور امراض کا بھی غلبہ تھا لیکن اس سیاسی جدو جہد کے کامیاب نتیجہ کے لئے برابر کوشش کرتے رہے۔

ہنوز ۳۰ دسمبر کے فیصلہ کے مطابق مسلم لیگ کی تکمیل نہ ہوئی تھی کہ اگست ۱۹۰۷ء میں اصلاحات مجوزہ کی نسبت گورنمنٹ کا تفصیلی اعلان شائع ہو گیا جس کے بعد مسلمانوں کو اپنے مطالبات کے متعلق جلد از جلد اور زیادہ جدو جہد کی ضرورت تھی۔

نواب محسن الملک نے فوراً مسلمانوں کے ممتاز و سر برآوردہ اصحاب کو متوجہ کیا اور نواب وقار الملک کو لکھا[۵۳] کہ وہ بلا انتظار مسلم لیگ کی طرف سے کارروائی شروع کریں، پھر آخر ستمبر میں اسی غرض سے شملہ گئے اور جب تک جسم اور دل و دماغ میں طاقت رہی ان ہی مقاصد میں صرف کرتے رہے۔

---

۵۱ اِس جلسہ کی روئداد انگریزی مولانا محمد علی مرحوم نے مرتب کی تھی جس میں انہوں نے دیباچہ بھی تحریر کیا تھا۔ ۵۲ ملاحظہ ہو باب آیندہ ۵۳ مکاتیب حصہ اوّل۔

آخری خط ان کوششوں کے سلسلہ کا مؤلف کو آخری خط جو دستیاب ہوا وہ انتقال سے پندرہ دن پہلے مولوی عبداللہ جان وکیل سہارن پور کے نام تھا جس میں لکھتے ہیں کہ :-

دو تین روز ہوئے میں یہاں آگیا ہوں اور متعلق ریفارم مجوزہ کے گورنمنٹ کے خاص خاص حاکموں سے گفتگو ہو رہی ہے ۔
منشا گورنمنٹ کا یہ ہے کہ جو تجویزیں آپ نے پیش کی ہیں ان پر کامل بحث اور کافی غور کیا جائے اور پبلک اپنی رائے آزادی کے ساتھ دے اور اس میں جو اصلاحیں معلوم ہوں اُن کو پیش کرے تاکہ بعد آجانے تمام راؤں کے گورنمنٹ اس پر غور کر کے قطعی فیصلہ کرے مسلمانوں کے لئے نہایت نازک وقت کام کرنے کا ہے اور ان کو چاہیئے کہ گورنمنٹ کے منشا کے موافق اسکی تجویزوں کی نسبت اپنی رائے صاف صاف دیں اور متفق ہو کر متفقہ یادداشت پیش کریں آل انڈیا مسلم لیگ کے ذریعہ سے اس کام کا ہونا مناسب ہے اور جس طرح پر ڈیپوٹیشن کے وقت سب ہندوستان کے معزز مسلمانوں نے مل کر کام کیا تھا ویسا ہی اب ریفارم کے متعلق مل کر کام کرنا چاہیئے کسی خیال خاص سے اختلاف کرنا اور اپنی طرف سے علیحدہ علیحدہ کارروائی کرنا مناسب نہ ہوگا اس لئے میں آپ کی توجہ اس طرف چاہتا ہوں کہ جو تحریریں نواب وقار الملک بہادر سکرٹری مسلم لیگ کی طرف سے آپ کے پاس پہونچیں اُن پر آپ غور کریں اور ایک جلسہ میں اپنی تجویزیں بطور یادداشت کے تحریر کر کے اُن کے پاس بھیجیں تاکہ بعد آجانے تمام راؤں کے پھر ایک یادداشت مرتب کی جاوے اور کراچی میں جب کہ کانفرنس کا اجلاس ہوگا ان ہی دنوں میں کوئی ایک دن ان کے تصفیہ کے لئے مقرر کیا جائے

اور جو آخری یادداشت گورنمنٹ میں بھیجنی قرار پائے گی وہاں مرتب کرلی جائے اس کام میں اگر ذرا غفلت یا تاخیر کی گئی یا کسی غلط خیال سے اختلاف کیا گیا اور ملکر کارروائی نہ کی گئی تو آپ سمجھ سکتے ہیں کہ ایسا نقصان مسلمانونکو پہنچے گا جس کی تلافی نہ ہو سکے گی۔

دوسرا امر لائق گزارش یہ ہے کہ یہاں آکر مجھے معلوم ہوا کہ بجائے اسکے کہ ایک بڑی مجلس کرکے شکریہ کا تار وایسرائے کے حضور میں بھیجا جائے مناسب یہ ہے کہ مختلف مقامات میں جلسے کئے جاویں اور مختلف انجمنوں کے ذریعہ سے علیحدہ علیحدہ شکریہ کے تار وایسرائے کے حضور میں بھیجے جاویں، اس کا اثر بھی اچھا ہوگا اور پبلک اور گورنمنٹ کو مسلمانوں کی دلچسپی کا یقین ہوگا اس لئے میں آپ سے چاہتا ہوں کہ آپ اس کا انتظام کریں اور نواب وقار الملک بہادر سکرٹری آل انڈیا مسلم لیگ اس کے متعلق آپ کو لکھیں گے اس کام میں غفلت نہ کرنی چاہئے ایک مسودہ تار کا جو تحریر کیا گیا ہے آپ کے ملاحظہ کے لئے بھیجتا ہوں جو تار شکریہ کا آپ کی طرف سے بھیجنا چاہئے اس میں بہ تبدیل الفاظ اگر ایسا ہی مضمون ہو تو مناسب ہوگا آپ نہ صرف اپنی انجمن کی طرف سے ہی تار بھجوائے بلکہ دیگر انجمنوں کی طرف سے بھی جن کو آپ جانتے ہوں اگرچہ لکھنو کی راہ سے آیا تھا مگر رات کا وقت تھا اس لئے آپ کو اطلاع نہیں دی اور اسٹیشن پر آنے کی زحمت سے بچایا، میری طبیعت بدستور ہے شاید یہاں کی آب و ہوا کچھ فائدہ کرے"

مطالبات کی اہمیت

جو مطالبات اڈریس میں پیش کئے گئے تھے وہ مسلمانان ہند کے بنیادی حقوق ہیں اور جب تک

کہ ہندوستان کے تمام فرقے صحیح تعریف کے ساتھ ایک قوم نہیں بنتے اور فرقوں کی تفریق موجود ہے اسی تحدید وتعین پر باہمی تعلقات، باہمی اعتماد اور ملک کے امن کا انحصار رہے گا۔

میثاق لکھنؤ سنہ ۱۹۱۶ء چیمسفورڈ، مانٹیگو اسکیم سنہ ۱۹۱۸ء نہرو رپورٹ سنہ ۱۹۲۸ء، آل انڈیا مسلم کانفرنس سنہ ۱۹۲۹ء اور کمیونل اوارڈ سنہ ۱۹۳۲ء سب میں حقوق کی یہی تعین وتحدید مسلمانوں کے سیاسی وجود وبقا کی ضمانت ہے، دوسری قسط اصلاحات سنہ ۱۹۲۱ء کے بعد تیسری قسط سنہ ۱۹۳۴ء تک کے درمیان اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ثابت ہو رہی ہے۔

اگرچہ ان مطالبات اور اس تحدید وتعین حقوق کے خلاف ہندو سیاسیین نے پوری جدوجہد کی مگر حکومت ہند، وزیر ہند اور دارالعوام نے تسلیم کیا اور سنہ ۱۹۰۹ء کی منٹو، مارلے رفارم اسکیم میں قانونی شکل دیدی گئی۔

نواب محسن الملک کا نہ صرف اپنی قوم پر بلکہ سیاسی رقابتوں اور تلخیوں سے محفوظ رہنے کے لئے تمام ملک پر یہ احسان عظیم ہمیشہ باقی اور یادگار رہے گا۔

ان کی اس پالیسی کی وقعت بعد کے واقعات سے اور بھی زیادہ ہوگئی ہے جبکہ اصلاحات کے دو مواقع پر باوجود اس اتحاد اور کانگرس کی شرکت کے مسلمانوں نے اپنا تحفظ اسی تحدید وتعین میں سمجھا اور بالآخر سنہ ۱۹۳۴ء کی کانگریس کے کھلے اجلاس نے کمیونل اوارڈ کے خلاف خاموشی پسند کی۔

اس میں شک نہیں کہ مسلمان من حیث القوم اکتوبر سنہ ۱۹۰۶ء تک سیاسیات عامہ سے علیحدہ رہے اور ان کے مخصوص حالات جو ہندوستان کی کسی اور قوم کو پیش نہیں آئے اسی کے متقاضی تھے لیکن جب وقت آگیا اور حالات پر اطمینان اور قابو ہوگیا تو نواب محسن الملک نے اپنی قوم کو سیاسیات ہند میں ایک

منظم جماعت بنا دینے میں حیرت انگیز قوت ظاہر کی اور گو وہ اس کا نتیجہ حاصل کرنے کے لئے زندہ نہ رہے مگر ان کے بعد ان کے جانشینوں اور ان کی قوم نے بالآخر وہ نتیجہ حاصل کر لیا۔

سیاسی شورشوں کے متعلق تنبیہ

انیسویں صدی کے خاتمہ تک اگرچہ حکومت کے شبہات و اوہام سے مسلمانوں کی سیاسی زندگی کا مطلع بہت کچھ پاک و صاف ہو چکا تھا لیکن دستوری ترقیوں میں انکو اپنی ناکامی و نامرادی کے احساس نے اب متردد اور بے چین کرنا شروع کر دیا تھا، اور گزشتہ سات سال میں سیاسی ارتقار کے ساتھ زیادہ ذہین اور پُرجوش نوجوانوں میں حکومت کی طرف سے یک گونہ مایوسی بھی تھی، چنانچہ شملہ ڈپوٹیشن کے ایڈریس میں بھی یہ کہا گیا تھا کہ "بعض واقعات نے جو حال میں پیش آئے ہیں عام طور پر اور خصوصاً نوجوان مسلمانوں میں ایک جوش پیدا کر دیا ہے جس سے اندیشہ ہے کہ بعض صورتوں اور مجبوریوں میں وہ جوش حد اعتدال سے گذر جائے اور بزرگوں کا نیک مشورہ اور معتدل ہدایت جس کا وہ اب تک اتباع کرتے آئے ہیں ان کے قلوب پر موثر نہ ہو سکے" اب جو حالات مسلسل و متواتر پیش آ رہے تھے اور ملک میں حکومت کے خلاف مقاطعہ و نفرت کی جو تحریک پھیل رہی تھی اس سے نواب محسن الملک نے اس خطرہ کا کہ مبادا مسلمان بھی اس تحریک میں شریک ہو جائیں زیادہ احساس کیا ان کو اپنی قوم کی حالت اُس کے رہنما افراد کی ہمت و قابلیت اور استقلال و عزم کا بھی تجربہ تھا اور جانتے تھے کہ ان کی قوم کے لئے ایسا اقدام ہلاکت آفریں ہو گا نیز حقوق کے متعلق جو مطالبات پیش کئے تھے ہنوز ان کے لئے صبر و اُمید کی ضرورت تھی علاوہ بریں ان کے نزدیک مسلمانوں کے لئے اس پولیٹیکل ایجی ٹیشن میں شرکت کی کوئی وجہ قوی نہ تھی اس لئے انہوں نے دلائل و براہین کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ۱۹۰۶ء میں پریس کو ایک بیان دے کر نوجوانوں کو متنبہ کیا کہ :-

"اگر ہندو گروہ کے وہ لوگ جو شورش پھیلاتے ہیں تاج برطانیہ کی بدخواہی کے لئے کوئی عذر یا بہانہ نکال سکیں تو ہم کو پروا نہیں ہے مگر یہ امر یقینی طور پر معلوم ہے کہ ہندوستان کے مسلمان اس کے لئے کوئی معقول عذر پیش نہیں کر سکتے۔ مسلمانوں کی حالت تو یہ ہے کہ وہ پارسیوں کی طرح تاج برطانیہ کے اس لئے شکر گزار ہیں کہ ہندوستان میں اُن کی ہستی کا قیام انگریزی گورنمنٹ کے قیام پر منحصر ہے ان دونوں قوموں کے لئے یہ امر یقیناً بیہودہ ہوگا کہ وہ ایسے منصوبے کی مدد کریں جس کا مقصد یہ ہو کہ وہ اسی طاقت کی بیخ کنی کریں جس کے سبب سے اُن کو مذہبی آزادی، رائے اور خیالات کی آزادی، تجارتی آزادی اور وہ آزادی حاصل ہے جس سے وہ بحیثیت ایک مستقل گروہ کے اس ملک میں زندگی بسر کرتے ہیں میری رائے میں اس شورش کا آخری نتیجہ ہندوستان کی تباہی ہوگا یہ شورش جس وسیع پیمانہ پر ہے اس کو ہم میں سے اکثر آدمی تسلیم کرتے ہیں میں نے بذات خود جو کچھ دیکھا اور سُنا ہے اُس کے لحاظ سے میں یقین کرتا ہوں کہ اخبارات میں شورش کے جو واقعات درج کئے جاتے ہیں اُن سے اصلی واقعات کے صرف نصف حصے کا اندازہ ہوتا ہے اس خطرناک جوش کو شروع ہی میں روکنے کے لئے حکام کو بہت سخت تدبیروں سے کام لینا ضروری ہے جو مسلمان شورش میں شریک ہوں اُن کے پاس کوئی معقول عذر گورنمنٹ کی بدخواہی کے لئے نہیں ہو سکتا یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس کو ہم کبھی نظر انداز نہیں کر سکتے کہ یہ انگریزوں ہی کی آمد تھی جس نے دلی کی اسلامی حکومت کو مرہٹوں اور سکھوں اور راجپوتوں میں تقسیم ہونے سے بچایا اور صرف اسی امر کے لحاظ سے ہندوستان کے تمام مسلمانوں کو تاج برطانیہ کے ساتھ وفادار رہنا چاہیئے۔ مگر میرے نزدیک

ہندوستان کی دیگر قوموں کو بھی اس بنا پر گورنمنٹ کے ساتھ وفادار رہنا چاہیئے کہ یہ امر صرف انگریزی حکومت ہی میں ممکن ہے کہ ہندوستان کی مختلف قوموں کی مشترک اغراض باہمی اتحاد کے ساتھ وابستہ رہیں"!

ہندوؤں سے تعلقات

سیاسیات ہند کا نازک اور اہم مسئلہ "ہندو مسلم اتحاد" ہے اور اسی پر ملک کی ترقی و آزادی منحصر ہے، نواب محسن الملک کا بھی یہی عقیدہ اور عمل تھا، انفرادی حیثیت سے ان کے بہت سے ممتاز ہندوؤں کے ساتھ ذاتی و خاندانی تعلقات تھے، حیدرآباد میں ان کے افسرانہ فیض سے ہندو بھی بہرہ یاب تھے، اُنہوں نے ایک موقع پر بیان کیا تھا کہ:۔

"میں اپنے آپ کو خوش نصیب سمجھتا ہوں کہ جس قدر میرے دوست میری قوم کے ہیں اس سے کچھ کم ہندو اور پارسیوں میں نہیں بلکہ یہ کہنا مبالغہ سے خالی ہوگا کہ بعض اُن میں ایسے ہیں جن کی عزت اور قدر میرے دل میں اپنے بھائیوں سے بڑھ کر ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ وہ بھی مجھے اپنا دوست سمجھتے اور میرے ساتھ نہایت محبت سے پیش آتے ہیں"

لیکن ایک قومی لیڈر کی حیثیت سے اُن کو ایسے مقاصد و خیالات سے جن کو وہ اپنی قوم کے لئے نقصان رساں اور خطرناک تصور کرتے تھے اختلاف کرنا ناگزیر تھا، کانگرس سے علیحدگی بھی اسی نظریہ کی بنا پر تھی تاہم ان دونوں قوموں کے درمیان جو خلیج حائل ہوگئی تھی اُس کے پُر ہوجانے کے انتہائی آرزومند تھے۔

مدراس کانفرنس کے اجلاس میں قومی تعلقات پر اظہار خیال

چنانچہ سنہ ۱۹۰۱ء میں اولین موقع پر جب بمقام مدراس کانفرنس کے اجلاس میں ہندو وزیٹرس بھی آئے تو نواب محسن الملک نے ریسپشن کمیٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اُن کو مخاطب کرکے کہا کہ:۔

دو صاحبو، ہندوستان میں جب تک ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کے ہمدرد نہ ہوں گے اور آپس میں دوستانہ برتاؤ نہ رکھیں گے اور فراخ حوصلگی اور بے تعصبی سے ایک دوسرے کے ساتھ پیش نہ آویں گے وہ ملکی بھائی اور ہموطن کہلانے کے مستحق نہ ہوں گے اور جو کوئی مسلمان ہو یا ہندو باہمی دوستانہ برتاؤ کے قائم رکھنے اور ترقی دینے میں سعی نہ کرے گا وہ درحقیقت ملکی اور قومی گنہگار ہوگا مگر مجھے اس موقع پر ایک کلمہ کہنے کی اور اجازت دیجیے میں نے بعض اخباروں میں دیکھا تھا کہ یہاں بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ علی گڑھ پارٹی کے مسلمان ہندوؤں کے مخالف ہیں اور ان کے تعلقات ہندوؤں کے ساتھ دوستانہ نہیں ہیں، صاحبو، یہ خیال بالکل غلط ہے اور ہم شمالی ہند کے رہنے والوں پر تہمت ہے، ہم ہندو اور مسلمان بھائی بھائی ہیں ہمارا باہمی برتاؤ دوستانہ ہے ہم ایک دوسرے کے رنج و راحت میں شریک ہیں غالباً یہ خیال ان اختلافات سے پیدا ہوا ہے جو ہمارے اور آپ کی بعض پولیٹکل کارروائیوں میں ہیں جس میں ہم اور اس صوبہ کے ہندو بھائی متفق الرائے نہیں ہیں مگر اول تو اس کی خصوصیت مسلمانوں ہی سے نہیں ہے خود ہمارے صوبہ کے بعض ہندو بھی ہمارے ہم خیال ہیں علاوہ بریں کسی خاص پولیٹکل مسئلہ میں اختلاف رائے کا ہونا درحقیقت مخالفت نہیں ہے اور اس سے دوستانہ تعلقات میں فرق نہیں آسکتا اگر ہم اور ہمارے ہندو بھائی مذہبی خیالات اور قومی رسموں میں متفق نہیں ہیں تو یہ اختلاف ہمدردی اور دوستانہ برتاؤ کا مانع نہیں ہے اسی طرح اگر ہم اور وہ بعض پولیٹکل اور ملکی مسائل میں ہم خیال نہ ہوں تو اس سے لازم نہیں آتا کہ ہم میں اور ان میں دوستی اور ہمدردی نہ ہو، رائے کا اختلاف اور چیز ہے اور مخالفت دوسری بات ہے

اور میں اس بات کے ظاہر کرنے سے خوش ہوں کہ ہمارے اور ہندو بھائیوں
کے معزز اور سمجھدار لوگ گو باہم بعض پولیٹیکل امور میں مختلف الرائے ہوں، مگر
ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہیں"

ان کی ہمیشہ پبلک اور پرائیویٹ کوشش یہی تھی کہ سیاسی اختلاف آرا کو قومی
و ذاتی مخالفت سے علیحدہ رکھا جائے اور یہ دونوں قومیں ملک میں اتحاد و امن کیساتھ
ترقی کریں لیکن بدقسمتی سے چند ہی سال میں صورت اور بھی زیادہ مہیب ہو گئی اور ہندو
سیاسین کو بھی اتحاد کی ضرورت محسوس ہوئی۔

ہندو مسلم اتحاد پر ایک تقریر ۱۹۰۶ء کے اوائل میں آنریبل مسٹر گوکھلے جو اُسوقت
کانگریس کے نہایت ممتاز اور مقتدر رکن تھے اور جنکو
اس اتحاد کی اہمیت کا پورا اندازہ تھا اور اُس کے لئے شمالی ہند کے شہروں میں دورہ
کر رہے تھے لکھنؤ بھی آئے اُن کے اعزاز میں بڑی شاندار دعوت کی گئی اُس میں نواب
محسن الملک بھی مدعو تھے، حاضرین کی عام خواہش اور مسئلہ کی اہمیت کے لحاظ سے
معزز مہمان کے جام صحت کی تائید کرتے ہوئے نواب صاحب نے اُن کی کوششوں کی
تعریف اور اتحاد کی ضرورت پر مختصراً اظہار خیال کر کے مسلمانوں کے قومی نقطۂ نظر کی
وضاحت میں کہا کہ :-

"صاحبو۔ یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ اِس کی خوبی اور ضرورت میں کسی کو بھی شک
یا اختلاف ہو۔ مگر جو سوال کہ اس وقت ہمارے سامنے پیش ہے وہ یہ نہیں ہے
کہ ہندو اور مسلمانوں میں باہمی اتحاد کا ہونا مفید اور ضروری ہے، یہ تو ایک
مسلمہ اور طے شدہ مسئلہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ اتحاد کیونکر حاصل ہو اور اُس کے
قائم ہونے کا کیا طریقہ ہے، پچھلے زمانہ میں جب کہ مغربی تعلیم سے ہندوستان
بے خبر اور اس دولت سے محروم تھا، ہندو اور مسلمانوں میں ایسا اتحاد و ارتباط

تھا کہ سوائے مذہبی معاملات کے کسی بات میں مغائرت اور بیگانگی معلوم نہ ہوتی تھی، ایک دوسرے سے محبت و دوستی رکھتا تھا، شادی و غمی کی تقریبوں میں دونوں دوستانہ بلکہ برادرانہ شریک ہوتے تھے۔ نہ کچھ جھگڑا تھا، نہ قصہ، نہ دشمنی تھی، نہ عداوت، یہ مبارک زمانہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور وہ دلربا تصویر باہمی اتحاد کی میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اُسوقت اتحاد کی ضرورت اور فوائد پر نہ لکچر دیئے جاتے تھے، نہ وعظ کہے جاتے تھے لیکن جب سے مغربی تعلیم ہندوستان میں پھیلی ہے روز بروز اختلاف بلکہ مخالفت پیدا ہوتی جاتی ہے اور دوستی کی جگہہ باہمی نفرت بڑھتی جاتی ہے۔ اتحاد اور ارتباط کی خوبی اور ضرورت پر بڑے بڑے لکچر دیے جاتے ہیں، بہت پُرجوش تقریریں کی جاتی ہیں، مگر عملاً اختلاف دُور کرنے اور اتحاد پیدا کرنے کی کوئی تدبیر نہیں کی جاتی۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ مقصد فصیح و بلیغ لکچروں کے دینے اور اتحاد و ارتباط کی خوبی پر پُرزور تقریریں کرنے سے حاصل ہوگا، جب تک کہ کہنے والے خود اُن باتوں کو دُور نہ کریں جو باعث اختلاف اور ذریعہ مخالفت ہیں، میں دیکھتا ہوں کہ جو غار ہندو اور مسلمانوں کے بیچ میں حائل ہے، بعض نیکدل اور ملک دوست اُس پر پُل باندھنے اور اُس کو ہموار کرنے کی ضرورت سمجھتے اور اُس کے لئے نصیحت کرتے ہیں، مگر افسوس ہے کہ روز بروز وہ غار زیادہ گہرا، زیادہ چوڑا ہوتا جاتا ہے، زبان سے کہا جاتا ہے کہ اینٹ لاؤ، چونہ لاؤ، اور اس غار کو برابر کرو، مگر ہاتھ میں پھاوڑے اور کُدال ہیں، اور بجائے بھرنے کے وہ غار اور وسیع اور عمیق کیا جاتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہندو اور مسلمانوں میں ایسے لوگ نہیں ہیں جو ایسے اتحاد کے خواہاں ہوں، یا جو کچھ وہ کہتے ہیں اُسکو عمل میں لانے کی دلی خواہش نہ رکھتے ہوں۔ خصوصاً میں اپنے معزز دوست

آنریبل مسٹر گوکھلے کی نسبت تو اس کا گمان اور شبہ بھی نہیں کر سکتا۔ بلکہ برخلاف اس کے مجھے یقین ہے کہ جو لفظ اُن کی زبان پر آتا ہے وہ دل سے نکلا ہوا ہوتا ہے، اور جو کچھ وہ کہتے ہیں دل سے اُس کے عمل میں لانے کے خواہاں ہیں۔ میں بھی صدق دل سے باہمی اتحاد کا خواہاں ہوں اور میں فخریہ کہہ سکتا ہوں کہ میرے دوست جس قدر پارسی اور گجراتی اور ہندو ہیں وہ مسلمانوں سے کچھ کم نہیں ہیں اور باوجود بعض پولیٹکل اختلافات کے اکثر پارسی اور ہندو مجھ سے ایسے دوستانہ برتاؤ رکھتے ہیں جس سے بہتر ممکن نہیں، اور اُن میں سے بعض ایسے ہندو اور پارسی ہیں جن کی میں عزت دل سے کرتا ہوں اور جن کی قابلیت اور حب وطن اور ملکی ہمدردی کی عزت میرے دل میں ویسی ہی ہے جیسی کہ اپنے بزرگ سر سید مرحوم کی تھی، اُن ہی میں سے میرے معزز دوست آنریبل مسٹر گوکھلے ہیں۔ مگر اُن کو اور ہم کو اور اُن لوگوں کو جو درحقیقت اتحاد کے خواہاں ہیں، سمجھ لینا چاہئے کہ اس مہلک بیماری کا علاج زبان سے نہیں ہو سکتا بلکہ ہاتھ سے، یہ اختلاف پلیٹ فارم پر فصیح و بلیغ لکچر دینے سے دور نہیں ہو سکتا بلکہ وجوہ اختلاف پر غور کرنے اور اُس کے دفع کرنے کی تدبیروں کے عمل میں لانے سے ہو سکتا ہے۔ مگر نظر اُٹھا کر دیکھئے کہ موجودہ حالت کیا ہے اور آیندہ کے لئے اُمید کی شکل نظر آتی ہے یا مایوسی کی، اب تک یہ نہیں بتایا جاتا، کہ اختلاف کن باتوں میں ہے، اُس کے اسباب کیا ہیں اور دونوں قوموں کے وہ اغراض و مقاصد کیا ہیں جو باعث مخالفت ہیں، اور کہاں تک دونوں قومیں اپنے اُن مقاصد میں سے کچھ حصہ دوسرے کے خیال سے اور دوسرے کے فائدہ کے لئے قربان کر سکتی ہیں۔ یہ تو ناممکن ہے کہ ایک قوم اپنے فوائد اور اپنے اغراض کو بالکل چھوڑ دے اور نہ یہ انصاف ہے کہ کوئی ایک قوم صرف اپنے مقاصد کی کوشش مد نظر

رکھے اور دوسرے کا خیال نہ کرے، اب میں پوچھتا ہوں کہ کیا ایسا کیا جاتا ہے؟ اور کیا مدعیان اتحاد کی طرف سے ایسی کوشش نیک دلی اور سچائی کے ساتھ ہو رہی ہے؟ حالت تو بظاہر مخالف پائی جاتی ہے، ہم سے کہا جاتا ہے کہ ہمارے اُن جلسوں میں شریک ہو جن کو ہم اپنے اغراض کے مخالف پاتے ہیں۔ ہم سے کہا جاتا ہے کہ ہماری اُن باتوں میں ہمارے خیال اور ہمصفیر ہو جن کو ہم اپنے لئے مضر سمجھتے ہیں۔ مگر کوئی ایسی صورت ہمارے سامنے پیش نہیں کی جاتی جس میں ہمارے قومی اغراض کا کچھ بھی لحاظ نہ کیا جاتا ہو۔ بلکہ کوشش کی جاتی ہے کہ ہمکو وہ نقصان شدید پہونچائیں جس سے ہماری قومیت کو سخت صدمہ پہونچے۔ تمثیلاً بمجبوری مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس صوبہ متحدہ میں جس کے صدر مقام میں اس وقت ہم جمع ہیں اور اتحاد کے مسئلہ پر گفتگو کرتے ہیں، اُردو ناگری کا اہم مسئلہ پیش ہے اور مدعیان اتحاد سالہا سال سے سخت کوشش کر رہے ہیں کہ اُردو کے بجائے ناگری قائم ہو۔ حالانکہ یہ زبان نہ عرب کی ہے نہ عجم کی، نہ مسلمان اسے عرب سے لائے ہیں نہ ایران سے، یہ تو ایک مشترکہ زبان ہے جو ہندوستان میں پیدا ہوئی، ہندو اور مسلمان دونوں اُس کے پیدا کرنے والے ہیں، کئی سو برس سے دونوں میں اُس کا رواج ہے، ہندو بھی اِس صوبہ کے وہی زبان بولتے ہیں اور مسلمان بھی، ہندو بھی اُسی خط میں اور اُنہیں حرفوں میں تحریر کرنے کے اُسی طرح عادی ہیں جس طرح مسلمان۔ اُس کے قائم رہنے میں ہندوؤں کا کچھ ہرج نہیں ہے اور اُس کے نہ قائم رہنے میں مسلمانوں کا سخت نقصان ہے۔ مگر مسلسل کوشش اُس کے معدوم کرنے کے لئے ہو رہی ہے اور جب تک وہ معدوم نہ ہو جائے گی غالباً ہمارے دوستوں کی کوشش میں کمی نہ ہوگی۔ اب فرمائیے کہ اگر اتحاد کے وعظ کہنے والے یہ چاہتے ہیں کہ ہم اُن کی کوشش کا مقابلہ نہ کریں اور اپنی زبان

کے قائم رکھنے کے لئے بھی اُن کے حملوں کو دفع نہ کریں اور اگر ایسا کریں تو ہم اتحاد کے
دشمن اور مخالفت کے پیدا کرنے والے سمجھے جائیں تو اس میں قصور ہمارا ہے یا ہمارے
دوستوں کا، ایسا اتحاد تو وہی شخص چاہے گا جو اپنی قومیت کی مخصوص علامت
کے ترک کرنے کی پرواہ نہ کرے، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ اپنی قوم کو دوسری قوم
میں جذب ہو جانے کو اتحاد سمجھے۔ ہم تو اس کو اتحاد نہیں سمجھتے۔ حقیقت یہ ہے
کہ دونوں قوموں میں ایسے خیالات پیدا ہو گئے ہیں کہ روز بروز مخالفت بڑھتی
جاتی ہے اور پولیٹیکل اختلافات کا اثر تمدن اور معاشرت کے اتحاد پر پڑتا جاتا ہے
دلوں میں ایسے زخم ہو گئے ہیں کہ اُن کے اچھے ہونے کی بہت کم اُمید ہے اور
جو علاج اُس کا کیا جاتا ہے وہ بالائی اور ظاہری ہے اُس سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا
اور نہ ہو سکتا ہے۔ کیا آپ سمجھ سکتے ہیں کہ کسی کے جگر میں پھوڑا ہو اور وہ اندر
ہی اندر بڑھتا اور پھیلتا جاتا ہو، پیپ پڑ رہی ہو، اُسے کوئی ریشمی اور خوش نما کپڑا
رکھ دینے سے اچھا کر سکتا اور اُس کا درد دور کر سکتا ہے؟ اُس کے لئے ضرورت
اس بات کی ہے، کہ پھوڑا چیرا جائے، اُس کی آلائش نکالی جائے اور پھر اُس پر
مرہم رکھا جائے، ہندو اور مسلمانوں کی مخالفت کی بھی یہی حالت ہے۔ دلوں
میں نفرت بڑھتی جاتی ہے، پرانے دلخراش بھولے ہوئے قصے یاد دلائے
جاتے ہیں۔ اخباروں میں دل شکن اور نفرت انگیز باتیں لکھی جاتی ہیں جو کوششیں
اپنے قومی فائدہ کے لئے کی جاتی ہیں اس پر حملے کئے جاتے ہیں۔ غرض کہ بجائے
ہمدردی کے بے دردی کا، اور بجائے دوستی کے دشمنی کا برتاؤ کیا جاتا ہے،
اور یہ حالت روز بروز ترقی پر ہے۔ ایسی حالت میں ایک دو نیک دل اور راستباز
ہندو یا مسلمانوں کے روکنے اور سمجھانے سے کیا ہو سکتا ہے۔ پھر جو لوگ سمجھاتے
ہیں وہ دوسری قوم کو نہ کہ اپنی قوم کو۔ حالانکہ سمجھانا چاہئے اپنی قوم کو اور

ہر قوم کے لیڈر کو اپنا رسوخ اور اپنا اثر ڈالنا چاہیئے اپنی ہی قوم پر، تاکہ اُس کے دل پر نصیحت کا اثر ہو اور اُس کے سمجھانے سے کچھ فائدہ حاصل ہو۔ مسلمان لیڈروں کو چاہیئے کہ وہ اپنی قوم کو اُن باتوں کے کرنے سے روکنے کی کوشش کریں جن میں اُن کا کوئی بڑا مذہبی یا قومی نقصان نہ ہو اور جن کے کرنے سے اُن کے ہموطن ہندو بھائیوں کو رنج ہوتا ہو۔ اسی طرح ہندو لیڈروں پر لازم ہے کہ وہ اپنی قوم کو نصیحت کریں کہ جو کام اُن کے لئے بہت سخت نقصان پہنچانے والے نہ ہوں اور مسلمانوں کو اُس سے فائدہ ہو اُس میں مسلمانوں کی مدد کریں، مگر اس سے کچھ فائدہ نہ ہوگا کہ مسلمان ہندوؤں کو اور ہندو مسلمانوں کو ہدایت اور نصیحت کریں اور صرف اپنے اپنے فائدوں ہی کا خیال رکھیں۔ اُس کا نمونہ ہز مجسٹی امیر کابل نے ہمارے سامنے پیش کر دیا ہے اور ہندوؤں کی دلشکنی کے لحاظ سے گائے کی قربانی نہ کرنے کی نصیحت کی ہے۔ یہی اصلی اتحاد پیدا کر دینے کی صورت، اور یہی سچی اور دلی محبّت قائم کرنے کی شکل ہے۔ کاش ہم لوگ اُسے پیش نظر رکھیں اور ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کا خیال کریں اور ایک دوسرے سے کچھ کچھ اپنے فوائد کا نقصان گوارا کریں، مجھے اُمید ہے کہ میرے معزز دوست بھی میری اس رائے سے متفق ہونگے اور اُن کا بھی یہی خیال ہوگا اور اُسی پر وہ عمل کریں گے۔ ہم کو اُن کی نیک دلی اور ایمانداری اور سچائی اور بے غرضی اور بے تعصبی سے اُمید ہے کہ اُن کی کوشش میں کامیابی ہوگی اور اُن کی محنت جو وہ اپنے ملک کی بہبودی اور مسلمان اور ہندوؤں میں اتحاد پیدا کرنے کے لئے کرتے ہیں ضائع نہ ہوگی۔ میں اُن کو یقین دلاتا ہوں کہ جو کوشش وہ باہمی اتحاد کے لئے کرتے ہیں اُس میں ضرور اُن کو کامیابی ہوگی، اور ہر ایک نیک دل مسلمان اُن کی سچّی کوشش میں مدد دے گا۔ اگر ہندو بھائی

مسلمانوں کی طرف دو انچ بڑھیں گے تو مسلمان دو گز بڑھ کر اُن کا خیر مقدم کریں گے۔ میں آپ صاحبوں سے معافی چاہتا ہوں کہ میں نے زیادہ دیر تک آپ کی سمع خراشی کی اور اس ضروری موقع پر مجبوری مجھے بعض باتیں ایسی کہنی پڑیں جو شاید کسی کو ناگوار ہوئی ہوں مگر باہمی اتحاد کا مسئلہ ایسا اہم ہے کہ اُس میں صاف صاف کہنا اور جو کچھ دل میں ہے زبان پر لانا ضروری ہے۔"

نواب محسن الملک نے اس تقریر میں جو خیالات ظاہر کئے وہ اصلی اتحاد کے صحیح راستہ سے تعبیر کئے جانے کے قابل ہیں اور جب تک کہ یہ راستہ اختیار نہ کیا جائے گا ان تمام دعاوی و تدابیر اتحاد کا کوئی مستقل نتیجہ نہیں نکل سکتا جن کو ملک کے سامنے اکثر پیش کیا جاتا ہے، چنانچہ ۱۹۱۸ء سے ۱۹۳۲ء تک باوجود دونوں قوموں کی بے انتہا کوششوں کے بار بار ناکامی ہوتی ہوئی۔ یہی وجہ تھی کہ ہنوز صحیح راستہ نہیں بنایا گیا۔

ایم، اے، او، کالج میں مسٹر گوکھلے کی دعوت

اسی سفر میں جب مسٹر گوکھلے علی گڑھ آئے تو نواب صاحب نے ان کو کالج میں مدعو کیا اور اسٹریچی ہال میں "تعلیم" کے موضوع پر اُن کی تقریر ہوئی، معزز مہمان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے نواب صاحب نے اپنی قومی پالیسی کے متعلق بھی کہا کہ:۔

"وہ پولیٹکل رائے میں اختلاف رکھنے پر مجبور ہیں کیوں کہ وہ اپنی قومیت کو نہیں چھوڑ سکتے، نیز جس طرح ہندو کے ساتھ دوستی ان کا فرض ہے، اسی طرح حکمران قوم کے ساتھ بھی اتحاد اور وفاداری کے خیالات رکھنا اور اُن کو ترقی دینا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔"

کالج کی سرزمین پر یہ پہلا موقع تھا کہ کانگریس کے ایک ہندو لیڈر نے طلبا کو خطاب کیا، اسٹاف اور آنریری اسکرٹری کی طرف سے ان کا لنچ اور ڈنر بھی ہوا۔

چند مضامین اور طلبار کو نصیحت

نواب صاحب نے اسی زمانہ میں ہندو مسلم اتحاد کے مسئلہ پر انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں بھی متعدد مضامین شائع کرائے اور طلبار میں اتحاد کا خیال پیدا کرنے کی کوشش کی چنانچہ سرسید کی برسی کے موقع پر اس مرحوم ومغفور رہبر کے ہندوؤں کے ساتھ جو تعلقات محبت و یگانگی تھے ان کا تذکرہ کرکے کہا کہ :۔ "آخر زمانہ میں البتہ ہندوؤں کو نیشنل کانگریس کے اختلاف سے

سرسید سے کچھ شکایت پیدا ہوگئی تھی مگر جیسا کہ خود انہوں نے بارہا کہا کہ یہ اختلاف ایک خاص پولیٹکل تحریک کی نسبت تھا نہ کہ عام اور اس سے اُنکے مخلصانہ اور دوستانہ برتاؤ میں کبھی فرق نہیں ہوا۔ اگر انہوں نے پولیٹکل ایجی ٹیشن کو ملک کے لئے عموماً اور اپنی قوم کے لئے خصوصاً مضر سمجھا اور علانیہ اس سے اختلاف کیا تو یہ ویسا ہی اختلاف سمجھا جاسکتا ہے جیسا کہ عقائد کا اختلاف جس کا اثر اصلی دوستی پر نہ تھا نہ ہوا تھا۔

تم کو چاہیئے کہ اتحاد کا سبق بھی ان سے سیکھو اور اپنے ہندو بھائیوں سے سچی دوستی اور خالص دوستانہ برتاؤ رکھو ملک کے لئے عموماً اور قوم کے لئے خصوصاً ایسا اختلاف نہایت مضر ہے۔ اس کو نفرت سے دیکھو اور جو کوئی اس اختلاف کو اچھا سمجھتا اور اس پر عمل کرتا ہو اس کو ملک کا اور خود اپنی قوم کا دشمن سمجھو"

پھر باہمی نفاق و تعصبات کے پیدا ہونے کے وجوہ و اسباب وغیرہ بیان کرکے کہا کہ:۔

"میرے عزیزو تم ہرگز سرسید کے پیرو نہ سمجھے جاؤ گے نہ تم تعلیم یافتہ کہلانے کے مستحق ہوگے اگر تم نے اس زہریلے مادّے کو اپنے جسم میں سرایت کرنے دیا اور تم نے بھی ہندو مسلمانوں میں کچھ فرق سمجھا اگر تم ایسا کروگے تو اس کا نقصان نہ صرف تم کو ہوگا بلکہ تمہاری ساری قوم کو، اور نہ صرف تم بدنام ہوگے بلکہ یہ کالج بھی بدنام ہوگا اور ہم پر اس کا الزام آئے گا ...... ہندوؤں کو اپنا بھائی سمجھو

ان کے بزرگوں کو ادب اور عزت سے یاد کرو اُن کے ساتھ محبت اور اخلاق سے
پیش آؤ اور اُن کے ساتھ سچا دوستانہ برتاؤ رکھو۔"

خلیفہ اور خلافت

ہندوستانی مسلمانوں کو اسلامی سلطنتوں کے ساتھ صدیوں سے قومی تعلق ہے مگر اُنیسویں صدی سے پہلے ملکی سیاسیات پر اس کا کوئی اثر نہ تھا۔

۱۸۷۷ء میں جب حکومت کی مرضی بلکہ ایما سے ایک تنظیم کے ساتھ ترکی مجروحین کے لئے امدادی فنڈ کھولے گئے اور مسلمانوں نے اپنی ہمدردی و دلچسپی ظاہر کی تو اُس کے ساتھ ہی عالمگیر اخوت اسلامی یورپ کے لئے خطرناک وہم بن گئی مگر مسلمانان ہند کے جذبات روز بروز وسیع و قوی ہوتے گئے۔ ۱۸۹۷ء کی فتح یونان کے وقت جو مسلمانوں نے خوشی منائی تو چوں کہ سلطنت برطانیہ کی پالیسی میں تبدیلی ہو چکی تھی اس سے حکومت ہند بھی کچھ متاثر ہوئی۔

یہ ایک زبردست خطرہ تھا جس سے چالیس سال گزشتہ کے واقعہ کی یاد تازہ ہو جانے کا امکان تھا اس لئے سرسید نے متعدد مضامین شائع کرکے ان تعلقات کی وضاحت کی جو ہندوستانی مسلمانوں، ترکوں اور سلطنت برطانیہ میں ہیں۔

نواب محسن الملک کو بھی ایک مسلمان کی حیثیت سے تمام اسلامی سلطنتوں اور بالخصوص ترکی سے عمیق ہمدردی، دلی محبت اور تعلق خاطر تھا اور سلطنت انگریزی کے مفاد کے لئے بھی ان دونوں سلطنتوں کے دوستانہ تعلقات کو نہایت اہم تصور کرتے تھے، چنانچہ ان کے اس مضمون میں جو روسی پیشقدمی کے متعلق تھا یہ جھلک موجود ہے پھر ۱۸۸۸ء میں مسٹر گلیڈاسٹون کی ملاقات میں بھی اُسی ہمدردی کا جذبہ نمایاں ہے لیکن ان کو خلافت کا وہ مذہبی اقتدار جو سیاسیات پر موثر ہو تسلیم نہ تھا۔

۱۹۰۶ء میں جب سرحد عقبہ کے متعلق برطانیہ نے مصر کی حمایت میں ٹرکی کو

الٹیمیٹم دے دیا اور آثار جنگ نمودار ہوئے تو ہندوستانی مسلمانوں نے مختلف مقامات پر عام جلسوں میں برطانیہ کی اس کارروائی پر احتجاج کیا اور بعض لوگوں نے غلط فہمی سے کالج کے ٹرسٹیوں پر ٹرکی کی نسبت عدم ہمدردی کی بدگمانی پھیلا دی۔

نواب محسن الملک نے اس موقع پر "خلافت و خلیفہ" کے عنوان سے ایک مضمون لکھکر اپنے خیالات اور اپنی پالیسی کو واضح طور پر ظاہر کیا۔ اُنہوں نے تمہید کے بعد سرسید کے مضامین ۱۸۹۷ء سے چند اقتباسات پیش کرکے لکھا کہ:۔[۱]

"ہم کو خوب یقین ہے کہ ہماری گورنمنٹ جس کی ہم رعیت ہیں ہمارے خیالات کو خوب جانتی ہے، اور اسے معلوم ہے کہ ہم مسلمان برٹش اور ٹرکش گورنمنٹ کے اتحاد کے نہایت آرزومند ہیں اور اس کے قائم نہ رہنے سے ہم کو سخت رنج ہوگا اور وہ رنج قدرتی اور فطرتی ہے، پھر کیا ضرور ہے کہ ہم بے فائدہ جلسے کریں وائسرائے کو تار بھیجیں اور غلط فہمی پیدا کرنے کا موقع دیں اگر بالفرض گورنمنٹ پولیٹیکل اسباب سے ترکوں کے ساتھ وہ کارروائی کرے جو ہم کو پسند نہ ہو تو کیا جلسے کرنے اور تار بھیجنے سے وہ اپنے اغراض کو چھوڑ دے گی اور ہماری ہدایت اور رہنمائی یا عرض اور خواہش پر اس خیال سے باز رہے گی جس کو وہ اپنی پولیٹیکل مصلحتوں کی وجہ سے ضروری سمجھتی ہے اور ہم کو اس میں ذرا بھی شبہ نہ تھا اور نہ ہے کہ تا بہ امکان گورنمنٹ ہرگز وہ کارروائی نہ کرے گی جو اس کے بڑے گروہ رعایا کو رنج دینے والی ہو۔ مگر پولیٹیکل ضرورت سب ضرورتوں سے مقدم ہے۔ انسوس ہے کہ ایک صاف اور صریح معاملہ کو اس قدر طول دیا گیا اور ایک غلط خبر پر رائیں ظاہر کی گئیں بات یہ ہے کہ جو لوگ سلطان کو خلیفہ سمجھتے ہیں وہ یہ بھی خوب جانتے ہیں کہ وہ رعیت برٹش گورنمنٹ کی ہیں اور

---

[۱] انسٹیٹیوٹ گزٹ ۳۰ مئی ۱۹۰۶ء

برٹش گورنمنٹ کی وفاداری از روئے مذہب کے ان پر فرض ہے مگر وہ درجۂ اعتدال سے گزر جاتے ہیں جب کہ یہ غل مچاتے ہیں کہ سلطان ہمارے خلیفہ اور ہمارے دین و دنیا کے پیشوا ہیں۔ وہ اگر خلیفہ ہوں اور اُن کے احکام واجب التعمیل ہوں تو صرف اُن پر ہوں گے جو اُن کی رعیت ہیں ہم ان کے کسی حکم کو جو متعلق سلطنت کے ہوں نہیں مان سکتے نہ وہ ہم کو کوئی ایسا حکم دے سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ لوگ بھی غلط بتاتے ہیں جو اپنے آپ کو اسلامی سلطنتوں سے بے پروا اور بے تعلق بتاتے ہیں کیا کوئی مسلمان ایسا ہوگا جو کسی مسلمانی سلطنت کو برباد ہوتا دیکھے اور رنج بھی نہ کرے قومی اور مذہبی حیثیت اور ہے اور ملکی اور پولیٹیکل حیثیت دوسری۔ بہ لحاظ ہم قوم اور ہم مذہب ہونے کے اگر ہم کو رنج نہ ہو اور ہم ترکوں کی سلطنت کی بربادی کا افسوس بھی نہ کریں تو درحقیقت ہم مسلمان نہیں ہیں اور اگر ہم بحیثیت رعیت ہونے کے اپنی گورنمنٹ کے پورے وفادار اور خیرخواہ نہ رہیں یا کسی حالت میں اس سے انحراف کریں تو ہم وفادار رعیت کہلائے جانے کے مستحق نہیں ہیں۔ سرسید نے کیسی سچائی اور صفائی کے ساتھ اپنے اور تمام مسلمانوں کے خیالات کو اس مسئلہ کے متعلق اس وقت ظاہر کیا تھا جبکہ یونان اور ٹرکی میں لڑائی ہو رہی تھی اور وہی اب بھی ہم کہتے ہیں اور ہمیشہ کہتے رہیں گے کہ ٹرکی ایک مسلمانی سلطنت ہے اگر اس کو واجبی خواہ ناواجبی کچھ نقصان پہنچے تو یہ ایک قدرتی امر ہے کہ ہم مسلمانوں کو ایک دلی رنج ہوگا اور یہ بات ٹرکی ہی پر موقوف نہیں ہے اگر ایران کی سلطنت کو، افغانوں کی سلطنت کو انہیں کی نادانی اور حماقت اور بدنظمی سے کچھ نقصان پہنچے تو بھی ہم مسلمانوں کو قدرتی رنج ہوگا اور یہی خیال تمام قوموں کا ہے کہ اپنی اپنی قومی سلطنت کے زوال یا نقصان سے رنج ہوتا ہے پس اس سے

زیادہ ان واقعات کو وقعت دینا اور مذہبی لباس پہنانا محض بے جا اور نا واجب ہے مسلمانوں میں ایک مدت دراز سے بہ لحاظ نسل اور ملک کے ایک قوم ہونے کا اطلاق بہت کم ہوگیا ہے بلکہ صرف مسلمان ہونا قومیت کی علامت ہوگیا ہے اور کل مومن اخوۃ کا خیال تمام ملک کے مسلمانوں کو ایک قوم بناتا ہے اس لئے وہ ہر ملک کے مسلمانوں کو اپنی قوم سمجھتے ہیں اور اُن کی خوشی سے خوش اور اُن کے رنج سے رنجیدہ ہوتے ہیں اور اس لئے ہم کو اگر خدانخواستہ ترکوں کو نقصان پہنچے تو مثل قومی نقصان کے رنج ہوگا گو وہ نقصان کسی پولیٹکل سبب ہی سے ہو"

نواب محسن الملک نے اِس مسئلہ پر جو خیالات ظاہر کئے ہیں ان پر جنگ عظیم اور مابعد کے واقعات کی روشنی ڈالکر غور کرنا چاہئے۔

مصنوعات ملکی کی تحریک اور مسلمانوں کو تنبیہ

اگرچہ ہندوستان میں سُدیشی یا مصنوعات ملکی کی تحریک میں تقسیم بنگال سے پیدا شدہ خیالات شامل تھے، تاہم اصل تحریک بے روزگاری کی مصیبت دُور کرنے اور ترقی ملک کے لئے ضروری و مفید تھی، نواب محسن الملک کو اُن نقصانات کا جو ہندوستانی صنعت و حرفت کی تباہی سے ملک کو پہونچے اور اُن فوائد کا جو اُس کے فروغ و ترقی سے متیقن تھے پورا احساس و اندازہ تھا ان کی دقیقہ رس نظر اس اثر کو بھی دیکھ رہی تھی جو مسلمانوں پر مترتب ہو رہا تھا اور مستقبل میں اور بھی بُری طرح مترتب ہونے والا تھا اسلئے اُنھوں نے انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں مصری اخبارات سے وہ مضامین شائع کرائے جن میں یہی موضوع بحث تھا، پھر اکتوبر ۱۹۰۵ء کی اشاعت میں ایک بسیط مضمون شائع کر کے خاص انداز میں مسلمانوں کو اس خطرہ سے متنبہ کیا جو ہندوستان کی سُدیشی تحریک یا مصنوعات ملکی سے غفلت برتنے میں نظر آرہا ہے۔

نہیں کہا جا سکتا کہ اگر وقت مساعدت کرتا اور اُن کو کچھ موقع ملتا تو وہ اس تحریک کے متعلق کیا اصول کار اختیار کرتے اور مسلمانوں کو کس طور پر توجہ دلاتے، اس تنبیہ پر پورے تیس سال گزر چکے لیکن آج بھی وہ غور وعمل کے قابل ہے بلکہ اُس زمانہ کے مقابلہ میں آج زیادہ ضرورت محسوس ہوتی ہے کیوں کہ مسلمان اُس خطرہ میں گھر گئے ہیں جس کا اس مضمون میں اشارہ ہے۔

سُدیشی تحریک

مسلمانوں کو سخت خطرہ کا اندیشہ

کئی مہینے سے ہندوستان میں جابجا یہی چرچا ہے کہ اپنے ملک کی ساختہ پرداختہ چیزیں استعمال کی جانی چاہئیں، ہر شخص اپنے دل میں سوچتا ہے ہم کیوں ایسا عہد کریں، کیوں یورپین کارخانوں کی اشیا جو سستی اور نفیس ہوتی ہیں چھوڑ دیں اور ہندوستانی کاریگروں یا اناڑیوں کی بنائی ہوئی مہنگی چیزیں خریدیں، لیکن ذرا غور و تامّل سے خود اس کی وجہ معلوم ہو جاتی ہے کسی ناصح یا مصلح سے رائے لینے کی ضرورت نہیں رہتی لکھو کھا ہندوستانی کارخانے بند ہو گئے اور روز بروز یکے بعد دیگرے اور بھی معدوم ہوتے جاتے ہیں یورپین اسباب کے درود کی سیل مواج کو کون روک سکتا ہے، کس کو مہارت ہے، کون مقدرت رکھتا ہے کہ اس کا مقابلہ کرے؟ ایسی ناقابلیت و عدم استعداد نے ہندوستان کے لوگوں سے سب کام چھوڑا دیئے جب پیشہ ور اپنے کام کو کھو بیٹھے اُن کے پاس نوکری چاکری ڈھونڈنے بغیر اور کچھ باقی نہ رہا اسی کی وجہ سے نوکریوں کا ملنا نہایت دشوار ہو گیا، ہر کس و ناکس تلاش روزگار مارا مارا پھرتا ہے یک انار و صد بیمار کا قصہ ہے جن کو علم سیاست مدن سے واقفیت نہیں وہ اپنی بیکاری کا الزام سرکار پر لگاتے ہیں، لکھنے پڑھنے کے بعد وہ بزعم خود سرکار پر

حق رکھتے ہیں کہ خواہ نخواہ وہ اُن پر ملازمت کا دروازہ کھول دے، اوروں کے حقوق کو ان کی خاطر نہ دیکھے لیاقت و کاروائی کا لحاظ نہ رکھے، مگر دنیا کا قانون ہے کہ زبردست زیردست کو دبا لیتا ہے۔ قابل ناقابل پر غالب آتا ہے جو وقت کی مساعدت کرتا ہے وہ ہی دنیا میں زندہ رہ سکتا ہے پس ایسی حالت میں ہم کاروبار چھوڑ کر کیسے توقع رکھتے ہیں کہ ہم کبھی سرسبز ہوسکیں گے؟ بہبودی کی صرف یہی صورت ہے کہ ہم اپنا کام خود سنبھالیں اجنبیوں کو اپنا گھر بار سپرد نہ کریں اگر ہر فرد بشر کو اس طرف خیال آئے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہماری حالت متغیر نہ ہوجائے ہزاروں آدمی جو بے کار اور متلاشی پھرتے ہیں کام دھندے سے لگ جائیں ویرانے آباد ہوجائیں۔

اِس زمانے میں ایشیائی بلاد کے معمور بازار اور بہری دوکانیں سب اصلی ویرانے ہیں، ان سے ملک کو فائدہ کیا نقصانات پہنچتے ہیں، دلّی، قاہرہ، دمشق، قسطنطنیہ، طہران وغیرہ سب بظاہر اسباب سے معمور او رآباد دکھلائی دیتے ہیں، لوگ وہاں کے دولت و رفاہیت کا راگ گاتے ہیں، ذرا سوچو کہ یہ بزازوں کی دوکانیں، یہ خوبصورت چینی کے برتنوں کے ڈھیر، یہ بساط خانے وغیرہ سب کے سب مٹی کے ڈھیر ہیں جو ہمارے چاندی، سونے کے عوض یورپین کارخانوں سے چلے آتے ہیں۔ ایشیائی لوگ محنت و مشقت سے پیسہ پیسہ کرکے جوڑتے ہیں اور اپنی کمائی کے وارث یورپین دوکان داروں کو بنا دیتے ہیں، یہ ایشیائی دکاندار جو یورپین اشیا بیچتے ہیں بظاہر ہمیں سوداگر معلوم ہوتے ہیں، مگر درحقیقت یہ یورپ کے خیرخواہ اور نمک حلال کارندے ہیں اپنے وطن اور ہم وطنوں کا خون جگر پیتے ہیں اپنے ملک کی ترقی کو روکتے ہیں اپنے بھائی بندوں کے ہاتھ، پیر باندھ کر بیگانوں کے سپرد کرتے ہیں، ان کی دلی آزادی کو بڑھنے نہیں دیتے، ان کی دماغی روشنی کو بجھا دیتے ہیں، اگر تم کسی پررونق بازار سے گذرو، ذرا غور کرو کہ اس ظاہری

رونق کا تم پر کیا اثر پڑتا ہے، خبردار! دھوکہ نہ کھانا، یہ رونق اور یہ افراط، کساد بازاری و قحط سے زیادہ مضر ہے، یہ تمہاری دانشمندی کا نتیجہ نہیں ہے، یورپ کے کارخانہ دار اس تعریف کے مستحق ہیں۔ تم محنت کرو، اپنا عرق جبیں بہاؤ اور جو کما کر لاؤ وہ فوراً یورپ کو بھیج دو، تمہارے ہم وطن دکانوں پر دام تزویر بچھائے تمہیں لوٹنے کو بیٹھے ہیں، جیسے مکڑی اپنے جالے میں غریب مکھی کو پھانس لیتی ہے ایسے ہی یہ بے کاری اور صنعت و حرفت سے ناآشنائی ہمیں دام و آلام فلاکت میں پھنسائے رہتی ہے۔ پس جو لوگ اپنے ملک کے، اپنے گھر کے، اور اپنی ذات کے بہی خواہ ہوں انہیں آنکھیں کھولے مستعد رہنا اور قبل از وقت پیش آنے والی مصیبت سے بچنے کے لئے کوششیں کرنی چاہئیں۔ جب سمندر میں طوفان اٹھتا ہے، ہوشیار ناخدا اپنی کشتیوں کو تلاطم سے بچانے کی تدابیر سوچتا ہے اور غافل ملّاح چشم بصیرت بند کئے چلا جاتا ہے، موجیں اُسے گھیر لیتی ہیں اور سوائے ڈوب مرنے کے اور کوئی چارہ اس کے ہاتھ نہیں رہتا۔ مسلمانوں کی یہی کیفیت ہے۔ انقلاب وقت سے حکومت نے اُن سے کنارہ کیا۔ دُنیا کے حالات بدل گئے، مشرق کو چھوڑ مغرب سے حکومت کا سورج نکلنے لگا، مگر بدنصیب مغفل مشرق ہی کی طرف طلوع الشمس سے اقتباس کرنے کے منتظر بنے بیٹھے رہے اور اطراف سے کوئی تلاش نہ تھی۔ کوئی رخنہ یا کوئی کھڑکی کھلی نہ تھی جس سے کلبۂ احزان کے گلیم پوشوں کو معلوم ہوتا کہ سورج نکل آیا ہے، اور نصف النہار کا وقت ہو چلا ہے، دُنیا نورانی اور فیض سے معمور ہے، آخر کار زوال کا وقت ہوا، اُن کے دروازہ کی ریخوں میں سے روشنی پھوٹنے لگی، وہ سمجھے کہ صبح ہو چلی ہے، ویسے ہی بستر نکبت و فلاکت پر پڑے انگڑائیاں لیتے رہے، جب کسی پڑوسی نے جگایا یا دیکھا کہ دن ڈھل چکا ہے۔ اقبال مند لوگ اپنے کاروبار میں مصروف ہیں اور بداقبالوں کے لئے گنجائش باقی نہیں ہے۔ مسلمانوں نے اپنی سلطنت کھو کر،

اپنے علوم و فنون برباد کرکے جب آنکھیں کھولیں دیکھا کہ ان کے پڑوسی ہر جگہ پھیلے پڑے ہیں۔ سرکاری نوکریوں کے لئے جو لیاقت مطلوب ہے۔ اُس میں ہر طرح کی فوقیت رکھتے ہیں اور ہر اعلیٰ درجہ سے لے کر ادنیٰ درجہ تک سب انہیں کے قبضۂ تصرف میں ہیں، سرکاری دفتروں میں مسلمان عام طور پر دفتری یا چپراسی کی خدمات کے سوا اور کچھ نہیں پا سکتے۔ علمی ترقی کے لحاظ سے اب مسلمانوں اور ہندوؤں میں صدیوں کا فرق ہے اور کبھی ہم انہیں پکڑ نہیں سکتے۔ جیسے بڑے بڑے متبحر عالم اور فصیح و بلیغ مقرر روشن ضمیر حکماء، اب بیسیوں ہندوستان کی متقدم قوموں میں دکھلائی دیتے ہیں، مسلمانوں میں کہیں پائے نہیں جاتے، یہی کیفیت اور صنعتوں کی بھی ہے جو خاص خاص پیشے اور صنعتیں مسلمانوں کے ہاتھ تھیں اُس میں بھی یہ لوگ گھُسے چلے آتے ہیں، ذرا تامّل کرو! دیکھو چند سال پہلے چمڑے کا کام صرف مسلمانوں کے لئے مخصوص تھا، جوتہ فروش سب مسلمان تھے، اب ہمیں شریف ہندو چمڑے کے کام میں مصروف اور ہندو جوتہ فروش بھی دکھلائی دیں گے۔ بساط خانہ کا کام اکثر مسلمان کرتے تھے اب ہندو اُس میں آ شریک ہوئے ہیں؛ جرّاحی کا کام زیادہ تر مسلمانوں کا تھا اب ہندو جرّاح دکھلائی دیتے ہیں اور مسلمان تلاش سے گنے جا سکتے ہیں، تقابل و مبارات کا بازار گرم ہے، اگر ہم وقت کو اپنا مساعد نہ بنائیں گے، کیسے فلاح پائیں گے؟ آج کل سودیشی تحریک اس زور شور سے پھیل رہی ہے اور مسلمان بدستور غافل ہیں، ہمیں سخت اندیشہ ہے کہ جو چند پیسے اُن کے ہاتھ ہیں وہ بھی اُن سے چھِن جائیں گے۔

اب ہزارہا لائق لکھے پڑھے لوگ صنعت و حرفت کی طرف توجہ کرینگے مسلمان جہلا کیا اُن کا مقابلہ کر سکیں گے؟ کہیں کہیں جو دو کانیں یا کارخانے مسلمانوں کے نظر پڑتے ہیں وہ اس مہلک سیلاب میں بلاشبہ بہہ جائیں گے! ہم نے اپنی پچھلی اشاعت میں ایک مصری اخبار کے مضمون "سیل جارف، فمن یقی المصرین خطرہ؟" (مہلک

سیلاب، مصریوں کو اس کے خطرہ سے کون بچا سکتا ہے؟) کا ترجمہ شائع کیا تھا۔ اب ہم وہ ہی سوال اپنی قوم سے کرتے ہیں۔

سودیشی تحریک "مسلمانوں کو اس کے خطرہ سے کون بچا سکتا ہے؟" مسلمانوں کو سرکاری نوکری لیاقت و حصہ رسدی کے موافق ملے گی۔ زیادہ توقع رکھنا غلط خیال باندھنا اور جھوٹی امید لگانا ہے۔ اب ہر شخص کو صنعت و حرفت کی طرف ہی توجہ کرنی چاہئے۔ لازم ہے کہ طالب علموں کی جماعتیں امریکا و جاپان کام سیکھنے کے لئے کثرت سے جایا کریں، تاکہ واپسی پر بیرسٹروں کی طرح دوسروں کے محتاج اور دست نگر نہ رہیں بلکہ اپنی کاردانی سے ہزاروں کو فائدہ پہنچا سکیں، جاپان، ہندوستان سا سستا ملک ہے اور بہت کفایت سے وہاں ضروری تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے۔

اِس ایک جواب کے سوائے اور کوئی بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ ہمارا مایوسانہ سوال کہ "سودیشی تحریک مسلمانوں کو اس کے خطرہ سے کون بچا سکتا ہے؟" ہر وقت ہمارے دل کو گھیرے رہتا ہے۔ فرض کرلو کہ یہ تحریک کچھ عرصہ بعد ٹوٹ جائے تب بھی ہماری حالت اِسی خطرہ میں پڑی رہے گی، کیوں کہ بنگالیوں اور تعلیم یافتہ ہندوؤں کو نوکری سے نفرت پیدا ہو چلی ہے، اور دوکان داری سے موانست ہوتی جاتی ہے، بتلاؤ کہ تعلیم یافتہ دوکان داروں سے کس طرح پالا جیت سکیں گے؟ جیسے اب ہم نوکریوں اور علمی کاموں میں پھسڈی ہیں ویسے ہی تجارت و صنعت و حرفت کے پیشوں میں ناکام رہیں گے، شاید آٹھ دس برس بعد ہی یہ نوبت آجائے گی کہ بازاروں میں سیکڑوں دوکانیں لکھے پڑھے لوگوں کی نظر آئیں گی، اُس وقت ہمارے لئے سخت مشکل ہوگی اور ہمیں اندر گھسنے کا موقع ہی نہ ملے گا ہم اس کو بڑی خوش نصیبی اور دانشمندی تصور کریں گے اگر اس "سودیشی" تحریک سے ہم فائدہ اُٹھائیں۔ اپنے دل و دماغ سے کام لیں، اپنے مال و دولت کو اس پر صرف کریں اور آیندہ اس کے نفع سے متمتع ہوں۔ اس سے مخالفت کا وہ ہی نتیجہ ہوگا جو

تعلیم مغربی سے متنفر ہو کر ہم نے حاصل کیا۔

"سودیشی" تحریک ہندوستان ہی میں محدود نہیں ہے، جن قوموں میں "قومیت" کا خیال پیدا ہوتا جاتا ہے اور اپنے زوال کی حالت دیکھکر متاسف ہوتی ہیں اور اجنبیوں کی مٹی اپنا چاندی، سونا دے کر نہیں خریدنا چاہتیں۔ چنانچہ حال ہی میں چینی لوگوں نے امریکہ کا اسباب خریدنا بند کر دیا اور اپنی ضرورت کے لئے خود اپنی کوشش سے سامان مہیا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ہی کیفیت جاپان کی ہے، غیر ممالک کی اشیاء وہاں نہیں جانے پاتیں ملک خود اپنے لئے پیدا کرتا ہے اپنی دولت غیروں کو دے کر خود مفلس بننا نہیں چاہتا۔

انگلستان میں بھی عرصہ ہوا پارلیمنٹ نے بیرونی اشیاء کے خلاف قانون جاری کیا تھا جس کا منشا یہ ہی تھا کہ ملک کی صنعت و حرفت کو نقصان نہ پہنچے اور مفلسوں کی تعداد نہ بڑھے۔

اس مسئلہ کو حکومت و سیاست سے متعلق مت سمجھو، یہ تمدن سے متعلق ہے جو لوگ اقوام متمدنہ میں رہنا چاہتے ہیں انہیں اس کی طرفداری کرنی چاہئے اس کی حمایت بغیر سلامتی سے رہنا ممکن نہیں ہے مسلمان جو عرصہ سے قواعد و قوانین تمدن سے غافل رہ کر قسم قسم کے نقصانات اٹھا چکے ہیں انہیں اب قبل از وقت تیاری کرنی لازم ہے یہ بڑا سیلاب کچھ دور نہیں ہے چشم زدن میں آ پہونچے گا، ہم بزرگان قوم کو توجہ دلاتے ہیں وما علینا الا البلاغ"

نواب محسن الملک کی مشکلات

گذشتہ آٹھ سال (جنوری ۱۸۹۹ء تا جنوری ۱۹۰۶ء) میں ایم اے او کالج کو جو مالی استحکام ہوا اس کی مرکزیت اور وقعت و عظمت قائم ہوئی قوم میں بیداری اور

حیات جمہوری پیدا ہوئی اس کو سیاسی حقوق و مراعات ملے اور ایک خاص پولیٹکل حیثیت تسلیم کرلی گئی وہ سب نواب محسن الملک کی بے ریا ہمدردی و دلسوزی بے نظیر قابلیت و تدابیر اور عدیم المثال سعی و انہماک کے مشکور نتائج تھے، لیکن ان کا یہ تمام زمانہ طرح طرح کی مشکلات و صعوبات سے معمور تھا۔ کبھی سکون و اطمینان کا ایک لمحہ بھی اُن کو نصیب نہ ہوا۔ اور ان کی زندگی کے آخری چند مہینے تو انتہائی تلخی و بے چینی میں گذرے۔

ایک ہی سال کے اندر کالج میں ویسرائے ہائینسز کی تشریف آوری والطاف خسروانہ ہز مجسٹی امیر افغانستان کی رونق افروزی و اکرام وعنایات شاہانہ اور شملہ ڈیپوٹیشن کی کامیابی نواب محسن الملک کی شان دار کامیابیوں کی منتہا تھی، لیکن اندر ہی اندر جو مواد پک رہا تھا اور مشکلات کا جو جال بچھا ہوا تھا، اس کے لحاظ سے وہ انتہائی بے چین و مضطرب تھے، کبھی کبھی انسان کے دل پر مسرت و خوشی کے ہنگاموں میں رنج وغم کی ایک کیفیت طاری ہوجاتی ہے جو اگرچہ اس وقت بلا وجہ معلوم ہوتی ہے لیکن اکثر اس کا تعلق کسی نامعلوم پیش آیند سانحہ سے ہوتا ہے۔

نواب محسن الملک جب بادشاہ افغانستان کو رخصت کر رہے تھے تو اُن کا دل رنج وغم کی گہرائیوں میں ڈوب رہا تھا، اثنائے گفتگو میں ان دونوں شاہانہ تقریب کی عظمت وشان بیان کرتے ہوئے بے اختیار ان کی زبان سے یہ فقرہ نکلا کہ "معلوم نہیں اس کے بعد آیندہ کالج کا کیا حال ہوگا"

شاہ نے فرمایا کہ "وہ ہی حال ہوگا جو چاند کا بدر ہونے کے بعد ہوتا ہے"!

چنانچہ ایک مہینہ بھی نہ گذرا تھا کہ شورش طلبا کا وہ سخت واقعہ پیش آیا جس کو ان تمام مشکلات کا نچوڑ کہنا چاہیے۔ لیکن قبل ازیں کہ اس واقعہ کا تذکرہ کیا جائے ان مشکلات پر ایک اجمالی نظر بھی ڈالنی چاہیے۔

ایم اے او کالج کا اساسی مقصد جس کالج کی خدمت میں یہ زمانہ گذرا اور جس کے ساتھ پوری قوم کی ترقی وابستہ تھی اس کا مقصد[1] اساسی انگریزوں سے سچی دوستی بے ریا اتحاد دوستانہ میل جول باہمدگر ہمدردی سلطنت برطانیہ کی وفاداری اور اُس کے برکات کی قدردانی تھا۔

کالج فونڈیشن کی تقریب پر جو پبلک ڈنر ہوا تھا اس میں سرسید نے کہا تھا کہ "جب میری یہ چندروزہ عمر ختم ہو جائے گی میں آپ حضرات سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو چکوں گا اُس وقت بھی یہ کالج سرسبز رہے گا اور ہماری قوم کے نوجوانوں کو اس امر کی تعلیم دینے میں کامیابی حاصل کرتا رہیگا کہ وہ اپنے وطن کے ساتھ وہ ہی محبت سلطنتِ برطانیہ کے ساتھ وہ ہی وفاداری اُس کے برکات کی وہ ہی قدردانی اور افراد قوم حکمران کے ساتھ وہ ہی دوستی واخلاص قائم رکھیں جو تمام عمر میرے دل میں حکومت کرتا رہا ہے"[2]

اسی مقصد کے لئے سرسید نے انگلش اسٹاف کا انتخاب کیا جس سے اُن کو توقع تھی کہ وہ جماعت انتظامی کے ساتھ برادرانہ برتاؤ اور قوم کے بچّوں کے ساتھ پدرانہ شفقت رکھے گا ۱۸۸۹ء میں اسی کی طمانیت خاطر کے لئے سید محمود (مرحوم) کی جانشینی تسلیم کرائی گئی، قواعد و قانون میں بعض مخصوص دفعات رکھی گئیں اور حکومت کو مخصوص اختیارات دیئے گئے۔

مسٹر بیک نے ۱۸۹۶ء میں ہنٹر کمیشن کے دعوت کے موقع پر کہا تھا کہ "اس کالج کا پولیٹکل مقصد انگریزوں اور مسلمانوں کے درمیان اخلاص و محبت کا قیام ہے، اس کالج میں رہنے سے یہ بات بخوبی ثابت ہو جاوے گی کہ دلی اختلاط اور باہمی عزت و محبت کی زبردست فیلنگ کا قائم ہونا صرف ممکن ہی نہیں ہے وہ دونوں قوموں کے درمیان

---

[1] [2] مدرستہ العلوم پر تاریخانہ لکچر از سرسید۔

میں جو ل کا قدرتی نتیجہ ہے اور یہی فیلنگ ہے جس کو ترقی دینا اس کالج کا مقصود ہے اگر عمدہ فیلنگ قائم ہو جائے تو نہایت سخت طور کی پولیٹکل مشکلات رفع ہو جائیں گی"

یہ وہ زمانہ تھا کہ انگریزوں کا ایک طبقہ مسلمانوں کے مدارس سے بھی بدظن تھا اور اس بدظنی سے محفوظ رہنے کا یہی بہترین اسلوب تھا کہ انگلش اسٹاف کو زیادہ دخیل رکھا جائے۔ چنانچہ سر چارلس الیٹ نے جو سول سروس کے ایک ممتاز رکن تھے اور بعد کو بنگال کے لفٹننٹ گورنر ہوئے۔ کالج ایسو، سی، ایشن لندن کے جلسہ منعقدہ جون ۱۸۹۰ء میں کالج کا ٹوسٹ تجویز کرتے ہوئے اس خیال کو یوں ظاہر کیا تھا کہ دو بہت سے ملکوں میں اسلامی مدارس بغاوت اور فساد کے گھر ہیں مصر اور ٹرکی میں بھی یہی حال ہے، یہ حالت شکر کی بات ہے کہ کبھی علی گڑھ میں پیدا نہیں ہوئی شکر سرسید کی قابل تعریف مثال قائم کرنے اور ان لوگوں کی دانشمندانہ پالیسی کا ہے جو کالج کے انتظام سے متعلق تھے"

حصول مقصد سرسید کی زندگی میں یہ مقاصد بہ احسن وجوہ حاصل ہوتے رہے یہاں کے طلبا کی وفاداری مسلم ہوگئی، وہ قابلیت اور کیرکٹر میں ہندوستان کے بہترین اور انگلستان کی یونیورسٹیوں کے طلبا کی برابر شمار ہونے لگے۔ حکومت کے افسروں نے جن میں وائسراؤں سے حکام ضلع تک شامل ہیں اپنے اثر سے کالج کو بڑے بڑے فوائد پہنچائے اور سرکاری ملازمت میں اُسکے طلبا کو ترجیح دی گئی۔ اسی ادارہ سے کانگریس کا زور شور کم کرنے اور مسلمانوں کو اُس سے جُدا اور اُس کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے بھی سخت کوششیں ہوئیں اور مسلمانوں کے دامن سے غداری تعصب اور جہالت وغیرہ کے داغ مٹنے اور ہلکے ہونے شروع ہو گئے، کالج کے ہر ایڈریس میں مسلمانوں کی وفاداری کا یقین دلایا گیا اور ہر جواب میں اس کا اعتراف اور حوصلہ افزائی کی گئی۔

کالج کی پولیٹکل حیثیت مشترک مقاصد کے لحاظ سے حکومت میں اسٹاف اور خاص کر پرنسپل کا اثر و رسوخ غیر معمولی طور پر بڑھ گیا اور ساتھ ہی اس کو انتظاماتِ کالج میں حد سے زیادہ مداخلت اور جماعت ٹرسٹیان پر تفوق حاصل ہو گیا حتیٰ کہ جب سرسید کا انتقال ہوا۔ اس وقت کالج کی حیثیت بالکل ایک دیسی ریاست اور پرنسپل کی پوزیشن ایک برٹش رزیڈنٹ کی تھی۔

ریاستی دستور ریاستوں میں دستور ہے کہ ایک فرماں روا کے انتقال کے بعد جب دوسرا رئیس مسند نشین ہوتا ہے تو وہ دربار میں تخت و تاج کے ساتھ عقیدت و وفاداری کا اعلان کرتا ہے اِسی طرح یہاں بھی سید محمود لائق آنریری سکرٹری کے سامنے تجویز پیش کی گئی کہ :۔

"اسٹریچی ہال میں ایک میٹنگ کر کے جس میں کلکٹر و مجسٹریٹ ضلع اور دیگر مقامی یورپین اور ہندوستانی عہدہ دار شریک ہوں اس امر کا اعلان کیا جائے کہ سرسید کے انتقال سے کالج کے مقصد و مطمح نظر، طریق انتظام اور اُس کے معاملات کی نگرانی اور پالیسی کے اصول میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی اور آپ کے سکرٹری ہونے سے ہماری غیر متزلزل اور دلی وفاداری میں جو حضور ملکہ معظمہ کے ساتھ ہے کچھ فرق نہ آئے گا جن کی فرماں روائی میں ہندوستانی مسلمان رعایا کو امن کی نعمت، بہتر حکومت اور روشن دماغی حاصل ہوئی اور ان چیزوں سے ہمارے دلوں میں وفاداری کی بنیاد قائم ہو گئی جس کی آپ کے والد نے اپنے ہم مذہب اور اہل وطن لوگوں کی رائے سے نشو و نما کیا اور اُن کی یہ پالیسی تقریباً تمام روشن خیال مسلمانوں نے منظور کر لی "!

(خط صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب مرحوم مورخہ ۸ اپریل ۱۸۹۸ء)

مسٹر بیک پرنسپل نے بھی لکھا کہ :۔

"کلکٹر کی صدارت میں ایک جلسہ منعقد کیا جائے جس کا پہلا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ٹرسٹیوں کی طرف سے عام اعلان کر دیا جائے کہ ہم سلطنت برطانیہ کے متعلق وہی پالیسی رکھیں گے جو سر سید کی تھی اور یہ کہ ہمارے کالج کا ابتدائی مقصد یہ ہے کہ ہم نوجوان مسلمانوں کو یہ تربیت دیں کہ علاوہ بذات خود وفادار ہونے کے وہ نہایت مستعدی کے ساتھ مسلمانوں میں وفاداری اور گورنمنٹ کی امداد کے جذبات مضبوط کریں گے۔" (خط مورخہ ۱۴ اپریل ۱۸۹۸ء)

سر سید کے بعد ایک سخت کشمکش

مگر بدقسمتی سے لائف آنریری سکرٹری (سید محمود) اور پرنسپل (مسٹر بیک) میں بہت جلد ناچاقی ہو گئی جس کے نتیجہ میں سکرٹری شپ کا بار نواب محسن الملک کے شانوں پر رکھا گیا لیکن عرصہ تک وہ اس عہدے کے پورے اختیارات سے محروم رکھے گئے۔ مسٹر بیک نے اپنے اقتدار و اختیارات کو قانونی طور پر مستحکم و وسیع کرنے اور لائف پرنسپل بننے کے لئے مؤثر کوششیں شروع کیں ٹرسٹیوں میں متقابل پارٹیاں بن گئیں اور اسٹاف بھی فریقانہ حیثیت سے اُن کے نزاعات میں شامل ہو گیا۔

پرنسپل کا اقتدار

البتہ ستمبر ۱۸۹۹ء میں مسٹر بیک کی ناگہانی موت سے کچھ صورت حالات بدل گئی اُن کی جگہ (مسٹر) ماریسن صاحب کا انتخاب ہوا جو دہ سالہ ملازم اور سینیر پروفیسر تھے۔ سر سید ان کو نہایت عزیز رکھتے تھے طلبا پر ان کا خاص اثر تھا اور ان باہمی نزاعات سے وہ یک گونہ الگ تھے لیکن اُردو، ہندی کے قضیئے میں ان کو سر انٹونی میکڈانل نے حکومت اور سکرٹری کے درمیان واسطہ بنا کر ان کا درجہ سکرٹری سے بالاتر کر دیا اور پھر لارڈ کرزن کی خاص عنایتوں نے امپیریل لیجیسلیٹو کونسل کا عارضی ممبر نامزد کر کے متقدم جانشینوں کے مقابلہ میں اُن کا وقار و اقتدار زیادہ بڑھا دیا۔

اِس اقتدار و اثر کا نتیجہ تھا کہ مسٹر ماریسن کے یہ بات ذہن نشین [۵۱] ہوگئی کہ آنریری سکرٹری اسٹاف پر اپنا اثر نہیں ڈال سکتا اور نہ اُس کی نگرانی کر سکتا ہے ۔

اسٹاف اور طلبا کے تعلقات جن اصولوں پر کالج قائم ہوا تھا اُن کے لحاظ سے سرسید نے نوجوان [۵۲] مسٹر بیک (پرنسپل) اور اسٹاف کے بعض ممبروں کا براہ راست انگلستان سے انتخاب کیا تھا اور ان کو بورڈنگ ہاؤس کے انتظامات بھی سپرد کئے گئے تھے ۔

ہنوز تین سال بھی اس انتظام کو نہ ہوئے تھے کہ ۱۸۸۱ء میں طلبا نے ایک [۵۳] معمولی واقعہ پر اسٹرایک کی اور مسٹر بیک کے اخراج کا مطالبہ کیا لیکن نتیجہ میں دو طالبعلم خارج کئے گئے اور شورش رفع ہوگئی ۔

اب بورڈنگ ہاؤس حتیٰ کہ باورچی خانوں کا انتظام بھی کلیتاً اسٹاف کے قبضہ قدرت میں آگیا اور ہندوستانی کھانے کی عمدگی و خرابی ایک انگریز ممبر کی رائے پر منحصر ہوگئی نیز ذائقہ کی نسبت اسی کا فیصلہ مختتم ہوگیا ۔

اسکے نتیجہ میں مسٹر بیک اور اسٹاف کے دیگر ممبروں اور طالب علموں میں نہایت عمدہ تعلقات ہوگئے ۔

اور ۱۹۰۰ء میں جب ماریسن صاحب پرنسپل ہوئے تو طلبار کے ساتھ اُن کی مربیانہ شفقت ضرب المثل بن گئی، اُنھوں نے ایک سروس ایجنسی بھی قائم کی اور طلبا کی ملازمتوں اور ترقیوں کے لئے اپنا ذاتی و اخلاقی اثر استعمال کیا ۔اُن کی اِس شفقت و محبت کا شکر گزاری و احسان مندی کے ساتھ عام اعتراف تھا ۔

---

۵۱ سرکلر لیٹر مسٹر ماریسن بنام ٹرسٹیان کالج ۱۹۰۴ء درباره تقرر مسٹر کارنا ۔

۵۲ اِس وقت مسٹر بیک بعض طلبا سے بھی کم عمر تھے ۔

۵۳ مولوی عزیز مرزا بی اے ۔ ہوم سکرٹری نظام گورنمنٹ و آنریری سکرٹری مسلم لیگ حلت ۱۹۱۲ء
مولوی مظہرالحق کاندھلہ ضلع مظفر نگر پنشنر ڈپٹی کلکٹر ۔

اسٹاف کے رویہ کی تبدیلی اور اُس کا اثر

لیکن چند روز بعد بعض ایسے واقعات[۵۱] پیش آئے کہ اُن کے برتاؤ میں فرق آگیا، یونین کلب میں عربی اسکیم پر مباحثہ ہوا جس کے وہ سخت مؤید تھے طلبا نے مخالفت میں تقریریں کیں اور نتیجہ میں وہ پاس نہ ہو سکی، پھر دوسرے موقع پر اُن کی تائید سے یہ مضمون پیش ہوا کہ :۔

"خلافتِ موجودہ اسلام میں کوئی چیز نہیں اور مسلمانانِ ہند سلطنت برطانیہ کی رعایا ہو کر کسی دیگر سلطنت کے فرماں روا کو خلیفہ نہیں مان سکتے"

اس پر بڑی گرم بحثیں ہوئیں اور تجویز مسترد ہو گئی۔ اس دور کے واقعات میں ایک اہم واقعہ یہ بھی[۵۲] تھا کہ چند نوجوان طلبا ایک انگریز نوجوان مشنری خاتون سے بائبل پڑھنے جاتے تھے، اِس ذوقِ علم کو اکثر اصحاب نے خطرناک سمجھا، نواب محسن الملک نے سختی سے ممانعت کی جس کا اثر یہ[۵۳] ہوا کہ مارین صاحب طلبا سے اسقدر کشیدہ ہو گئے کہ اُن کو اپنی کوٹھی پر آنے سے منع کر دیا۔

اُن کی اس متبدلہ کیفیت کا اثر اسٹاف کی طبائع پر بھی پڑا اور بعض ممبروں نے طلبا کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار کر لیا۔

اُن کے خاص آوردہ مسٹر کارنا کے غیر شریفانہ برتاؤ اور بعض گفتگوؤں سے زیادہ ناراضی پھیلی، غرض زیادہ ذہین اور سینیر طلبا جن میں خودداری کا زیادہ احساس تھا اب زیادہ شاکی و ناراض تھے ۔

اساتذہ کو بھی طلبا سے سوءِ ادب اور تمرّد کی شکایات تھیں اور اس مشرقی ادب

---

۵۱ مرقع کالج مرتبہ مولوی بدرالدین بی اے - ایل ایل بی - مراد آباد -

۵۲ "البشیر" اٹاوہ -

۵۳ سرکلر لیٹر نواب وقارالملک - موسومہ ٹرسٹیان کالج -

کے فقدان پر جو پچھلی صدی کے طلبا میں پایا جاتا تھا ان کا غصہ تیز ہو جاتا تھا۔

سنہ ۱۹۰۴ء سے ان واقعات و حالات کے متعلق اخبارات میں سلسلہ شکایات شروع ہو گیا تھا۔ اسٹاف اور ٹرسٹیوں دونوں پر شدید اعتراضات ہوتے تھے اور اندرونی خرابیوں کو بڑھا چڑھا کر دکھایا جاتا تھا۔

مسٹر ماریسن اور آنریری سکریٹری میں عربی اسکیم کے متعلق شدید اختلاف ہوا جو آخرکار کچھ ترمیم کے ساتھ نواب محسن الملک کی رائے کے مطابق طے ہو گیا۔ اس کے بعد ہی باوجودیکہ ہنوز کالج مالی مشکلات میں تھا مسٹر ماریسن نے انگلش اسٹاف کے سالانہ اضافہ کی ایک اسکیم پیش کر دی اور متنبہ کیا کہ:۔

"اگر یہ اسکیم اس وقت منظور نہ کی گئی تو میرا گمان غالب ہے کہ آیندہ موقع پر ٹرسٹی اس سے وسیع شرائط منظور کرنے پر مجبور ہوں گے"

اس کے ساتھ ہی اسسٹنٹ اسٹاف کی اسکیم بھی پیش ہو گئی۔

ہنوز یہ مسئلہ زیر غور تھا کہ مسٹر ماریسن نے جو عنقریب سبکدوش ہونے والے تھے مسٹر آرنلڈ کو اپنا جانشین بنانے کی انتہائی کوشش کی اور اس مقصد کے لئے ٹرسٹیوں کو گشتی چٹھی بھیجی اور بعض ایسی کارروائیاں[51] بھی کیں جو اُن کے مرتبہ سے گری ہوئی تھیں نواب محسن الملک کو ان کے اصرار کی نامنظوری سے مختلف اندیشے تھے، لیکن نواب وقار الملک نے بعض ٹرسٹیوں کی تائید حاصل کر کے سخت اختلاف کیا۔

مسٹر ماریسن کے رویہ کی اس تبدیلی سے بڑے خطرات پیدا ہو گئے تھے نواب وقار الملک نے تو ایک خط[52] میں یہاں تک لکھا تھا کہ:۔

---

[51] روداد ہائے اجلاس ٹرسٹیان سنہ ۱۹۰۴ و ۵ء۔

[52] ملاحظہ ہو نواب وقار الملک کا سرکلر لیٹر موسومہ ٹرسٹیان کالج اگست سنہ ۱۹۰۴ء و خط موسومہ مولانا حالی (مکاتیب حصہ دوم)

"اب جو دن مسٹر ماریسن کے تشریف لے جانے کے باقی ہیں خدا کرے وہ خیر و عافیت سے بسر ہو جائیں اور شکریوں کے نعروں ہی میں رخصت ہوں ورنہ بہت اندیشہ ہے کہ آیندہ اس پانچ چھ مہینہ کی مدت میں وہ واقعات پیش نہ آجائیں جس سے علانیہ کشمکش پیدا ہو جائے اور بے لطفی ترقی کر جائے"

مسٹر ماریسن کی سبکدوشی

بالآخر پندرہ سال کے بعد مسٹر ماریسن[ف] مارچ ۱۹۰۵ء میں سبکدوش ہوئے ان کی خدمات و احسانات کے اعتراف میں ایڈریس اور ہدیئے پیش کئے گئے۔

ف مسٹر ماریسن پروفیسر کی علمی حیثیت سے نہایت ممتاز تھے ان کو سرسید کے زمانہ سے بورڈنگ لائف میں گہری دلچسپی تھی۔ سرسید نے ان کی ایک تقریر کا ترجمہ اسٹریچی ہال کے دروازہ پر کندہ کرایا، اُنھوں نے جو جدید تقرر کے وقت پانچ سال خدمت کرنے کی شرط کر لی تھی اور جب وہ وقت پورا ہوا تو سبکدوشی چاہی، پرنسپلی کے زمانہ میں ڈسپلن کے متعلق سختی کی۔ مردانہ کھیلوں میں ورزش جسمانی اور خاص کرفٹ بال کو ترقی دی۔ رائڈنگ اسکول اور انگلش ہاؤس قائم کیا۔ فنانس کمیٹی کے سکرٹری کی حیثیت سے حسابات کی درستی پر خاص توجہ کی، کالج کی تمام سوسائیٹوں میں شرکت کرتے رہے۔ طلبا کی مذہبی تعلیم اور ان کے مذہبی فرائض کی پابندی کا زبردست خیال رہا۔ سروس ایجنسی قائم کر کے مختلف صوبوں میں بہت سے طلبا کو مامور کرایا۔ مسز ماریسن بھی بچوں پر بہت شفیق تھیں اور اُن کی تعلیم و تربیت کی نگرانی کرتی تھیں زنانہ اسکول کے قیام کی تحریک کی اور رسالۂ خاتون کے لئے مضامین بھی لکھے۔ سرتھیوڈر ماریسن کا نام ہماری قوم کی جدید تاریخ میں جہاں احترام و شکر گزاری کے ساتھ باربار آئیگا وہاں یہ واقعہ بھی ثبت رہیگا کہ اُنھوں نے مسٹر کارنا اور مسٹر براون کے انتخاب میں غلطی کی اور اُن نتائج پر غور نہیں کیا جو مسلسل طور پر سامنے آرہے تھے، حکومت میں کالج کی بدولت جو اقتدار ان کو حاصل تھا اُس کا مسلمانوں کے (بقیہ صفحہ ۲۰۷ پر)

اور انہیں کالج کا وزیٹر بنایا گیا۔ نواب محسن الملک نے ٹرسٹیوں کی جانب سے اُنکی کوششوں اور ہمدردیوں اور اشتراکِ عمل و متابعت احکام کا بہتر سے بہتر پیرایہ میں اظہارِ تشکّر کیا جو ایک تحریر یا سند کی صورت میں دیا گیا۔ اِس تحریر میں بورڈنگ ہاؤس اور ڈسپلن کے تذکرہ میں ایک خاص جملہ یہ بھی تھا کہ :۔

"یہ ہم نہیں کہتے کہ جو اخلاقی اثر لڑکوں پہ ہونا چاہیئے وہ پورا حاصل ہوا ہے مگر اس کے وہ اسباب تھے جو آپ کے اختیار سے خارج تھے اور اُس میں آیندہ زیادہ اصلاح کی ضرورت ہے۔"

مسٹر ماریسن کی رخصتی تقریر مسٹر ماریسن نے جو رخصتی تقریر کی اس میں سر سید اور اسٹاف کے خوشگوار تعلقات کا تذکرہ کرکے موجودہ زمانہ کی خوشگواریوں اور بعض امور کی نسبت کہا کہ :۔

"ہم سب جانتے ہیں کہ سر سید کو اس بات پر کیسا اصرار تھا کہ یہ کالج اور وہ تحریک جس کی یہ کالج ایک صورت ہے مسلمانوں اور انگریزوں کی دوستی پر مبنی ہیں۔ اگرچہ ضرور تھا کہ ایک روز افزوں ترقی کرنے والے انسٹی ٹیوشن میں بہت سی چیزیں بدل جاتی ہیں لیکن سر سید کی پالیسی کا یہ سنگ بنیاد ہنوز قائم ہے۔ نئے نئے ٹرسٹی جماعت انتظامی میں شامل ہو گئے اور نئے نئے انگریز اسٹاف میں آ گئے ہیں لیکن ان کے عمدہ تعلقات بدستور جاری ہیں۔ حضرات آپ مجھے اجازت دیجئے گا اور نواب صاحب آپ اپنی موجودگی میں مجھے اس کہنے پر معاف فرمائیگا کہ سرتاپا اس تعریف کا مستحق آنریری سکریٹری یعنی

(گزشتہ سے پیوستہ) اصولی مفاد میں صحیح استعمال نہیں کیا اور اسی کے زعم میں اپنی پالیسی قائم رکھنی چاہیئے جو بہت سی صورتوں میں مسلمانوں کی قومی پالیسی اور ذہنیت کے منافی تھی جس کا خمیازہ اُن کے جانشین کے زمانہ میں نکلا۔

نائب ٹرسٹیان ہے کہ جنھوں نے اسٹاف کے ساتھ ہمیشہ دوستی ۔ اخلاق اور پاس مرتبت کا برتاؤ ملحوظ رکھا ۔

حضرات مجھے تھوڑی دیر تک اس اہم خدمت کے بیان کی اجازت دیجئے جو نواب صاحب نے کالج کے لئے سرانجام دی اور جس سے دنیا تقریباً بے خبر محض ہے ۔ کہنے کو تو یہ کہدینا نہایت آسان ہے کہ ہم سرسید کی روش کو بحال رکھتے اور مسلمانوں اور انگریزوں کے درمیان دلی دوستی چاہتے ہیں لیکن کارفرما کی نازک حیثیت میں یوں کام لینا کہ دوستی میں سرمو فرق نہ آئے بہت مشکل ہے ۔ موٹے لفظوں میں یوں کہنا چاہئے کہ کارفرما اور کارکن کے درمیان ایک قدرتی تخالف واقع ہوا ہے ۔

ایسے معاملوں میں جیسے کہ تنخواہ و ترقی رخصت اور دیگر حقوق میں اختلاف رائے طبعاً ناگزیر ہے نہ گورنمنٹ کے محکمے اس سے بری ہیں نہ عوام کے کارخانے مگر باوجود اس کے کہ یہ مشکلات نواب محسن الملک کے منصب کی سرشت میں میں داخل ہیں اس پر بھی وہ نہ صرف تمام اسٹاف کی سچی دوستی کے حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں بلکہ اُنھوں نے ان کو اسلامی ترقی کی کوشش میں رفیق راہ بنا لیا ہے ۔ بڑے انتظار کے بعد مجھ کو یہ موقع ملا ہے کہ اُن کی گوناگوں عنایتوں اور مروتوں کا جو وہ میری نسبت ہمیشہ ظاہر فرماتے رہے علی الاعلان شکریہ ادا کروں یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ ان کے ساتھ کام کرنے میں مجھے ہمیشہ خوشی حاصل ہوتی رہی اور اختلاف رائے نے کبھی ہماری دوستی میں فرق نہ آنے دیا مجھے خوب معلوم ہے کہ آنریری سکرٹری اور پرنسپل کے درمیان مسلسل یگانگت پر بعض لوگوں کو ناموافق نکتہ چینیوں کا موقع ملا ہے مگر یہ نکتہ چینی صرف اُنہیں لوگوں تک محدود تھی جن کو اس بات کا علم نہیں

کہ پچھلے پانچ برس میں کالج کا اصل انتظام کیوں کر چلتا رہا، اس میں شک نہیں کہ مشکلات پیش آئیں اور اختلاف رائے نے بعض اوقات صورت دکھائی لیکن پبلک میں کبھی ان باتوں پر ردوکد نہ ہوئی۔ پرائیویٹ طور پر میرے اور نواب صاحب کے درمیان اکثر ان باتوں پر طولانی اور پرجوش گفتگوئیں ہوئیں لیکن قبل اس کے کہ وہ پبلک کے کانوں تک پہونچیں اور تصفیہ باہمی مشکل اور اپنی بات سے ہٹنا ناممکن ہو جاتا ہم ہمیشہ ان کا فیصلہ کر لیتے تھے نواب صاحب میں بھی سرسید کی خوشگوار خصلت یعنی اپنی تعریف دوسروں سے منسوب کر دینے کی عادت پائی جاتی ہے۔ حضرات مجھے اس کہنے کی اجازت دیجیے کہ آج آپ کے ایڈریس میں اس کی بہت سی جھلکیں نظر آتی ہیں کیونکہ آپ نے اکثر باتیں جن کی تعریف کے اصلی مستحق نواب صاحب تھے مجھ سے منسوب کی ہیں اگر کوئی بات ایسی ہے جس میں نواب صاحب نے سرسید کے طریق عمل کو چھوڑا ہے تو وہ سلیقہ کاروبار کے معاملات میں ماہرین سے استصواب کرنے کا عزم ہے۔ مثلاً خود نواب صاحب ہی نے حساب پیشہ ماہرین کے ذریعہ سے کالج کے حسابات کی سالانہ جانچ پڑتال ہونے پر زور دیا تھا اور میسرز لیولاک اینڈ لیوس کے استادانہ مشورہ ایسے نتیجہ خیز ثابت ہوئے ہیں کہ اس وقت کالج میں ایک شخص بھی ایسا نہیں ہے جس کی رائے نواب صاحب کی رائے نہ ہو۔ لیکن اگر میں نواب صاحب کی تدبیر اور دوراندیشی کی ساری مثالیں جن کے لئے یہ کالج ان کا ممنون ہے گننے لگوں تو آپ صاحبوں کو بہت دیر ٹھہرنا پڑے گا اس لئے میں صرف اس بات کو بہ تکرار کہنا چاہتا ہوں کہ ان کے دوستانہ سلوک اور اخلاق نے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کو ہم سب کے لئے باعث مسرت بنا دیا ہے۔ میں ان شخصی اوصاف پر بار بار اس لئے زور دیتا ہوں کہ گزشتہ چند سال

کی کامیابی کو میں ازروے انصاف ضابطۂ موضوعہ (یعنی قواعد و قوانین ٹرسٹیان) سے منسوب نہیں کرسکتا۔ اگر کوئی کام مقابلۃً ایسا ہی ہے کہ جسے ناتمام چھوڑنے کا مجھ کو رنج ہے تو وہ قواعد و قوانین کو از سرِ نو ترتیب دینا ہے، عامۂ خلائق کو کبھی معلوم نہو گا کہ اس ناقص ضابطہ کی وجہ سے کس قدر مفید کام رُکا رہا اور کیسے کیسے موقع اور کٹھن صورتیں فقط نواب محسن الملک کی کارگزاری، قوت برداشت اور استقلال سے حل ہوئیں۔ اگر یہ ضابطہ بہت جلد ترمیم نہ ہوا تو مجھے آیندہ کے لئے سخت اندیشہ ہے۔

ٹرسٹیوں اور اسٹاف کے باہم خراش کا باعث کوئی چیز ان غیر واضح اور غیر ممکن التعمیل قواعد سے بڑھ کر نہیں ہوسکتی جو کالج کا ضابطۂ اصول ہیں ایسی صورتیں اکثر پیش آتی رہیں کہ اگر قواعد مذکورہ کی لفظی پابندی کی جاتی تو کالج کا کاروبار ایک دم سے رُک جاتا۔"

اس کے بعد اُنھوں نے قواعد و ضوابط کالج کی ترمیم پر خاص طور سے توجہ دلائی اور سنڈیکیٹ بنانے پر زور دیا جو ٹرسٹیوں کی طرف سے اگزکٹو کمیٹی کے طور پر کام کرے۔

جدید پرنسپل

مسٹر ماریسن کے بعد مسٹر کارنا[۱] قائم مقام ہوئے لیکن لندن میں مسٹر ڈبلو، اے، جے، آرچبولڈ۔ ایم۔ اے۔ ایل، ایل، بی کا انتخاب[۲] کیا گیا جو ایک علم دوست مصنف اور تعلیم و تعلّم کے زیادہ شائق تھے اور اُن سے بڑی اُمیدیں وابستہ تھیں وسطِ اکتوبر ۱۹۰۵ء میں ہندوستان آکر انھوں سے

---

[۱] جولائی میں مستعفی ہوگئے۔

[۲] سید امیر علی، میجر سید حسن اور دیگر ہمدردانِ کالج نے انتخاب کیا تھا وہ اُسوقت انڈین سول سروس بورڈ آف اسٹڈیز کے سکریٹری تھے اور اس سے قبل جنوبی افریقہ میں اصلاح و قیام مدارس کے مشن پر بھیجے گئے تھے۔

اپنی خدمات کا جائزہ لیا۔

طلبار اور اسٹاف کو فہمائش نواب صاحب کو طلبار کی حالت اور اسٹاف کے رویّہ کی تبدیلی کا اندازہ و احساس تھا

اور اب پہلے موقع پر جب کہ مسٹر آرچبولڈ کو آئے ہوئے چار ہی مہینہ گذرے تھے کہ ۸ رمارچ کو ویررائل ہائینس کی رخصت سے دن شب کو ایک ڈنر ہوا جس میں اولڈ بوائز معزز مہمان اور طلبائے کالج شریک تھے۔ یہ قدرتی موقع تقریروں کا تھا نواب صاحب نے اپنی ایک تقریر میں طلبار کو نصیحتیں کیں۔

مسٹر آرچبولڈ نے بھی ایک تقریر کی جس میں کالج کے اسٹاف اور ٹرسٹیوں کے باہمی اتحاد اور دوستانہ تعلقات کی ضرورت پر زور دیکر کہا کہ "جب کسی قسم کا اختلاف پیدا ہو تو کامل اعتماد اسٹاف پر ہونا چاہیئے" اُنھوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ وہ اپنے پیشروؤں کی طرح مسلمانوں کی بہبودی اور کالج کی ترقی میں کوشاں رہیں گے۔

اِس کے جواب میں نواب محسن الملک نے ایک بسیط تقریر کی جس میں اُنھوں نے کہا کہ" ہمارے کالج کی ترقی اس کا استحکام اس کی بہبودی اور اس کی تکمیل اس پر منحصر ہے کہ ہمارے کالج کا اسٹاف اوّل درجہ کا ہو اور نہ صرف علمی قابلیت کے لحاظ سے بلکہ خاندانی اور اخلاقی اور اخلاص کے خیال سے ایسا ہو جو اپنے فرائض کو صرف تعلیم دینے پر محدود نہ رکھے بلکہ اس خیال سے کہ وہ ایک ایسے قومی کالج میں کام کرنے کے لئے آیا ہے جس کو انگریزوں کی مدد اور اُن کے اخلاقی اثر اور تربیت اور نگرانی کی نہایت ضرورت ہے وہ مثل اپنی قوم کے ہمارے بچّوں کو اپنا سمجھے اور اُن کی اخلاقی حالت کے درست کرنے کو اپنا دِل خوش کُن اور ضروری فرض سمجھے۔ ہمارے ساتھ دوستانہ برتاؤ رکھے اور مسلمانوں اور انگریزوں میں ارتباط اور اتحاد بڑھانے کی کوشش کرے۔ کیوں کہ ہندوستان میں اسی بات کی اس وقت ضرورت ہے اور

مسلمانوں کی بہبودی اور آیندہ کی ترقی اسی پر منحصر ہے "! پھر سابق پرنسپلوں وغیرہ کی کوششوں برتاؤ ہمدردیوں، نیکیوں اور اخلاق وغیرہ کا ذکر کرکے ان امیدوں کا اظہار کیا جو مسٹر آرچبولڈ اور اسٹاف سے تھیں، لیکن یہ بھی جتا دیا کہ ان کو ہمیشہ اس کا خیال رکھنا چاہئے، کہ وہ تعلقات جو ہمارے اور اُن کے باہم ہیں اُن میں اپنے اپنے فرائض ادا کرنے کے خیال سے کبھی کبھی رائے کا اختلاف ضرور ہوگا اور ہم اپنے فوائد اور مقاصد کو ہمیشہ پیش نظر رکھنے کی وجہ سے اُن کے کاموں کو دیکھتے رہیں گے ہماری جماعت ایک گورننگ باڈی ہے، اور کالج کے اصول اور ترقی کی تجویزیں زیادہ تر ہم سے متعلق ہیں ہم کبھی اُن کو نہیں چھوڑ سکتے۔ اور اگر اُس میں کسی قسم کی مدارات یا مدا ہنت کریں تو ہم خدا اور قوم کے روبرو گنہگار ہوں گے اور وہ بھی خوب جانتے ہیں کہ ہمارے ٹرسٹیوں کی جماعت اپنے فرائض کو خوب سمجھتی ہے، کالج کی نگرانی اور کالج اسٹاف کے کاموں پر نظر رکھنا ہمارا کام ہے، ہماری جماعت تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ مسلمانوں کی جماعت ہے، بعض دیگر انسٹی ٹیوشنوں کی طرح وہ صرف برائے نام نہیں ہے نہ آمین گوئی اور خوشامد اس کا شعار ہے، وہ ان تمام باتوں میں جو کالج سے متعلق ہیں اپنے فرائض اور حقوق کا خیال رکھتی ہے اور رکھے گی اور چوں کہ یہ ایک ایسا کالج ہے کہ جس پر تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی نظر ہے اور اُس نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کا ذمہ لیا ہے اس کے مقاصد نہایت عظیم ہیں اور ان کے حاصل کرنے میں لگاتار کوشش کرنا اُس کا فرض ہے ایسی حالت میں اختلاف رائے کا ہونا ضروری ہے اور جیسا کہ میں نے کئی مرتبہ اپنے معزز دوست مسٹر آرچبولڈ سے کہا ہے، ہم ان کی رایوں کو بہت خوشی سے سُنیں گے اور اُس پر غور کریں گے اور اُن کی قدر و منزلت کریں گے، مفید نہ سمجھینگے اُن سے اختلاف کریں گے اور آخری فیصلہ جو ہمارا ہوگا اُس پر نیک دلی سے عمل کرنا

ان کا فرض ہوگا اور مجھے اُمید ہے کہ ہمارے معزز پرنسپل اور دیگر یورپین بھی اس کو تسلیم کریں گے اور کسی اختلاف کو نیک نیتی کے سوا کسی اور بات پر محمول نہ کریں گے"

ٹرسٹیز کی حالت

۱۸۸۹ء کے قانون سے انتظامات کی آخری ذمہ داری ٹرسٹیوں پر تھی جو مین حیاتی ہوتے تھے، چوں کہ کالج کا ٹرسٹی ہونا اُس وقت قوم میں سبب عزت اور حکام میں ذریعہ رسوخ تھا اس لئے متعدد ٹرسٹی نہ صرف ایک ایک خاندان سے بلکہ ایک ایک گھر سے منتخب ہو جاتے تھے اور ان ٹرسٹی کی تعداد میں زیادہ تر امرا، سرکاری عہدہ دار اور کم تر آزاد پیشہ اصحاب تھے۔ ۱۸۹۰ء تک کالج کا دائرہ اثر بہت محدود تھا اس لئے ان کا انتخاب بھی زیادہ تر صوبہ متحدہ و پنجاب سے ہوتا تھا، چنانچہ اوّل الذکر صوبہ کے ۴۵ اور آخر الذکر کے ۲۰ اور باقی پانچ بنگال و بہار بمبئی اور وسط ہند کے تھے۔

اسی شورش کے زمانہ میں مولانا حالی لکھتے ہیں کہ "نکمے ٹرسٹیوں کی بھرتی درحقیقت سرسید کے وقت میں شروع ہوئی تھی، اُنہوں نے کالج کی وقعت بڑھانے کے لئے اور نیز اس لئے کہ اُن کے دُور اندیشانہ منصوبے بغیر کسی اختلاف کے پورے ہوتے رہیں گے ایسے لوگوں کو کالج فنڈ کمیٹی کا ممبر بنایا تھا جن سے مالی امداد کی توقع ہو یا جو قوم میں کسی وجہ سے شہرت رکھتے ہوں اور سکرٹری سے کسی معاملہ میں اختلاف کرنے کا نہ اُن میں مادہ ہو اور نہ ارادہ پھر جب ٹرسٹی بل پاس ہوا تو وہ ہی لوگ ٹرسٹی مقرر کئے گئے اور آج تک اسی اصول پر ٹرسٹیوں کا انتخاب ہوتا رہا (مجموعہ خطوط حالی صفحہ ۲، حصہ اوّل)

نواب محسن الملک کی مایوسی

نواب محسن الملک جب جانشین ہوئے تو جہاں تک اُن کی ذات پر اعتماد کا تعلق تھا، ٹرسٹیوں نے اس کو ظاہر کیا اور قائم رکھا لیکن فرض شناسی کے موقع پر اُنکو نہ صرف مایوسی ہوئی بلکہ تکالیف اُٹھانی پڑیں ۱۹۰۶ء کے ان حالات کا خود نواب محسن الملک

کے خطوط میں مطالعہ کرنا چاہیئے۔

(۱) میں بہت خستہ ہو گیا ہوں اور اب محنت اور تکلیف اٹھانے کے آثار معلوم ہوتے ہیں مگر اب بھی اس قدر کام ہے کہ آرام لینے کے لئے میں بمبئی بھی نہیں جا سکتا اجلاس ٹرسٹیوں کا ہو گیا جس نے بھٹیار خانہ کا شور وغل دیکھا ہوگا اس کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ مجلس اُس سے بہت بڑھی ہوئی تھی ایسا شور وغل ہوا اور ایسی بے تہذیبی اور بیہودہ تکرار اور پارٹی فیلنگ کی کارروائی جس کو دیکھکر نہایت شرم آئی۔ مولوی عبدالماجد کے تقرر کی تحریک پیش تھی، صرف حبیب[۵۱] الرحمٰن خاں کی مخالفت کی وجہ سے ان کے اقارب نے اختلاف کیا اور نہایت بے ضابطہ و ناجائز ووٹ پاس کئے یعنی جن ٹرسٹیوں نے کسی قسم کی کوئی رائے نہ دی تھی اور ہمیشہ ایسے ووٹ خارج سمجھے جاتے تھے، اُس کی نسبت غلبہ آرا سے یہ رزولیوشن پاس ہوا کہ جو ووٹ خالی ہوں اور اُن پر منظوری یا نامنظوری کی کوئی رائے نہ دی گئی ہو وہ نامنظوری میں شمار کئے جائیں تاکہ نامنظوری کے ووٹوں کی تعداد زیادہ ہو جائے اِس بحث کی نوبت تکرار تک پہونچی اور آفتاب احمد خاں صاحب اور حبیب الرحمٰن خاں صاحب جلسہ سے اُٹھکر چلے گئے اور صرف اسی ناجائز فیصلہ سے مولوی عبدالماجد صاحب کا تقرر نامنظور رہا۔ مولوی صاحب قوم کی نہایت افسوس ناک حالت ہے، ساری کوششیں بے سود ہیں جو لوگ قومی کام میں وقت صرف کرتے ہیں وہ صرف اپنی عادت سے مجبور ہیں ورنہ قوم پر کوئی نمایاں اثر نہیں ہوتا، افسوس ہے کہ آپ بہ ضرورت تشریف لے گئے اور جلسہ میں شریک نہ ہو سکے ورنہ ایسی کارروائی نہ ہوتی"

(۲) میری طبیعت قریباً بدستور ہے آثار مرض کم ہو گئے ہیں زہریلا مادہ جو پیدا ہو گیا تھا وہ بھی جا تا رہا ہے مگر ضعف بدستور ہے اور طبیعت کی پستی قائم ہے کام

---

[۵۱] نواب صدر یار جنگ رئیس حبیب گنج ضلع علی گڑھ۔

تو کچھ ہو نہیں سکتا اور آج کل کام کی وہ کثرت ہے کہ رات دن اُس کے لئے کافی نہیں، میری سمجھ میں نہیں آتا کہ پرنس[51] کی وزٹ کا کیا انجام ہوگا اور اِس کا کیا انتظام ہوگا اور روپیہ کہاں سے آئیگا۔

اِسی طرح کانفرنس کا حشر بھی معلوم نہیں کہ کیا ہوگا۔ علی گڑھ سے جو خبریں آئی ہیں وہ یہ ہیں کہ کوئی کام کرنے والا نہیں ہے اور کچھ کام نہیں ہوا کمیٹیوں کی تاریخیں مقرر ہوتی ہیں اور کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے کارروائی نہیں ہوتی یہ حالت تو ان کاموں کی ہے جن میں کسی کا خوف اور اندیشہ نہیں ہے اس کام کی کیا امید ہوسکتی ہے جس میں حکام کی نارضامندی کا خیالی اندیشہ ہو ہم لوگوں کی حماقت ہے جو آرام چھوڑ کر قومی کاموں کے خبط میں گرفتار ہیں۔"

تاہم بعض پُرانے اور نئے ٹرسٹی ایسے بھی تھے جو ان مایوسیوں اور مشکلوں میں سہارا دیتے اور ہمت بندھاتے مگر اکثریت حوصلہ شکن تھی

اولڈ بوائز کی باہمی عداوت اور اسکا اثر

قدرتی طور پر کالج کے استحکام اور اُس کی آئندہ ترقی کی اُمیدیں اُس کے فرزندانِ علمی کی ہمت و خدمت اور ہمدردی و دلسوزی سے وابستہ تھیں اسی لئے قانون ٹرسٹیاں وضع ہوتے ہی چند نوجوانوں کو ٹرسٹیز کمیٹی اور اسٹاف کے زمرہ[52] میں منتخب و داخل کیا گیا۔

۱۸۹۲ء میں اُنہوں نے آپس کی برادرانہ محبت اور کالج کی امداد کے خیال سے برادرہڈ (اخوان الصفا) قائم کی جو ۱۸۹۹ء میں اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کی باقاعدہ صورت میں تبدیل ہوگئی۔

اب علی گڑھ تحریک قوم کی عالمگیر تحریک بن رہی تھی اور اُس کا دائرۂ اثر

---

۵۱ ہز رائل ہائینس پرنس آف ویلز۔

۵۲ ۱۸۹۶ء تک گیارہ اولڈ بوائے ٹرسٹی اور سات اسٹاف کے ممبر تھے۔

تمام ہندوستان میں پھیل رہا تھا قوم اور حکومت میں کالج کے ٹرسٹیوں اور اسٹاف کا خاص وقار تھا کانفرنس کا پلیٹ فارم قابلیت کے جوہر دکھانے اور شہرت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ تھا خدمتِ ملک و قوم کے حوصلے پورے کرنے کے لئے بھی یہ ہی میدان تھا، سرکاری مناصب و مراتب کی توقعات ذاتی ترقیوں کی اُمیدیں اور قومی سرداری و لیڈری کی آرزوئیں بھی کالج و کانفرنس سے وابستہ تھیں، اس لئے ہر اولڈ بوائے کو قدرتاً ان تحریکوں میں حصہ لینے کی دلی خواہش تھی۔

ان میں سے جو لوگ علی گڑھ میں مقیم تھے ان کو انتظامی کاموں میں داخل ہونے اور عہدے حاصل کرنے کا پورا موقع حاصل تھا لیکن چار سال کے اندر ہی باہم تنگ دلی کی شکایتیں پیدا ہوئیں اور اخوت و محبت عہدوں کی رقابتوں اور کشمکشوں میں مبدل ہوگئی۔

سنہ ۱۹۰۳ء میں مسٹر (مولانا) محمد علی جب آکسفورڈ سے بی اے آنرز کی ڈگری لیکر آئے تو اُنھوں نے اسٹاف میں شامل ہونے کی درخواست پیش کی۔

ان کی قابلیت مسلم تھی کالج کے ساتھ جوش و جذبہ میں کسی کو شک نہ تھا نواب محسن الملک کی خواہش تھی کہ اُس سے فائدہ اُٹھایا جائے لیکن وہ ذہنیت جو انگلش اسٹاف اس درس گاہ کی تعلیم و تربیت کا جوہر سمجھتا تھا محمد علی میں موجود نہ تھی اس لئے مارین صاحب کی سخت مخالفت سے درخواست مسترد ہوئی بعض کے نزدیک اس میں برادرانِ یوسف کا دخل تھا۔

ادھر برسرِ موقع اصحاب کی ایک خاص جماعت بنتی جا رہی تھی ٹرسٹیوں کی جماعت اور اسٹاف کے ممبروں میں اِسی کے ارکان زیادہ تھے اور اولڈ بوائز اور کانفرنس پر اسی کا قبضہ تھا، زنانہ تعلیم کی تحریک بھی اسی کے ہاتھوں میں تھی

اور وہ اپنے حلقۂ احباب کے سوا اوروں کے داخلہ کے لئے سدّراہ بھی یا سمجھی جاتی تھی۔
سنہ ۱۹۰۴ء سے ان کے اختلافات نے کالج اور دیگر تحریکوں پر معاندانہ انداز سے اثر ڈالنا شروع کیا۔ تھوڑے عرصہ میں رقابتیں اور کشمکشیں بہت تلخ اور تند ہوگئیں۔ چنانچہ سنہ ۱۹۰۵ء کے اجلاس کانفرنس کے موقع پر دو متقابل پارٹیاں تھیں۔ ایک پارٹی کے لیڈر مولانا شوکت علی نے مشتعل ہوکر دوسری پارٹی کے ممبر (خان بہادر) شیخ عبداللہ ایڈووکیٹ پر قانونی حملہ کیا، جو ٹرسٹی اس وقت موجود تھے اُنہوں نے جلسۂ مشاورت منعقد کرکے حملہ آور کو ٹرسٹیز کمیٹی سے خارج کرنے کی سفارش کی، اولڈ بوائز نے بھی فوراً ایک جلسہ منعقد کرکے مولانا شوکت علی سے خواہش کی کہ اولڈ بوائز کا وقار قائم رکھنے کے لئے خود مستعفی ہوجائیں ورنہ ان کو اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کی ممبری سے خارج کردیا جائے اس کی تائید میں صاحبزادہ آفتاب احمد خاں نے نہایت پُرزور تقریر کی اور نتیجہ میں استعفا داخل ہوگیا۔

ایک ہنگامہ خیز واقعہ اتفاق سے اس جدید دَور میں طلبا رنے بورڈنگ ہاؤس کے انتظامات کے متعلق چند شکایتوں کا ایک میموریل ایک سینیر طالب علم سید مصطفےٰ حسین رضوی کے ذریعہ سے پرنسپل کے سامنے پیش کیا جن کا اثر (مسٹر گاڈنر براون) پر دوست پر پڑتا تھا، ادھر حالت یہ تھی کہ مسٹر آرچبولڈ ممبران اسٹاف کے زیر اثر آ گئے تھے اور مسٹر گاڈنر براون وغیرہ نے ان کی غلط رہنمائی کی تھی اُنہوں نے اس میموریل کو ڈسپلن کے خلاف سمجھا اور بغیر تحقیقات شکایات طالب علم مذکور کو بورڈنگ ہاؤس چھوڑ دینے کا حکم دیدیا۔

نواب محسن الملک ایسے طلبا پر جو قومی کاموں میں دلچسپی و سرگرمی ظاہر کرتے تھے خصوصیت سے شفیق تھے اور اُن کی یک گونہ تربیت کرتے تھے اور زیادہ تر کانفرنس کے کام لیتے تھے سید مصطفےٰ حسین بھی اس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبر تھے، اس واقعہ اخراج

کے بعد کمیٹی کے ایک جلسہ منعقدہ ۲۹ اکتوبر میں حسب ضابطہ شریک ہوئے، مسٹر آرچبولڈ ان سے استنے ناراض تھے کہ انہوں نے کہا کہ میں یا مصطفےٰ حسین دونوں میں سے کسی ایک کو میٹنگ سے چلا جانا چاہئے،" ناچار مصطفےٰ حسین کو چلا جانا پڑا" اب یہ معاملہ قومی توہین کا سوال بن گیا، علی برادرس نے سوالات کی بوچھار کردی اور غضب آلود خطوط تحریر کئے۔

مولانا محمد علی کا ایک خط ۲۶ نومبر

باوجود غم ہائے خانگی میں اپنی ستمبر کی تحریر کے جواب کا منتظر ہوں اب تو لاٹ صاحب اور لارڈ کچنر بھی آچکے اور ڈپوٹیشن کب کا ٹھنڈا ہو چکا دوسرے کام ضرور ہوں گے مگر وہ تو جان کے ساتھ ہیں ؎

قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

اُنھیں مکروہات زندگی میں میرے خط کو بھی سمجھ لیجئے اور جواب دیجئے مگر جواب صاف ہو گو جواب تلخ ہی کیوں نہ ہو، حال کے واقعات کا ذکر سُن کر میں اپنے عزیز کی موت کو بھی بھول گیا اور کالج و قوم کی وفات پر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھکر دو چار آنسو بہا لیتا ہوں، بہتر ہے کہ جو کچھ ہوا ہوا اب آپ اِس مردہ قوم کو اس کے حال پر چھوڑ دیں اور اپنی بوڑھی ہڈیوں کو آرام دے لیں، ساری عمر انہیں آرام نصیب نہیں ہوا ہے، لاٹ صاحب آئے، لارڈ کچنر گئے، امیر صاحب آئیں گے اور لارڈ منٹو تشریف لائیں گے، مگر مارا چہ ازیں قصہ۔ نہ اِن سے کالج کو فائدہ پہونچتا ہے نہ قوم کو نہ آپ کو، مسلمانوں کو چند چھوٹی یا بڑی نوکریاں مل جائیں گی آپ کو ایک ذلیل اور بے وقعت خطاب عطا ہوگا مگر یورپین اسٹاف کا نام بھی ہوگا، عزت بھی بڑھے گی اور اُن کو قوم کا روپیہ بھی جس کو آپ نے خون بہا کر پیدا کیا ہے ملے گا، چشم ما روشن دل ما شاد، آپ کو ایک دن سید احمد خاں سے ملنا ہے، ان کو کیا جواب دیجئے گا،

جعلناك فی الارض خلیفا کی یہی تفسیر ہے،

نواب صاحب کا جواب | امیر صاحب کی آمد کا زمانہ قریب تھا اور نوابصاحب اِس ہنگامہ آرائی سے بچنا چاہتے تھے اُنہوں نے نرمی سے جواب لکھے اور ایک خط میں سمجھایا کہ :-

"میں کل دہلی جاتا ہوں پھر وہاں سے بمبئی جاؤں گا اور وہاں سے لکھنؤ اور الٰہ آباد، اور الٰہ آباد سے کلکتہ اور ڈھاکہ کو، آپ کے سوالات کا جواب اِس وقت نہیں دے سکتا، ہزمجسٹی امیر کابل جب آئیں گے اُس وقت آپ کو آنا ہوگا اور مل کر تمام ضروری باتوں کا تصفیہ ہوگا - یہ اُس صورت میں جب کہ آپ مجھے اپنا بزرگ یا اپنا دوست سمجھو اور اگر تم اپنے آپ کو ممبر اور مجھے سکرٹری سمجھنے پر راضی ہو اور صرف یہی تعلقات رکھنا چاہتے ہو اور کالج کو پارلیمنٹ بنانا اور مجھے سکرٹری آف اسٹیٹ کا درجہ دینا مفید سمجھتے ہو تو میں ضابطہ کے سوالات کے جواب دینے کو حاضر ہوں، پہلے اس کا تصفیہ کرنا چاہیئے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان تعلقات کیا ہیں اور کیا رہنے چاہئیں، اِس کے بعد سارا مرحلہ آسان ہے۔"

(مولانا) محمد علی نے اس خط کے جواب میں پھر ایک نہایت طولانی خط لکھا کہ :-

دوسرا خط ۔ ۱ر دسمبر ۱۹۰۶ء | جناب والا - شرف نامہ مورخہ ۲۹ نومبر ملا۔ کثرتِ کار کی وجہ سے ایسی اہم تحریر کا جواب اب تک نہ دے سکا - افسوس ہے کہ آپ دہلی ہو کر بمبئی تشریف لے گئے اور مجھ سے بغیر ملے گئے یہ برتاؤ سکرٹری کالج و کانفرنس کے شایاں ہو یا نہ ہو مگر میرے ایک عزیز بزرگ اور شفیق سرپرست کی محبت سے بعید تھا۔

آپ فرماتے ہیں کہ یہ سوالات ابھی نہ کرو جب امیر صاحب آویں گے فیصلہ

ہو جائے گا۔ اور یہ اس صورت میں کہ تم مجھے اپنا بزرگ یا دوست سمجھو۔

نواب صاحب قبلہ۔ آپ آج اُس رگ کو چھیدتے ہیں جو بہت عرصہ سے نشتر کی لذت سے آشنا ہو رہی ہے، انسان کے دل کا حال سوائے اُس کے یا اُس کے خدا کے دوسروں پر ظاہر نہیں ہوتا، اگر ہو سکتا تو آپ یہ سوال نہیں کرتے کہ کیا تم مجھے اپنا بزرگ یا دوست سمجھتے ہو۔ جو محبت آپ کی میرے دل میں ہے کاش وہ محبت آپ کے عزیزوں کے دل میں بھی ہو، اگر آپ کو باور نہیں تو میرے پاس سوائے اس مضغۂ گوشت کے جس کو لوگ دل کہتے ہیں اور جس کو ہر زمانہ اور ہر ملک کے شعراء نے محبت کا ذخیرہ اور دفینہ مانا ہے، کوئی گواہ، کوئی شاہد، کوئی ثبوت نہیں، مگر میں یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ مجھے سوائے آپ کے اوروں سے بھی اُنس و اُلفت ہے اور وں کو بھی عزیز سمجھتا ہوں جن میں سے ہم پانچ بھائیوں کا سرتاج مگر میرے نزدیک میرا اکلوتا بھائی شوکت بھی ہے، شاید اس سے تو کسی کو بھی انکار نہ ہوگا۔

اب اگر میں دیکھوں کہ میرا بھائی شوکت کوئی ایسا کام کرتا ہے جو میری قوم کے لئے مضر ہے، میرے ملک کے نقصان کا باعث ہے یا میرے ہموطنوں کا تباہ کن ہے تو واللہ باللہ مجھے اِس میں دریغ نہ ہوگا کہ دو چھُریاں تیز کروں اور ایک اُس کے گلے پر دن کو یا رات کو چھپے، چوری یا علانیہ، زبردستی یا دھوکے سے پھیر دوں، پھر بہ تقاضائے محبت دوسری اپنے گلے پر بھی پھیر دوں جو حرکت نابینا سیمسن (Sameson) نے فلسطینوں (Phillistins.) کے ساتھ کی تھی اور اپنے اوپر اور ساری قوم پر ایک عظیم الشان عمارت کو ڈھا دیا تھا اور جس آفت میں اَوروں کو پھنسایا تھا اُسی میں خود پھنس کر مر گیا تھا وہ ہی کام کرنا غیرت قومی کا تقاضہ ہے اور وہ ہی موت مرنا میری محبت ذاتی کے لئے

موزوں ہے۔

جب یہ میرے خیالات ہوں تو کیا آپ جو قبر میں پیر لٹکائے بیٹھے ہیں مجھ کم عمر خادم قوم سے کہہ سکتے ہیں کہ بھائی تو قوم کو مارتا ہے تو مار، بچوں، عورتوں اور جوانوں کو تباہ کرتا ہے تو تباہ کر۔ خود جوان مرگ مرتا ہے تو مر، مگر میری مٹھی بھر بوڑھی ہڈیوں کو بچائے رکھنا۔ نواب صاحب، کیا ساری عمر آپ کا یہی شیوہ رہا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں، کیا سر سید احمد خاں کا یہی اصول تھا؟ نہیں کبھی نہیں۔ تو پھر اس کے کیا معنی ہیں کہ اگر تم مجھ کو اپنا بزرگ یا دوست سمجھتے ہو تو تم سے اُمید ہے کہ ایک قومی بے عزتی کو میری خاطر گوارا کرلوگے، مسلمانوں کے جوتیاں لگوالوگے، ان کو سب قوموں میں ذلیل کرالوگے تاکہ میں ایک مشکل اور نازک کام سے سُبک دوش ہوجاؤں۔

میرے شفیق، یہ نہ سمجھنا کہ میں آپ پر ذاتی بزدلی یا خودغرضی کی تہمت دھرنا چاہتا ہوں، حاشا وکلا میرا ایسا خیال نہ کبھی تھا نہ اب ہے، مجھے علم ہے کہ آپ کی ساری عمر کی کوششیں صرف اس..... تمغۂ قیصر ہند کی تمنا میں نہ تھیں نہ آیندہ کسی صلہ یا خطابات کی آرزو میں جاری رہیں گی، اب آپ منزل عمر کے اُس حصّہ پر آگئے ہیں کہ ذرا گردن اٹھا کر عالم جزا کی سیر بھی کر سکتے ہیں اور آپ کی نظر میں یہاں کے انعام اور صلے، بِلّے اور جھوٹے، سلے، ستارے سے زائد وقعت نہیں رکھتے گو خدا اُس زمانہ کو ابھی دور رکھے، مگر آپ کو معلوم ہے کہ وہ زمانہ کچھ ایسا دور نہیں ہے جب کہ آپ ایسی جگہہ چلے جائینگے جہاں نہ نائٹ ہڈ کی فکر ہے، نہ تمغوں کی تمنا، جہاں نہ آرزو ہے نہ خواہش ویبقیٰ وجه ربّك ذوالجلال والاکرام اور رضوان اللہ ہی سب سے بڑا آرڈر ہے اور سب سے معزز تمغہ جو کچھ آپ کر رہے ہیں قوم کی خاطر اور سب سے بڑا ثبوت آپ کی محبت کا یہ ہے کہ اس کی بہبودی کے لئے آپ ہر ذاتی بے عزتی اور ہر ذاتی بے حرمتی کو گوارا کر رہے ہیں اور زہر ہلاہل کے گھونٹ شربت

کے سے مزے سے لے کر پی رہے ہیں، مگر جو راستہ آپ نے لیا ہے وہ آپ کو منزل مقصود تک ہرگز نہ پہونچائے گا ؎

عزم سفر مغرب و رو در مشرق
اے راہ رو پشت بمنزل ہشدار

یہ کعبہ کی راہ نہیں ہے، یہ ترکستان کا راستہ ہے، یہ غلطی آپ کے دل کی نہیں ہے، دماغ کی ہے۔

یہ کہنا چھوٹا مُنہ بڑی بات ہے مگر بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ بڑوں کو چھوٹوں کے ایک اشارہ نے مدد دی ہے، بائبل میں درج ہے کہ خدا لوگوں کی ہدایت شیرخوار بچوں کی زبان سے کرا دیتا ہے، مجھے بھی اُنہیں شیرخواروں میں سے سمجھ لیجئے، میرے پاس وحی نہیں آتی، مجھے الہام نہیں ہوتا، مگر تائیدِ غیبی کے ہزار راستے ہیں، اور میرا دل گواہی دیتا ہے کہ میں حق بجانب ہوں اور اگر آپ اولی الابصار میں سے ہیں تو ممکن ہے کہ میرے ہی توسط سے ہدایت پا جائیں۔ انگریزی کا مقولہ ہے کہ:۔

Discretion is the better part of valour
Valour is the best discretion مگر بسا اوقات بھی صحیح ہو جاتا ہے۔

جس طرح سے لوگ کہتے ہیں کہ ایمانداری ہی سب سے بہتر حکمت عملی ہے۔ اسی طرح میں کہتا ہوں کہ آج ہماری قوم کے لئے ہمت ہی سب سے عمدہ ترکیب ہے۔

آپ کی تحریر کا منشا صرف یہ ہے کہ گو واقعہ سخت ناگوار ہے، مسٹر آرچبولڈ نے سخت غلطی کی اور قوم کی سخت بے آبروئی ہوئی، مگر ایک انگریز سے اُس کی سخت سے سخت غلطی کا اعتراف کرانا اور جس شخص یا جس جماعت کے ساتھ بُرا سلوک کیا گیا ہے ایک انگریز کا اُس شخص یا اُس جماعت سے معافی منگوانا بمنزل ناممکنات کے ہے، یہ

سب اس وجہ سے کہ وہ شخص انگریز ہے گو ہمارا نوکر اور جس شخص یا جماعت کے ساتھ ناواجب سلوک ہوا وہ ہندوستانی گو آقا۔

اب آپ فرمائے کہ اگر اسی طرح اس معاملہ کو رفع دفع کر دیا گیا تو آپ کس طرح اطمینان کرا سکتے ہیں کہ آیندہ اس قسم کے واقعات پیش نہ آئیں گے اور اگر کوئی اطمینان نہیں ہو سکتا تو سوائے اس کے کیا مطلب ہے کہ ایک بنئے کی طرح ہم بھی کہیں کہ "سالے اب کے تو مار"، اس واقعہ کے رفع دفع کرنے کا صرف یہ ہی نتیجہ ہوگا کہ موذی کی ہمت دو چند ہو جائے گی اور آیندہ اس سے بھی زیادہ ایذا پہنچے گی۔ کوئی شخص جسکو خدا نے غیرت وحمیت دی ہے کالج کے معاملات میں شریک نہ ہو سکیگا۔ اور جب ہم اس کی شرکت سے دور رہے تو وہ ہمارا کالج کس طرح رہا۔ اگر ہمیں قومی کالج قائم رکھنے کا خیال ہوگا تو مجبوراً ایک دوسرا کالج قائم کرنا پڑے گا، جس میں کسی انگریز سے یا گورنمنٹ سے کسی طرح کی مدد نہ لی جائے گی، یا اگر یہ ناممکن ہوا تو قومی کالج کو خیرباد کہہ کر اور قوم کا (بحیثیت قوم) جنازہ نکال کر اُسے سرسید کی قبر کے بازو میں دفن کر دینگے اور دو چار آنسو بہا کر اپنے ارادوں اور منصوبوں کو بھول جائیں گے۔

آپ شاید فرمائیں کہ مسٹر آرچبولڈ سے اور آپ سے اس معاملہ میں گفتگو ہو چکی ہے آیندہ وہ کبھی ایسا نہ کریں گے اور اپنے کئے پر وہ پشیمان ہیں اگر یہ امر واقعہ ہے تو سخت افسوس ہے مسٹر آرچبولڈ کی بزدلی پر کہ جس کام کو یعنی معافی مانگنے کو وہ درست وبجا سمجھتے ہیں صرف تھوڑی دیر کی ذلت کے خیال سے اُس کے کرنے سے ہچکچاتے ہیں اور افسوس ہے اُن کی خودغرضی پر کہ وہ اپنی ذراسی ذلت کا تو اتنا خیال کرتے ہیں اور ایک شریف مسلمان، خدائے قوم اور اُس کی قوم کی ذلت کا ذرا پاس نہیں کرتے ایک غلطی کرنا شرمناک ہے مگر اُس کا اعتراف نہ کرنا اُس سے زیادہ گناہ ہے اور دل میں اعتراف کرنا اور زبان سے اُس کا ادا نہ کرنا سب سے بدتر، عذر گناہ، بدتر از گناہ

اگر مسٹر آرچبولڈ معافی مانگنے پر راضی نہیں تو صرف یہی ممکن ہے کہ ٹرسٹیان کالج اُن کو خیرباد کہیں، مگر آپ فرمائیں گے کہ اس کا صریح نتیجہ یہ ہوگا کہ سارا یورپین اسٹاف کالج چھوڑ کر چلا جائے گا پھر کوئی یورپین کالج میں نہ آئے گا اور گورنمنٹ کالج کی مدد نہ کرے گی اور اُس کی مخالفت کرے گی۔

یہ اعتراض بظاہر بہت قوی ہے، مگر دراصل نہایت کمزور ہے، کیا آپ بھول گئے ہیں سرسید کی اُن پُرزور تحریروں کو جو پنجاب یونیورسٹی قائم ہوتے وقت اُنہوں نے ورنا کیولر یونیورسٹی کے خلاف لکھی تھیں اور صاف صاف کہدیا تھا کہ اگر گورنمنٹ ہماری تعلیم کو بگاڑنا چاہتی ہے تو ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنا کالج علیٰحدہ کھولیں اور اپنی اولاد کو گورنمنٹ کے مدارس سے یک لخت اُٹھالیں۔ اگر آپ میں بھی وہ ہی ہمت ہے تو آپ یہ اعتراض کبھی پیش نہ کریں گے، میں اس کام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہوں اور خوب جانتا ہوں کہ یہ بلا کا سامنا ہوگا۔ مگر یہ فیصلہ ہوگا آپ کی قوم کا اور اگر یہ نیم جاں اِس قابل ہے کہ علاج و معالجہ سے اِسے کچھ فائدہ ہوسکتا ہے تو وہ آج ہی ثابت ہو جائے گا، اگر قوم میں اس قدر طاقت نہیں ہے اور اگر اُس کے لیڈر اُس کام کے اہل نہیں ہیں تو کاہے کو یہ سب کھٹر نگا لگایا ہے، جہاں قوم کل مرنے والی ہے وہاں آج ہی مرجائے تو بہتر۔

مگر میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ اس قسم کا فیصلہ کبھی نہیں کرسکتی اور یورپین پروفیسر لانے کا میرا ذمّہ۔ آکسفورڈ سے دس قابل یورپین انہیں تنخواہوں پر میں لادوں گا مسٹر آرنلڈ اور مسٹر گیری اب بھی آجائیں گے ورنہ اپنے تعصّب کا صاف اظہار کردیں گے اور گورنمنٹ کو اس وقت مسلمانوں کا خوش رکھنا منظور ہے ہر طرف مسلمانوں کی تعریف کا غلغلہ ہے اور کالج کا نام ہر فرد بشر کی زبان پر ہے اگر یورپین اسٹاف ایسے موقع پر کالج چھوڑ کر چلا جائے گا تو بھی کسی کو کچھ کہنے کی گنجایش نہ ہوگی۔

کیوں کہ اپنے ہی مُنہ سے کالج کو اچھا کہہ چکے ہیں اس وقت اگر کچھ شور وشغب ہوا تو
ایک اعلان اصل وجوہ کا شائع کیا جا سکتا ہے اور ثبوت آپ کے پاس اس قدر
صاف اور کافی ہے کہ پھر کچھ کرنے کی ضرورت نہ ہوگی اور لارڈ منٹو سے آپ بالمشافہ
گفت گو کر سکیں گے۔ سر بمفلڈ فلر کے استعفے کے بعد کسی انگریز کا کالج سے علیحدہ ہونا
نہایت غیر موزوں ہوگا، کیونکہ جب گورمنٹ نے ایسے اسکولوں تک کو نہ توڑا جہاں
مخالفت کھلم کھلا ہوتی تھی اور ایک لفٹنٹ گورنر کو علیحدہ کر دیا تو جس کالج کی وفاداری
زبان زد خلایق ہے اُس کو انگریزوں یا گورمنٹ کا دشمن ثابت کرنا اور اُسے نقصان
پہنچانا بالکل ناممکن ہوگا۔

یہ معاملہ سخت مشکل ہے، سخت نازک ہے، سخت اہم ہے، یہ سب سہی مگر ایسی
ہی مشکلات کا سامنا کرنا مردوں کا کام ہے۔ سر بمفلڈ فلر کا مستعفی ہونا، کالج کی
تعریف پرنس آف ویلز کی زبانی اور لارڈ کچنر اور لارڈ منٹو اور امیر کابل کا کالج میں
آکر اس کی تعریف کرنا اور سب اخبارات کا اُس کی تائید کرنا، ڈپوٹیشن کا شملہ جانا
اور بانیلِ مرام واپس آنا سوائے مشیتِ ایزدی کے کچھ نہیں۔ اگر اس موقع کو ہاتھ سے
دے دیا تو سمجھ لیجیے کہ آپ مسلمانوں کے لیڈر نہ ہوں گے بلکہ ہر سبے رنشیا یورپین پروفیسر
اپنے کو اس قوم کا فرعون سمجھے گا نہ یہ مصلحتیں موجود ہوں گی نہ آپ میں وہ طاقت
ہوگی۔ ہمیشہ کے لئے کالج آپ کے اور ہمارے ہاتھوں سے نکل جائے گا۔

حبیب اللہ خاں صاحب[۱] اتفاقاً مجھے غازی آباد کے اسٹیشن پر مل گئے تھے
اُنھوں نے میرے سوالات کے جواب میں یہ فرمایا کہ مجھے ان چند ماہ کے ذاتی
تجربہ سے ثابت ہو گیا ہے کہ کالج کبھی کا مسلمانوں کے ہاتھوں سے نکل گیا۔ مگر مجھے
اب بھی اُمید ہے، کاش آپ مایوس نہ کر دیں۔ رہا آپ کو سکرٹری آف اسٹیٹ سمجھنا،

---

[۱] خان بہادر رٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر شاہ جہاں پوری۔

اور اپنے کو پارلیمنٹ کا ممبر، اور اس تعلق کے خیال سے سوالات کرنا، تو سنئے نوابصاحب یہ بارہا ہوا ہے کہ دو بڑے دوست یا دو عزیز مختلف پارٹیوں میں ہوں اور جب کوئی اہم قومی مسئلہ پیش ہو تو وہ ایک دوسرے سے سوالات پوچھیں یا ایک دوسرے کی مخالفت کریں۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ میں آپ سے ضابطہ کے چند سوالات پوچھوں اور آپ جواب نہ دیں تاکہ دوستی اور خوردی و بزرگی کے تعلقات قائم رہیں وہ باہمی محبت و شفقت و عظمت دو کوڑی کی ہیں جو اس اختلاف آرا کی متحمل نہ ہو سکیں اور یہاں تو خدا کے فضل سے اختلاف آرا بھی نہیں۔ مصطفیٰ کے آپ سے تعلقات باپ بیٹے کے رہے ہیں اور قوم کے آپ مہدی اور محسن، پھر اگر مجھے ان دونوں سے ہمدردی ہو تو آپکو کیوں بُرا معلوم ہو؟ برخلاف اس کے کہئے کہ:- ع

نہ ہو تو کیوں مجھے پیارا میرے پیارے کا پیارا ہے

اگر اختلاف آرا کبھی ہو گا بھی تو یاد رکھئے کہ باہمی محبت اُس کو صرف دماغی مخالفت تک جائز رکھے گی، دلی محبت میں کسی طرح کی کمی نہ ہو گی۔ یہ تو سب زبانی جمع خرچ ہے مگر جب چارلس اوّل اور پارلیمنٹ میں لڑائی شروع ہوئی اور تلواریں میان سے نکلیں اور خون بہانے کی تیاریاں ہونے لگیں، اس وقت اکثر ایسا ہوا کہ بھائی بھائی کے خلاف لڑا اور دوست دوست سے جُدا ہوا اُس وقت والر نے اپنے ایک دوست کو جو اُن کے خلاف لڑنے والا تھا لکھا۔

"وہ جو خدا کہ دلوں کا حال جاننے والا اور مالک ہے وہ خوب جانتا ہے جو محبت تمہاری میرے دل میں ہے، یہ مخالفت اُس کو کسی طرح کم نہیں کر سکے گی جس لڑائی میں ہم دونوں شریک ہوتے ہیں اُس کا کیا فیصلہ ہو گا اور حق بجانب کون ہے کوئی نہیں کہہ سکتا اور مجھے تو اس لڑائی سے جو نفرت ہے وہ ظاہر ہے کہ یہ بے غنیم کی لڑائی ہے۔ مگر ہم کو جو جو کام سپرد ہوا ہے اُس کے کرنے سے ہم کو انکار نہ ہونا

چاہیئے بلکہ اُسے پوری کوشش اور ساری محنت سے کرنا چاہیئے مگر جو کچھ ہم کریں
اُسے ذاتی مخالفت سے مبرا اور خودغرضی سے معرا ہونا ضرور ہے، فی امان اللہ"
توخدانخواستہ اگر میں اور آپ کبھی ایسی ہی ناگوار لڑائی میں شریک ہوں اور ایک
دوسرے کے مقابلہ کی نوبت آئے تو خدا ہم دونوں کو توفیق دے کہ وہ لڑائی بے
غنیم کی لڑائی ہو اور ذاتی مخالفت سے مبرّا اور خودغرضی سے معرا ہو، آمین ثم آمین
آپ کا عزیز تابعدار - محمدؐ

اقتباس خط مولانا شوکت علی - ۱۲ دسمبر -
"مجھ کو مجبوراً گزشتہ دسمبر کے واقعات کا جو از حد ناگوار تھے ذکر کرنا پڑتا ہے
جو کچھ ہوا وہ فضول ہے، اس کی تاکید کرنا اور دُہرانا بالکل فضول ہے مجھ کو نہ تو خلیفہ
محمد حسن[1] سے کچھ شکایت ہے، کیوں کہ وہ اور میں اجنبی آدمی تھے اور نہ اُن کو میں جانتا
تھا نہ وہ مجھ کو جانتے تھے، نہ آفتاب[2] احمد خاں سے شکایت ہے، اُنہوں نے وہ ہی کیا
جس کی اُن سے توقع تھی اور توقع ہے، اُن کی خودغرضی اور تنگ خیالی سے یہ کب
توقع تھی کہ وہ ایک معمولی مگر تکلیف دہ واقعہ کو دفع کریں گے پھر اُن سے شکایت کرنا
بیجا تھی۔ شکایت اگر مجھ کو کسی سے ہوتی تو آپ سے اور آپ کے بعد علی امام[3] سے،
علی امام سے بھی فقط دوستی اور محبت کی وجہ سے، مگر وہ مرد خدا ہی فقط میرے ساتھ
رہا اور اُس نے ہی فقط ذاتی دوستی اور اُس کے ساتھ ہی بے سود دھمکیوں کی توجہ
نہ کرکے اس ناگوار واقعہ پر سچی رائے دی، آپ سے مجھ کو اس سے کہیں زیادہ اُمید
تھی، کیوں کہ نہ تو میں نے علی امام کی اسقدر اطاعت کی جس قدر آپ کی اور نہ اسقدر
خدمت جتنی آپ کی، آپ کو خوب معلوم تھا کہ اس سال میں نے اپنے کالج کی بہبودی کے

---

[1] وزیر پٹیالہ۔ [2] صاحبزادہ [3] مویدالملک سر- پٹنہ

لئے کس قدر کوشش اور لگاتار کوشش کی اور جو کامیاب بھی ضرور ہوتی اگر مجبوریاں آنہ جاتیں............

آپ کے خطوط اور آپ کا دفتر خود میری اُس خدمت کی گواہی دے گا آپ کا دل دے یا نہ دے، پھر ایسی میں نے کونسی قومی کالج کے ساتھ دغا کی تھی کہ آپ نے سب نے مجھ سے ایسا برتاؤ کیا اور مجھ کو سارے جہان میں بدنام کیا، میری اور ایک صاحب کی ایک ایسے معاملہ میں جس میں دونوں کو دلچسپی تھی سخت کلامی ہوئی اور اُس کے بعد ہاتھا پائی۔ بلا شبہ یہ ایک بہت مذموم بات تھی اور نہایت درجہ بے موقع وقت پر ہوئی مگر اس میرے ذاتی فعل کو کالج سے کیا تعلق تھا۔ اگر شیخ عبداللہ[1] صاحب کو کوئی شکایت تھی تو اُن کی دلدہی کے لئے سرکار نے عدالتیں مقرر کردی ہیں وہ مجھ پر انسالٹ کا دعویٰ کرکے تاوان میں ہزار روپیہ لے لیتے، میں کچھ مر نہیں جاتا، مگر یہ زیادتی اور بے قاعدگی میرے ساتھ کیوں برتی گئی۔ تاہم اگر اور لوگ کچھ کرتے آپ کیوں شریک ہوئے، میں اُن سے بھگت لیتا، آپ کو یاد ہوگا کہ میرے چہرہ پر کسی قسم کی پریشانی تمام شب نہ تھی مگر جس وقت آپ نے اُن کا فیصلہ اور سزا تجویز کردہ سنائی اور اُس کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ میں تم کو معطل کرتا ہوں، میرا چہرہ بدل گیا اور اسقدر صدمہ ہوا کہ آواز بند ہوگئی اور آنسو نکل آئے، وہ سزا کے ڈر کی وجہ سے نہیں بلکہ اسوجہ سے کہ جس ہاتھ نے میرے زخم لگایا اُس سے مجھ کو پیار کی اُمید تھی نہ کہ زخم کی اگر خلیفہ محمد حسین یا آفتاب احمد یا کوئی اور سزا سناتا تو مجھ کو کچھ پرواہ نہ تھی، آپ سے یہ اُمید نہ تھی کہ میری خدمات اور محبت کو یک قلم اس طرح ان لوگوں کی دھمکیوں کی وجہ سے فراموش کر دیں گے۔ فراموش ہی نہیں بلکہ خود ان کے سرغنہ بن کر اپنے ہی ہاتھوں سے زخم لگایا اور اپنے ہی زبان سے حکم قتل دیا، آپ سے اگر محبت اور پیار کی اُمید

---

[1] خان بہادر شیخ عبداللہ ایڈووکیٹ علی گڑھ۔

نہ تھی تو کم از کم انصاف کی تو تھی، اس کے علاوہ آپ کو خوب معلوم ہے کہ اصلی بنائے فساد کیا تھی وہ گفتگو تھی کہ میرے اور آفتاب احمد[1] کے درمیان ایک ہفتہ قبل آپ کے مکان پر ہوئی تھی میں تب بھی کہتا تھا اور اب بھی کہتا ہوں کہ یہ اصول جو آج کل ہم لوگوں نے علی گڑھ میں اختیار کیا ہے کہ سوائے ان چند لوگوں کے جو علی گڑھ میں مقیم ہیں اور شخص چاہے کیسا ہی قابل اور کام کرنے والا کیوں نہ ہو مگر اس کو کسی قسم کا اختیار دینا یا کسی کام کا ذمہ دار کرنا ہرگز نہ چاہیئے ایک دن ایسے جھگڑہ کا بانی ہوگا جس سے سخت قومی نقصان ہوگا اگرچہ بعد کو فائدے حاصل ہوں۔ اس سال جو کچھ میں اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے لئے کرسکا اُس سے مجھ کو معلوم ہوگیا کہ ہمارا کام اس بُرے طریقہ سے چل رہا ہے جیساکہ گذشتہ سال کانفرنس کے کام کا اندازہ میں اس واقعہ سے کرسکتا ہوں جو ۲۵ اکتوبر کو وقوع میں آیا۔ ایسے ایسے بہادر جلسہ میں موجود تھے اور کسی کی زبان سے یہ نہ نکلا کہ جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر جو کارروائی

---

[1] اِن مخالفتوں کی حقیقت نواب وقار الملک کے زمانہ میں اس وقت صاف طور پر نمایاں ہوئی جبکہ علی برادرس کو معاملات کالج میں داخل ہونے کا کچھ موقع ملا۔ اس زمانہ میں صاحبزادہ صاحب نے بورڈنگ ہاؤس کے سلسلہ انتظامات میں ایک یادداشت پیش کی جس کا مفاد یہ تھا کہ کالج انتہائی خطرہ میں ڈالدیا گیا ہے اور وہ خطرہ کی گھنٹی بجا رہے ہیں لیکن چوں کہ اب زمانہ آگے بڑھ چکا تھا۔ نواب وقار الملک ایک زبردست حزم وارادہ رکھتے تھے اور سازشوں کے کچلنے کی پوری طاقت رکھتے تھے۔ یہ حملہ ناکام ہوا اور عرصہ تک اس فضا میں سکون ہوگیا لیکن بعد کو ۱۹۱۲ء سے ۱۹۲۰ء تک ان ہی مخالفتوں نے فضا کو نہایت مسموم بنا دیا۔ پھر جب علی برادرس نے یہ محاذ چھوڑ دیا تو دوسری جماعت باہم متصادم ہوگئی چنانچہ صاحبزادہ صاحب کا پمفلٹ ۱۹۲۶ء اسی تصادم کا نتیجہ تھا، اس عرصہ میں بہت سے افسوسناک وتشویشناک واقعات پیش آئے متعدد ہستیاں اس دنیا سے ہمیشہ کو رخصت ہوگئیں لیکن اس سمیت کا اثر ہنوز موجود ہے جو اولڈ بوائز کی بعض مقتدر شخصیتوں کے باہمی عداوت سے پیدا ہوئی تھی۔

کہ آپ اس وقت پر سید مصطفےٰ حسن کے بارے میں کرنے کو ہیں وہ کس قاعدہ کی رُو سے جائز ہے اور پھر اُس کو چھپانا اور بھی سخت غلطی ہے ۔ عام طور پر نہیں بلکہ سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی خود بھی پریسیڈنٹ صاحب سے ان الفاظ کے واپس لینے کی درخواست کرسکتی ہے اور مسٹر مصطفےٰ حسن سے باضابطہ بذریعہ رزولیوشن کے معافی مانگ سکتی ہے پیچئے سب معاملہ طے ہوگیا۔ مجھ کو تعجب ہے کہ آفتاب احمد جو اس قسم کی غلطیوں کے دور کرنے کو سال گزشتہ تلوار لئے تیار تھے اس موقع پر کیوں روپوش ہوگئے، اور ساری بُرائی بھلائی کا بار ایک غریب نیک دل کمزور اور ناتوان بڈھے پر ڈال دیا ہے قبلہ و کعبہ۔ آپ اوروں کے کیوں بے وجہ سپر بنتے ہیں اور ہم لوگوں کا گلا گھونٹتے ہیں ہم فریاد کرتے کرتے تھک گئے مگر کوئی شنوائی نہیں ہے آپ سے اور لوگوں سے سفارشیں اٹھوائیں مگر ان کا کوئی اثر سوائے بُرا بننے اور دشمنی پیدا کرنے کے کوئی نہ ہوا۔ آخر تھک کر یہ ارادہ کرلیا کہ بلا توسل کسی کے جو اپنے خیال میں ایماناً اور انصافاً آئے گا وہ کریں گے مگر قومی کالج کو کبھی نہیں چھوڑیں گے، آپ یہ بھی ہم کو نہیں کرنے دیتے اور بجائے اپنے ماتحتوں کے درست کرنے کے ہمارے ہی گلے کو اور گھونٹتے ہیں ہم حیران ہیں کہ کیا کریں کب تک صبر کریں گالیاں کھائیں بُرا بنیں، قوم کے بدخواہ بنیں، اپنے عزیز کالج سے ذلیل ہوکر نکالے جائیں.............

مجھ کو آپ سے سخت ناامیدی ہوئی اور آپ نے مجھ سے وہ پدرانہ برتاؤ نہیں کیا جس کا میں مستحق تھا مگر مجھ کو اب تک برابر وہ ہی محبت ہے جو پہلے تھی میں نے یہ بھی ارادہ کرلیا ہے کہ میں زیادہ آپ کے پاس نہ آؤں جب تک کہ میں خود اپنی کوشش سے وہ سب حاصل نہ کرلوں جو میں نے آپ کی خدمت گزاری میں کھویا ہے، علی گڑھ سے امداد کی توقع نہیں اور آپ کو میں فضول اور تکالیف میں پھنسانا نہیں چاہتا خدا کو منظور رہی تو میں کامیاب ہوں گا آج نہیں تو زندگی کے ختم ہونے تک ضرور۔ اور اگر تب بھی نہیں تو دل کی

تسلی دینے کے لئے میر کا پرانا شعر کافی ہے ؎

شکست و فتح نصیبوں سے ہے ولے اے میر

مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

اِس معاملہ میں آپ کیا چاہتے ہیں صاف صاف فرمائیں میں اِس معاملہ کو جب تک کہ باقاعدہ طور پر رزولیوشن کے ذریعہ سے مصطفیٰ حسن سے معافی نہ مانگی جائے اور وہ الفاظ واپس نہ لئے جائیں اِس امر کو دبانا اپنے ایمان کے خلاف سمجھوں گا۔ پرنسپل کالج سے ہم کو کچھ واسطہ نہیں، اسکی بورڈنگ کا اختیار کامل ہے مگر سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس سے علیحدہ کرنے کے جواب وہ ہیں، آپ جس صورت سے چاہیں اس کو عمل میں لائیے آخر میں، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ خدا کے واسطے آپ اس تنگ خیالی کو جو علی گڑھ کے رہنے والوں میں پیدا ہو گئی ہے کہ وہ ہم تک کو اس کا دشمن خیال کرتے ہیں اور بدگمان رہتے ہیں دور کرنے کی کوشش کیجئے اور کام کرنے والوں کا دائرہ وسیع فرمائیے تاکہ یہ آپ کا ہی پیدا کیا ہوا قحط الرجال دُور ہو اور معترضین کو اعتراض کے بجائے کچھ کام کرنے کا موقع ملے ورنہ مجھ کو اندیشہ نہیں کہ ہم میں بہت سے لوگ بے دل ہو کر علیحدہ ہو جائیں گے اور قوم اور قومی جلسوں پر لعنت کر کر اپنے گھر کی مصروفیت میں پڑ جائینگے اب تک سخت کوشش کی وجہ سے مجتمع مخالفت نہ ہونے پائی، مگر اگر یہ ہی لیل و نہار رہا تو ایک دن بہت زبردست شعلہ بلند ہوگا جس سے ضرر علی گڑھ کو نقصان پہنچیگا، خدا اور خدا کے رسول کے حوالے سے میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ آپ اس امر پر توجہ فرمائیے، اب تک آپ کی طاقت میں ہے کہ سب امور طے ہو جائیں مگر اگر دیر کی گئی تو سب معاملہ آپ کے ہاتھ سے باہر ہو جائے گا اور ہم کو سخت صدمہ ہوگا........

قبلہ و کعبہ آپ کی عمر اب کچھ ہی سال کی اور ہے یہ وقت ایسا نہیں ہے کہ آپ سچے اور محبت کرنے والے عزیزوں کو اپنے سے دُور پھینک دیں اور اُن کے لئے تازیانہ

تیار رکھیں ہم کو آپ سے محبت ہے اور آپ سے زیادہ کالج سے جس کی بدولت ہم کو سب کچھ عزت اور آرام ہے خدا کے واسطے ہم پر اس کا دروازہ بند نہ ہونے دیجئے ورنہ خدا کے سامنے آپ قیامت کے دن جواب دہ ہوں گے اور آیندہ آنے والی نسلیں آپ کے نام کے ساتھ مولانا روم کا یہ شعر منسوب کریں گی ؎

تو برائے وصل کردن آمدی ۔ یا برائے فصل کردن آمدی

معافی کا خواستگار اور تابعدار

شوکت علی

ایک اور اطلاع سید مصطفیٰ حسین نے بھی نواب صاحب کو ایک مفصل خط میں حسب ذیل اطلاع دی۔

"جن صاحبوں کو میرے ساتھ ہمدردی ہے وہ بگڑے ہوئے ہیں کہ میں نے اب تک ان کو اس معاملہ میں باضابطہ تحریک کرنے کی اجازت کیوں نہیں دی، عجیب مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہوں ایک جانب تو حضور کا خیال دوسری طرف کالج کے تعلقات پر نظر اور اس پر دوستوں کا اصرار۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں اور میرے معاملات کیوں کر سلجھیں، بالآخر اس خیال کے ظاہر کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے کہ گو میں نے اپنے معاملات کو آپ کے ہاتھ میں دے رکھا ہے اور ان اشفاق کے لحاظ سے جن کا اظہار میرے ساتھ حضور نے ہمیشہ فرمایا ہے یہ ہی مجھ کو کرنا بھی چاہئے تھا، لیکن اب ایسی نزاکتیں پیدا ہو گئیں ہیں جن کو دیکھتے ہوئے خاموش بیٹھنا کسی طرح مناسب نہیں ہے، امید ہے کہ جناب میرے معاملات پر کافی غور فرمانے کے بعد کوئی مستقل رائے جلد قائم کریں گے کہ کیا ہونا چاہئے اور مجھ کو ہدایت فرمائیں گے کہ میں کیا کروں، اپنی مختتم رائے سے جلد مطلع فرمائیے۔"

۸ر جنوری ۱۹۰۶ء

نواب محسن الملک کی اِن مشکلات کو خان بہادر مولوی بشیرالدین صاحب نے بھی جن کو نواب صاحب موصوف کے ساتھ اس تمام مدت میں گہرا اور رازدارانہ تعلق رہا ہے مسلم یونیورسٹی کے بعض معاملات پر تبصرہ کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ :-

البشیر کے مضمون کا ایک اقتباس

سرسید کے آخری زمانے میں وہ کالج کے برائے نام سکرٹری رہ گئے تھے

اور عملاً مسٹر بیک کالج کے پرنسپل بھی تھے، اور آنریری سکرٹری بھی سرسید کے انتقال کے بعد مرحوم جسٹس سید محمود کالج کے آنریری سکرٹری ہوئے، اِن کے زمانے میں مسٹر بیک تمام و کمال کالج کے مالک بن گئے تھے، ان کی خود مختاری اور خودسری اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ وہ کالج کے ٹرسٹیوں پر بھی نامناسب طریقے سے حکومت کرنا چاہتے تھے چنانچہ سرسید کے پُرانے دوست مرزا عابد علی بیگ ٹرسٹی کالج کو جو خط مسٹر بیک نے شملہ سے لکھا اور ان کو دھمکی دی کہ کیوں تم کو کالج کی ٹرسٹی شپ سے علیحدہ نہ کیا جائے وہ علی گڑھ کالج کی تاریخ میں نہایت بدنما دھبہ ہے جسکی نظیر شاید دنیا کی کسی تعلیمی درسگاہ میں نہیں مل سکتی۔ مسٹر بیک کی اس قسم کی خودسرانہ حرکات کا نتیجہ یہ ہوا کہ مرحوم جسٹس محمود اور مسٹر بیک کے تعلقات بھی بہت زیادہ کشیدہ ہوگئے، اور نوبت یہاں تک پہونچی کہ مسٹر بیک کی کوشش سے مرحوم جسٹس سید محمود سکرٹری شپ سے علیحدہ ہونے پر مجبور ہوئے اور اُن کی اشک شوئی اس طرح کی گئی کہ جماعت ٹرسٹیان کا ان کو پریسیڈنٹ مقرر کیا گیا۔ اِس زمانہ میں باوجودیکہ نواب محسن الملک سکرٹری تھے، لیکن اُن کی بے بسی اور بیکسی کا جس وقت مجھے خیال آتا ہے میرے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں ایک طرف مرحوم جسٹس سید محمود، محسن الملک کو اپنا رقیب اور حریف خیال کرتے تھے دوسری طرف مسٹر بیک ان کو کسی قسم کا کام کرنے کی اجازت نہ دیتے تھے، لوکل ٹرسٹی اور بعض بیرونی ٹرسٹی محسن الملک پر سخت اعتراض کرتے تھے، لیکن یہ مظلوم سید نہایت صبر اور تحمل کے ساتھ

ہر قسم کے اعتراضات سنتا تھا اور حقیقت حال کسی پر اس وجہ سے ظاہر نہ کرتا تھا کہ کالج جو یوں تباہ ہے وہ بالکل برباد ہو جائے گا۔ سر سید کے انتقال کے بعد عرصہ تک کالج کا بجٹ ٹرسٹیان کے سامنے پیش نہیں ہوا، اس واقعہ کے متعلق مجھکو نواب وقارالملک نے ایک پرائیویٹ خط لکھا جس میں نواب محسن الملک کی شکایت کی تھی کہ اُنھوں نے اب تک کیوں کالج کا بجٹ ٹرسٹیوں کے سامنے پیش نہیں کیا، باوجودیکہ وہ ایک عظیم الشان ریاست کے فنانشل سکرٹری رہ چکے ہیں۔ لیکن ایک چھوٹے سے کالج کا بجٹ تیار نہ کرنا آخر کیا معنی رکھتا ہے نواب وقارالملک کا یہ اعتراض معقول تھا۔ لہذا میں نے نواب محسن الملک سے زبانی اس اعتراض کا تذکرہ کیا اور اُن سے بے ضابطگی کی وجہ دریافت کی، میری گفتگو سن کر نواب محسن الملک نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا کہ تمام کاغذات اور دفتر مسٹر بیک کے ہاتھ میں ہیں اور وہ مجھ کو بجٹ بنانے کا موقع نہیں دیتے اور اس بات پر مصر ہیں کہ بجٹ میں خود تیار کروں گا، آخر کار مسٹر بیک کا انتقال ہو گیا اور مسٹر مارسین کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے لیکن جن لوگوں کو کالج کے معاملات سے واقفیت ہے وہ تسلیم کریں گے کہ نواب محسن الملک اِس زمانے میں کن مصائب میں مبتلا تھے، مسٹر مارسین صاحب نہ صرف کالج کے اندرونی انتظامات میں دخیل تھے بلکہ وہ گورنمنٹ کے سیاسی معاملات میں کیونکر محمدن کالج کو آلہ بنائے ہوئے تھے، جو ڈیپوٹیشن ایران بھیجا گیا تھا، اس میں سکرٹری اور ممبران سے بغیر دریافت کئے اُنھوں نے کالج فنڈ سے ایک ہزار روپیہ نکلوا لیا۔ جب بعض لوکل ٹرسٹیوں نے اِس کارروائی کی مخالفت کی تو مسٹر مارسین نے نواب محسن الملک کو ایک خط بھیجا کہ اُن ٹرسٹیوں کے نام لکھو جو اس تجویز کے مخالف ہیں، تاکہ میں وائسرائے کے سامنے یہ نام پیش کر دوں، غرضکہ مسٹر مارسین کی اس قسم کی بہت سی بے ضابطگیاں تھیں جو واقف کار لوکل ٹرسٹیوں کو ناگوار گذرتی تھیں اور اس کی شکایت نواب محسن الملک سے سخت الفاظ میں کرتے تھے اور پرنسپل کی ایسی خود مختارانہ کارروائیوں کو نواب محسن الملک کی بزدلی پر محمول کرتے تھے

نواب محسن الملک ایک طرف ٹرسٹیوں کی دھمکیاں سُنتے تھے اور دوسری طرف پرنسپل کی نامناسب کارروائیوں سے دل برداشتہ رہتے تھے، انہیں جو کچھ فکر تھی وہ یہ تھی کہ کالج کی شہرت اور نیک نامی روزافزوں ترقی پکڑے، اور اُس کی مالی حالت کسی نہ کسی طرح اچھی ہو جائے اور کسی نہ کسی طرح کالج میں تعداد طلبار کا اضافہ ہو اور کالج مسلمانوں میں ایک مرکزی حیثیت حاصل کرے، نواب محسن الملک اور مجھ میں ان مسائل کے متعلق پرائیویٹ گفت گوئیں بھی ہوئی ہیں، وہ لوکل ٹرسٹیوں کے درحقیقت شاکی نہ تھے بلکہ ان کو جو کچھ شکایت تھی وہ مسٹر ماریسن کی تھی، مرحوم محسن الملک ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے، کہ یہ سب خرابیاں عارضی ہیں، زمانہ اس کی خود اصلاح کریگا، سب سے بڑی ضرورت کالج کی مالی حالت کے استحکام سے اس زمانہ میں صوبہ کے لفٹنٹ گورنر سرانٹونی میکڈانل تھے جو نہایت سخت اور مسلمانوں کے دشمن تھے اور موقع کے متلاشی رہتے تھے کہ کس طرح مسلمانوں کی ترقی کو روک دیا جائے، اُردو ہندی کے جھگڑے کے بارے میں سرانٹونی میکڈانل کا جو برتاؤ نواب محسن الملک کے ساتھ تھا، وہ واقف کار حضرات سے پوشیدہ نہیں، دوسری طرف مسٹر ماریسن کا اثر نہ صرف لوکل گورنمنٹ میں تھا بلکہ گورنمنٹ انڈیا میں بہت بڑھا ہوا تھا اور جماعتِ ٹرسٹیان میں گورنمنٹ کا خوف اسقدر بڑھا ہوا تھا، کہ وہ سمجھتے تھے کہ اگر گورنمنٹ ناراض ہوئی تو کالج کی امداد بند ہو جائے گی اور بغیر گورنمنٹ کی امداد کے کالج نہیں چل سکتا اور سرکاری ملازمتیں جو مسٹر ماریسن کی وجہ سے مسلمانوں کو ملتی ہیں۔ آیندہ یہ ملازمتیں مسلمانوں کو نہ ملیں گی اور اس طرح مسلمانوں کی قوم کو سخت نقصان پہونچے گا۔ دوسری طرف کالج کے طلبار میں اسقدر سیاسی بیداری پیدا ہو گئی تھی کہ وہ مسٹر ماریسن کی اس قسم کی کارروائیوں سے سخت ناراض رہتے تھے، طلبار کی اس ناراضی کا یہ اثر ہوا کہ طالب علموں میں روز بروز ایسی جماعت ترقی کر رہی تھی جو نہ صرف پرنسپل کے خلاف تھی بلکہ انگریزی قوم کے خلاف ان میں جذبات بھڑک رہے تھے، تیسری طرف بعض جوشیلے ٹرسٹی ان واقعات کو غم اور غصّے کے ساتھ دیکھتے تھے، غرضکہ مسٹر ماریسن نے استعفٰی دیدیا،

اور اُن کی جگہ مسٹر آرچبولڈ پرنسپل ہو کر آئے، پرنسپل اور اُن کے یوروپین اسٹاف کا برتاؤ طالب علموں کے خلاف ہونا شروع ہوا۔ طالب علم ناراض ہوتے تھے اور اپنی شکایت نواب محسن الملک کے پاس لیکر آتے تھے، نواب محسن الملک طالب علموں سے حکمت آمیز گفتگو کر کے ان کی تسلّی اور تشفی کرتے تھے، مسٹر آرچبولڈ کو طالب علموں کا نواب صاحب کے یہاں زیادہ جانا سخت ناگوار تھا، غرضکہ معاملات روز بروز پیچیدہ ہوتے گئے جس کا انجام طالب علموں کا سخت اسٹرائک ہوا۔ (اخبار "البشیر" دسمبر ۱۹۰۳ء)

طلبار کی شورش

۹ رفروری ۱۹۰۷ء کو علی گڑھ کی نمائش میں راجہ غلام حسین طالب علم اور ایک کانسٹبل میں خفیف سا جھگڑا ہوا جس کو نمائش کے سکرٹری نے جو اولڈ بوائے بھی تھے طالب علم مذکور کے خلاف طوالت دیدی، سوپرنٹنڈنٹ پولیس نے پرنسپل کو مطلع کیا اور خواہش کی کہ وہ خود سزا دیں ورنہ حسب ضابطہ مقدمہ چلایا جائے گا، پرنسپل نے راجہ کو سزا دی جو بہت سنگین تھی، چوں کہ راجہ بہت ہردلعزیز اور قابل طالب علم تھا اور تھوڑے دن قبل ایک علمی بحث میں انگلش اسٹاف کے ایک ممبر کو اس سے خفت اُٹھانی پڑی تھی اور اس سزا میں اسی ممبر اسٹاف کا اثر سمجھا جاتا تھا، طلبا جو نمائش میں موجود تھے وہ راجہ کو بے قصور جانتے تھے اور اُن کے نزدیک کانسٹبل کا قصور تھا اُنھوں نے پرنسپل کو توجہ دلائی لیکن کچھ اثر نہ ہوا اور انجام کار بعض غلط فہمیوں سے راجہ کا بورڈنگ ہاؤس سے بھی اخراج کیا گیا۔

پرنسپل کی اس کارروائی نے طلبا کو حد سے زیادہ مشتعل کر دیا وہ ۱۵ رفروری کو یونین کے سامنے جمع ہوئے اور جب اسٹاف نے منتشر ہونے کا حکم دیا تو اُنھوں نے سرتابی کی، باہم ایسی سخت گفتگوئیں ہوئیں جو دونوں کے لئے قابل افسوس اور باعث

اشتعال یقیں۔

نواب محسن الملک نے اس واقعہ کی اطلاع پاتے ہی طلبا کو فہمایش کی اور فوراً صورت حال سے قرب وجوار کے ٹرسٹیوں کو مطلع کیا۔

۱۷ فروری کو بیرونجات سے پندرہ ٹرسٹی علی گڑھ آ گئے، انہوں نے واقعات پر غور کے بعد غلام حسین کی سزا مناسب تصور کی، طلبا کو سمجھایا کہ پرنسپل سے بلا شرط معافی چاہیں چوں کہ ان کو اسٹاف سے انتقام کا خوف غالب تھا، نواب محسن الملک نے یہ وعدہ کیا کہ ۱۵ فروری کے واقعات کی بنا پر کسی اور طالب علم کو سزا نہ دی جائے گی، چنانچہ ۱۹ فروری کو طلبا نے معذرت نامہ پیش کر دیا، غلام حسین نے بھی کالج چھوڑ دیا اور بظاہر اسباب یہ شورش رفع ہو گئی، لیکن ۲۱ فروری کو پرنسپل نے ۱۵ فروری کے گستاخانہ رویہ پر چھ دیگر طلبا کو بورڈنگ ہاؤس چھوڑ دینے کا حکم دیا۔

اس خلاف توقع سزا پر طلبا نے اوّل تو آنریری سکرٹری کو اُن کے وعدہ پر توجہ دلائی اور جب انہوں نے اپنی مجبوری ظاہر کر کے پرنسپل کے تعمیل حکم کی ہدایت کی تو ان میں سخت ہیجان پیدا ہو گیا، اب صورتِ حالات کے لحاظ سے یکم اپریل تک کالج بند کر دیا گیا۔

کمیشن کا تقرر

اسباب شورش کی تحقیقات آیندہ انسدادی تدابیر اور ضروری اصلاحات کے لئے ایک کمیشن مقرر ہوا جس میں حسب ذیل اصحاب ممبر منتخب ہوئے۔

نواب محسن الملک، نواب وقار الملک، مسٹر آرچبولڈ پرنسپل، مسٹر محمد رفیق بار ایٹ لا دجج، مرزا عابد علی بیگ، مولوی عبداللہ جان وکیل سہارن پور، خان بہادر شیخ عبداللہ ایڈووکیٹ، حاجی محمد اسمٰعیل خاں (دتاولی)

صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب بھی منتخب ہوئے تھے لیکن وہ مستعفی ہو گئے۔[۵۱]

شورش کا سیاسی رنگ یہ ایک ایسا معمولی واقعہ تھا کہ اگر پرنسپل اور یوروپین اسٹاف ذرا ہمدردی سے کام لیتا تو یہ نوبت نہ پہونچتی اور سارا معاملہ رفع دفع ہو جاتا، مگر اسٹاف نے اس واقعہ کو سیاسی رنگ دیدیا اور اتنی وحشت طاری ہو گئی کہ حفاظت جان کے لئے بنگلوں پر مسلح پولیس[۵۲] تعینات کرائی گئی، یہ شہرت بھی دی گئی کہ کانگریسی اخبارات اور یونین کے سیاسی مباحث کے اثر سے طلبا کے خیالات میں تبدیلی پیدا ہوئی اور کانگریس پارٹی نے روپیہ کی امداد بھی پیش کی۔

طلبا کی دانشمندی طلبا نے اپنی جماعت میں ایک نظام[۵۳] قائم کر لیا تھا انہوں نے اس شہرت کو سنتے ہی ہزآنر پیٹرن ولفٹنٹ گورنر کو تار دے کر اس امر کی نسبت اطمینان دلایا کہ یہ حالت صرف کالج کے اندر محدود ہی

---

[۵۱] ان کی نسبت یہ مشہور تھا کہ کالج کے تمام کام اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتے ہیں اور یہ شکایت تھی کہ دوسری جماعت کے کسی ممبر کو وہ کاموں میں شریک نہیں ہونے دیتے، اس ہنگامہ میں نہ طلبا ان سے خوش تھے اور نہ اسٹاف دونوں کا اعتماد زائل ہو چکا تھا اس لئے انہوں نے فنانس کمیٹی ممبری بورڈ آف مینجمنٹ اور صیغہ تعمیرات کی سکرٹری شپ سے بھی استعفا دیدیا لیکن پھر کمیشن کی ممبری کے سوا باقی عہدوں کی نسبت استعفا واپس لے لیا۔

[۵۲] اس ہنگامہ میں جب کہ حفاظت جان کے لئے مسلح پولیس کا پہرہ تھا، مسز آرچبولڈ جو فرانسیسی خاتون تھیں مجمع طلبا میں بلا خوف وخطر آتی تھیں اور طلبا ماں کی طرح ان کا احترام کرتے تھے۔

[۵۳] اس منظم جماعت کے سکرٹری (ڈاکٹر) عبدالرحمن بجنوری تھے، ۱۹۱۸ء میں بمقام بھوپال انتقال کیا، قابلیت کا غنچہ پورا کھلنے بھی نہ پایا تھا کہ مرجھا گیا۔

کوئی سیاسی حیثیت نہیں رکھتی اور تمام طلبا سرسید کی پالیسی پر ثابت قدم ہیں، اُنھوں نے اخبارات میں بھی ایک مفصل خط شائع کرایا جس میں ان تمام غلط بیانیوں کی جو اس واقعہ سے پھیلائی گئی تھیں تردید کی۔

نواب محسن الملک کی بے چینی

یہ شورش ایک معمولی واقعہ تھا لیکن اشاعت نے اس پر جو سیاسی رنگ چڑھایا اور اپنی جانیں تک خطرہ میں محسوس کیں اور زیر سطح یا پس پردہ جو قوتیں کارفرما تھیں اُن سب نے مل ملا کر نواب محسن الملک کو انتہا سے زیادہ متردد اور بے چین کر دیا تھا، ان کے اس تردد اور اس بے چینی کا اندازہ ان خطوط[1] سے ہوتا ہے جو اُنھوں نے اس ہنگامہ کے دوران میں طلبا کے نام لکھے تھے، یہ تین خط مختلف حالتوں کے ہیں اور اس درجہ موثر ہیں کہ کوئی شخص چشم پُرنم بغیر ختم نہیں کر سکتا۔

ہز آنر ہیسٹن کی آمد اور ایڈریس و جواب

قبل ازیں کہ کمیشن اپنا کام شروع کرے، ۷ مارچ کو ہز آنر سر جان ہیوٹ تشریف لائے، سنسان کالج میں آنریری سکرٹری پریسیڈنٹ اور گیارہ ٹرسٹیوں نے ایڈریس پیش کیا البتہ وہ چند طلبا جو علی گڑھ میں مقیم تھے شریک کر لیے گئے۔ ایڈریس میں عام امور کے علاوہ اس واقعہ کا بھی حسب ذیل تذکرہ تھا۔

> "لیکن اس حالت میں، جب کہ ہم اپنے تئیں اس کالج کی ایسی ترقی اور طلبا کی تعداد میں اضافہ ہونے پر قابل مبارکباد سمجھتے ہیں ہم کو ان مشکلات کا بھی احساس ہے جو ایک ایسے درس گاہ کے انتظام میں جیسا کہ یہ ہے پیش آنی لازمی ہیں، خود سرسید مرحوم کے زمانہ میں ۱۸۸۰ء میں سخت مشکلات واقع ہو چکی ہیں اور اسی صورت کا ایک نازک موقع کالج کی اندرونی زندگی میں ابھی حال ہی میں پیش آیا ہے لیکن ایسے موقعوں پر ہم ہمیشہ سرسید کے اصول کو مد نظر رکھتے ہیں،

---

[1] ملاحظہ ہو مکاتیب حصہ اوّل۔

اور اُن پر استقلال کے ساتھ عمل کرنے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔ کیونکہ ہم کو یقین ہے کہ صرف وہی ایک طریقہ ہمارے لئے اپنے فرائض کی انجام دہی کا ہے جس میں یقیناً کامیابی کی اُمید ہے ۔"

ہز آنر نے جواب میں کہا کہ

"کالج کے قد و قامت اور اُس کے دائرۂ اثر میں ترقی ہونے کے ساتھ آپ کی ذمہ داریاں بھی زور بروز بڑھتی جاتی ہیں، اگرچہ کالج کی عظیم الشان خوش حالی کی یہ علامتیں حوصلہ افزا ہیں، لیکن ہم اس امر سے چشم پوشی نہیں کر سکتے کہ اس مسئلہ کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ کالج کے عرض و طول کے بڑھنے کے ساتھ انتظامی مشکلات گھٹتی نہیں ہیں، مجھے یہ بات دریافت ہونے سے خوشی ہوئی کہ آپ ایک پُر تفتیش تحقیقات اس ہنگامہ کے متعلق جو حال میں یہاں واقع ہوا ہے کرنی چاہتے ہیں، چوں کہ میں نے سب سے قدیم انگلش پبلک اسکول اور اکسفورڈ میں تعلیم پائی ہے، لہذا یہ ایک قدرتی بات ہے کہ آپ کی مانند میں بھی ایک ایسے کالج میں جیسا کہ یہ ہے "ڈسپلن" قائم رکھنے کو نہایت ہی بیش قیمت تصوّر کروں، آپ کے لئے اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں ہے کہ کالج کے متعلق اپنے انتظام میں آپ سر سید مرحوم کے قرار دادہ اصول کی جس کا آپ نے اپنے ایڈریس میں ذکر کیا ہے پیروی کریں کچھ شک نہیں کہ آپ کی تحقیقات نہ صرف ان واقعات تک ختم ہو جائے گی جو عملاً واقع ہوئے ہیں اور جن کو تشیم ظاہر ہیں اس تازہ خطرہ کا جو آپ کے معاملات میں پیش آیا، باعث خیال کر سکتی ہے، بلکہ آپ کی تحقیقات یہ دریافت کرنے کی طرف بھی مائل ہوگی کہ آیا زیر سطح بھی کچھ اسباب ایسے ہیں جو طالب علموں کے ایک ایسے طرز اختیار کرنے کے باعث ہوئے جو کہ ایسے تعلقات

کے منافی ہیں جیسے کہ اُستادوں اور شاگردوں کے درمیان ہونے چاہئیں، اس معاملہ پر استقلال سے توجہ کرنے اور ان نقائص کو جو کالج کے نظم و نسق میں آپ پائیں بیخ و بن سے دفع کرنے کی ضرورت کا آپ کے خاطر نشین کرنا میرے لئے غیر ضروری ہے، کیوں کہ ایسا کرنے کا آپ نے مجھ سے پہلے ہی ارادہ ظاہر کیا ہے اگر آپ کی کمیٹی اپنی تحقیقات صداقت کے ساتھ اور بلا خوف نتائج انجام دے جیسا کہ مجھے یقین ہے کہ وہ انجام دے گی اور اگر آپ ان نقصوں کو جن کا کمیٹی کی تحقیقات سے انکشاف ہو دور کرنے کی تدبیر کریں گے تو مجھے امید ہے کہ برائی میں سے بھلائی جلوہ گر ہو گی اور آپ کا کالج اس پریشانی سے جو حال میں پیش آئی نکل کر اس خوش حالی سے جو اب تک اسے نصیب رہی نسبتاً زیادہ خوش حالی کے دور میں جنم لے گا۔"

طلبا کا خط آنریری سکرٹری کے نام اسی تاریخ کو طلبا کی کمیٹی کے سکرٹری نے الٰہ آباد سے ایک خط ارسال کیا جس میں بعض اخبارات کے اس واقعہ اور پولیٹکل معاملات میں رشتہ قائم کرنے پر اظہار افسوس کر کے ۱۸ مارچ تک کالج کھولے جانے کی درخواست کی۔

کمیشن کا کام ۱۳ مارچ سے کمیشن نے اپنا کام شروع کیا اسٹاف کے ممبروں اور طلبائے قدیم و حال نے تحریری و زبانی شہادتیں پیش کیں بعض جوشیلے اصحاب نے آنریری سکرٹری پر بھی الزامات قائم کئے اور ان کی کمزوریوں کو بیان کیا مسٹر محمد علی نے اپنے مضامین جو انگریزی اخبارات میں لکھے تھے اس بیان سے پیش کئے کہ وہ عرصہ دراز سے کالج کے ٹرسٹیوں اور اسٹاف کو موجودہ خرابیوں پر مطلع و متنبہ کرتے چلے آتے تھے، انھوں نے بعض ایسی باتیں بھی بیان کیں اور ایسے خطوط و کاغذات بھی پیش کئے جو بطور قومی راز کے امانت تھے۔

نواب محسن الملک کا استعفا اور اس سے عام بے چینی

۲۱ مارچ کو یہ تحقیقات ختم ہو گئی اور اب نواب محسن الملک نے گزشتہ واقعات سے اضمحلال اور طبیعت کی زیادہ ناسازی کی وجہ سے استعفا پیش کر کے فوراً سبکدوش کئے جانے کی خواہش کی تاکہ سکون کے ساتھ کچھ دن آرام کریں لیکن موجودہ ٹرسٹیوں نے اسی دن جلسہ کیا اور بکمال اصرار اس کی واپسی پر زور دیا۔

یہ خبر جس وقت اخبارات میں شائع ہوئی تو ایک عام بے چینی پھیل گئی، انگریزی اور قومی اخبارات نے نواب صاحب کی خدمات پر تبصرہ و دلی رنج و افسوس کا اظہار اور ہر گوشۂ ہند کے مسلمانوں نے استعفا واپس لینے کے لئے اصرار کیا صدہا خطوط اسی مضمون کے موصول ہوئے، اُن اعلیٰ حکام کو بھی جو ایم اے او کالج کے ساتھ دلچسپی و ہمدردی رکھتے تھے تردد ہو گیا تھا چنانچہ لفٹننٹ گورنر پنجاب نے یہ خط لکھا کہ:-

۳۱ مارچ ۱۹۰۶ء کیمپ پنجاب پرائیویٹ و کانفیڈنشل

"ڈیر نواب صاحب۔ مجھے نہایت افسوس ہے کہ آپ علی گڑھ کالج کی سکرٹری شپ سے مستعفی ہونے پر مجبور ہوئے، مجھے تو کچھ ایسا اندیشہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ اُن آرا و افکار کے غلبہ پانے کی علامت ہے جو آپ کی آرا و افکار سے جو دانشمندانہ اور سنجیدہ ہیں مختلف ہیں۔

اور یہ ایک ایسے ادارہ کے مستقبل کے لئے کچھ نیک فال سا نہیں معلوم ہوتا جس کو میں اب تک ہندوستان کے بہترین اداروں میں تصور کرتا تھا اور جو تمام ملتِ اسلامیہ کے لئے باعث نازش تھا۔

کل ہی بلوچیوں کے سرخیل مزاری نواب نے مجھ سے بیان کیا تھا کہ انہوں نے اپنے بھانجے (یا بھتیجے) کو علی گڑھ محض اسی لئے بھیجا تھا کہ وہاں طلبا اچھے طور طریقے سیکھتے ہیں اپنے بڑوں کی عزت اور ارباب نظم و نسق کا احترام کرتے ہیں اور حفظ مراتب

ملحوظ رکھتے ہیں۔

کیا آیندہ دس پانچ سال تک صورت حال یہی رہ سکے گی، میری دعا ہے کہ ایسا ہی ہو لیکن شاید ایسا نہو۔"

آپ کا مخلص

ایبٹسن

واپسی استعفا غرض ہر جانب سے اور خاص کر ممتاز اصحاب کی طرف سے اصرار ہوا اور ایک بہت بڑے اعلیٰ طبقہ سے فیصلہ پر غور کرنے کی صلاح دی گئی کہ موجودہ نازک موقع پر ان کا علی گڑھ چھوڑنا بہت ہی بے وقت اور نامناسب ہے اس لئے اصرار عام اور حالات کالج کو ملحوظ رکھکر اُنہوں نے استعفا واپس لیا جس سے وہ عام بےچینی اور تردد رفع ہوگیا اور اخبارات میں عامۃً اظہار مسرت کیا گیا۔

اولڈ بوائز کا جلسہ ۳۰ مارچ کو اولڈ بوائز ڈنر ہوا قدیم اور حال کے طلبا پرنسپل اور ایک مہمان نے تقریریں کیں۔ پرنسپل نے اپنی اور اسٹاف کی طرف سے طلبا کے ساتھ صلح وصفائی کا اظہار کیا اور کہا کہ جو غلط فہمیاں ہو چکی ہیں ان کو فراموش کرنا لازم ہے اور از سر نو اسٹاف اور طلبا کے درمیان ہمدردی واتحاد کا رشتہ قائم ہونا چاہیئے۔

مسٹر عبدالرحمٰن بجنوری نے طلبا کی جانب سے پرنسپل کا شکریہ نہایت جوش سے ادا کیا اور ظاہر کیا کہ ہم اب تمام شکایتیں بھول گئے اور بدستور اطاعت و فرماں برداری کے لئے تیار ہیں۔

کمیشن کی رپورٹ ۲۶ مئی کو ٹرسٹیوں کے اجلاس میں کمیشن کی رپورٹ پیش ہوئی جس پر آٹھ ممبروں کے دستخط تھے۔

اس رپورٹ میں طلبا کی نافرمانی کے وجوہ

(۱) ممبران انگلش اسٹاف کے سوشیل برتاؤ کی تبدیلی۔

(۲) مضامین اخبارات جو ۱۹۰۶ء سے شروع ہوئے۔

(۳) مصطفےٰ حسین رضوی کے معاملہ سے اس امر کا تیقن کہ شکایت کی سماعت نہیں ہوئی بلکہ ان کا بیان بھی مستوجب سزا ہے۔

(۴) وظیفہ[۱] پانے والوں کے نام کا اظہار۔

(۵) تحریری معذرت اور آنریری سکرٹری کے وعدہ کے بعد چھ اور طلبا کی سزا۔

(۶) غلام حسین کی سزا یابی جس کو طلبا بے گناہ سمجھتے تھے۔

(۷) بوجہ اختلاف زبان طلبا اور اسٹاف کے مابین غلط فہمی۔

تسلیم کئے گئے اور یہ رائے قرار دی گئی کہ:۔

(۱) باہم بے تکلف میل اور دوستانہ تعلقات اور برتاؤ ایک جانب سے اور دوسری جانب سے دلی مسرت کے ساتھ اپنے استادوں کی اطاعت و فرماں برداری ان دونوں قدیم روایات کو قائم رکھا جائے اور ان کا لحاظ کیا جائے۔

(۲) اصطلاح وظیفہ ترک کی جائے اور قرض حسنہ نام رکھا جائے۔

(۳) سنڈیکیٹ قائم کی جائے۔

(۴) بورڈنگ ہاؤس میں کتاب شکایات رکھی جائے۔

(۵) ٹیوٹوریل سسٹم جاری کیا جائے۔

(۶) پرنسپل اور آنریری سکرٹری کالج کے انتظامی معاملات میں ہمیشہ ایک دوسرے سے مشورہ کریں۔

(۷) ایک مہمان سرا بنائی جائے اور کوئی مہمان بورڈنگ ہاؤس میں نہ رہے۔

---

[۱] یہ قاعدہ تھا کہ جن غریب طلبا کو امدادی وظائف ڈیوٹی سے دیئے جاتے تھے اُن کا نام افشا نہیں کیا جاتا تھا لیکن وظائف کا تعلق پرنسپل سے تھا۔

ان امور کے بعد کمیشن نے عام رائے یہ تحریر کی کہ :-

"شورش کی وجوہات اور اس قسم کے واقعات کے آیندہ تدارک کی تدابیر پر بحث کے بعد اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ چند عام ریمارک بھی کریں - دو گواہوں کے تحریری بیانات کے، جو ہمارے سامنے پڑھے گئے، طرز بیان کی نسبت ہم اپنے سخت ناراضی کے اظہار کو بالکل جائز اور درست خیال کرتے ہیں اور اس طرز بیان کو بالکل ناحق اور نادرست سمجھتے ہیں۔ ہم اس امر کا بھی اظہار کرنا چاہتے ہیں کہ ہم کو اُن کی رایوں سے اختلاف ہے۔

طلبا کا طرز عمل ہماری رائے میں ناقابل حمایت ہے جیسا کہ فی الواقع خود اُن کو بھی معذرت نامہ پیش کرنے سے صاف دلی کے ساتھ تسلیم ہے۔

غلام حسین کی سزا کے احکامات یکے بعد دیگرے بالاقساط جاری ہونے کے متعلق طلبا کی شکایات کی بنا پر ضرور اُن کی غلط فہمی ہے۔ پرنسپل کی خواہش اوّل سے آخر تک یہی رہی کہ کانسٹبل پر حملہ آور ہونے کے الزام کے ناگوار نتائج سے غلام حسین کو بچایا جائے؛ لیکن واقعی ہم یہ نوٹ کرنا چاہتے ہیں کہ ہماری رائے میں پرنسپل نے آخر تک نہایت بے لوث اور خالص نیت کے ساتھ عمل کیا اور یہ کہ اُنھوں نے اپنے احکامات تا بحد یقین خود کالج کے جو اُنکے چارج میں ہے، فائدہ کی نیت سے جاری کئے تھے۔ ہم پرنسپل کی اس نیک نیتی کے اعتراف سے باہر نہیں رہ سکتے کہ اُنھوں نے یہ سُن کر کہ آنریری سکرٹری نے یقین قطعی دلایا تھا کہ اگر طلبا معذرت پیش کریں گے تو سوائے غلام حسین کے اور کسی کو سزا نہ دی جائے گی، چھ (معتوب) طلبا کو بھی معاف کر دیا۔

ایک یہ خیال پایا جاتا ہے کہ موجودہ یورپین اسٹاف کے ایک ممبر کا برتاؤ

بعض اوقات درشت رہا ہے، ہم خیال کرتے ہیں کہ اُس کی بنا واقعہ پر ہے
ہم اپنی یہ رائے بھی جو خود اُس کے (ممبر یورپین اسٹاف کے بیان) پر مبنی
ہے، ضرور ظاہر کریں گے کہ ہمارے خیال میں اُس نے بورڈنگ ہاؤس کی
اندرونی زندگی کی طرف کافی توجہ نہیں رکھی، لیکن ہماری صلاح ہے کہ اس
معاملہ میں سوائے اس کارروائی کے جو پرنسپل مناسب سمجھ کر کرے
بالفعل اور کچھ نہ ہونا چاہیے۔ ہماری یہ رائے ڈسپلن اور کالج کے مفاد
کے لحاظ سے ہے''

مرزا عابد علی بیگ صاحب اور نواب وقار الملک نے الگ الگ اختلافی نوٹ
شامل کئے۔ مرزا صاحب نے ایک تمہید کے بعد لکھا تھا کہ:۔

''کالج اسٹاف نے ٹرسٹیان جماعتِ حکمراں کی جگہ لے لی اور آنریری سکرٹری
کے ہاتھ کی وہ قوت جس میں عنانِ حکومت تھی کسی نہ کسی وجہ سے خواہ وہ وجہ
رسوخ کالج اسٹاف کی گورنمنٹ میں بلا واسطہ آنریری سکرٹری کے ہو یا
آنریری سکرٹری کی پالیسی ہی ایسی ہو کہ وہ خلاف مرضی کالج اسٹاف کے
کچھ کرنا نہ چاہے اگر سلب نہیں تو نہایت کمزور ہو گئی اور آنریری سکرٹری زیر
اطاعت کالج اسٹاف کے ہو گیا''

اُنھوں نے یہ رائے بھی دی کہ ''مسٹر گاڈ ترِبراؤن کو فوراً علیحدہ کیا جائے اور
اس قدر تجربۂ عظیم کے بعد آیندہ تجربہ کی ضرورت نہیں۔

نواب وقار الملک نے مسٹر (مولانا) محمد علی کے مضامین کو اسبابِ شورش میں
شامل کرنے سے اختلاف کیا، حالات اور ڈسپلن کے لحاظ سے مسٹر گاڈ ترِبراؤن
کی نسبت رائے دی کہ بالفعل یہ دکھلانے کے لئے کہ ان کی خدمات عہدہ پُردوستی
کو ناپسند کیا گیا، اس عہدہ سے علیحدہ کیا جائے اور اُن کا اضافہ جو یکم اپریل سے منظور

ہوا ہے روک دیا جائے اور ٹریٹوریل سسٹم میں ان کو کوئی حصہ نہ دیا جائے نیز دیگر اصلاحات میں ڈائننگ ہال کے انتظام کو انگلش ممبر اسٹاف سے نکال کر ہندوستانی ممبر کے سپرد کیا جانا تجویز کیا۔

ٹرسٹیز کمیٹی کا اجلاس باوجودیکہ نواب محسن الملک نے اس اجلاس کی شرکت کے لئے خاص طور پر توجہ دلائی تھی مگر صرف اٹھارہ اصحاب نے شرکت کی۔ نواب صاحب اس زمانہ میں بمبئی میں تھے اور چوں کہ زیادہ بیمار رہے اور بہت زیادہ ضعیف ہو گئے تھے، مشیران طبی نے آرام و سکون کی ہدایت کی تھی اس لئے شریک نہ ہو سکے۔

ٹرسٹیوں نے تقریباً تمام تجاویز مندرجہ اصل رپورٹ کمیشن کو منظور اور مرزا عابد علی بیگ اور نواب وقار الملک کی اختلافی رایوں کو نامنظور کیا۔

مسٹر گاڈنر براؤن کا معاملہ پرنسپل پر چھوڑا گیا، طلبا کے رویہ پر اظہار ناپسندیدگی کے ساتھ ان کو سخت طور پر متنبہ کیا گیا کہ "آیندہ ڈسپلن کی خلاف ورزی کا افسران کالج کو نہایت سختی کے ساتھ تدارک کرنا پڑے گا۔"

پرنسپل کی سچی ہمدردی اور دلچسپی کا جو ان کو کالج کے ساتھ ہے اعتراف کرکے ووٹ آف کانفیڈینس پاس ہوا۔

نوٹ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں حسب ذیل فقرہ بھی تحریر کیا تھا کہ :-

"ٹرسٹ کے موجودہ کانسٹی ٹیوشن کی نسبت یہ امر واقعہ ہے کہ ٹرسٹی شپ کے حین حیات ہونے سے متعلق بہت کچھ ناراضی ہمارے سامنے شہادت میں ظاہر کی گئی ہے۔ ہماری رائے میں ٹرسٹی کے منصب کا تاحیات ہونا ٹرسٹ کانسٹی ٹیوشن کا کوئی عیب نہیں ہے، لیکن نواب محسن الملک کی رائے ہے کہ آیندہ جو آسامیاں خالی ہوں اُن پر نئے ٹرسٹیوں کا تقرر پانچ سال کے لئے ہوا کرے اور نواب وقار الملک کا خیال ہے کہ مذکورہ بالا تجویز کے لحاظ سے (بقیہ نوٹ صفحہ آیندہ پر)

نواب محسن الملک پر اظہار اعتماد

تمام ٹرسٹیوں نے نواب صاحب کی خدمات کا اعتراف کیا اور جو الزام ان سے منسوب کئے گئے اُن سے اختلاف کر کے ووٹ آف کانفیڈینس پاس کیا اور حسب ذیل تار بھیجا کہ "ہم ٹرسٹیان موجودہ اجلاس واقع ۲۶ مئی ۱۹۰۶ء نہایت زور کے ساتھ آپ کی ان شاندار مفید اور مسلسل قومی خدمات کی نسبت دلی شکر گزاری اور احسان مندی کا اظہار کرتے ہیں جو آپ نے تمام قوم مسلمانان کی عموماً اور مدرسۃ العلوم کی خصوصاً انجام دی ہیں اور آپ کے پیشوائے قوم ہونے پر کامل اعتماد کرتے ہیں اور نہایت خلوص سے آپ کی درازی عمر اور حصول صحت کی دعا کرتے ہیں"۔

نواب محسن الملک کے دل پر واقعات شورش کا اثر

"نواب[۵] محسن الملک بہادر کے دل پر گذشتہ فروری کے واقعات کالج نے ایک نہایت گہرا اثر پیدا کیا تھا اور اس زمانہ میں بعض موقعوں پر یہ معلوم ہوتا تھا کہ نواب محسن الملک اب بہت دنوں تک زندہ نہ رہیں گے ایک خاص موقع پر جب کہ تحقیقات کمیشن ہو رہی تھی وہ جلسے سے اٹھ کر دوسرے کمرہ میں آئے اور وہاں آ کر ایک آرام کرسی پر ٹھنڈے سانس بھرتے ہوئے گر گئے اور کہنے لگے کہ پہلے ہی اس کم بخت دل میں زخم پڑے تھے اب اُن زخموں پر. . . . . . اور نمک چھڑک دیا اب ہم زندگی سے تنگ آ گئے ہیں۔ اس کے بعد سے پھر وہ ٹرسٹیوں یا کالج کے کسی جلسہ میں شریک نہیں ہوئے بمبئی تشریف لے گئے اور وہاں جاتے ہی بیمار ہو گئے"۔

(گذشتہ سے پیوستہ) موجودہ ٹرسٹیوں کو بھی پانچ برس کے لئے تصور کیا جائے لیکن ٹرسٹیز کمیٹی نے اس مسئلہ کو اتنا بھی قابل التفات نہ سمجھا کہ اس پر کوئی رائے ظاہر کی جاتی۔

[۵] اقتباس مضمون خان بہادر شیخ عبداللہ صاحب رسالہ خاتون اکتوبر ۱۹۰۷ء

یوں تو وہ عرصہ سے بیمار چلے آتے تھے بعض اوقات حالت بہت نازک ہو جاتی تھی مگر پھر قومی درد اُن میں طاقت پیدا کر دیتا تھا اور تازہ حوصلہ و عزم کے ساتھ مصروف عمل ہو جاتے تھے اس مرتبہ ان کے دل و جگر اور دماغ و روح پر اِن واقعات کا بہت سخت اثر پڑا، ایک خط مورخہ ۲۰ مئی موسومہ حاجی عبداللہ جان صاحب وکیل سہارنپور میں لکھتے ہیں کہ :-

"آپ صاحبان سمجھ لیں کہ میرا رنج اور غم اور بیماری اب نہ جاوے گی جب تک میں کالج کا سکرٹری رہوں گا، بہت گالیاں کھائیں، بہت آفات سہے مگر نہ اب گالیاں کھانے کی طاقت ہے، نہ اپنے معزز ٹرسٹیوں کی طرف سے باضابطہ ذلیل ہونے کی ہمت ہے اور نہ کالج کو جنگ و جدل کا اکھاڑہ بنانا منظور ہے ورنہ میں بھی سینہ میں دل اور منہ میں زبان اور ہاتھ میں قلم رکھتا ہوں، چُپ چاپ گالیاں سننا اور اپنے آپ کو باضابطہ اور علانیہ ذلیل ہونا گوارا نہیں کر سکتا مگر کم بخت مسلمان ایسے ہی بدنام ہیں میں کچھ بولوں تو پھر وہی زمانہ آجائے جو سید محمود کے زمانہ میں مرزا عابد علی بیگ صاحب نے پمفلٹ شائع کئے تھے اس لئے بابا میں نالائق ہوں مجھے نہ قوم کا درد نہ کالج کا درد نہ اپنے عہدہ کی عزت کی پروا نہ لڑکوں پر رحم، انگریزوں کا غلام اور بے ایمان، مگر کیوں ایسے شخص کو رکھتے ہو خصوصاً ایسی حالت میں جب کہ ایسی حالت پر پہونچ گیا ہے کہ برداشت نہیں کر سکتا میں اُس وقت ایک خاص وجہ سے مجبور ہو گیا ورنہ میں اب ایک دن کے لئے سکرٹری رہنا منظور نہ کرتا اور اسی کا مجھے رنج ہے اور سچ پوچھو تو یہی میری بیماری ہے اور میں بیماری کا مشکور ہوں کہ اُس نے اس زمانہ میں میری بڑی مدد کی اور دشناموں اور گالیوں کے اکھاڑے میں آنے سے روکا، خدا میری بیماری کو میری مدد کے لئے قائم رکھے تاکہ سامنے گالیاں کھانے سے بچتا رہوں۔"

اسی طرح دوسرے خط مورخہ ۴ جولائی میں حاجی موسیٰ خاں صاحب شروانی رئیس دتاولی کو لکھتے ہیں:۔ "مگر اب یہ وقت نہیں ہے کہ پچھلے معاملات اور پچھلی کارروائیوں کا ذکر کروں کہ کیا اسباب پیش آئے اور کیا حالات تھے کہ جس سے وہ نتیجے پیدا ہوئے جو سب نے دیکھے میری جان تو بے حیا اور زندگی سخت تھی جو بچ گیا ورنہ مجھے حاجی صاحب وہ روحانی صدمہ ہوا کہ بلا مبالغہ اپنی عمر میں کبھی نہ ہوا تھا میری ساری محنت برباد گئی، میری ساری عزت جاتی رہی میری نسبت باضابطہ اور علانیہ وہ الزام لگائے گئے کہ ایک باعزت آدمی کے شرمانے کے لئے کافی تھے کاش میں مر جاتا اور کالج کو منہ نہ دکھاتا تو بہت اچھا ہوتا مگر ابھی قسمت میں آخری عمر میں کچھ اور سننا اور دیکھنا منظور رہے کہ پھر آتا ہوں اور چند روز کام کرنا اور رنج اور صدمہ اٹھانا پڑے گا۔"

سکرٹری شپ کی تبدیلی کی خواہشیں

ادھر یہ حالت تھی اور دوسری طرف بعض اصحاب سکرٹری شپ کے امیدوار تھے، مولانا محمد علی، نواب وقار الملک پر زور دے رہے تھے کہ وہ اس عہدہ کے لئے کھڑے ہوں اور طرح طرح سے آمادہ کرتے تھے قوم کا واسطہ اور غیرت دلاتے تھے، چنانچہ اپنے خط مورخہ ۱۵ جولائی میں لکھتے ہیں کہ:۔

"حاجی اسمٰعیل خاں صاحب نے تو ابھی سے یونین جیک اڑانا شروع کر دیا ہے وہ گورنمنٹ کے سایہ عاطفت میں کالج کی سیڑھیوں پر قدم رکھ رہے ہیں چند جوانانِ سعادت مند خود اسی انتظار میں ہیں ...... ایسے وقت میں صرف اس خیال سے کہ قوم آپ کو خود غرض سمجھیگی۔ آپ کو ذاتی منفعت کے لئے کوشاں سمجھے گی اس بار کے اٹھانے سے جھجکنا ایک ایسا بڑا گناہ ہوگا جو آپ کی تمام عمر کی قومی خدمت کو ہمارے دل سے بھلا دے گا، سر سید سے

زیادہ تو کوئی مطعون نہیں ہوا ہوگا کالج کی بنا کرتے وقت کوئی ناشستہ ایسا نہ تھا جو اُن پر نہ کیا گیا ہو"

لیکن یہ سب خود غرضیاں اور جوش تھے نہ نواب وقار الملک کھڑے ہوئے اور نہ دوسرے امیدوں میں کامیاب ہوئے اور نواب محسن الملک کے ہی شانوں پر یہ بار رہا اگرچہ تین ماہ بعد قدرت نے راستہ صاف کر دیا۔

واقعات پر مختصر تبصرہ

کالج کا مقصد اساسی سیاسی مطمح نظر اس کی پولیٹکل حیثیت یورپین اسٹاف کے اختیارات و اقتدارات حکومت کے اثرات ٹرسٹیز کے حالات اولڈ بوائز میں دو متحارب جماعتیں یہ سب امور نواب محسن الملک کے قابو سے باہر تھے اس پر سب سے زیادہ کالج کی متزلزل حالت باعث تردد تھی۔

اِن حالات میں وہ کوئی ایسی پالیسی اختیار کرنا پسند نہ کرتے تھے جس کا فائدہ مشتبہ اور ضرر یقینی ہو، اُنھوں نے اصل کمزوری کو بخوبی سمجھ لیا تھا اور کم از کم مخالفت کی لائن اختیار کرلی تھی، اگر ان کے رفیقانِ کار مضبوط ہوتے قوم میں وہ عزم اور فیاضی ہوتی جو نقصان کا بدل ہوسکتی اور وہ اولڈ بوائز جو صرف زبان و قلم ہی سے کام لینا اور ہر وقت آنریری سکرٹری پر حکومت جتانا ہی جانتے تھے مصلحت اندیشی اور بے لوثی سے مدد دیتے تو ساری مشکلات آسان ہو جاتیں۔

بہرحال اس فاسد مادہ کا پھوٹ جانا بھی بہتر ہوا اور آیندہ کے لئے راستہ صاف ہو گیا اس واقعہ کے سلسلہ میں اخبار ٹریبون لاہور نے کس قدر جامع تبصرہ کیا ہے کہ

ٹریبون لاہور کا ایک اقتباس

نواب محسن الملک کے استعفے کی خبر نہ صرف اُن کے دوستوں ہی میں سخت قلق و افسوس کے ساتھ سُنی جائے گی بلکہ عام طور پر پبلک بھی اس کو نہایت افسوس سے سُنے گی

جس نے حقیقی طور پر اُس شخص کا ایثار دیکھا ہے اُس نے اپنی زندگی کو قوم کی بہبودی کے لئے مخصوص کر دیا۔ حالاں کہ اب وقت تھا کہ وہ اپنے دوستوں اور عزیزوں کی سوسائٹی میں آرام کرتا، مگر اس نے عین اس موقع پر جب کہ کوئی شخص مرحوم سرسید کے مقدس مشن کو سنبھالنے کے قابل نہ تھا سکرٹری شپ کے عہدہ کو قبول کر کے ضرورتِ وقت کو پورا کیا۔ سکرٹری شپ کے زمانہ میں اُس نے کالج کے وقار اور اعزاز کو بڑھایا۔ باایں کبرسنی کالج کی مالی حالت کو سدھارنے کے لئے اُس نے ہندوستان کے دور دراز حصص میں دورے کئے؛ نئی عمارتیں بن گئیں، نئے وظائف قائم ہوئے اور نئی پروفیسریاں قائم کی گئیں اور یہ سب کچھ اُس نے اُس حالت میں کیا جب کہ اُس کو کوئی مدد نہیں ملی، بلکہ زیادہ موزوں ہوگا اگر ہم یہ کہیں کہ مخالفتوں کے طوفان میں اُس نے یہ سب کچھ انجام دیا۔ ہندوستانی زندگی کا مواد فاسد ایک اندرونی وبال ہے جو علی گڑھ کالج کے معاملات میں مجسم پایا جاتا ہے کہا جاتا ہے، کہ نواب انگلش اسٹاف کے اشاروں پر چلتا ہے اور اکثر سربرآوردہ اور روشن خیال مسلمان یہ کہنے میں بھی تامل نہیں کرتے کہ نواب موصوف نے اپنا اعتبار کھو دیا ہے لیکن وہ اصحاب جو محمدن کالج کے معاملات سے آگاہی رکھتے ہیں، نواب صاحب کے حق میں انصاف کریں گے اگر وہ یہ تسلیم کریں کہ باوصف اپنے مشیروں کی مخالفت اور برائے نام دوستوں کی ملامت کے اُس نے کالج کے ایگزیکٹو افسر ہونے کی حیثیت سے عجیب کامیابی حاصل کی ہے اگر نواب صاحب کو اپنے جلیسوں کی طرف سے کچھ بھی مدد ملتی تو وہ گورنمنٹ اور کالج کے انگلش اسٹاف کے اثرات کو بہت کچھ کم کر دیتے۔ ان حالتوں میں اُن کی ذمہ داریاں نہایت مشکل اور کٹھن تھیں اور یہ تعجب نہیں ہے کہ اُنھوں نے کوئی زیادہ بہتری کالج کو نہیں پہنچائی بلکہ یہ تعجب ہے کہ اُنھوں نے موجودہ فرائض کو اس خوش اسلوبی سے کس طرح

انجام دیا اگر ان کا استعفا منظور ہو گیا تو اُن کی جانشینی کا مسئلہ نہایت وقت طلب ہو گا۔ بہرحال اُن کا کوئی بھی جانشین کیوں نہ ہو وہ یقیناً نہایت خوش نصیب ہو گا اگر وہ اُن اعلیٰ کارہائے نمایاں کی نیک نامی کا دسواں حصہ بھی حاصل کر سکے جو نواب صاحب نے سرانجام دئے ہیں اور کثیر مجمع احباب اور اپنے مداحوں کی بہترین تعریفات ساتھ لے کر علیحدہ ہوتے ہیں۔"

ایّامِ آخریں

علالت و وفات

صحت کی عام حالت نواب محسن الملک کی صحت عرصہ سے خراب تھی کالج کی سکرٹری شپ اور قومی رہ نمائی کے بار نے اور بھی بُرا اثر ڈالا تھا ذیابطیس کی پُرانی شکایت تھی اسی میں تکلیف بہت بڑھ گئی تھی گزشتہ چند سال انتہائی محنت میں گذرے تھے اور اگرچہ اُس کے شاندار نتائج سے دل قوی ہو گیا تھا لیکن واقعات شورش نے زبردست ردعمل کر دیا اور امراض کے شدید حملے شروع ہو گئے ناچار بمبئی جانا پڑا جہاں مشیران طبی نے اصرار کے ساتھ کام کی سخت ممانعت کی، مگر کام کے بغیر تو چین ہی نہ تھا۔

بھائی کی موت اسی عرصہ میں بڑے بھائی سید غلام عباس[۱] صاحب کی بیماری کی اطلاع ملی بے چین ہو گئے اور ، استمبر کو بمبئی سے روانہ ہو کر اٹاوہ آئے ، ۲۰ ستمبر کو اُن کا انتقال ہو گیا ، اس صدمہ نے دل بٹھا دیا رہی سہی طاقت سلب ہو گئی ، لاش جب قبر میں اُتاری گئی تو آہ کر کے بیہوش ہو گئے ، ہوش آیا تو

---

[۱] ستتر برس کی عمر میں انتقال کیا نہایت نیک اور دیندار بزرگ تھے۔

صبر جمیل کیا اور پس ماندوں کی تسلّی کی۔

شملہ کو روانگی ۲۲ ستمبر کو اٹاوہ سے روانہ ہو کر ایک ایک دن علی گڑھ اور لکھنؤ ٹھیرتے ہوئے شملہ گئے۔

مصروفیتیں یہاں اصلاحات کی اسکیم میں مسلمانوں کے حقوق کی توسیع وغیرہ کے لئے کوششیں شروع کیں ۲۹ ستمبر کو ہز اکسلنسی ویسرائے[۱] سے انہیں اغراض کے لئے ملاقات کی اور بھی اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں ہوئیں اور اہم قومی و سیاسی معاملات پر گفتگوئیں رہیں۔

مرض کا حملہ اور انتقال یہ سب کچھ ہو رہا تھا مگر شمع حیات جھلملا رہی تھی آغاز اکتوبر میں سرخ یادہ کا دورہ ہوا چھرہ، سر، گردن پر ورم آگیا؛ حضور ویسرائے نے اپنے خاص ڈاکٹر کو علاج کے لئے مامور کیا دو بار عمل جرّاحی کی نوبت آئی لیکن افاقہ نہوا اور حالت ردّی ہوتی چلی گئی۔ ۱۴ اکتوبر کو جب کہ ابھی ہوش و حواس قائم تھے اس راسخ العقیدہ مومن اور خدا و رسول پر یقین کامل رکھنے والے مسلمان نے اپنے دوستوں اور ملازموں کو جو خدمت میں حاضر تھے گواہ کر کے کہا کہ "مجھے اب اپنی زندگی کا اعتبار نہیں آپ سب گواہ رہیں کہ میں صدقِ دل سے کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھتا ہوں، میں نے جو کچھ ملک و قوم کی

---

[۱] ۱۹۰۸ء میں لارڈ منٹو نے اس ملاقات کے متعلق کالج وزٹ کے موقع پر اپنی تقریر میں کہا تھا کہ "مجھے معلوم ہے کہ آپ کے ممتاز اور نہایت ہر دلعزیز سابق سکرٹری نواب محسن الملک کو میرے یہاں آنے کی کس قدر آرزو تھی، کاش میں اُن کے زمانے میں یہاں آیا ہوتا، لیکن یہ بات شدنی نہ تھی اپنی رحلت سے چند دن پہلے وہ شملہ پر میرے کمرہ میں بیٹھے تھے اور اُس وقت کے لحاظ سے؛ میں جانتا ہوں کہ وہ امور ان کو کس قدر عزیز تھے جن سے یہاں آپ کو تعلق ہے آپ نے سچ کہا ہے کہ اس کالج کے جلیل القدر بانی کے وہ دست راست تھے اور اپنی کوششوں اور مثال کو اس کالج کے لئے انہوں نے ایک بیش بہا ورثہ چھوڑا ہے۔

خدمات کی ہیں وہ نیک نیتی کے ساتھ کی ہیں اور اگر ان میں کوئی غلطی واقع ہوئی ہو تو میں بے قصور ہوں کیوں کہ میری نیت ہر حال میں نیک تھی اور خدا میری نیک نیتی کا شاہد ہے" رات کو غفلت طاری ہوگئی اور دوسرے دن ۸ رمضان ۱۳۲۵ھ ۱۶ اکتوبر ۱۹۰۶ء کو ۶ بجے شام کے وقت داعی اجل کو لبیک کہا[۱] اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ،

حالی

جس وقت کا دھڑکا تھا وہ وقت آگیا آخر — یاروں پہ مصیبت کا سماں چھا گیا آخر
وہ ملک کا محسن وہ مسلمانوں کا غم خوار — سر کر کے مہم قوم کے کام آگیا آخر
سید کا دل قوم کو مشکل سے ملا تھا — اس کو بھی وہ ہی قوم کا غم کھا گیا آخر

لاش کی روانگی انجمن شبان المسلمین کے ممبروں نے تجہیز و تکفین اور دیگر انتظامات میں انتہائی عقیدت سے شرکت کی، صبح ہوتے ہوتے جنازہ تیار ہوگیا ایک وسیع میدان میں نماز ہوئی، تقریباً تمام مسلمانان شملہ شریک تھے، چوں کہ لاش اٹاوہ میں دفن ہونے والی تھی اس لئے تابوت میں رکھی گئی، تابوت پر ایک دوشالہ تھا اور اس پر پھولوں کے ہار چڑھائے ہوئے تھے، یہ تابوت ریلوے ٹرین میں روانہ ہوا اور (مرحوم) مولوی غلام محمد صاحب[۲] شملوی تابوت والی گاڑی میں قرآن خوانی کرتے ہوئے کالکا تک آئے۔

۱۔ نواب صاحب چند دن تک سیسل ہوٹل میں قیام پذیر تھے جب مرض میں زیادتی ہوئی تو بابو عبدالاحد صاحب رئیس شملہ کی کوٹھی میں منتقل ہوگئے اور یہیں انتقال کیا۔ بابو صاحب نے پوری دلسوزی سے خدمت کی اور دامے، درمے، قدمے انہیں آرام پہونچانے میں مستعد رہے۔

۲۔ نہایت پُرجوش کام کرنے والے تھے عالم تھے اور اُن کے وعظ میں خاص تاثیر تھی جب سے

مدرستہ العلوم میں تدفین

آخری سانس ختم ہوتے ہی شملہ سے یہ حسرتناک خبر تمام ہندوستان میں پہونچ گئی کالج کے ٹرسٹیوں کو اطلاع دی گئی کہ "نواب صاحب کی وصیت کے مطابق لاش اٹاوہ میں دفن کی جائے گی" اس اطلاع پر مقامی ٹرسٹیوں نے فوراً میٹنگ منعقد کر کے ایک رزولیوشن میں مرحوم کی خدمات کے پُرجوش اعتراف کے ساتھ قرار دیا کہ :-

"سرسید کے پہلو میں دفن کئے جانے کا حق اُن سے بڑھ کر اور کس کو ہو سکتا ہے اگر نواب صاحب مرحوم نے کوئی وصیت اٹاوہ میں دفن کئے جانے کی نسبت کی ہے تو اس کی وجہ غالباً یہ ہوگی کہ خان بہادر زین العابدین خاں[ل] مرحوم کے دفن کئے جانے کے بعد خاص وجوہ سے یہ رزولیوشن پاس کیا گیا تھا کہ آیندہ کوئی شخص کالج میں نہ دفن ہونے پائے اس رزولیوشن کا علم نواب صاحب مرحوم کو تھا اُنھوں نے اس خیال سے کہ مدرستہ العلوم میں میرے دفن کئے جانے کی نسبت شاید کوئی دقت ہو اگر اس قسم کی وصیت کر دی ہو تو تعجب نہیں مگر اُن کی حالت خاص ہے اُن کی ذات پر اس رزولیوشن کا کوئی اثر نہیں ہونا چاہیے مدرستہ العلوم کی نہایت بدقسمتی ہوگی اگر ان کی لاش کسی اور جگہ دفن کی جائے، اُنھوں نے تمام زندگی مدرستہ العلوم اور قوم کی خدمت میں قربان کی اور وہ مرتے دم تک بس اسی ایک دھن میں لگے رہے اس لئے ان کی لاش یہیں دفن ہونی چاہیئے ان کا وجود محض ایک شخصی وجود نہیں ہے بلکہ ایک قومی وجود ہے اس لئے اُن کی لاش کے دفن کئے جانے کی نسبت رائے دینے کا سب سے بڑا حق قوم کو ہے اور مدرستہ العلوم کی سرزمین اس بات

ل سرسید کے خاص دوست تھے ۱۹۰۵ء میں انتقال ہوا تو اُن کے صاحبزادوں نے ٹرسٹیوں کی اجازت بغیر سرسید کی قبر سے چند فٹ فاصلہ پر دفن کر کے مقبرہ بنا دیا۔

کا استحقاق رکھتی ہے کہ جس شخص نے اپنی زندگی اس کی خدمت میں قربان کر دی
اُس کی لاش اُس ہی کی گود میں دی جائے "

۱۷ و ۱۸ اکتوبر کی درمیانی شب میں ۲ بجے لاش علی گڑھ پہونچی اسٹیشن پر اعیان کالج اور طلبا موجود تھے، حجت و تکرار کے بعد ٹرین سے تابوت والی گاڑی کاٹ لی گئی مگر نواب صاحب کے اعزا کا اصرار تھا کہ لاش آمادہ جائے گی، نواب وقار الملک بھی جو اس سانحہ کی اطلاع پاکر فوراً امروہہ سے روانہ ہو گئے تھے دس بجے دن کو آگئے، اُن کے سامنے وصیت کی تحقیقات کی گئی اور جب یہ محقق ہو گیا کہ کوئی وصیت نہیں تو گاڑی سے تابوت اُتار کر کالج میں لایا گیا نماز جمعہ کے بعد نماز جنازہ ہوئی۔ سر سید اور مولوی زین العابدین خاں کی قبروں کے درمیان دفن کئے گئے۔

طلبا نے آخری اُمید پوری کی

نواب محسن الملک کو خدا نے دو بیویوں [1] میں پہلی بیوی سے ایک فرزند سید مظہر علی کی خوشی نصیب کی تھی جن کے ریعان شباب تک پہونچنے سے پہلے ہی ۱۸۶۳ء میں خوشی داغ جگر سے مبدل ہو گئی لیکن خدا نے قوم کے تمام بچوں کی اُمید

---

[1] پہلی بیوی بنت عم تھیں جن سے عنفوان شباب میں شادی ہوئی تھی لیکن وہ مذہب شیعہ میں انتہائی غلو رکھتی تھیں اس لئے نواب صاحب کے عقائد کی تبدیلی اور آیات بینات کی تالیف سے خانگی زندگی میں تلخی آگئی تھی نواب صاحب کی رواداری و کوشش کے باوجود جب اس میں کمی نہیں ہوئی تو مجبوراً اُن کو دوسرا عقد کرنا پڑا ان بیوی کا نام "نور جہاں بیگم" تھا کشمیر کے معزز خاندان سے تھیں، ظاہری حسن و جمال کے ساتھ خوش سلیقگی و نفاست بھی بدرجۂ اتم تھی، فارسی میں پوری دستگاہ تھی انگریزی بھی جانتی تھیں وسیع الاخلاق تھیں اور انہیں شوہر کے آرام و آسائش کا ہر وقت اور بے انتہا خیال رہتا تھا حقیقی معنوں میں وہ ان کی رفیق زندگی اور سکینہ تھیں دوران علالت میں شملہ نہ پہونچ سکیں۔ علی گڑھ قبر پر فاتحہ کے لئے آئیں اور اس سانحہ کے چار ماہ بعد فروری ۱۹۰۸ء میں رحلت کی

وخوشی نواب محسن الملک کے وسیع قلب میں بھردی تھی، اُنھوں نے اپنی رحلت سے ساتا مہینے پہلے شورش طلبا کے زمانہ میں جو تین خط لکھے تھے ان میں سے ایک خط میں یہ فقرہ بھی تھا کہ "خدا میرے عزیز طالب علموں کی عمر دراز کرے اور ان کو با اقبال کرے وہ قوم کے فخر ہوں وہ میرے مرتے وقت اپنے سعادت مندانہ عمل سے تسلّی دیں میرا جنازہ اُٹھائیں اور اپنے ہاتوں سے مجھے دفن بھی کریں میرے کوئی اولاد نہیں ہے میرے کوئی بچہ نہیں، مگر جتنے لڑکے مسلمانوں کے یہاں ہیں وہ میرے بچے ہیں گو وہ مجھے اپنا نہ سمجھیں مگر میں ان کو اپنا جگر گوشہ اور پارۂ دل سمجھتا ہوں اور یہ بھی اُمید رکھتا ہوں کہ مجھے اپنے ہاتوں سے اسی زمین میں دفن کریں اور مٹی کے ڈھیلے میری قبر پر اپنے پیارے ہاتھ سے رکھیں۔"

اب آٹھ ماہ بعد ان کی یہ اُمید پوری ہوئی ان جگر گوشوں نے سپرد خاک کیا اور پارہائے دل نے مٹی کے ڈھیلے قبر پر رکھے۔

وداعیہ

اے کالج[۱] کی مبارک زمین مسجد دیکھ آج قوم کا جگر گوشہ اپنی زندگی کے مرحلے طے کرکے تجھ میں پناہ لیتا ہے دیکھ تیرے پاس ہماری قوم کے دو لعل بے بہا اور بھی دفن ہیں آج ایک تیسرا گوہر شب چراغ اور آتا ہے یہ اُس خفتہ بخت، حرماں نصیب قوم کی تین عزیز امانتیں ہیں جو تجھے داور محشر کے سامنے پیش کرنی ہوں گی، یہ ہماری آنکھوں کے تارے تھے جو آج تجھ میں مدفون ہیں لیکن یہ غروب ہو کر بھی اپنی روشنی چھوڑ گئے ہیں اور حشر میں پھر چمکیں گے، اے روشنی جا، اے قوم کے تارے جا اور وہاں جا کے سو جا جہاں قوم کے آفتاب و مہتاب پڑے سو رہے ہیں، شام ظلمت آپہونچی ہے تاریکی چھا رہی ہے اب اور تارے نکلیں مگر تیری چمک کسی میں نہ ہو گی جا اب عالم بقا

---

[۱] مولوی عبدالحق صاحب بی اے علیگ معتمد انجمن ترقی اُردو پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن (دکن ریویو ۱۹۰۷ء)

میں جا، تیرا آنا مبارک ہوا خدا تیرا جانا بھی مبارک کرے، تجھ پر ہزاروں درود اور سلام ہوں اور تجھ پر تاقیامت خدا کی رحمتیں نازل رہیں۔

تعزیت کے پیغامات اور جلسے وغیرہ

نواب محسن الملک کی پنجاہ سالہ قومی خدمات اور فضائل و کمالات کا قدرتی تقضا تھا کہ ان کے انتقال کی خبر سے ہر جگہہ اور ہر طبقہ میں رنج و الم کے جذبات پیدا ہوں مسلمانوں کو اپنے محسن و رہبر کی وفات سے خاص کر ایسے وقت میں جب کہ سیاسی مستقبل کے لئے اُن کے تدبر و ذہانت اور فراست کی سخت ضرورت تھی نہایت سخت صدمہ اور نقصان پہنچا، ہر گوشہ ملک میں تعزیتی جلسے منعقد ہوئے، ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی ہوئی اور رنج و غم کا اظہار کیا گیا، مسلمان والیان ملک نے اس کو قومی حادثہ سمجھا اور قوم کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا۔ ویسرائے ہند اعلیٰ حکام افسران تعلیم اور مقتدر لوگوں نے تعزیتی تار اور خطوط بھیجے، تمام پیغامات تعزیت میں سب سے اہم پیغام اعلیٰ حضرت حضور نظام آصف جاہ سادس میر محبوب علی خاں غفراں مآب کا تھا جو حضور ممدوح الشان کے معتمد پیشی کی وساطت سے موصول ہوا جس سے یقیناً مرحوم کی روح کو ابدی تسکین ہوئی ہوگی۔

حضور نظام کا پیغام تعزیت

حضور نظام نے نہایت ہی رنج کے ساتھ اپنے قدیم ملازم محسن الملک بہادر کے انتقال کی افسوسناک خبر سُنی اور مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ سے درخواست کروں کہ آپ مہربانی سے ٹرسٹیاں، اسٹاف اور طلبائے مدرستہ العلوم کو ہز ہائینس کی دلی تعزیت اُن کے اس عظیم نقصان کی بابت پہنچا دیں۔

میں یہ بھی اطلاع دیسکتا ہوں کہ نواب مرحوم نے جو ملکی خدمات حیدرآباد کی اور جو تعلیمی خدمات مسلمانوں کی انجام دی ہیں اُن کی نسبت اظہار پسندیدگی کے طور پر ہز ہائینس نے تین سو روپیہ ماہوار وظیفہ تاحین حیات نواب صاحب مرحوم کی بیوہ کے لئے پہلے ہی

منظور فرما لیا ہے ۔

ان بے شمار خطوط میں سے جو تعزیت میں موصول ہوئے، بمبئی و پنجاب کے گورنر اور لفٹنٹ گورنر کے دو خطوط کے ترجمے بھی درج کئے جاتے ہیں جن سے اندازہ ہوگا کہ نواب محسن الملک کا کیسا وسیع اثر تھا اور وہ اس حالت ضعف و صدمہ کے باوجود کیسے ضبط و استقلال سے مصروف عمل تھے ۔

سر لزلی گورنر بمبئی

آج میں نے نہایت ہی قلق کے ساتھ اپنے پیارے پرانے قدیم دوست نواب محسن الملک کی وفات کی افسوس ناک خبر پڑھی، نواب مرحوم ایک یا دو ہی روز قبل روانگی شملہ ہم سے ملنے آئے تھے، کیا خبر تھی کہ ان سے دوبارہ ملنے کی اُمید غلط ہو جائے گی۔ ان کی وفات سے مسلمانان ہند کا بزرگ پیشوا اُٹھ گیا اور اب اُس کی جگہ پُر کرنی نہایت مشکل ہوگی، اُن جیسا ہمدرد ملک اور عالی خیال شخص ہر قوم کے لئے ایک عزیز مثال ہے اور مجھے یقین ہے کہ اگرچہ اُن کی وفات اس خاص قوم کے لئے جس کے وہ ایسے بیش بہا ممبر اور ممتاز زیور تھے گراں تر صدمہ ہے مگر حقیقت میں اُن کی موت سے تمام قوموں اور ملتوں کا ایک دانا دوست جاتا رہا اور تمام ہندوستان اُن کی بے وقت وفات پر گریہ وزاری کرے گا ۔

میری درخواست ہے کہ ان کے خاندان کو میری دلی ہمدردی جو مجھے اس صدمہ عظیم میں ان کے ساتھ ہے پہنچا دیجئے اور اگر اب یا اِس کے بعد اُن کی کوئی یادگار قائم کرنے کا فیصلہ ہو تو میں نہایت خوشی کے ساتھ اس میں چندہ دوں گا خواہ کسی شکل میں وہ یادگار قائم کی جائے (۱۷ اکتوبر)

سر چارلس ڈنزل ایبٹسن لفٹنٹ گورنر پنجاب

میرے دوست آرچبولڈ، میں علی گڑھ میں آپ کے سوا کسی اور سے واقف نہیں جس کو یہ خط بھیج سکوں اُمید ہے کہ آپ اُس کو ٹرسٹیوں کی جماعت تک پہنچا دیں گے ،

میں ان پر یہ بات ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ نواب محسن الملک کی اچانک موت سے مجھے انتہائی صدمہ ہوا۔ یہ خبر پہلی مرتبہ مجھے اپنے کیمپ میں ملی جو ایک غیر متوقع صدمہ کی طرح تھی کیوں کہ ابھی تھوڑا ہی عرصہ گذرا کہ وہ مجھ سے ملنے کے لئے آئے تھے دیر تک اُن سے گفتگو رہی جو بہت دلچسپ اور حسب معمول نصیحت آمیز تھی اُس وقت وہ بالکل تندرست نظر آتے تھے، میں یہ اِس وجہ کہ میرا صوبہ ہندوستان کے صوبوں میں وفادار مسلمانوں کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے اور میں علی گڑھ کالج کو ایک معمولی پراونشیل انسٹیٹیوشن کی حیثیت سے زیادہ سمجھتا ہوں اور یہ کہ مرحوم نواب میرے ذاتی دوست تھے جن کی دوستی کی میں انتہائی قدر کرتا تھا اور جس سے میں نے استفادہ کیا اس بات کے کہنے کا حق رکھتا ہوں کہ اُن کی موت کالج کے لئے جس کے انتظامات میں وہ نمایاں حصہ لیتے تھے اور مسلمانوں کے لئے جن کے مفاد کی اُن کے دل میں پہلی جگہ تھی اور گورنمنٹ کے لئے جس کے وہ ہمیشہ وفادار رہے ہیں یکساں نقصان ہے، (۲۰ اکتوبر)

ماتمی نظمیں اس سانحہ پر ہندوستان کے ہر حصّہ میں ہر طبقہ کے شعرا نے عربی، فارسی اُردو میں مرثیے، قطعے، مسدّس، رباعیاں اور تاریخ ہائے وفات لکھکر اپنے جذبات کا اظہار کیا، اگر ان سب کو جمع کیا جاوے تو ایک ضخیم جلد ہو سکتی ہے لیکن اس باب کے خاتمہ پر مولانا حالی کی رباعیاں بطور یادگار شامل کی جاتی ہیں، جن میں محسن الملک کی تمام قومی زندگی کا عطر بھرا ہوا ہے۔

رباعیات حالی

(۱)

دم بھر نہ کبھی جان کو آرام دیا — خدمت کے لئے قوم کی مر مر کے جیا
پیری ہوئی سدراہ اس کی نہ مرض — صدیوں کا تھا جو کام وہ برسوں میں کیا

(۲)

پیری میں جوانوں کو کیا مات اُس نے ۔ آرام پہ اپنے مار دی لات اُس نے
تدبیر سے محنت سے دکھا دی سب کو ۔ کالج کی ترقی میں کرامات اُس نے

(۳)

مدراس میں سوتوں کو جگایا جا کر ۔ نخلِ علم کا برہما میں چھپایا جا کر
چھائی ہوئی مُردنی جہاں قوم میں تھی ۔ وہاں آبِ حیات اُن کو پلایا جا کر

(۴)

مہدی کے گئی نہ دل سے کالج کی لگن ۔ یہاں تک کہ ہوا اُس کے کفن زیبِ بدن
پورا کیا جیسے پال نے دینِ مسیح ۔ اُس نے یوں ہی پورا کیا سید کا مشن

(۵)

بے عذر ہر ایک کام انجام دیا ۔ تھکنے کا نہ بھول کر کبھی نام لیا
جو کام پہ اُس کے نکتہ چیں تھے شب و روز ۔ دی جان اُنہیں کے کام میں۔ کام کیا

(۶)

جو قوم کی دوستی کا دم بھرتے ہیں ۔ خدمت پہ وطن کی ناز جو کرتے ہیں
مہدی سے وہ سیکھ لیں کہ اس کوچہ میں ۔ یوں رہتے ہیں یوں جیتے ہیں یوں مرتے ہیں

(۷)

مر کر مہدی نے زندگانی پائی ۔ جی کھو کے جزائے جانفشانی پائی
زندہ تھے تو چند روزہ مہماں تھے یہاں ۔ جب مر گئے عمرِ جاودانی پائی

(۸)

ہیہات وہ تعلیم کا حامی مہدی ۔ سید کا وصی قوم کا ہادی مہدی
برسوں یہ صدا رہے گی کالج میں بلند ۔ مہدی، مہدی دریغ مہدی مہدی

تاریخ وفات ان بے شمار تاریخوں میں جو اس واقعہ پر لکھی گئیں سب سے اچھی تاریخ "یغفرلہ" ہے یہ مادہ ایک ہی وقت میں متعدد اصحاب نے نکالا جو مختلف صوبوں میں تھے، سرسید کا تاریخی مادہ "غفرلہ" ہے اس مادہ میں صرف حرف (ی) کا اضافہ کر دینے سے تاریخ نکل آئی۔ قطعات تاریخ میں بہترین قطعہ[۱] جس کو مولانا حالی نے پسند کر کے شائع کرایا یہ ہے کہ :-

محسن الملک آہ زدنیا برفت — خلق شد از رحلتش اندوہ گیں

سالِ وفاتش شدہ ملہم زغیب — انجمن آرائے بہشتِ بریں

۱۳۲۵ھ

نواب محسن الملک
کے
اخلاق و خصائل اور عادات و شمائل

نواب محسن الملک غریب گھر میں پیدا ہوئے۔ قدیم طرز کی تعلیم پائی اور سترہ اٹھارہ برس کی عمر میں علوم متداولہ کی تکمیل کر لی، انگریزی حکومت میں دس روپیہ مہینہ کی نوکری سے سلسلہ ملازمت کا آغاز ہوا اور ملازمت سرکار عالی نظام میں تین ہزار روپیہ ماہوار تک ترقی ہوئی، ایک بڑے ملک کے نظم و نسق کو درست کیا۔ مہدی علی سے نواب محسن الدولہ، محسن الملک، منیر نواز جنگ بہادر ہوئے، ان کا دل نیکی، قومی محبت اور انسانی ہمدردی کا سرچشمہ تھا، قومی خدمت سے قوم کے سردار و سرتاج بنے اور اپنے عمل و کردار سے اپنے آپ کو سید القوم خادمہم کا صحیح مصداق ثابت کیا۔

---

[۱] مصنف نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا۔

اُنہوں نے قومی تعلیم اور غریب طلبا کی اپنی حیثیت سے زیادہ مالی امداد کی دوستوں اور عزیزوں کے لئے ان کی جیب ہمیشہ کشادہ رہی حیدرآباد سے رخصت کے وقت لوگوں کو معلوم ہوا کہ کتنے مساکین ویتامیٰ و ایامے کی کفالت اُن کی ذات سے وابستہ تھی لوگ کہتے ہیں کہ اس وقت تک حیدرآباد میں دو ماتم ہوئے ہیں ایک سالار جنگ اعظم کی موت پر ہوا اور دوسرا محسن الملک کی رخصت پر۔

وظیفہ کے بعد اُن کی آمدنی محدود ہوگئی تھی تاہم اپنی ذات پر تکلیفیں اُٹھا کر غریبوں کی مصیبتیں ہلکی کرتے رہتے تھے اٹاوہ کی غریب سیدانیوں کے لئے وہ قیامت کا دن تھا جب کہ اُن کے سانحہ وفات کی خبر اُنہوں نے سُنی۔

اُن میں عظمت و مرتبت کے ساتھ کچھ بھی ترفع نہ تھا غریب ملنے والوں سے اُن کے برتاؤ میں کوئی رفعت نہ تھی وطن کے غریبوں کے ساتھ بے تکلفی سے ملتے بچپن کے ساتھیوں کے ساتھ وہ ہی خصوصیت نظر آتی۔

سنہ ۱۹۰۶ء میں جب ایک عظیم الشان جلسہ میں ایڈریس قبول کرکے جواب دے چکے تو ہم وطن غریبوں کے کہنے سے مسجد کے ممبر پر اسی طرح وعظ کہا جیسے کہ اہلمدی پیشکاری کے زمانہ میں کہا کرتے تھے۔

اُن کے فضائل و اخلاق اور اُن کی قومی خدمات کو قبولیت عام حاصل تھی ان کے معاصرین اور وہ اصحاب جنہوں نے مختلف حیثیتوں میں رفیقان کار رہ کر اُن کے ساتھ کام کیا تھا وہ سب اُن کی صفات و اوصاف کے گرویدہ تھے اور اُن میں جو زیادہ قریب تھا اور جس نے زیادہ زمانہ پایا وہ ہی زیادہ معترف و مداح تھا۔ یہ مدح و اعتراف ایک ایسی حقیقت تھی کہ اُن کے شدید ترین مخالف اور دشمن بھی اس سے انکار نہ کرسکتے تھے۔

حیدرآبادی زندگی میں نواب سرور جنگ اُن کے انتہائی مخالف تھے وہاں کے بہت سے انقلابات میں اُن کا ہاتھ رہا وہ بھی اپنی کتاب "مائی لائف" میں یہ فقرہ

لکھنے پر مجبور ہوئے کہ "وہ مہربان تھے اُن میں خود اعتمادی تھی اُن کی زبان شیریں اور با اثر تھی وہ ہر ایک کے ساتھ نیکی کرنے کو آمادہ تھے ..... اُن کے ماتحت اُن کی موت تک اُن کے وفادار رہے" اَلْفَضْلُ مَا شَهِدَتْ بِهِ الْاَعْدَاءُ۔

اُن کی قومی خدمت بے غرض اور بے ریا تھی قوم کے لئے اُن کا دل بے چین تھا اور قومی ترقی کی اُمیدیں اُس دل کا سہارا تھیں۔

اُن کے دل میں قوم کی جو لگن تھی اس کا اثر ہر اس شخص کے قلب پر پڑتا تھا جو چند دن بھی اُن کی صحبت میں بیٹھتا خواہ وہ کوئی غریب ہو یا گمنام ہو یا جلیل القدر ممتاز و معروف ہستی ہو، بڑے بڑے امرا و تجار اور عہدہ دار اُن کے اخلاق اور معجز بیانی سے گرویدہ ہوئے اور اُن میں قومی ہمدردی کا جذبہ پیدا ہو گیا۔

وہ کام کرنے والوں کی خواہ اُن کی کیسی ہی حقیر شخصیت ہو قدر کرتے تھے اور دوسروں سے قدر کراتے تھے، معترضین کے اعتراضوں کو بطوع خاطر سنتے اور دلائل سے مطمئن کرنے کی کوشش کرتے، اُن پرجن نوجوانوں نے ذاتی حملے کئے اُن کی ذاتی اہانت کی اُن کے ساتھ بھی تلخی کا اظہار نہیں کیا، آفتاب احمد خاں (صاحبزادہ) نے اپنے جوش غضب میں رو در رو سخت و سست الفاظ کہے۔ محمد علی (مولانا) نے نہایت تند و تیز تحریریں بھیجیں، شورش طلبا کی تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے اعتماد کے خلاف بعض قومی راز ظاہر کئے اسی طرح اور بعض دوسرے برخود غلط نوجوانوں نے دل شکن باتیں کیں لیکن اس مجسمہ عفو و کرم نے سب کو معاف کر دیا اور اُن کی بھلائی کے لئے ہی کوششیں کیں۔

اُن کا دل محبت کا گنجینہ تھا جو وقف عام تھا اعزا کے ساتھ اُن کی مہر و اُلفت ضرب المثل تھی، بھائیوں اور اُن کی اولاد کے شیدا تھے، بڑے بھائی سید غلام عباس کے ساتھ عشق کا درجہ تھا یہ شیعہ سے سنّی ہو گئے تھے اور وہ راسخ العقیدہ شیعہ تھے

لیکن تبدیل عقائد کا بال برابر اثر نہ تھا بھائی کی خاطر سے آمادہ ہیں کربلا کی تعمیر کے لئے جتنے روپیہ کی ضرورت ہوئی اس سے زیادہ دیا۔

سرسید اور اُن کا تو بقول مولانا حالی مرحوم شمع و پروانہ کا معاملہ تھا، آج یہ محبت ایک افسانہ ہے مگر کیا سبق آموز اور ولولہ انگیز افسانہ۔ شدید اختلافات میں بھی محسن الملک کو گوارا نہ تھا کہ سرسید کے دل کو ذرا بھی ٹھیس لگے اگرچہ یہ نظارہ دیکھنے والے آج دنیا میں نہیں اور نہ ہمیشہ رہ سکتے ہیں لیکن ان دونوں کے وہ خطوط جو شائع ہو چکے ہیں ہر پڑھنے والے کے سامنے یہ نظارہ پیش کرتے ہیں، سید محمود مرحوم کے ساتھ بھی خاص شیفتگی تھی اور اُن کی خوبیوں کا قدردان و قدرشناس محسن الملک سے زیادہ کوئی اور نہ تھا جب قوم نے کالج کی امانت سید محمود کے ہاتھوں سے لے کر اُن کے سپرد کی تو اُنھوں نے منظور تو کیا لیکن اُس وقت کا سماں نہایت غم انگیز تھا اس فیصلہ پر آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے آواز بھرا گئی اور صرف یہی کہہ سکے کہ "اس وقت مجھے مرجانا چاہیئے۔ افسوس میں اپنی آنکھوں سے دیکھوں کہ تیس برس کی دوستی کے بعد سید محمود کا عہدہ مجھے ملے"، پھر اجلاس سے باہر جب وہ دونوں ملے تو محسن الملک سید محمود کے قدموں پر گر پڑے اور کہا کہ "اگر تو مجھے سکرٹری مقرر کرے تو میں سکرٹری مقرر ہوتا ہوں"، دونوں نے روتے ہوئے معانقہ کیا اور پیشانی پر بوسے دیئے۔ نواب محسن الملک کے رفیقان کار میں نواب وقار الملک کو خاص امتیاز تھا اُن کے تعلقات پر چالیس سال کا زمانہ ممتد گذرا تھا اور تعلقات بھی کیسے کہ تقریباً یکساں حالت میں محرری سے اپنی زندگی شروع کرتے ہیں قومی زندگی کا آغاز بھی ساتھ ہی ساتھ ہوتا ہے دونوں ایک ہی مقصد کے لئے ایک ہی مرکز پر مجتمع اور متحد ہو کر سرسید کے بازوے راست وچپ بن جاتے ہیں اور پھر ایک ڈپٹی کلکٹری سے اور دوسرا تحصیلداری سے ساتھ ہی ساتھ حیدرآباد پہونچتے ہیں نظم ونسق ملکی میں اپنی اپنی قابلیتوں کے جوہر نمایاں کرتے ہیں،

یکے بعد دیگر بالا دست و زیر دست رہتے ہیں پھر ایک ہی سال کے تفاوت سے وظیفہ یاب ہو کر قومی مرکز پر واپس آجاتے ہیں حالات کی ان یکسانی کے ساتھ قدرت نے بہت سے امور میں طبیعت و مزاج مختلف بنائے تھے سرکاری و قومی خدمات میں دونوں کا اصول و طریقہ کار متبائن رہا اور اس تبائن سے بسا اوقات عوام ہی نہیں خواص نے بھی دھوکے کھائے کسی نے ان کو باہم رقیب جانا اور ایک کو دوسرے کے زوال کا خواہشمند اور حاسد سمجھا اکثر نے ان کے متصادم ہونے کی کوششیں کیں اور اخبارات کو آلہ کار بنایا۔ قومی کام کرنے والوں میں بھی ہیزم کش بدبختوں کی کمی نہیں ہوتی ہر قسم کی سخن چینی و ہیزم کشی کی گئی مگر اُن کی محبت میں فرق نہ آیا نواب محسن الملک کو اُن کے ساتھ بھائیوں کی سی محبت تھی ان کو اپنا قوت بازو جانتے تھے اور ہر قسم کا اعتماد اُن کی ذات پر تھا اُن کی محبت اور اُن کے تعلقات اب ایک داستان ہیں جو ان کے مکاتیب از بر سنا رہے ہیں۔ وہ جس طرح مالی مدد دینے اور عفو و کرم میں فیاض تھے اسی طرح سفارش کرنے میں بھی فراخ دل تھے اور جب کسی کی سفارش کرتے تو اُس کی کامیابی کی فکر بھی رکھتے، معمولی ملازمتوں سے ہائی کورٹ کی ججی ۵ تک ان کی سفارشوں کی مرہون تھیں صدہا خاندان ان کی نظر کرم سے آج بام رفعت پر ہیں، وہ اُن لوگوں کے لئے بھی سفارش سے دریغ نہ کرتے تھے جنہوں نے ان کو تکلیفیں پہونچائی ہوتیں، وہ ہمیشہ مخالفتوں کو موافقتوں سے بدلنے کی کوشش کرتے اور اکثر کامیاب ہوتے ممبئی میں بعض خاندان علی گڑھ تحریک کے رقیب تھے اور ہمیشہ اس کا استخفاف کرتے رہتے تھے

---

۵ یہ واقعہ ہے کہ پٹنہ کے مولوی شرف الدین (جو کلکتہ ہائی کورٹ میں مقرر ہوئے) اور لاہور کے جسٹس شاہدین دونوں کے لئے نواب محسن الملک نے سفارش و کوشش کی تھی جس کے متعلق مستند تحریریں مؤلف کے پیش نظر ہیں۔

صرف ناخدا محمد علی روغنے کا ایک خاندان تھا جو نواب صاحب کے ذاتی تعلقات کی وجہ سے اس تحریک کا ہمدرد تھا، یہ نواب صاحب کی ہی کوشش و اخلاق کا اثر تھا کہ رقیب خاندانوں میں اس تحریک سے ہمدردی و تعلق پیدا کرادیا اور سب کی توجہ قومی مرکز کی طرف مائل کر دی جس کے نتیجہ میں تجار و امرا اور عام اصحاب کا رجحان علیگڑھ کی قومی تحریک کی جانب ہو گیا کالج کی قومی عظمت میں زبردست اضافہ ہوا مختلف انجمنوں اور مجلسوں میں ان کی ولولہ انگیز تقریروں نے اور اخبارات میں پُرجوش مضامین نے عوام و خواص کے ساتھ بے تکلفانہ اور دلکش ملاقاتوں نے لوگوں کو مسخر کرلیا، مسٹر جسٹس بدرالدین طیب جی کو علیگڑھ تحریک سے کوئی دلچسپی نہ تھی وہ کانگریسی تھے اور ایک حد تک مخالف سمجھے جاتے تھے اُنہوں نے دو مرتبہ ٹرسٹی شپ سے اور ایک مرتبہ کانفرنس کی صدارت سے انکار کر دیا تھا لیکن اُنہوں نے ہی یونیورسٹی تحریک کی تائید کی کانفرنس کو دعوت دی اور صدارت کی۔

نواب محسن الملک اگرچہ بعض اوقات جذبات سے مغلوب نظر آتے تھے لیکن اُن کا کوئی اقدام و عمل اضطراری و اضطرابی نہ ہوتا تھا اُن کے خطوط جو نواب وقارالملک کے نام ہیں اُن میں چند انتہائی جذبات سے معمور رہیں مگر مہمات امور میں اُن کا استقلال ضرب المثل ہے سر سید کی رحلت کے بعد جو واقعات و حالات در پیش تھے اُن کو بھی اُن کے استقلال ہی نے رو براہ کیا۔

نواب عماد الملک[1] نے اُن کی زندگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ "یہ اُن کی قابلیت اور اُن کا استقلال تھا جس سے حیدرآباد کی ابتدائی مشکلات دور ہوگئیں اور اُن کے ساتھ

---

[1] نواب عماد الملک مولوی سید حسن بلگرامی ۱۸۷۳ء سے ۱۹۱۵ء تک حیدرآباد میں مناصب جلیلہ پر مامور رہے اولاً سر سالار جنگ اوّل کے پرائیویٹ سکریٹری مقرر ہوئے تھے اور پھر دوسرے عہدوں پر ترقی پائی مغربی و مشرقی علوم کے ماہر تھے وایسرائے ہند اور وزیر ہند کی کونسل میں بھی ممبر رہے علی گڑھ تحریک کے زبردست حامی تھے اور فیاضانہ امدادیں دیتے تھے رحلت ۱۹۲۶ء۔

کام کرنے والوں کو اُن پر پورا اعتماد ہو گیا وہ نہایت اہم انتظامی اصلاحیں جاری کرنے میں کامیاب ہوئے آج کل جو طریقہ بندوبست مروج ہے وہ اُنہیں کی تدبیروں کا نتیجہ ہے سر سالار جنگ کی نگاہ میں وہ ایک قابل اعتماد شخص تھے اور اس معاملہ میں اُن کی دُور بین نظر پوری اُتری۔ سرکار نظام کی ملازمت سے علیحدہ ہونے کے بعد اُنھوں نے اپنی تمام قوتیں علی گڑھ کالج کے لئے وقف کر دیں ...... اُن میں ایک صفت نہایت اعلیٰ تھی جو عام طور پر نہایت کم پائی جاتی ہے یعنی حکمت عملی یا بہ لحاظ موقع اور وقت کے خاص طرز عمل اختیار کرنے کا ملکہ۔ وہ مخالف طبیعتوں میں یک جہتی پیدا کر دیتے تھے اور اس موقع پر دوستانہ اتحاد[1] پیدا کرنے میں کامیاب ہو جاتے تھے جہاں ایسے اتحاد کی بالکل توقع نہ ہوتی تھی" سر تھیوڈر ماریسن نے اپنے تاثرات کو یوں ظاہر کیا تھا کہ "وہ اس قدر رحم دل اور نیک نفس انسان تھے کہ میں نے کسی کو اس صفت میں ان سے زیادہ نہیں دیکھا ہے یہی نیک نفسی اور رحم دلی اُن کی کامیابی کا اصلی راز تھی وہ وفاداری اور محبت سے لوگوں کے دلوں کو معمور کر دینے میں کمال رکھتے تھے اور اسی لئے مختلف طبیعت اور عادت کے لوگوں کو اپنا معاون اور شریک حال بنا لینے میں وہ کامیاب ہوتے تھے، اُن کی کامیابیوں پر ہم جو کچھ اُن کی تعریف کریں وہ کم ہے لیکن حقیقت میں وہ اُس لئے اور بھی قابل ستائش ہیں کہ بہت سی مضر باتیں انھوں نے ہونے نہ دیں عام طور پر لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ اُنھوں نے کس قدر ناعاقبت اندیشیوں کا ایسے زمانہ میں انسداد کیا ہے جب کہ اعتدال پسند نصیحتیں ناگوار معلوم ہوتی تھیں اور ناصح کو ہر وقت اپنی بدنامی کا خطرہ درپیش رہتا تھا"

حیدرآباد کی پُرشان و شوکت زندگی میں صرف یہی نہیں کہ دربار نظام اور امرائے

---

[1] صاحبزادہ آفتاب احمد خاں اور مولانا شوکت علی خاں میں اسی اتحاد پیدا کرنے کے لئے اُنھوں نے بہت سی روحانی تکالیف انگیز کیں لیکن موت نے جلدی کی ورنہ ان پارٹیوں کی یہ مخالفت جس سے قوم کو بہت سے نقصان پہونچے اور اس کا شیرازہ بکھرا باقی نہ رہتی۔

دکن سے امدادیں دلوائیں اور اپنی ذات سے کیں بلکہ اپنے مرتبہ کے اثر کو جہاں موقع ہوا قوم کے لئے استعمال کیا مسٹر گلیڈ اسٹون کی ملاقات کا تذکرہ ناظرین دیکھ چکے ہیں اس موقع پر لارڈ ڈفرن[1] سابق ویسرائے ہند کا ایک خط درج کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوگا کہ ذاتی تعلقات میں قوم کا کس درجہ خیال تھا۔

لارڈ ڈفرن کا خط

سفارت خانہ برطانیہ روم
۱۰ فروری ۱۸۸۹ء

مائی ڈیر محسن الملک

آپ کا خط مورخہ ۴ جنوری پا کر مجھے جو مسرت حاصل ہوئی ہے اُس کے اظہار کی ضرورت نہیں سمجھتا آپ یقین کیجئے کہ میں نہ صرف اُن تمام معاملات میں انتہائی دلچسپی لیتا رہوں گا جن کا تعلق ہز ہائینس نظام حیدرآباد اور اُن کی ریاست سے ہے بلکہ ملک معظم کی ہندستانی مسلم رعایا کی فلاح و بہبود کو بھی ہمیشہ پیش نظر رکھوں گا۔ میں ہندوستان کے دوران قیام میں پورے طور سے ان وجوہ پر غور کر چکا ہوں جو ہندوؤں سے مقابلہ کرنے میں مسلمانوں کے واسطے سدراہ ہیں اور مجھے ہر طور پر یقین ہے کہ حکومت ہند کی بہبود کے لئے یہ امر بہت ضروری ہے کہ اُن کی ہر قسم کی ہمت افزائی غیر جانب دارانہ اصول کے ماتحت جس پر ہماری حکومت کی بنیاد ہے کرنی چاہئے تاکہ یہ اُن دشواریوں کا مقابلہ کر سکیں جو اُنہیں پیش آرہی ہیں یہ امر واقعہ ہے کہ سارے نظام سلطنت پر اس کا ایسی صورت میں اثر پڑتا ہے جب کہ ایک اہم۔ ذہین اور ممتاز جماعت کو اپنے استحقاق کے مطابق قوم کی عام فلاح میں حصہ لینے سے باز رکھا جائے لیکن افسوس یہ ہے کہ حکومت اس بارہ میں کچھ نہیں کر سکتی حقیقی حل مسلمانان ہند کی اس وقت کا اُن کے خود ہاتھ میں ہے، جس زمانہ میں

---

[1] ویسرائلٹی کے بعد سفارت روم پر مامور ہوئے تھے۔

ایک کمسن ہندو لڑکا حساب اور انگریزی کی تعلیم میں مصروف رہتا ہے غریب مسلمان لڑکا قرآن کی غیر محدود سورتیں حفظ کرتا رہتا ہے جس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے کو اُس سے بہت پیچھے پاتا ہے میں یہ نہیں سمجھتا کہ دنیا کا کوئی اور مذہب ہوگا جس میں اپنی مذہبی کتابوں کا برزبان جاننا ناقابل فرو گزاشت ضروریات میں داخل ہو۔ کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ ان سخت مذہبی مطالبات میں کچھ کمی کی جائے کیونکہ اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ چونکہ ایک لڑکے نے کتاب کے اوراق حفظ کئے ہیں تو وہ اُن کے مطالب اور معانی سمجھنے پر بھی قدرت رکھتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ تعلیم ہی ایک ایسا آلہ ہے جس کے ذریعہ سے دور حاضر میں دنیا کے دروازے سب کے واسطے کھلے ہوئے ہیں۔

آپ کا مخلص

(دستخط) ڈفرن اینڈ آوا

نواب محسن الملک کو زمانہ ملازمت میں اپنے ماتحتوں کے ساتھ جو شفقت و رافت تھی وہ ضرب المثل بن گئی تھی لیکن کالج اور قوم کی خدمت میں اُنھوں نے افسری و ماتحتی کے امتیاز کو اُٹھا دیا تھا، تقریر و تحریر اور برتاؤ میں ایسی حوصلہ افزائی اور تحسین کرتے تھے کہ کام کرنے والوں کے دلوں میں جذبہ پیدا ہوتا تھا۔ مولوی انوار احمد صاحب سفیر کانفرنس کو لکھتے ہیں۔

نواب محسن الملک کا ایک خط

عزیزی انوار احمد۔ تار اور خطوط ملے۔ کالج اور کانفرنس اور ہمارے جملہ کاموں کے متعلق جو عمدہ اور مفید خیالات اہلِ رنگون کے دلوں میں تم نے پیدا کئے دل سے تمہارے لئے دعا نکلتی ہے۔ مسٹر سلیمان اور مسٹر جمال کے خطوط اور تار بھی میرے بلانے کے آئے مگر تم دیکھو تو کہ یہ دن میرے گھر سے نکلنے کے ہیں آئے دن بیمار رہتا ہوں بیگم صاحبہ کی طبیعت جدا خراب ہے

لے مولوی انوار احمد صاحب زبیری مارہروی سفیر کانفرنس۔

اٹاوہ میں بڑے بھائی بیمار ہیں یہاں علی گڑھ میں طاعون پھیلا ہوا ہے اس حالت میں رنگون کا سفر کیا تم نے میرے لئے آسان سمجھ لیا ہے اور کیا تم یہ یقین کئے بیٹھے ہو کہ میں تمہارے دو چار خطوں اور تاروں کے بھروسے پر چل کھڑا ہوں گا۔ ادھر لکھنؤ میں کانفرنس کرنے کا ارادہ ہے نان پارہ سے بڑی کوشش کے بعد تیس ہزار کا وعدہ ہوا ہے راجہ جہانگیر آباد اور راجہ محمود آباد کو مائل کرنے کی علیٰحدہ تدبیریں ہو رہی ہیں اور اودھ سے دوسری بہت سی اُمیدیں ہیں۔

اُن سب اُمیدوں سے قطع نظر کر کے اگر میں رنگون گیا اور وہاں سے جیتا لوٹا تب جانوں گا کہ دوبارہ زندگی پائی۔ بہرحال اودھ کی تمام اُمیدوں کو ترک کر کے صرف تمہارے بلانے اور اصرار کرنے سے محض اس لئے کہ تم نے اتنے دور و دراز مقام پر پہنچ کر کالج کی بہبودی کے لئے کوشش کی ہے رنگون آتا ہوں۔ میرے ساتھ ایک ڈاکٹر اور مولوی شاہ سلیمان پھلواری والے اور مولوی بشیر الدین بھی ہوں گے، خدمت گار علیٰحدہ روانگی کی اطلاع تار کے ذریعہ سے دوبارہ دوں گا، اب دیکھتا ہوں وہاں سے کیا ملے گا اگر تیس ہزار بھی نہ ملے تو ہم بڑے گھاٹے میں رہیں گے تمہارا شکریہ ادا کرنے کو جی نہیں چاہتا لیکن جو کچھ وہاں سے ملے گا میں یہ سمجھوں گا کہ تم نے دیا اور دلایا۔"

نواب صاحب رنگون گئے، مہینہ بھر قیام ہوا اور گھاٹے میں نہیں بلکہ بڑے فائدہ میں رہے پچاس ہزار روپیہ کالج کو ملا اور ایک دائمی مستقل اثر قائم ہو گیا۔

اُن کی کامیابیوں کا راز اُن کے برتاؤ اور اُن کی فصاحت و بلاغت میں مضمر تھا مسٹر جی۔ ایچ۔ ٹول[1] کہتے ہیں کہ:-

"اسٹاف کے درمیان ٹرسٹیوں کے افسر عامل ہونے کی حیثیت کے علاوہ بھی

---

[1] ۱۹۰۲ء میں پروفیسر مقرر ہوئے مسٹر آرچبولڈ کے بعد ۱۹۰۶ء میں پرنسپل مقرر کئے گئے ۱۹۱۳ء میں مستعفی ہو کر پنجاب کے ڈائرکٹر تعلیمات ہوئے۔

نواب مرحوم سب کے ساتھ گہری دوستی رکھتے تھے وہ ایک اعلیٰ درجہ کے ہم نشین تھے اور اُن کی وہ خداداد فصاحت وبلاغت جس نے ان کو ایسا شہرۂ آفاق "ارٹیر" بنا دیا تھا اس کے سبب سے وہ سوشیل جلسوں میں بھی ایک نہایت خوش خلق اور متواضع دوست تھے کوئی شخص جس کو اُن کی باتیں سننے کا موقع حاصل رہا ہے اس بے مثل اور ناقابل نقل طریقہ کو جس سے وہ کوئی پُرلطف حکایت بیان کرتے تھے یا اُس خلوص کو جس سے وہ ہر ایک کا استقبال کرتے تھے اور اُن کے عنایت آمیز تبسم کو نہیں بھول سکتا، ہم لوگوں نے جو یہاں ہیں نیز علی گڑھ کی چار دیواری کے باہر ہزار ہا مسلمانوں نے نواب صاحب کی تقریریں سُنی ہیں، ان کی تقریر میں ایک بڑے کامل فصیح و بلیغ اسپیکر کی تقریر کا لطف تھا اور اس میں کچھ مبالغہ نہیں کہ وہ اپنے سامعین کو ایک لمحہ میں ہنسا سکتے تھے اور دوسرے لمحے میں رلا سکتے تھے۔"

شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ خاں[1] مرحوم نے اُن کی خطابت اور طرز تحریر کے متعلق لکھا ہے کہ :-

"نواب محسن الملک شکل و شمائل کے لحاظ سے نہایت وجیہ اور مقدس دکھائی دیتے تھے اور جب کسی بھرے جلسہ میں وہ اسپیچ دینے کھڑے ہوتے تھے تو خود بخود سب کی نظریں محبت اور عزت کی فیلنگ کے ساتھ اُن کی طرف اُٹھ جاتی تھیں۔ اسپیچ دینے کی فطرتی قابلیت اُن میں موجود تھی۔ اُن کی اسپیچوں سے تمام حاضرین متاثر ہوتے تھے اور اُن کو رُلانا اور ہنسانا بالکل اُن کے

---

[1] دہلی کے رہنے والے اور مرحوم دہلی کالج کے نامور طالب علم اور سینٹرل میور کالج الٰہ آباد میں پروفیسر تھے اُن کی علمی قابلیت و شہرت اپنے معاصرین میں ممتاز ہے اُن کے مضامین ہر لحاظ سے نہایت وسیع ہوتے تھے اُن کی مترجمہ، مؤلفہ اور مصنفہ چھوٹی بڑی کتابوں کی تعداد تقریباً پچاس۔ ساٹھ ہے۔ علی گڑھ تحریک کے بڑے معاون اور سرسید کے بڑے دوست تھے۔ رحلت ۱۹۱۰ء

اختیار میں تھا۔ کانفرنس کی رودادوں میں اُن کی جو اسپیچیں درج ہیں وہ فصاحت و بلاغت کا ایک بیش بہا خزانہ ہیں۔

تقریر کی طرح تحریر میں بھی اُن کو خاص ملکہ تھا۔ اُن کا طرز تحریر ہندوستان کے تمام مشہور مصنفوں کے طرز تحریر سے بالکل الگ ہے اور اس میں ایک خاص لطافت اور دل فریبی پائی جاتی ہے۔ اُن کی تصنیفات سے "آیات بینات" اور رسالہ "تقلید و عمل بالحدیث" اور چند چھوٹے چھوٹے رسالے یادگار ہیں تہذیب الاخلاق اور انسٹی ٹیوٹ گزٹ اور معارف میں بھی اُن کے بعض مضامین قابل دید ہیں۔

ظرافت اور زندہ دلی اُن میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ جو لوگ اُن سے ملتے تھے وہ اسی وجہ سے اُن کے پاس بیٹھنے سے گھنٹوں نہیں اکتاتے تھے اُن کے خاص خطوط جو اُنہوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں اسی قابل ہیں کہ ایک جگہ جمع کئے جائیں اور کتاب کی شکل میں شائع کئے جائیں۔ اُن خطوط سے اُن کی بعض عادات و خصائل پر پر روشنی پڑتی ہے اور اُن کے دل رُبا طرز تحریر کے بہت سے عمدہ حصے اُن خطوط میں موجود ہیں جو اس قابل ہیں کہ اُن کو ضائع نہ ہونے دیا جائے۔

بعض اعتراضات بعض اصحاب اُن کی کمزوری طبیعت پر اعتراض کرتے رہتے تھے جیسا کہ کمیشن کی رپورٹ میں بھی ایک ممبر نے لکھا تھا، کوئی شک نہیں کہ بعض معاملات میں وہ کمزور نظر آتے تھے مگر عموماً وہ کمزوری اُن کی انتہائی صفتِ تحمل کی بنا پر ہوتی تھی جس کا اشارہ نواب وقار الملک نے اپنے مضمون میں کیا ہے بعض اوقات وہ خیر کثیر کے لئے شر قلیل گوارا کر لیتے تھے، مگر جہاں اصول کا سوال آتا تھا وہاں بڑی سی بڑی شخصیت سے مرعوب نہ ہوتے تھے اُردو، ہندی کے قضیہ میں سر انٹونی میکڈانل کے خوف سے نہیں بلکہ اپنے اعوان و انصار کی کمزوری محسوس کر کے اُنہوں نے

---

[۱] بڑی کوشش کے بعد جس قدر خطوط دستیاب ہوئے اُن کو مؤلف نے ۱۹۱۰ء میں شائع کر دیا ہے۔

وہ طرزِ عمل اختیار کیا جو اُس وقت سب سے زیادہ مناسب تھا ورنہ کالج کو شدید خطرات کا مقابلہ کرنا پڑتا قوم میں اتنی جرأت نہ تھی کہ حکمرانِ صوبہ کے مقابلہ کی تاب لاسکتی اور کالج جس کی مالی بنیاد متزلزل ہو رہی تھی اپنی موجودہ حیثیت بھی قائم نہ رکھ سکتا یا یہ کہ وہ اُن کی خداداد قابلیتوں کے بیش بہا فوائد سے محروم ہو جاتا لیکن اس اصول کو کہ قومی معاملات میں کالج کا سکرٹری اپنی آزادی رائے قائم رکھ سکتا ہے اُنھوں نے سر انٹونی کے جانشین سے منوالیا اور اس طرح آیندہ کے لئے راستہ صاف کر دیا۔ عربی تعلیم کی اسکیم کے متعلق اُنھوں نے برملا مخالفت کی سر تھیوڈر ماریسن، ہز ہائینس سر آغا خاں اور سر جیمس لاٹوش کی راؤں کے برخلاف اپنی رائے ظاہر کی اور اس پر اصرار کیا۔

سر سید میموریل فنڈ میں سب سے پہلے اور سب سے گراں قدر امداد ہز ہائینس نواب حامد علی خاں جنت آرام گاہ نے عطا کی جو اُس وقت کے حالات کے لحاظ سے نہایت اہمیت و قیمت رکھتی تھی۔ لیکن ساتھ ہی ایسی شرائط پیش ہوئیں جو اصول پر مؤثر تھیں تو نواب صاحب نے اُن شرائط کے قبول کرنے سے صاف انکار کیا۔

بعض رفقا نے یہ اعتراض بھی کیا کہ نواب محسن الملک نے مسلمانوں کی تعلیمی باگ اپنے ہاتھ میں رکھنے کی جگہہ حکومت کو تفویض کر دی۔ لیکن ان معترضین نے اس بات کو ذہن سے نکال دیا کہ حکومت کسی کے تفویض اختیارات کی احتیاج نہیں رکھتی اور یہاں تو بہت پہلے ہی سے خود ٹرسٹی اپنے قانون کے ذریعہ ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن اور لفٹنٹ گورنر کو وزیٹر اور پیٹرن کی حیثیت سے غیر معمولی اختیارات تفویض کر چکے تھے اور اُن ہی میں ایک مقتدر جماعت اِن اختیارات کے برقرار رکھنے کی زبردست حامی تھی تاہم اُن قدرتی اور مفوضہ اختیارات سے کالج کو کوئی نقصان نہیں پہونچا بلکہ اُن کا استعمال ہمیشہ کالج کی ترقی اور بہبودی میں ہی ہوا۔

سر انٹونی میکڈانل بھی باوجود ذاتی مخالفت کے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے بلکہ عین ضرورت

کے وقت ان کی گورنمنٹ سے فائدہ ہی پہونچا۔

بڑا اعتراض یوروپین اسٹاف نے اقتدار پر کیا جاتا ہے مگر یہ اقتدار پہلے سے قائم تھا اور اگر اُس وقت اُس کے کم کرنے یا زائل کرنے کی کوشش کی جاتی تو یقیناً وہ شرارہ بلند ہوتا کہ مستقبل کی تمام توقعات راکھ کا ڈھیر بن جاتیں اور کچھ عجب نہ تھا کہ ایم ۔ اے ۔ او ۔ کالج ایک سرکاری ادارہ ہو جاتا ، پھر بعض ایسے عناصر بھی تھے جو صاف طور پر اسی اقتدار کی حمایت میں تھے ، بروئے قانون اندرونی انتظام میں پرنسپل کو اختیارات کلی حاصل تھے بااین ہمہ اُسی اقتدار سے خوشگوار نتائج حاصل کرلینا محسن الملک کا کمال ذہانت وتدبر تھا۔

سرتھیوڈر مارسین کے بعد اس اقتدار میں یقیناً کمی آجاتی مسٹر آرچبولڈ کے آنے کے چار ماہ بعد ہی نواب محسن الملک نے اپنی تقریر میں تمام امور واضح کر دیے تھے مگر ایک طرف شملہ ڈپوٹیشن کی مصروفیتیں تھیں جن پر قوم کے سیاسی مستقبل کا انحصار تھا دوسری طرف امیر افغانستان کی وزٹ کا اہتمام تھا جس سے کالج کا ایک نیا دَور شروع ہونے والا تھا اُن اسباب سے اندرونی اصلاحات کا کوئی موقع نہ ملا تھا کہ پُرجوش نوجوانوں کا تصادم شروع ہو گیا اور کالج میں اندرونی بے چینی پھیل گئی جس کے نتیجہ میں وہ شورش ہوئی جو نواب محسن الملک کا سبب موت بن گئی ، ۱۹ سال کے ایسے زبردست نظام کو بدلنا چند مہینوں کا کام نہ تھا ، بس یہی کمزوریاں تھیں جن پر بعض اطراف سے نکتہ چینی ہوتی تھی ۔

جیتا تھا تو لوگوں کو گمان اُس پہ تھے کیا کیا ۔۔۔ پر مر کے خلوص اپنا وہ منوا گیا آخر
جو خندہ زنی کرتے تھے ہر کام پہ اُس کے ۔۔۔ وہ خون کے آنسو انھیں رُلوا گیا آخر
یوں جیتے ہیں یوں مرتے ہیں قوموں کے فدائی ۔۔۔ دُنیا کو تماشہ یہ وہ دکھلا گیا آخر
مہدی[1] کے لئے قوم عزادار ہے ساری ۔۔۔ کہرام ہے کشمیر سے تا راس کماری

---

[1] مولانا حالی ۔۔ رحلت ۱۹۱۴ء

خصوصیات و فضائل پر معاصرین کا تبصرہ

"اس باب آخر میں اُن چند اصحاب محترم کے مضامین و تقادیر سے اقتباسات بطور تبصرہ خصوصیات و فضائل پیش کئے جاتے ہیں جن کو نواب محسن الملک کے ساتھ سالہائے دراز تک ذاتی تعلق رہا اور رفیق کار کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع ملا اور وہ ہی ان جوہروں کے زبردست نقاد و مبصر تھے جن کے مجموعہ کا نام سید مہدی علی یا محسن الملک تھا۔"

مولوی وحید الدین سلیم[1]

(۱) نواب محسن الملک کی آغاز شباب سے یہ عادت تھی کہ جو کام ملازمت کا اُن کے سپرد کیا جاتا تھا وہ اُس کو خوب جی لگا کر انجام دیتے تھے اور اُس کے انجام دینے میں نہایت محنت اور جفاکشی کرتے تھے۔ جی لگا کر کام کرنے اور محنت و کوشش کا پورا حق ادا کرنے کے سبب سے ہر ایک کام، جس کو وہ ہاتھ میں لیتے تھے ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت میں ترقی کر جاتا تھا اسی سبب سے ان کے افسر بھی اُن سے خوش رہتے تھے اور اُن کی ترقی تنخواہ و عہدہ کے لئے ہر وقت کمربستہ رہا کرتے تھے۔

(۲) ایک عادت نواب محسن الملک میں یہ تھی کہ وہ مختلف عقائد کے لوگوں سے نہایت دوستانہ برتاؤ کرتے تھے اُن کے دوستوں کا حلقہ سر سید مرحوم کی نسبت زیادہ وسیع تھا۔ عیسائی، پارسی، یہودی، ہندو اور مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے لوگ اُن سے ملاقات کرتے تھے اور کسی کو اُن سے شکایت نہیں ہوتی تھی بلکہ سب اُن کے حسنِ اخلاق کے مدّاح اور ثنا خواں پائے جاتے تھے۔ ملاقات کے وقت کبھی

---

[1] مولوی وحید الدین صاحب سلیم نے عرصہ تک نواب صاحب کی ماتحتی میں انسٹی ٹیوٹ گزٹ کے فرائض ادا انجام دیئے جامع عثمانیہ کے دار الترجمہ کے رکن تھے اور عثمانیہ یونیورسٹی میں اُردو پروفیسر تھے۔ رحلت ۱۹۲۹ء

کوئی ایسی بات اُن کی زبان پر بھولے سے بھی نہیں آتی تھی جو کسی گروہ کے آدمی کے لیے رنج دہ اور باعث شکایت ہو۔

(۳) نہایت اعلیٰ اور پاکیزہ خصلت نواب صاحب میں پائی جاتی تھی وہ یہ تھی کہ اُن کو کسی معاملہ میں کسی شخص کے اختلاف رائے سے رنج نہیں ہوتا تھا۔ وہ نہایت خندہ پیشانی سے ہر شخص کے اختلاف رائے کو سنتے اور اُس پر غور کرتے تھے یہ اختلاف رائے کسی شخص کی طرف سے خواہ تحریری ہوتا، یا کوئی شخص اُن کے روبرو زبانی طور پر اختلاف رائے کا اظہار کرتا یہ ممکن نہ تھا کہ اُس کے پڑھنے یا سُننے کے بعد اُن کے تیور پر کوئی شکن آئے۔

بعض موقعوں پر ہم نے یہاں تک دیکھا ہے کہ لوگوں نے اُن کے سامنے نہایت دریدہ دہنی کے ساتھ ان کی ذات پر حملے کئے اور اختلاف رائے ہی پر بس نہیں کی بلکہ کھلم کھلا مخالفت کا اظہار کیا تاہم وہ اس مخالفت کو ہنسی اور خوشی کے ساتھ انگیز کرتے رہے اور کوئی ایسی حرکت اُن سے ظہور میں نہیں آئی جو اُن کی شان کے خلاف ہو حاضرین پر اس تحمل کا بہت نمایاں اثر ہوتا تھا اور اکثر حیرت میں غرق ہو جاتے تھے۔

(۴) ایک عادت ہمیشہ سے نواب محسن الملک مرحوم میں یہ تھی کہ وہ ہر ایک نئی بات کو قبول کرنے میں اوّل اوّل ہچکچاتے تھے مگر جب یہ ثابت ہو جاتا تھا کہ وہ بات معقول ہے گو کہ اُن کے پُرانے خیالات کے خلاف ہے تو وہ بخوشی اُس کو قبول کر لیتے تھے اور جب تک کہ اُس کے خلاف کوئی بات ثابت نہیں ہوتی تھی اس کو برابر مانتے رہتے تھے اور زبان اور قلم سے اُس کی ہمیشہ حمایت کرتے تھے اسی عادت نے اُن کے خیالات کو ترقی دی تھی اور اُن کے دل و دماغ کو منور کیا تھا۔ سرسید مرحوم کی طبیعت میں جدّت تھی وہ جب غور و فکر کرنے کے بعد کوئی ایسی بات اپنے قلم سے لکھتے جو عام لوگوں کے مسلّمات کے برخلاف ہوتی تھی تو نواب محسن الملک شدّ و مد کے ساتھ اس سے اختلاف کرتے تھے اور قلم اور زبان سے اُس کے رد کرنے میں کام لیتے تھے مگر جب اُن پر اچھی طرح ثابت ہو جاتا کہ سرسید

کی رائے نہایت مضبوط اور مدلل ہے تو وہ اُس کی مخالفت چھوڑ دیتے تھے اور اُس کی حمایت اور تائید میں زبان اور قلم کا زور صرف کرنے لگتے تھے۔

(۵) مرتے دم تک نواب محسن الملک کو مطالعہ کا شوق رہا انگریزی اُردو اور عربی کے بہت سے رسالے اور اخبار اُن کے پاس آیا کرتے تھے اور ڈاک کے آنے پر وہ نہایت سرگرمی کے ساتھ اُن کے دیکھنے میں محو ہو جاتے تھے۔ عربی، فارسی، اُردو، انگریزی کی کتابوں کا ایک کتب خانہ اُن کے ساتھ رہتا تھا۔ رات کو پلنگ پر لیٹ کر جس کتاب کو وہ چاہتے مطالعہ کرنے لگتے تھے اور قابلِ یادداشت مقامات کا نشان اُس کتاب کے حاشیہ پر کرتے جاتے تھے۔ جب ساری کتاب دیکھ چکتے تو کتاب کے اوّل میں تمام قابلِ یادداشت مقامات کے عنوان اپنے قلم سے لکھکر اُن کے سامنے صفحات کے نمبر لکھ دیا کرتے تھے اس عادت نے اُن کی معلومات کے دائرہ کو بہت وسیع کر دیا تھا اور باقاعدہ یادداشت لکھنے کے سبب سے وہ جس بات کو چاہتے۔ بے تکلف اپنی تحریر یا تقریر میں لے آتے تھے۔

(۶) جن لوگوں سے اُن کی جان پہچان اور ملاقات ہوتی تھی اُن کے ساتھ وہ ہمیشہ فیاضانہ سلوک کرتے تھے نہ حکام کو اُن کی نسبت سفارش لکھنے میں دریغ کرتے تھے اور نہ بذاتِ خود اُن کی مدد کرنے میں کوتاہی کرتے تھے۔ حیدرآباد میں سیکڑوں آدمیوں کو، جو مختلف قوم اور مذہب کے تھے۔ اُنھوں نے نوکر رکھوایا اور سیکڑوں کے ساتھ اپنی ذات سے سلوک کیا۔ یہ ہی سبب تھا کہ جب وہ حیدرآباد سے چلنے لگے تو ریلوے اسٹیشن پر کثرت سے آدمی آئے تھے جو اُن کی جُدائی کے رنج میں زار زار روتے تھے۔ حالاں کہ یہ نظارہ حیدرآباد سے قطع تعلق کرنے والوں کی رخصت کے وقت کبھی نہیں دیکھا گیا۔ فیاضی اور سخاوت اُن کی گھٹی میں تھی اور یہ ہی وہ عمدہ عادت تھی جس کے سبب سے بے شمار آدمی اُن کے دامِ اخلاق میں ہمیشہ کے لئے اسیر ہو گئے تھے۔

(۷) اپنے ماتحتوں اور نوکروں کے ساتھ نواب محسن الملک مرحوم کا برتاؤ وہ ہی تھا

جو ماموں رشید کا برتاؤ تھا۔ اُن کے عفو و تحمل کی عادت نے اُن کے نوکروں کو کسی قدر شوخ کر دیا تھا اور اکثر اوقات وہ اُن کی شان کے خلاف گستاخی کر بیٹھتے تھے مگر ممکن نہ تھا کہ وہ کسی نوکر کو اُس کی گستاخی کی سزا دیں یا ہمیشہ کے لئے اُس سے ناراض ہو جائیں۔ نوکر اُن کی عادت کو سمجھتے تھے اور اس لئے جب کبھی وہ کسی نوکر پر خفا ہوتے، تو وہ اپنے تئیں نہایت افسردہ اور ناراض بنا لیتا تھا۔ اس حالت میں نواب صاحب مرحوم خود اُس نوکر سے اپنے برتاؤ کی معافی مانگتے تھے اور بار بار مانگتے تھے جب تک کہ وہ یہ نہ کہدے کہ اب میں آپ سے راضی ہوں۔

(۸) قومی کاموں میں وہ اپنا روپیہ بے دریغ صرف کرتے تھے اور اُن کو اس امر کا خیال نہیں ہوتا تھا کہ اس ایثار کا اُن کے ذاتی اخراجات پر کیا اثر ہوگا۔ سرسید مرحوم نے جب سے مدرسۃ العلوم قائم کیا تھا وہ ہمیشہ بے مانگے اور اُن کے مانگنے پر اپنے روپیہ سے مدرسہ کی امداد کرتے رہے۔ سرسید مرحوم اپنے سچے دوست نواب محسن الملک کے مال کو اپنا مال سمجھتے تھے اور اپنے مال کو قوم کے لئے وقف خیال کرتے تھے وہ جب چاہتے اُن کی جیب میں ہاتھ ڈال دیتے تھے اور جو چاہتے اس میں سے نکال لیتے تھے۔ نواب محسن الملک نے اس میں نہ کبھی عذر کیا نہ کبھی تنگ دلی کا اظہار کیا۔ سرسید مرحوم کی قومی فیاضی اُن کی شخصی فیاضی پر سبقت لے گئی تھی، مگر نواب محسن الملک میں دونوں قسم کی فیاضی آخر دم تک موجود تھی۔

(۹) نواب محسن الملک اپنے دشمنوں اور مخالفوں سے بھی انتقام نہ لیتے تھے۔ نہ اس خیال کو اپنے دل میں آنے دیتے تھے وہ نہایت پاکیزہ خصلت اور شریف طبیعت بزرگ تھے۔ کبھی اُن کے کسی مخالف یا دشمن کو یہ خیال نہیں آتا تھا کہ وہ اُس سے انتقام لینے کے درپے ہیں۔ سرسید مرحوم میں اور نواب صاحب مرحوم میں یہ خصلت یکساں درجے کی تھی دونوں بزرگوں کے دل عداوت، حسد، کینہ اور انتقام کے خیالات سے پاک و صاف

رہتے تھے ۔

(۱۰) نہ ایام ملازمت میں اور نہ بعد ایام ملازمت کے کبھی اُن کے دل میں حُبِّ جاہ کا خیال آیا وہ جو کام کرتے تھے اس غرض سے نہیں کرتے تھے کہ گورنمنٹ اُن کو کوئی اعزاز عطا کرے گی یا قوم اُن کے احسانات کا اعتراف کرے گی۔ اُن کے تمام سرکاری اور قومی کام، جن کو وہ نہایت محنت اور سرگرمی سے کرتے تھے حُبِّ جاہ اور غرض مندی کے شائبہ سے پاک اور مبّرا ہوتے تھے ۔

(۱۱) جس قدر قومی کام بڑے بڑے اُن کے ہاتھوں سے سرانجام ہوئے اگر اُن میں سے ایک کام بھی کسی اور کے ہاتھ سے انجام پاتا۔ تو اُس کے لئے نہایت فخر اور تعلّی کا موقع تھا مگر نواب محسن الملک نے کبھی اپنی ستائش یا تعلّی کا اظہار خلوت یا جلوت اور تحریر یا تقریر میں نہیں کیا۔ وہ اپنے تئیں قومی کاموں میں ہمیشہ گمنام رکھنا چاہتے تھے مگر یہ کب ممکن تھا کہ وہ گمنام رہیں اُن پر مولانا روم کا یہ شعر صادق آتا تھا ۔

بسر منارہ اشتر رود و ندا بر آرد
کہ نہاں شدم من ایں جا مکنید م آشکارا

کیا ممکن ہے کہ بلند قامت اونٹ ایک منار کی بلندی پر چڑھ کر یہ کہے کہ میں یہاں چھپتا ہوں میرا بھید کسی پر ظاہر نہ کرنا اور وہ فی الحقیقت نظروں سے چھپا رہے ، تمام وہ انسان جو قوم کی خاطر اپنی ہستی کو بھول جاتے ہیں اور اپنی شخصیت کو مٹانے پر کمربستہ رہتے ہیں یہ ممکن نہیں کہ اُن کی ذات گمنام ہو جائے اور اُن کا نام و نشان دنیا میں چاند سورج بن کر نہ چمکے ۔ نواب محسن الملک کی اسی بے نام و نمود رہ کر کام کرنے کی عادت نے اُن کو دنیائے اسلام کا مسلم الثبوت قومی لیڈر بنا دیا تھا ۔

مولانا شبلی [1]

آج ہماری قدیم تعلیم و تربیت کی ایک اور یادگار مٹ گئی جدید تعلیم ایک مدت سے جاری ہے اور آج سیکڑوں، ہزاروں تعلیم یافتہ بڑی بڑی خدمات پر ممتاز ہیں لیکن قومی علم ابھی تک ان ہی لوگوں کے ہاتھ میں ہے جنہوں نے کالجوں کے ایوانوں میں نہیں بلکہ مکتب کی چٹائیوں پر تعلیم پائی ہے، جدید تعلیم بھی انہیں کی بدولت پھیلی اور آج خود جدید تعلیم یافتہ گروہ اُنہیں کے اشاروں پر حرکت کر رہا ہے۔

لوگوں کو ڈر تھا کہ سرسید مرحوم کے بعد اُن کے منصوبوں کو کون انجام دے گا لیکن خدا نے اُنہیں کے ہم نشینوں میں سے ایسا شخص (نواب محسن الملک) پیدا کر دیا جو اور امور میں گو سرسید کا ہمسر نہ تھا لیکن کالج کی ترقی وُسعت اور مقبول عام بنانے میں سرسید سے کسی طرح کم نہ تھا۔ اس نے اتنی تھوڑی مدت میں سات آٹھ لاکھ روپیہ جمع کر دیا کالج کی ہر شاخ اس قدر ترقی کر گئی کہ اگر کوئی شخص جس نے سرسید مرحوم کی زندگی میں کالج کو دیکھا تھا آج جا کر دیکھے تو اُس کو کالج کا پہچاننا مشکل ہوگا کانفرنس جو روز بروز مردہ ہوتی جاتی تھی مرحوم نے اُس کو دوبارہ زندہ کیا اور لاہور سے لے کر ڈھاکہ تک اُس کے ڈانڈے ملا دیے۔

مرحوم ذاتی صفات کے لحاظ سے بھی نادرۂ روزگار تھے۔ اس درجہ، اس عزت اور اس رتبہ پر اُن کے اخلاق کا یہ حال تھا کہ ادنیٰ درجہ کے آدمیوں سے بھی بہ ادب و عزت ملتے تھے۔ ملاقات میں ہمیشہ پیش قدمی کرتے تھے۔ سب سے جھک کر ملتے تھے۔ اُس کے ساتھ نہایت فراخ حوصلہ، فیاض، سخی اور جواد تھے اور یہی اوصاف تھے جن کی وجہ سے اُنھوں نے ایک عالم کو مسخر کر لیا تھا۔

---

[1] مولانا شبلی سرسید کے زمانہ میں عرصہ تک کالج میں پروفیسر رہے۔ جدید تعلیمی تحریک کی اشاعت میں اُن کا زبردست حصہ ہے۔ نواب محسن الملک کے زمانہ میں اکثر کالج میں آتے رہتے تھے اور اُن کی خواہش و کشش سے سال میں چند ماہ کالج میں رہ کر اسلامیات کے متعلق لکھ دینا بھی منظور کر لیا تھا۔ ندوہ کی ترقی دارالمصنفین کا قیام و سیرت نبوی صلعم کی تالیف اُن کے کارہائے عظیم ہیں۔ رحلت ۱۹۱۴ء

تصنیف و تالیف کے میدان میں بھی وہ مشاہیر کے ہمسر تھے۔ اُن کا ایک خاص لٹریچر ہے جو اُنہیں کے ساتھ مخصوص ہے۔ قوت تقریر میں بھی وہ نہایت ممتاز تھے۔

ظاہری صورت و شان سے بھی خدا نے اُن کو کافی حصہ دیا تھا۔ اُن کے چہرہ سے شان ٹپکتی تھی اور گو وہ سید تھے لیکن تاتاری استخوان کا دھوکہ ہوتا تھا۔

اخیر عمر میں اُن کو کالج کے لڑکوں کی شورش کا بہت صدمہ ہوا۔ کہتے تھے کہ میں اس رنج سے گھلتا جاتا ہوں اور واقع میں میں نے اُن کو جب شملہ جاتے ہوئے دیکھا تو اُن کی صورت دیکھکر گھبرا گیا کہ اب یہ آفتاب لبِ بام آپہنچا۔

محسن الملک !! جا اور خوش خوش خدا کے سایۂ رحمت میں آرام کر۔ تو درد بھرا دل رکھتا تھا۔ لوگ بھی تیرے لیئے روئیں گے اور بہت روئیں گے۔

در روزگارِ عشق تو ما ہم فدا شدیم
افسوس کز قبیلۂ مجنوں کسے نماند

نواب[1] معید الملک سر سید علی امام سابق لا ممبر گورنمنٹ آف انڈیا وصدر اعظم دولت آصفیہ

حضرات، اُن کی کس کس خوبی کو یاد کیا جائے وہ ایسے جامع کمالات انسان تھے جن کی مثل اور نظیر مشکل سے نظر آئے گی اُن کا علم اُن کا حلم اُن کا وقار اُن کی کوشش اُن کی محنت اور اُن کی ہر ایک سے سچی محبت اور سب سے بڑھ کر اپنی درماندہ قوم کا درد یہ سب ایسی چیزیں ہیں اور ایسی باتیں ہیں جن کا دل سے بھلانا آسان بات نہیں ہے،

اُن کی خدمت میں عزت حاصل کرنے کو مجھے کچھ بہت زمانہ نہیں گذرا لیکن میں اس کیفیت کو بیان نہیں کر سکتا کہ اُن کے انتقال سے میرے دل پر کیسی چوٹ لگی ہے میں اس

---

[1] پٹنہ کے مشہور و معروف بیرسٹر تھے منٹو مارلے ریفارم اسکیم کے نافذ ہونے پر پہلے مسلمان تھے جو حکومت ہند کی اگزکیٹو کونسل کے ممبر ہوئے۔ رحلت سنہ ۱۹۳۳ء

کیفیت کو بیان نہیں کر سکتا کہ اُنھوں نے کیوں کر میرے دل کو تسخیر کر لیا اُن کی شفقت وعنایت کی باتیں اور محبت کی تحریریں میرے لیئے اب کہانیاں ہیں، آپ سے کیا کہوں وہ میرے اور میری قوم کے لئے کیا تھا وہ میرا اکرم تھا وہ میرا شفیق تھا، میرا محسن تھا اور واقعی محسن تھا...... مجھے اُمید ہے کہ جیسے اس کی زندگی ہمارے لیئے باعث برکت تھی ویسے ہی اُس کی یادگار قائم کر کے اُس کی موت بھی ہمارے لئے رحمت ثابت ہو گی، اُس کی زندگی ہماری زندگی کے لئے ایک نمونہ ہے جس کی پیروی کے لئے کوشش کرنا ہر فرد قوم کا فرض ہونا چاہیئے۔

سر آدم جی پیر بھائی[۱] میں نے اپنی افتتاحی تقریر کے شروع میں نواب محسن الملک کا نام لیا ہے اُن کی وفات ایسے نازک وقت میں ہماری قوم کے لئے ایک صدمۂ عظیم ہے قوم کے لئے اُن کی خدمات کی کبھی اتنی ضرورت نہ تھی جتنی کہ آج کل تھی اُنھوں نے شملہ ڈپوٹیشن کی کامیابی کے لئے نہایت سخت محنت کی یہ امر کسی قدر باعث اطمینان ہے کہ اُنھوں نے آخر کار اپنی محنت کے ابتدائی نتائج دیکھ لئے اُن کے کام کی عام طور سے تعریف کی گئی، کیوں کہ صرف ایک مقصد یعنی اپنی قوم کو مستقل ترقی دینا اُن کو مدنظر تھا ہم کو ایسے بہت سے سرگرم اور خالص ہمدردان قوم اور محبان وطن کی ضرورت ہے جیسے کہ نواب محسن الملک مرحوم تھے اور میں اس کام کو سب سے بہتر کام جانتا ہوں کہ اپنی قوم کے نوجوانوں سے درخواست کروں کہ وہ نواب صاحب مرحوم کی زندگی اور کارناموں کا مطالعہ کریں اور اُن کی اعلیٰ مثال کی پیروی۔

---

[۱] بمبی کے مشہور تاجر جنھوں نے سب سے پہلے ۱۹۰۵ء میں ایم، اے، او، کالج کو ایک مشت ایک لاکھ دس ہزار روپیہ عطا کیا تھا نواب صاحب کے بڑے دوست اور عقیدت مند تھے، یہ اقتباس اُن کی تقریر صدارت مسلم لیگ ۱۹۰۷ء سے لیا گیا ہے۔

نواب[۵] وقار الملک

نواب محسن الملک مرحوم کی رحلت کا حادثہ ایسا سخت اور پُر افسوس اور جانکاہ حادثہ ہے کہ الفاظ کے ذریعے سے اُس کو ادا نہیں کیا جا سکتا۔ اُن کے اوصاف حمیدہ اور اُن کی خوبیاں دائرہ تعریف سے باہر ہیں اُن کی موت مسلمانوں کے حق میں قومی مصیبت ہے۔

مدرسۃ العلوم مسلمانان علی گڑھ کے ساتھ تعلق قائم ہونے سے پہلے بھی مرحوم ہمیشہ قومی کاموں میں حصہ لیتے تھے۔

سر سید احمد خاں مرحوم کے جدید فلسفہ نے جب تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں ایک عام اضطراب پیدا کر دیا تھا تو وہ مہدی علی ہی تھے جن کے پُر زور قلم نے اس آگ پر پانی ڈالا اور اُس کو اس قدر ٹھنڈا کر دیا کہ لوگوں نے اُس جدید فلسفہ پر غور کرنا شروع کیا۔

جو عام دلچسپی تہذیب الاخلاق کو عامۂ خلائق میں حاصل ہوئی وہ زیادہ تر اُنہیں مضامین کی وجہ سے تھی جن کے آخر میں مہدی علی کا پیارا نام لکھا ہوا تھا۔

علی گڑھ کالج کی جس وقت بنیاد رکھی گئی ہے اور جب اس کا اسکول قائم ہوا تو وہ مہدی علی ہی تھے جن کے حُسنِ سعی سے نواب سر سالار جنگ مرحوم و مغفور نے اس کی ابتدائی مدد ریاست حیدرآباد سے اور نیز اپنی ذات خاص سے منظور فرمائی اور جب تک محسن الملک نے حیدرآباد کو چھوڑا اُس وقت سے اپنے دم واپسیں تک اپنی تمام قوت اور تو۔

---

[۵] نواب وقار الدولہ وقار الملک مولوی مشتاق حسین اور نواب محسن الملک ۱۸۶۳ء سے رفیق کار تھے اس چہل سالہ تعلق میں نواب وقار الملک اُن کے دوست اور حقیقی غم خوار ہی نہ تھے بلکہ اُن کی سرکاری و قومی زندگی دونوں کے محتسب تھے۔ جنوری ۱۹۰۷ء سے جولائی ۱۹۱۲ء تک ایم، اے، او، کالج کے آنریری سکریٹری رہے۔ جنوری ۱۹۱۷ء میں بمقام امروہہ رحلت کی۔ یہ مضمون اُنہوں نے اس اپیل کی صورت میں لکھا تھا جو نواب محسن الملک کی یادگار قائم کرنے کے لئے کی تھی۔

کو کالج ہی میں صرف کرتے رہے یا یوں کہنا چاہیئے کہ اپنی زندگی ہی کالج کے نذر کردی۔

سر سید کے انتقال کے بعد قوم میں کالج کی طرف سے عام بے چینی پھیل گئی تھی، مگر یہ اُنہیں کا کام تھا کہ اُس بے چینی سے فائدہ اُٹھایا اور کالج کو اُس عروج پر پہنچایا جو اُسے پہلے نصیب نہیں ہوا تھا۔

کالج کو یونیورسٹی کے درجہ تک پہنچانے کا خیال قوم کے سامنے پیش کیا جس نے قوم کے مایوس دلوں کو زندہ کر دیا۔

یہ نواب صاحب ہی کی کوشش کا نتیجہ تھا کہ کانفرنس "آل انڈیا کانفرنس" کہلائے جانے کی مستحق ہوئی۔

مرحوم کی خدمات جدید اسلامی فلسفہ کی اشاعت اور مسلمانوں کی تعلیم کو ترقی دینے ہی تک محدود نہیں تھیں، بلکہ اس کے علاوہ بہت بڑا حصہ مسلمانوں کے پولیٹکل حقوق کی حفاظت کا بھی ان میں شامل تھا جس کے لئے جناب ممدوح قوم کی طرف سے خاص شکر گذاری کے مستحق ہیں اور خصوصاً ان کا سب سے آخری کارنامہ مسلمانوں کا وہ ڈیپوٹیشن ہے جو تمام مسلمانانِ ہندوستان کی طرف سے یکم اکتوبر ۱۹۰۶ء کو بمقام شملہ حضور ویسرائے کی خدمت میں حاضر ہوا اور جس نے گورنمنٹ سے مسلمانوں کے اُن حقوق کو تسلیم کرا لیا جو اب تک مبہم حالت میں چلے آ رہے تھے اور اپنی زندگی کے آخر دنوں میں گو کہ بظاہر جناب مرحوم کا سفر شملہ محض تفریحی سفر معلوم ہوتا تھا لیکن درحقیقت اس کو بہت بڑا تعلق گورنمنٹ آف انڈیا کے جدید ریفارم اسکیم کے اُس حصہ سے تھا جو مسلمانوں سے متعلق ہے اور جس کو جناب مرحوم حتی الامکان مسلمانوں کے حق میں زیادہ تر مفید بنانے کے لئے بغیر کسی ظاہری نام و نمود کے کوشش کر رہے تھے لیکن ۱۶ اکتوبر کی شام نے اُن سب اُمیدوں کا خاتمہ کر دیا۔

اُن تمام قومی خدمات کے ساتھ اُن کا حسنِ اخلاق اور انکسار نفس اور بے نظیر تحمل اور

بے مثال فروتنی اُس حد کو پہنچی ہوئی تھی کہ بہت سے مواقع پر مرحوم کے دوست اور نیازمند اُس کو حد سے بڑھا ہوا پاکر معترض ہونے لگتے تھے اور اُس کا نتیجہ یہ تھا کہ مرحوم کی غایت شان وار زندگی کے ساتھ ہی اُن کی بے ریا سخاوت اور سیر چشمی کی حد کسی کو کبھی معلوم ہی نہ ہونے پائی۔

عامۂ خلائق میں اُن کو اس قدر ہر دل عزیزی کا منصب حاصل تھا جس سے مافوق کوئی حاصل نہیں کر سکتا۔ اسی کے ساتھ جو خدمات کہ اُنھوں نے قوم اور ملک کی انجام دیں گورنمنٹ نے بھی اُن کو اُسی اعتماد اور منزلت کی نگاہ سے دیکھا جس اعتماد اور منزلت کی کہ وہ خدمات مستحق تھیں اور گورنمنٹ کی نگاہ میں جو وقار کہ جناب مرحوم نے حاصل کیا تھا اُس کا بہت ثبوت اب مل رہا ہے۔

الغرض نواب محسن الملک بہت سی خوبیوں کا مجموعہ تھے اُن کے اُس نا وقت رحلت کر جانے سے قوم نے اپنا ایک سچا محسن، سچا مربی، سچا خادم، سچا مخدوم کھو دیا ہے جس کے رنج و غم میں اس وقت قوم ماتم کر رہی ہے اور نہ صرف مسلمان بلکہ دوسری قوموں کے اکثر معزز بزرگوار بھی اس سوگ میں ہمارے شریک حال ہیں۔

کشمیر سے لے کر مدراس تک اور بمبئی سے برہما تک ہر جگہ "ہائے محسن الملک"! کی آواز آرہی ہے اور ہر جگہ سے ہمدردی کے تار اور پیام آرہے ہیں اور بدون کسی خاص تحریک کے یہ عام خواہش پیدا ہوگئی ہے کہ ایک ایسے محسن قوم اور محسن الملک کو یوں نہ مرنے دو اور اُس کی کوئی شان دار یادگار قائم کرو جس سے اُس کی یاد نسلاً بعد نسلٍ قوم میں شکر گزاری کے ساتھ تازہ اور اُس کا پیارا نام و خطاب ہمیشہ زندہ رہے اور اُس کی روح کو ابدی خوشی حاصل رہے۔

محسن الملک نے جس طرح قوم پر ایک عاشق زار کی طرح اپنی جان نثار کی ہے اسی طرح قوم بھی اُس کی ایک علمی یادگار اُسی کے مذاقِ طبیعت اور قوم کی ضروریات اور اپنے قومی

درجہ کے مناسب قائم کرکے اُس کو ہمیشہ زندہ رکھے۔

عاشق نہ کبھی مَرے ہیں نہ مریں گے۔ جب تک معشوق کا نام باقی ہے یعنی قوم باقی ہے عاشق بھی زندہ ہیں۔

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

سرجان ہیوٹ لفٹنٹ گورنر صوبہ متحدہ وہیٹرن کالج[۱]

آپ نے اپنے ایڈریس میں ٹرسٹیوں کے اُس نقصان کا حوالہ دیا ہے جو نواب محسن الملک مرحوم کی وفات سے پہنچا ہے آپ کو یاد ہوگا کہ اب سے ٹھیک دس سال پہلے جب وہ اس کالج کے آنریری سکرٹری ہوئے تھے تو وہ زمانہ کالج کے لئے کس قدر پُرآشوب تھا اُس زمانہ میں چند افسوسناک حالات کی وجہ سے جن کا میں اس موقع پر تذکرہ کرنا نہیں چاہتا کالج پر اندیشناک قرض کا بار ہو گیا تھا۔ مجھے حضراتِ حاضرین کو اس امر کے یاد دلانے کی ضرورت نہیں ہے کہ نواب محسن الملک کسقدر صاحبِ توقیر و منزلت تھے اور آپ بھی اس امر سے واقف ہیں کہ اگر ان کا رشتۂ حیات اس طرح یک لخت منقطع نہ ہو جاتا تو گورنمنٹ اُن کو اس کام کے صلہ میں جو اُنہوں نے آپ میں رہ کر کیا تھا خاص صلہ[۲] دینے والی تھی تقریباً تیس سال کا عرصہ ہوا کہ مجھ سے اُن سے

۱؎ فروری ۱۹۰۹ء میں کالج وزٹ کے موقع پر ہزآنر نے ٹرسٹیوں کے ایڈریس کے جواب میں جو تقریر کی تھی اُس سے یہ اقتباس کیا گیا ہے۔

۲؎ ٹائمز آف انڈیا نے بھی ۱۲ جنوری ۱۹۰۸ء کی اشاعت میں لکھا تھا کہ "ہم اس خبر کو سُن کر خوش ہوئے اور ہمارے نزدیک ہندوستان کے پورے طبقہ نائٹ میں نواب محسن الملک سے زیادہ کسی کا نام اس عزت کے قابل نہیں (نواب صاحب کی تعریف کے بعد) ہم ہمیشہ یہ خیال کرتے رہے کہ گورنمنٹ نے ان کی اعلیٰ پبلک خدمات کا منصفانہ اعتراف کرنے میں کسی قدر کوتاہی کی کہ ان کو تمغۂ قیصر ہند کے علاوہ اور کسی

ملاقات ہوئی تھی مگر افسوس ہے کہ پھر ان سے اٹھائیس سال تک ملاقات نہیں ہوئی اور ہوئی بھی تو کب جبکہ آپ نے طلباء کی پریشانیوں کے سلسلہ میں مجھے اُن کے ساتھ کام کرنا پڑا ان کی حیات کے آخری زمانہ میں مجھ کو معاملات کالج کے متعلق ان سے بارہا گفتگو کرنے کا موقع ہاتھ آیا، ان کی زندگی کا پہلا مطمح نظر کالج کی بہبودی تھا جسم کمزور اور نحیف ہو چکا تھا مگر روح میں وہی تیزی و شوق تھا اور اُن کے جوش و خروش کی وہی لاانتہا حالت تھی جو عالم شباب میں تھی کالج کے لئے اُن کی بڑی خدمات اُن کی جوش انگیز فصاحت و بلاغت میں تھیں جس کو وہ کالج کے لئے کام میں لائے۔ وہ بڑی شان اور قابلیت کے مقرر تھے اور اُنہوں نے کالج کی بہبودی کے لئے بغیر کسی نقصان کے اپنی قابلیتوں کو صرف کیا ایک وہ زمانہ تھا جبکہ ان کو کالج کے اغراض و مقاصد و میلان کے متعلق غلط فہمیوں کا مقابلہ کرنا پڑا پھر وہ زمانہ آیا جب کہ ان کو دل آویز طریقہ سے ترغیب و تحریص دے کر کثرت تعداد میں ایسے لوگوں کو جو سرد مہر یا مخالف تھے، یہ ذہن نشین کرنے کے لئے کھینچنا پڑا کہ مسلمانوں کے ارتقاء کا خاص ذریعہ یہ کالج ہی ہے اگر سرسید نے اپنی حیات میں مسلمانوں کی مرکزی تعلیمی درس گاہ کا خیال پیدا کیا اور اس کی محفوظ بنیاد ڈالی تو ہندوستان کے تمام حصص میں اس خیال کو ہر دلعزیز کرنے کا سہرا نواب محسن الملک ہی کے سر رہا۔ جن کی عجیب و غریب خداداد قابلیتوں نے ان کو بہ نسبت کسی اور شخص کے اس کام کے لئے زیادہ موزوں ثابت کیا۔ سن رسیدہ ہونے کے باوجود بھی وہ جس محنت و ذوق سے کالج کی امداد کے لئے ہندوستان میں دورہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸۸) اعلیٰ اعزاز کے عطا کرنے کے بغیر مرجانے دیا۔ لیکن اس بات سے کسی قدر اشک شوئی ہو جاتی ہے کہ اگر وہ زندہ رہتے تو اُن کے کاموں کی زیادہ مناسب طور پر قدر کی جاتی اور اس اطلاع سے مرحوم نواب کے دوستوں کو اطمینان ہوگا اور ہم کو بھی بین طور پر معلوم ہوگیا کہ اُن کا خاموش کام سرچشمۂ اعزازات پر فراموش نہیں ہوا۔

کرتے تھے یہ امر ہمارے دل میں ان کی عظمت و توقیر پیدا کرتا تھا اور پبلک میں دلچسپی پیدا کرنے میں ان کو جو کامیابی ہوئی اُس کا یہ بہترین اور بدیہی ثبوت ہے کہ کالج کو بڑے بڑے چندے دئے گئے اور ایسے دور و دراز کے مقامات سے جیسے کہ بمبئی اور رنگون جو ایک دوسرے سے اس قدر زیادہ فاصلہ پر واقع ہیں۔

ان کی یادگار قائم رکھنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی زیادہ موزوں تجویز نہیں ہو سکتی کہ آپ اپنے کالج اور اس کی عمارتوں میں مزید نشو و نما کے لئے سرمایہ جمع کریں اس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ آنے والی نسلیں ایک ایسے شخص کو یاد کریں گی جس کی جانفشانی اور جس کے پیدا کئے ہوئے جوش و خروش نے ایسی مصیبت کے وقت کالج کی جان بچائی جبکہ کوئی شخص جس میں اُن کی سی قابلیت موجود نہ تھی ایسی امداد نہیں پہونچا سکتا تھا جس قدر کہ اُنھوں نے کامیابی کے ساتھ پہونچائی۔

جو کچھ وعدہ میں کر سکتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب اس فنڈ کی امید افزا حالت ہو گی تو لوکل گورنمنٹ بھی فنانشل حالت کے لحاظ سے آپ کی مدد کرے گی۔ مجھے ویسرائے نے ہدایت کی ہے کہ آپ نے جو کام ہاتھ میں لیا ہے اُس کے ساتھ ہمدردی ظاہر کروں اور جس میں ہز ایکسلنسی خود عطیہ[۱] دیں گے اور مجھے بھی اس میں شرکت کرنے سے بہت خوشی ہو گی۔

---

[۱] ہز آنر اور ہز ایکسلنسی نے پانچ پانچ سو چندہ عطا کیا۔

محسن الملک

از

(مولوی عبدالحق صاحب بی اے۔ پروفیسر جامع عثمانیہ و معتمد انجمن ترقی اردو)

قدرت نے نواب محسن الملک مرحوم کو بہت سی خوبیاں عطا کی تھیں، وجاہت ذہانت، خوش بیانی اور فیاضی اُن کی ایسی عام اور ممتاز صفات تھیں کہ ایک راہ چلتا بھی چند منٹ کی بات چیت میں معلوم کرلیتا تھا۔ خطاب یا نام اٹکل سے رکھ دیئے جاتے ہیں مسمیٰ کی خصوصیات کا ان میں مطلق لحاظ نہیں ہوتا۔ نام رکھتے وقت تو ممکن ہی نہیں عطائے خطاب کے وقت بھی اس کا خیال نہیں کیا جاتا۔ لیکن محسن الملک کا خطاب ان کے لئے بہت ہی موزوں نکلا۔ ان میں پارس پتھر کی خاصیت تھی۔ کوئی ہو، کہیں کا ہو اُن سے چھوا نہیں اور کندن ہوا نہیں۔ اگر کسی نے سلام بھی کرلیا تو اُن پر اس کا بار رہتا تھا اور جب تک اس کا معاوضہ نہ کرلیتے انھیں چین نہ آتا۔ یہاں تک کہ وہ اپنے دشمن کو بھی نہیں بھولتے تھے اور یہ میں ذاتی علم سے کہتا ہوں کہ وہ بھی اُن کے زیر بار منت تھے۔ سیاسی مصلحتیں بعض اوقات اہل حکومت کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ اُن افراد کو جو اُن کی یا حکومت کی راہ میں حائل ہیں۔ دودھ کی مکھی کی طرح نکال کے پھینک دیں۔ مرحوم کو بھی کبھی کبھی ایسا کرنا پڑتا، لیکن اُنھوں نے اس ناگوار اور دل شکن کام کو اس خوبی اور سلیقہ سے کیا کہ مخالف ہونے پر بھی محسن الملک کو دعائیں دیتے گئے اور جب تک زندہ رہے اُن کے شکر گزار رہے۔

وہ جوہر قابل تھے مگر موقع کی تاک میں تھے۔ حیدرآباد میں اُن کی سیاست دانی تدبر انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ ریاستوں میں نوکری کرنا اور اپنی ذمہ داریوں سے

عہدہ برآ ہونا آسان نہیں۔ وہاں سازشوں، ترغیبوں اور پیچیدگیوں کا ایسا جال بچھا ہوتا ہے کہ بڑے بڑے تیز نظر اور ہوشمند بھی پھنسے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اور اگر کچھ کرنا ہے تو دانستہ یا نادانستہ، بالواسطہ یا بلاواسطہ پھنسنا ہی پڑتا ہے۔ البتہ فرق اتنا ہے کہ اکثر تو ذاتی اغراض کے لئے یہ سب جتن کرتے ہیں۔ مگر خاص خاص لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو ریاست کی بہبودی کی خاطر اپنا سر اوکھلی میں دیدیتے ہیں۔ ان چند مخصوص لوگوں میں نواب محسن الملک کا بھی شمار ہے۔ اس اکھاڑے میں اترنا اور نلوہ نکل آنا اصل حکمت اور تدبر ہے اور یہ کوئی محسن الملک سے سیکھتا۔ انھیں ان جھگڑوں میں پھنسنا پڑا، بعض اوقات کرہاً اور بعض اوقات طوعاً، لیکن اُنہوں نے کبھی ریاست کے مفاد کو ذاتی اغراض پر قربان نہیں کیا۔ وہ کوئلوں کی اس کوٹھری میں گئے مگر ہمیشہ بے داغ نکل آئے۔ لیکن باوجود اس قدر مدبر، ہوشمند اور شاطر ہونے کے آخر وہ خود بھی اسی کا شکار ہوئے۔

ریاستوں میں دوگونہ مصیبت ہوتی ہے۔ ایک اندرونی، دوسری بیرونی پچاس برس پہلے کا ذکر ہے اب رنگ بہت کچھ بدل گیا ہے، خودمختار حکومتوں میں ایک بڑا عیب یہ ہوتا ہے کہ ان میں سازشوں کی بہت گنجائش ہوتی ہے۔ ہر شخص کی (خواہ وہ کوئی ہو) یہ کوشش ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی طرح "سرکار" کو خوش کر لیا جائے جس سے "پیا" خوش اُسی کا راج۔ اس سعی میں رقابت شروع ہوتی ہے اور رقابت سے طرح طرح کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں کا سلسلہ چلتا ہے۔ اس کشمکش میں کذب و افترا، بہتان، مخبری، غرض کوئی ایسی کمینہ حرکت نہیں ہوتی جو حریف ایک دوسرے کے خلاف کام میں نہ لاتے ہوں۔ یہ ایک عجیب اسرار ہے جس کا سلسلہ شاخ در شاخ دُور دُور پہنچتا ہے اور عجیب رنگ میں ظہور پذیر ہوتا ہے اور ایسے حیرت انگیز نتائج پیدا ہوتے ہیں جن کا سان گمان بھی نہیں ہوتا۔ یہ بڑی طویل داستان ہے، اس

کی تفصیل کو دفتر درکار ہیں۔ اس کے لئے بعض لوگوں کے دماغ خاص طور پر موزوں ہوتے ہیں۔ یہاں علمی قابلیت اور فضیلت کام نہیں آتی، یہ کوچہ ہی دوسرا ہے بعض لوگ دیکھنے میں بالکل بدّھو معلوم ہوتے ہیں (اور ہوتے بھی ایسے ہی ہیں) لیکن بلا کے سازشی ہوتے ہیں اور اُن کا دماغ ان معاملات میں ایسا رسا ہوتا ہے کہ اُن کے کارنامے دیکھکر بڑے بڑے مدبّر اور قابل لوگ ششدر رہ جاتے ہیں۔ جس زمانے کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس میں یہ چیزیں خوب پھلتی پھولتی تھیں۔

یہ تو ہوئی ایک مصیبت اور اندرونی۔ اب دوسری مصیبت کا حال سنیئے جو بیرونی ہے۔ والئے ریاست اپنے علاقے کا حاکم با اختیار ہے، سیاہ و سفید کا مالک ہے، لیکن اس کے ساتھ ایک ایسی پخّر لگی ہوئی ہے، جس کے سامنے سارے اختیارات دھرے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک عجیب و غریب شخص ہوتا ہے، نہ صاحب اختیار ہے، نہ صاحب جاہ و منصب، نہ غیر معمولی قابلیت اور ذہانت رکھتا ہے، لیکن سب کچھ سمجھا جاتا ہے اور سب کچھ کر گزرتا ہے، یہ رزیڈنٹ بہادر ہیں۔ راج پاٹ تو "حضور" کا ہے لیکن اس کنکوّے کی ڈور "صاحب عالی شان بہادر" کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ یہاں بڑے بڑے مدعیوں کے دعوے باطل ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے مدبّروں کی تدبیریں بے سود ثابت ہوتی ہیں۔ "بڑے صاحب" کی نظر پھری تو ایک دُنیا پھر جاتی ہے بعض اوقات "رزیڈنسی" اور "پیلس" دو بڑی رقابت گاہیں ہو جاتی ہیں۔ پھر ایک طرف فارن آفس اور گورنمنٹ اور دوسری طرف ارکان ریاست اور مصاحبینِ حضور، ایک دوسرے سے اُلجھ جاتے ہیں۔ حسد اور رقابت "پر سٹیج" اور بات کی بیچ بیچ میں آ پڑتی ہے جس کی وجہ سے سازشوں کا بازار گرم ہو جاتا ہے اور ایسے پیچ پر پیچ پڑنے شروع ہوتے ہیں کہ اصل معاملہ تو الگ رہ جاتا ہے اور بات کچھ کی کچھ ہو جاتی ہے، بعض اوقات حالت ایسی نازک ہو جاتی ہے کہ حکومت تو

رہی ایک طرف، جان کے لالے پڑجاتے ہیں۔ اس پُرپیچ گتھی کو اس طرح سلجھانا کہ سانپ مرے اور لاٹھی نہ ٹوٹے، رزیڈنٹ بہادر بھی خوش رہیں، ریاست کے وقار کو بھی زیادہ صدمہ نہ پہونچے اور اصل معاملہ (جو کچھ بھی نہ تھا) اس طرح طے ہو جائے کہ طرفین کو کچھ عذر نہ ہو، ریاست کے انتظام میں سب سے بڑا کمال سمجھا جاتا ہے۔ یہ کمال نواب محسن الملک کا خاص حصّہ تھا۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے۔ بڑے بڑے مدبّران کا لوہا مان گئے تھے۔

یوں تو انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے نواب صاحب مرحوم کے احسانات حیدرآباد اور اہل حیدرآباد پر بے شمار تھے لیکن ریاست کے نظم و نسق میں چند چیزیں خاص اُن کی یادگار رہیں۔ مثلاً ریاست کا پہلا بجٹ نواب صاحب نے مرتب کیا اور یہ مصر کے بجٹ کے نمونے پر تھا جو وہاں انگریزی نگرانی کے بعد پہلی بار تیار ہوا تھا۔ بندوبست کا محکمہ بھی انھیں کا قائم کیا ہوا ہے جس نے اراضی کی پیمائش کا کام کیا۔ اس کے علاوہ فنانس اور مالگزاری میں بہت سی اصلاحیں کیں جن کی تفصیل کا یہ موقع نہیں، یہ اُن کے سوانح[۵] نویس کا کام ہے۔

حیدرآباد میں بڑے بڑے آئے اور گئے لیکن اب تک کسی کو وہ عام مقبولیت اور ہردلعزیزی حاصل نہیں ہوئی جو نواب محسن الملک کو ہوئی۔ ہمارے ملک میں خوشامدیوں کی کوئی کمی نہیں وہ ہر بڑے اور صاحب اقتدار آدمی پر اس طرح ٹوٹ کر گرتے ہیں جیسے شہد پر مکھیاں۔ لیکن سچ اور جھوٹ کا امتحان اس وقت

---

[۵] افسوس ہے کہ مؤلف اس دشوار راستہ کو طے نہ کر سکا۔

ہوتا ہے جب وہ بڑا آدمی اپنے اقتدار یا منصب سے محروم ہو جاتا ہے۔ نواب محسن الملک کی رخصت کے وقت حیدرآباد میں کہرام مچ گیا تھا اور ہزارہا آدمی کا ٹھٹھ اسٹیشن کے باہر اور اندر لگا ہوا تھا۔ سینکڑوں آدمی جن میں امیر غریب، بیوائیں اور یتیم سب ہی تھے، زار و قطار رو رہے تھے۔ وہ کیا چیز تھی جس نے چھوٹے بڑے سب کا دل موہ لیا تھا۔

جس زمانے میں نواب صاحب پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالا مسلمانوں میں مذہبی جذبہ بہت بڑھا ہوا تھا۔ اس کے متعدد اسباب تھے ان میں سے شاید ایک یہ بھی تھا کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈھتا ہے مسلمان دولت و اقبال، جاہ و ثروت سب کچھ کھو چکے تھے، ایک مذہب رہ گیا تھا اس لئے یہ انھیں اور بھی عزیز ہو گیا تھا۔ ذرا سی بدگمانی پر بھی اُن کے جذبات بھڑک اُٹھتے تھے۔ اس وقت شاید ہی کوئی ایسا مسلمان مصنف یا ادیب ہو جس نے مذہب پر قلم فرسائی نہ کی ہو۔ یہاں تک کہ وہ لوگ جنھیں مسلمان نیچری کہتے تھے اور اپنے خیال میں بد مذہب و بدعقیدہ سمجھتے تھے۔ ان کا اوڑھنا، بچھونا بھی مذہب تھا سرسید تو خیر ان کے سردار ہی تھے، ان کے حلقے کے دوسرے رکن بھی مثلاً نواب محسن الملک، حالی، مولوی مشتاق حسین، شبلی، چراغ علی، نذیر احمد وغیرہم خواہ کچھ ہی لکھتے لیکن تان مذہب ہی پر ٹوٹتی تھی۔ نواب صاحب مرحوم کو ابتدا سے مذہبی لگاؤ تھا، پہلے وہ میلاد پڑھتے اور وعظ کہتے تھے، نیچری ہونے پر لکچر دیئے اور مضامین لکھنے لگے لیکن ان سب کا تعلق کسی نہ کسی پہلو سے مذہب سے ہوتا تھا، ان کی ایک ہی تصنیف ہے جو خالص مذہبی ہے۔ ورنہ اس کے سوا اُن کی جتنی تحریریں ہیں وہ یا تو تعلیمی ہیں یا معاشرتی یا علمی۔ لیکن ان سب کا تعلق کسی نہ کسی نہج سے اسلام یا مسلمانوں سے ہے۔ گو وہ اُردو کے اعلیٰ درجے کے ادیبوں میں نہیں لیکن اُن کی

تحریر میں ادبیت کی شان ضرور پائی جاتی ہے۔ روانی، فصاحت، تسلسل بیان ان کے کلام میں نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ اگرچہ انگریزی نہیں جانتے تھے لیکن انگریزی کتابیں پڑھوا کر سُنتے اور ترجمہ کرا کر مطالعہ کرتے تھے۔ اُن کے مضامین میں مغربی خیالات کی ترجمانی صاف نظر آتی ہے۔

تقریر کے وقت مُنہ سے پھول جھڑتے تھے۔ آواز میں شیرینی اور دلکشی تھی، اکثر لوگ جو اُن سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو اُن کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو کے جاتے۔ ان کی خوش بیانی ایسی تھی کہ اکثر اوقات مخالف بھی مان جاتے تھے۔ دکن میں رہتے رہتے اور بعض امراض کی وجہ سے بھی وہ شدید موسم کی برداشت نہیں کر سکتے تھے، ایسے زمانے میں وہ بمبئی چلے آتے تھے۔ بدرالدین طیب جی، سر سید احمد خاں کے مشن اور علی گڑھ کالج کے بہت مخالف تھے، ایک دن نواب صاحب نے بدرالدین طیب جی سے ایسی فصیح اور پُر درد تقریر کی کہ دونوں آبدیدہ ہوگئے اور تھوڑی سی دیر میں اُن کی دیرینہ مخالفت کو ہمدردی سے بدل دیا اور ایک گراں قدر عطیہ کالج کے لئے اُن سے وصول کر لیا۔ بمبئی میں جب آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس ہوا تو اس کے صدر بھی بدرالدین طیب جی ہوئے۔ بڑے بڑے جلسوں میں جب معاملہ بگڑنے لگتا اور یہ اندیشہ پیدا ہو جاتا کہ کہیں جلسہ درہم برہم نہ ہو جائے تو اُس وقت نواب صاحب کی خوش بیانی، فصاحت اور ظرافت جادو کا کام کر جاتی تھی اور منغض اور مکدّر چہرے بشّاش اور شگفتہ ہو جاتے تھے۔ ان کی باتوں اور تقریروں میں ظرافت کی چاشنی بڑا مزہ دیتی تھی۔ باتوں میں ظرافت کبھی کبھی شوخی کی حد تک پہونچ جاتی تھی۔

دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح سے ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی ان کا کام

کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی ان کا حسن سلوک ایسا تھا کہ وہ اُن کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

آدمی کے پہچاننے میں اُنھیں خاص ملکہ تھا۔ تھوڑی سی ملاقات اور بات چیت میں آدمی کو پوری طرح بھانپ لیتے تھے۔ اُن کے ملنے والے بُرے اور بھلے ہر قسم کے آدمی تھے۔ دنیا نیکوں ہی کے لئے نہیں اس میں بدوں کا بھی حصّہ ہے اور شاید دنیا کی بہت کچھ رونق اُنھیں کے دم سے ہے۔ وہ دونوں سے کام لیتے تھے۔ مدبّرین اور سیاست دانوں کو طرح طرح کی ضرورتیں پیش آتی ہیں اور قسم قسم کے لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ کبھی ایسا وقت آپڑتا ہے کہ بدمعاشوں سے کام لیئے بغیر چارہ نہیں ہوتا۔ لیکن کمالِ تدبّر اس میں ہے کہ اُن سے کام تو لیا جائے لیکن اُنھیں قابو پانے کا موقع نہ دیا جائے۔ نواب صاحب اس فن کے اُستاد تھے۔ وہ بدمعاش سے کام لیتے تھے لیکن یہ سمجھ کر کہ وہ بدمعاش ہے اور ہمیشہ کوئی نہ کوئی بات اُس کی اپنے ہاتھ میں ایسی رکھتے کہ وہ سر نہ اُٹھا سکتا اور اُسے اُن کی اس کمزوری سے فائدہ اُٹھا کر اُن پر قابو پانے کا موقع نہ ملتا۔

اُن کا ذوق نہایت نفیس اور پاکیزہ تھا۔ رہنے سہنے، کھانے پینے، پوشاک غرض ان کی ہر چیز میں نفاست پائی جاتی تھی۔ جن لوگوں نے حیدرآباد میں نواب صاحب کی کوٹھی (جو اب بھی کوٹھی محسن الملک کہلاتی ہے) دیکھی تھی وہ اس کی داد دے سکتے ہیں۔ مسلمانوں میں مغربی معاشرت کی شیفتگی سرسید مرحوم کی بدولت پیدا ہوئی۔ یہاں اس سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں کہ اس سے اُن کا کیا منشا تھا اور اُن کا یہ خیال کن مصالح پر مبنی تھا لیکن یہ بلا آئی انھیں دنوں اور انھیں کی بدولت مسلمانوں کو اسراف کا ایک اور بہانہ مل گیا۔ اس معاملہ میں سرسید کے سب سے بڑے

اور اوّل معتقد اور خلیفہ نواب محسن الملک تھے۔ ان کی دیکھا دیکھی دوسروں پر بھی
وہی رنگ چڑھ گیا۔ ان بزرگوں نے ہر چند لباس کی تراش خراش، مکانوں کی سجاوٹ
اور بود و باش کے طریقے میں انگریزی تقلید کی، لیکن کھانا ان کا وہی ہندوستانی رہا
اسے نہ بدل سکے۔ یہ چٹخارے انگریزی کھانوں میں کہاں ؟ نواب صاحب کھانے کے
بڑے شوقین تھے اور بہت نفیس اور عمدہ کھانا کھاتے تھے۔ اُن کے کھانے بہت مُرغّن
ہوتے تھے۔ حیرت اس بات کی تھی کہ ایسے کھانے بغیر کسی ورزش وغیرہ کے وہ کیونکر
ہضم کر لیتے تھے۔ یہی حال نواب عماد الملک مرحوم کا تھا۔ انھیں بھی کھانے کا بہت
شوق تھا۔ یہ لوگ کھانے کے عیب و ہنر کو بھی خوب پرکھتے تھے۔ اِسی شوق کی بدولت
وہ باورچیوں کی بڑی نازبرداری کرتے تھے۔ اُن کا باورچی جہانگیر تھا، یہ بھی اُستاد
کا تھا، پہلے اس کا باپ یہ کام کرتا تھا وہ ضعیف ہو گیا تو جہانگیر اس کی جگہہ آ گیا،
خوب کھانا پکاتا تھا۔ اس کے ہاتھ میں مزہ تھا۔ مگر بڑا ہی گستاخ اور بدمزاج تھا،
ایک دن اس نے نہایت گستاخانہ اور نا ملائم کلمات نواب صاحب سے کہے۔ نواب
صاحب خفا ہو کر اوپر چلے گئے۔ تیسرے پہر کو جب وہ نیچے آئے تو اُن کے ایک نیازمند
نے عرض کیا "کیا افسوس کی بات ہے! ایسے کھانے سے تو فاقہ بہتر ہے" فرمانے لگے
"ارے میاں تم کیا جانو یہ گالیاں نہ تھیں میٹھی تھی۔

ایک روز نہ معلوم کیا بات ہوئی وہ خفا ہو کر چل دیا۔ اب نواب صاحب سے
کھانا نہیں کھایا جاتا۔ بیگم صاحب نے طرح طرح کے کھانے پکائے، مگر جہانگیر کی بات کہاں
بمبئی سے غدار شہر میں ایک سے ایک بڑھ کر ہوٹل اور رستران، مگر کہیں کا کھانا پسند
نہ آیا۔ آخر سو روپے کا منی آرڈر تار پر بھجوا دیا اور جہانگیر کو بلوایا، تب لقمہ حلق سے
اُترا، کھانے کا شوق ہو تو ایسا ہو!

بمبئی ہی کا ذکر ہے کہ ایک باورچی نواب صاحب کا نام سُن کر حاضر ہوا۔ نواب

صاحب نے پوچھا، کیا کیا پکانا جانتے ہو۔ کہنے لگا، چپاتی اور قورمہ۔ نواب صاحب نے کہا بس! تو کیا جواب دیتا ہے کہ اصل کھانا تو یہی ہے، باقی سب نوابوں کے نخرے ہیں۔

نواب صاحب کو مطالعہ کا بہت شوق تھا۔ اخبارات اور اُردو، فارسی، عربی کتابیں برابر پڑھتے رہتے تھے، انگریزی کے اخبارات اور مضامین بھی پڑھوا کر سُنتے تھے۔ انگریزی کی ایسی کتابیں جو اُن کے مذاق کی ہوتی تھیں اُن کا ترجمہ کرا کر پڑھتے اور بحث کرتے تھے۔ ان کے کتب خانے میں فارسی، عربی اور انگریزی کی اعلیٰ درجے کی کتابیں تھیں۔

سرسید کی وفات کے قریب زمانے ہی میں اُردو کی مخالفت کا آغاز ہو گیا تھا اگرچہ سرسید کی حالت اس وقت نازک تھی تو بھی اس جواں ہمت بڈھے نے اس کے متعلق لکھا پڑھی شروع کر دی تھی۔ محسن الملک کے زمانے میں اس مخالفت نے اور زور پکڑا۔ اُردو کی حفاظت اور حمایت کے لئے ایک انجمن قائم کی گئی جس کا ایک عظیم الشان جلسہ لکھنؤ میں ہوا۔ اس میں نواب محسن الملک نے بڑی زبردست اور پرجوش تقریر کی، جس کا لوگوں پر بڑا اثر ہوا اور جوش کی ایک لہر پھیل گئی۔ سر انٹونی میکڈانل اس وقت لفٹننٹ گورنر تھے، وہ ہندی کے بڑے حامیوں میں سے تھے۔ اس نے کچھ ایسی دھمکی دی کہ نواب صاحب کو اس سے دست بردار ہونا پڑا اور انجمن ٹوٹ پھوٹ کے رہ گئی۔ ان کی یہ کمزوری نہایت قابل افسوس ہے، لیکن اندیشہ یہ تھا کہ اگر انہوں نے اس پر اصرار کیا تو انھیں کالج کی سکرٹری شپ سے سبکدوش ہونا پڑیگا۔ کالج کی حالت اس وقت بہت نازک تھی، اس لئے مصلحت اس میں سمجھی کہ اُردو کی حمایت سے دست بردار ہو جائیں۔ تاہم اُن کی یہ کارروائی بے اثر نہ رہی۔

نواب محسن الملک اُسی شاہ راہ پر گام زن رہے جس کی داغ بیل سرسید ڈال

گئے تھے۔ سید کے بعد محسن الملک نے اُن کے کام کو جس طرح سنبھالا، نبھایا اور بڑھایا یہ انھیں کا کام تھا۔ اُن کے بعد کوئی اُن کی یادگار بنائے یا نہ بنائے، محسن الملک کا کام اُن کی سب سے بڑی یادگار رہے۔

تعلیق صفحہ ۱۶۶

شملہ ڈپوٹیشن

سیاسیات ہند میں مسلمانوں کا سیاسی مطالبہ اس کے لئے ڈپوٹیشن کی ترتیب اڈریس کی تیاری اور پیشی نہایت اہم واقعہ ہے اس نے مسلمانوں میں سیاسی حقوق کا خیال پیدا کیا ان کے سیاسی جمود اور ان کی سیاسی مہر سکوت کو توڑا - اور ہندوستانی سیاسیات میں اُن کی ایک منظم جماعت بنادی، لیکن اس واقعہ کا تمام تر تعلق نواب محسن الملک کی ذات سے ہے ان کے سوانح یا تذکرہ میں ضرورت تھی کہ اس واقعہ کو مناسب تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے۔ مؤلف نے اس کے مواد فراہم کرنے میں بہت کوشش کی مسٹر آرچبولڈ سے بھی مراسلت کی۔ لیکن ناکامی ہوئی۔ مجبوراً اسی مواد پر جو اخبارات سے حاصل ہوا قناعت کرنی پڑی، اب اس نوبت پر کہ کتاب بالکل تیار ہو چکی تھی، عزیز مکرّم مولوی حاجی محی الاسلام صاحب زبیری بی اے (علیگ) اکسائز انسپکٹر سے غیر متوقع طور پر چند گھنٹوں کے لئے ملاقات ہوگئی وہ ۱۹۰۵ء سے جنوری ۱۹۰۷ء تک نواب محسن الملک کے پرسنل اسسٹنٹ تھے اور اس ڈپوٹیشن کی تمام کارروائی ان ہی کے ہاتوں سے ہوئی تھی ان کے پاس بعض اہم یادداشتیں بھی تھیں جو ایک چوری کے سلسلہ میں تلف ہو گئیں مؤلف نے ان سے درخواست کی کہ اپنے حافظہ کی مدد سے ان واقعات کو لکھوا دیں اور اُنہوں نے مہربانی سے اس مختصر صحبت میں یہ واقعات بیان کئے جو مؤلف نے اسی وقت قلمبند کر لئے اور چونکہ ابھی موقع تھا کہ آخر کتاب میں یہ بیان شامل ہو سکے اس لئے بطور تعلیق پیش کیا جاتا ہے۔

امید ہے کہ ناظرین مؤلف کے شریک ہو کر حاجی صاحب موصوف کے شکر گزار ہوں گے

نواب محسن الملک کی عادت تھی کہ وہ صبح کو بستر پر ہی روزانہ اخبارات میں سے کوئی اچھا انگریزی اخبار مطالعہ کر لیتے اور پھر مختلف اوقات میں جتنے اخبار آتے

سب پر نظر ڈال لیتے وہ اگرچہ عملاً سیاسیات سے علیحدہ تھے لیکن دنیا کے سیاسی حالات اور خاص کر ہندوستان کے پولیٹیکل معاملات سے پوری طرح باخبر رہتے تھے۔

جولائی یا اگست ۱۹۰۶ء کا مہینہ تھا وہ بمقام بمبئی واٹسن ہوٹل میں مقیم تھے ان کے کمرہ سے بالکل ملا ہوا ڈرائنگ روم تھا جس میں متعدد روزانہ اخبارات علی الصباح آجاتے تھے ان کا معمول تھا کہ آنکھ کھلتے ہی وہاں سے اخبار منگوا کر لیٹے لیٹے دیکھ لیتے۔ چنانچہ ایک صبح کو حسب معمول اخبار دیکھا جس میں لارڈ مارلے وزیر ہند کی بجٹ اسپیچ تھی، دیکھتے ہی مجھے طلب کیا، میں قریب کے دوسرے کمرہ میں تھا مجھے وہ مضمون پڑھنے کو دیا اور جوں ہی میں نے ختم کیا انہوں نے مسٹر آرچبولڈ کو ایک چٹھی لکھوانی شروع کی، وہ اس وقت شملہ میں تعطیل کا زمانہ گذار رہے تھے، چٹھی کا ماحصل یہ تھا کہ وہ کرنل ڈنلاپ اسمتھ (ویسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری) سے فوراً ملیں اور ان پر یہ ظاہر کریں کہ مسلمانان ہند ایک ڈپوٹیشن کے ذریعہ سے ویسرائے کے حضور میں اپنے سیاسی حقوق کے متعلق مطالبات پیش کرنا چاہتے ہیں، اور اس کا جلد جواب دیا جائے۔ اس چٹھی کو لکھواتے وقت معلوم ہوتا تھا کہ نواب صاحب کے دماغ میں ان ہی چند منٹوں کے اندر ایک مکمل اسکیم مرتب و تیار ہو گئی ہے۔

تیسرے روز صاحبزادہ آفتاب احمد خانصاحب (مرحوم) کا ایک خط علی گڑھ سے موصول ہوا جس کا مضمون یہ تھا کہ فلاں تاریخ کے اخبار میں لارڈ مارلے کے اسپیچ متعلق رفارم شائع ہوئی ہے اس کو غالباً آپ نے دیکھا ہوگا۔ اگر نہ دیکھا ہو تو اب دیکھ لیجئے اور مسلمانان ہند کو اس کے متعلق جد وجہد کرنی چاہئے اس خط میں کوئی اسکیم یا تجویز نہ تھی بلکہ وہ ایک قسم کا حکم نامہ تھا اس کو پڑھتے ہوئے صاف طور پر ان کے چہرہ سے ناگواری اور طبیعت کی کبیدگی معلوم ہوتی تھی۔

صاحبزادہ صاحب کی تحریروں میں عموماً ایسا ہی طرز ہوتا تھا اور ہمیشہ نواب صاحب

کو اُن سے تکلیف ہوتی تھی لیکن وہ اپنے تحمل و بردباری سے انگیز کرتے رہتے تھے البتہ کبھی کبھی مجھ پر یا خاص دوستوں پر ظاہر کر دیتے تھے چنانچہ اس وقت بھی وہ ضبط نہ کر سکے اور مجھ سے اس کا اظہار کیا۔

مسٹر آرچبولڈ کو خط لکھنے کے بعد تمام صوبوں کے مشاہیر کے نام خطوط لکھوائے اور ایک آل انڈیا ڈیپوٹیشن کی تجویز پیش کی۔

مسٹر آرچبولڈ نے گفتگو کر کے فوراً جواب دیا جس سے یہ تو معلوم ہو گیا کہ وہ سرائے ڈیپوٹیشن منظور کرنے کو آمادہ ہیں اور مفصل خط کا انتظار رہا۔

اس دوران میں ہر جگہ سے نواب صاحب کے خطوط کے تائیدی جوابات موصول ہو گئے۔

مسٹر آرچبولڈ نے (۱۰ اگست) کو مفصل خط بھیجا جو طبع کرا کے بصیغۂ راز خاص خاص اصحاب کے پاس بھیجا گیا۔

ایڈرس لکھنے کے لئے نواب صاحب نے مولوی سید حسین بلگرامی (نواب عماد الملک) کو منتخب کر کے خط لکھا اور جب اُنہوں نے آمادگی ظاہر کی تو مجھے حکم دیا کہ کل مواد لے کر میں حیدرآباد فوراً روانہ ہو جاؤں اور ایڈرس لکھوا کر لاؤں، میں تیار ہو رہا تھا کہ نواب عماد الملک نے خود اپنے آنے کی اطلاع تار سے دی۔

چنانچہ وہ بمبئی تشریف لائے، نواب محسن الملک روزانہ صبح کو ان کے پاس اُن کی جائے قیام پر جاتے۔ باہمی تبادلہ خیالات ہوتا اور نواب عماد الملک مجھکو لکھواتے کسی دن ایک اور کسی دن دو فقرے لکھے جاتے، کافی پیر د کافی بنانے کا خاص چولھا) پاس رکھا رہتا، وہ خود اپنے ہاتھ سے کافی بناتے، پلاتے اور پیتے رہتے۔ نواب عماد الملک مرحوم کی عادت تھی کہ وہ ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر یا ٹائپ کئے ہوئے مسودہ پر نہیں بلکہ چھپ جانے کے بعد مضمون پر نظر ثانی کرتے تھے۔ غرض کہ جو کچھ دو ڈھائی گھنٹہ میں لکھا جاتا

اس کو میں بمبئی گزٹ کے پریس میں طبع کرا کے شام تک ان کی خدمت میں حاضر کر دیتا پھر اس پر نظر ثانی کرتے لیکن بہت ہی کم دوبارہ اصلاح کی نوبت آتی، اس طرح تقریباً ایک ہفتہ میں ایڈرس مکمل ہوا۔

یہ زمانہ وہاں پریسوں کی بڑی مشغولیت کا تھا ٹائمز پریس نے دو صفحہ کی طباعت کے لئے پندرہ دن کی مہلت چاہی تھی اور کوئی پریس روزانہ اس کام کے کرنے پر آمادہ نہ تھا مگر بمبئی گزٹ کے منیجر مسٹر ٹیلنٹ چوں کہ نواب محسن الملک کے بڑے دوست تھے راضی ہو گئے، ایڈرس کی تین سو کاپیاں تیار ہوئیں اور کانفیڈنشل طور پر ہر صوبہ کے مشاہیر کو بھیجی گئیں۔

یہ کام اگرچہ نہایت رازداری اور سخت احتیاط کے ساتھ ہو رہا تھا لیکن ہندو سیاسین کو کسی طرح اس کا پتہ چل گیا اور انہوں نے اخبارات میں یہ اطلاع بھی شائع کر دی کہ مسلمان ایک ڈپوٹیشن لے جانا چاہتے ہیں اُن کے ایڈرس کا انتظار ہے، ساتھ ہی بعض لوگ اس کی ایک کاپی حاصل کرنے کے لئے کافی رقم صرف کرنے پر آمادہ تھے لیکن ایک کاپی بھی کہیں سے اُن کو نہ مل سکی، اس معاملہ کے متعلق جو صدہا تحریریں مشاہیر کے پاس بھیجی گئیں ان سے سب ہی نے لفظ بہ لفظ اتفاق کیا۔

البتہ ایک سخت دشواری یہ پیش آگئی تھی کہ مشرقی بنگال والے اور خصوصاً (نواب سر) خواجہ سلیم اللہ خاں اور (سر) نواب علی چودھری کی زبردست خواہش تھی کہ ایڈرس میں تقسیم بنگال کے متعلق ضرور تذکرہ ہونا چاہیئے اور اس امر کی خواہش کا اظہار ضروری ہے کہ گورنمنٹ اس تقسیم پر قائم رہے اگر یہ خواہش منظور نہ کی گئی تو ڈپوٹیشن میں مشرقی بنگالہ کی نمایندگی نہ ہوگی، ادھر پنجاب سے (سر) محمد شفیع اور (مسٹر جسٹس) شاہ دین نے اس امر پر اصرار کیا تھا کہ کوئی اختلافی مسئلہ ایڈرس میں شامل نہ کیا جائے اور اگر شامل کیا گیا تو پنجاب سے کوئی ممبر شریک نہ ہوگا۔ نواب محسن الملک نے ابتدا میں ہی

نواب عماد الملک پر یہ ظاہر کر دیا تھا کہ کوئی ایسا مسئلہ جس پر ہندوؤں کو اختلاف کا موقع ہو اڈریس میں نہ آنا چاہیئے اور کوئی حملہ کسی فرقہ پر نہ ہو۔ ہمارا ایڈریس صرف اپنے مطالبات حقوق تک محدود رہے، لیکن چوں کہ دو صوبوں کے درمیان یہ شدید بحث پیدا ہو گئی تھی اس لئے وہ کچھ متردد ہوئے مگر انہوں نے اس کا حل بھی فوراً سوچ لیا۔ اور لکھنو میں ایڈریس پر غور و بحث کرنے کے لئے ایک جلسہ شوریٰ کے انعقاد کی تجویز کر لی۔

یہ اُن کی خاص صفت تھی کہ مشکل سامنے آتے ہی فوراً اس کا حل بھی سامنے آجاتا تھا۔ چنانچہ لکھنؤ میں جب یہ جلسہ زیر صدارت مسٹر عبدالرحیم صاحب (حالی سر عبدالرحیم صدر لیجسلیٹو اسمبلی) منعقد ہوا تو طے ہو گیا کہ تقسیم بنگالہ کا تذکرہ مناسب نہیں اور یہ اس خوبصورتی سے طے ہوا کہ مشرقی بنگالہ کے نمایندے مطمئن اور راضی ہو گئے۔

اب ایک سوال ڈپوٹیشن کے ممبروں کا انتخاب اور دوسرا ڈپوٹیشن کی قیادت کا سامنے تھا۔ قیادت کے لئے ہر صوبہ سے کئی کئی اصحاب امیدوار تھے اور اسی طرح کئی ڈپوٹیشن کی ممبری کے لئے بھی، نواب محسن الملک نے ممبری کے مسئلہ کو اپنی ذاتی رائے اور تجربہ سے لوگوں کو منتخب کر کے ختم کر دیا اور اتنے اہم معاملہ میں کسی شخص نے کوئی عذر یا احتجاج نہیں کیا۔ قیادت کا معاملہ اس سے زیادہ نازک تھا۔ مسلمان فرماں روایان ہند میں کسی کا انتخاب ممکن نہ تھا ان کے بعد ہز ہائینس سر آغا خاں کی ہی ایک ایسی شخصیت تھی جس پر کسی کو اعتراض نہ ہوتا لیکن وہ ہندوستان میں موجود نہ تھے اور گو اُن کی واپسی کی خبر تھی مگر وقت سے اطلاع نہ تھی اور ڈپوٹیشن کی پیشی کو بہت تھوڑا عرصہ باقی رہ گیا تھا، جہاں تک میں نے قیاس کیا انہوں نے یہ تجویز کر لیا تھا کہ نواب عماد الملک کو ممبر کر کے ڈپوٹیشن کی قیادت کے لئے مناسب وقت پر منتخب کرا لیا جائے گا اور یہ یقین تھا کہ ان پر سب متفق ہو جائیں گے لیکن ہز ہائینس نظام ثانی نے اُن کو ممبر ہونے کی اجازت نہ دی۔ یہ تردد ہی تھا کہ لکھنؤ میں مولوی (سر) رفیع الدین بار ایٹ لا کا تار بمبئی سے موصول ہوا کہ

ہز ہائینس براہ کولمبو چین تشریف لئے جا رہے ہیں اور کولمبو میں اُن کا جہاز چند روز ٹھیرے گا اسی وقت باوجودیکہ اس محنت سے نواب صاحب کا دس پونڈ وزن گھٹ گیا تھا اور صحت پر سخت اثر تھا۔ موسم بھی تکلیف دہ تھا لیکن وہ فوراً بمبئی روانہ ہوگئے اور وہاں مولوی رفیع الدین کے مشورہ سے ہز ہائینس کو ایک مفصل تار روانہ کیا اور ان سے درخواست کی۔ کہ وہ فوراً ہندوستان آکر اس ڈیپوٹیشن کی قیادت کریں، ساتھ ہی ایڈرس کی ایک کاپی اور ضروری اطلاعات بذریعہ ڈاک روانہ کی گئیں۔

ہز ہائینس نے فوراً منظوری کی اطلاع دی اور اُن کے آنے سے تین چار دن پہلے ڈیپوٹیشن کے ممبر شملہ میں جمع ہوگئے ہز ہائینس جہاز سے اُتر کر براہ راست شملہ روانہ ہوئے اور درمیانی اسٹیشنوں سے ایڈرس کے متعلق بذریعہ تار اپنے مشورے بھیجتے رہے، معلوم ہوتا ہے کہ اسی سفر کے دوران میں اُنہوں نے ایڈرس پر غور کرنا شروع کیا تھا ان مشوروں میں اہم مشورہ یہ تھا کہ ایڈرس میں مسلم یونیورسٹی کا مطالبہ اضافہ کیا جائے چنانچہ پھر شملہ میں ایک میٹنگ ہوئی اور غور کے بعد یہ مطالبہ شامل کیا گیا۔ حالاں کہ ہز اکسیلنسی کے پاس ایڈرس کی کاپی جا چکی تھی۔

ہز ہائینس ڈیپوٹیشن کی باریابی سے ایک دن پہلے شملہ پہونچے اور اُسی دن شام کو میں نے اپنے قلم سے آخری کاپی تیار کی جو پرائیویٹ سکریٹری کے پاس بھیجی گئی۔

چوں کہ کرنل ڈنلاپ اسمتھ پر نواب محسن الملک کا خاص اثر تھا اور وہ نواب صاحب کا بڑا احترام کرتے تھے اس لئے ان معاملات میں بڑی آسانیاں حاصل ہوگئی تھیں جو دوسری صورت میں ممکن نہ تھیں۔

اُس زمانہ کی اور نیز آج کل کی بھی ذہنیت کے لحاظ سے یہ واقعہ قابل بیان ہے کہ نواب محسن الملک نے ایڈرس پیش ہونے سے قبل کرنل ڈنلاپ اسمتھ سے کہا کہ ایڈرس کی پیشی اور جواب تو ایک ضابطہ کی تکمیل ہوگی ضرورت یہ ہے کہ ڈیپوٹیشن کے ممبروں کو

فرداً فرداً ہز اکسلنسی سے ملاقات اور تبادلہ خیال کا موقع دیا جائے۔

کرنل نے جواب دیا کہ یہ ناممکن ہے کیوں کہ ویسرائے کے پروگرام میں قطعی گنجائش نہیں، یکم کو ڈپوٹیشن پیش ہوگا اور ۲ کو ویسرائے شملہ سے روانہ ہو جائیں گے، تبادلہ خیالات کے متعلق تو صرف آپ ہی خاص شخص ہیں اس لئے آپ کی ملاقات کا انتظام کسی نہ کسی طرح میں کردوں گا اور آپ ہی ڈپوٹیشن کے سکرٹری اور بانی بھی ہیں۔

نواب محسن الملک نے جواب دیا کہ میں بھی اور ممبروں کی طرح ایک ممبر ہوں، میں نہ اس کا بانی ہوں اور نہ سکرٹری، یہاں یہ خیال رکھنا چاہیے کہ انہوں نے کہیں بھی ضابطہ سے اپنا نام سکرٹری اور بانی کی حیثیت سے ظاہر نہیں کیا اور نہ اپنے لئے دیگر ممبران سے کوئی امتیاز رکھا۔ اس گفتگو میں نواب صاحب نے یہ بھی کہا کہ اگر میری ملاقات کا انتظام ہوا تو دوسروں کو شکایت کا موقع ملے گا۔ جب کرنل ڈنلاپ اسمتھ نے ممبروں کی ملاقات کے انتظام سے معذوری ظاہر کی تو نواب صاحب نے مشورہ دیا کہ اگر اس عرصہ میں ویسرایگل لاج میں کوئی پارٹی وغیرہ ہو تو اس میں سب کو مدعو کر لیا جائے۔ کرنل کو یہ تجویز بہت پسند آئی اور اگرچہ نہ پروگرام میں گنجائش تھی اور نہ کوئی پارٹی وغیرہ ہی ہونے والی تھی۔ لیکن انہوں نے نواب صاحب کا شکریہ ادا کرکے یکم اکتوبر کو ہی پارٹی کا انتظام کرا دیا اور اس طرح ہر ممبر کو ایک ہی حیثیت سے ویسرائے اور کمانڈر انچیف سے ملاقات کا موقع مل گیا۔

یہ ڈپوٹیشن اور یہ ایڈریس اور جواب اور پارٹی تو رسمی باتیں تھیں ان سے فارغ ہو کر یکے بعد دیگرے دو ہی دن میں تمام ممبر روانہ ہو گئے لیکن نواب محسن الملک وہیں ٹھیر گئے اور ان تمام ممبروں میں سے دسرا علی امام کو بھی روک لیا اور ان کو ساتھ لے کر دوسرے دن سے اگزیکٹو کونسل کے ممبروں سکرٹریوں اور دوسرے عہدہ داروں سے ملاقاتیں کیں اور اپنے حقوق و مطالبات کی اہمیت سب کے ذہن نشین کی۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ کے

بعد بنگال میں شرف الدین پنجاب میں شاہ دین اور یو۔ پی میں کرامت حسین ہائیکورٹ کی کرسی پر نظر آگئے اور پھر عرصہ تک جو اصحاب کہ ممتاز عہدوں پر مامور ہوئے ان میں اسی ڈپوٹیشن کے ممبروں کا زیادہ حصّہ تھا۔

نواب محسن الملک نے اینگلو انڈین اخبارات کی تائید بھی حاصل کی اور مسٹر گریبل[۱] سے جو متعدد اخبارات کے زبردست مضمون نگار تھے۔ اس موضوع پر خاص مضامین لکھوائے۔

اسی زمانہ میں جب کہ ایڈرس وغیرہ کی تیاری ہو رہی تھی "ٹائمز آف انڈیا کا نیا ایڈیٹر مسٹر لوورٹ فریزر Lovat Fraser مقرر ہو کر انگلستان سے آئے تھے، نواب صاحب نے ان سے وقت مقرر کر کے ملاقات کی تاکہ وہ اس اخبار کی ہمدردی حاصل کریں۔ چنانچہ وہ مجھے ساتھ لیکر ملنے گئے مسٹر لوورٹ نے چند سوالات پہلے سے ہی تیار کر لئے تھے، ملاقات ہوتے ہی اس نے ان کو شروع کیا۔ سوال سمجھنے میں تو نواب صاحب کو کوئی دقت ہی نہ تھی وہ بلا تکلف جواب کو اُردو میں مجھسے کہتے اور میں انگریزی میں ترجمہ کر دیتا ان سوالات میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ "اگر برٹش حکومت اور ٹرکی میں جنگ ہو تو مسلمانانِ ہند کس کا ساتھ دیں گے" اب آپ موقع اور حالات کی نزاکت کا تصور کیجئے اور پھر دیکھئے کہ اس کا جواب اور وہ بھی برجستہ یہ تھا کہ ہاتھ برٹش حکومت کے ساتھ اور دل ٹرکی حکومت کے ساتھ ہونگے۔

میں نے نواب صاحب کے پاس دو سال تک ہر وقت حاضر رہ کر کام کیا اور ہر موقع پر دیکھا کہ وہ نہایت شفیق مہربان جوہر شناس اور ہر مشکل کو حل کرنے کے لئے آمادہ ہیں سیاسی مطالبات کا خیال اور اس ڈپوٹیشن کی ترتیب ہی اُن کی شخصیت کے مرتبۂ عظیم کو نمایاں کر رہی ہے۔

---

[۱] یہ ایک ریٹائرڈ جج تھے اور حیدرآبادی معاملات میں اکثر زور قلم سے اثر ڈالا کرتے تھے۔

الف

ضمیمہ

محسن الملک میموریل کی تجاویز اور اُن کا نتیجہ

(۱)

نواب محسن الملک کی تدفین کے بعد ہی شام کو مقامی اصحاب کا ایک جلسہ ماتمی منعقد ہوا جس میں یادگار قائم کئے جانے کے متعلق پُرجوش تقریریں ہوئیں اور طے پایا کہ "یادگار کی شکل ایسی ہونی چاہئے کہ اس سے ایک طرف یونیورسٹی کا مقصد حاصل ہو دوسری طرف کالج کی کوئی اہم ضرورت پوری ہوتی ہو نیز اس سے کالج کو کوئی مالی فائدہ پہنچے" چنانچہ ایک وسیع پختہ بورڈنگ ہاؤس بنانا تجویز ہوا جس کی آمدنی سے کالج میں پروفیسر شپ قائم ہوں، ایک لاکھ روپیہ سرمایہ عمارت قرار دیا گیا اور میموریل فنڈ کمیٹی قائم ہوگئی پھر ۲۷ اکتوبر کو کمیٹی نے تین لاکھ روپیہ سرمایہ قرار دیا اضلاع میں کمیٹیوں کا قیام اور بڑے بڑے مقامات میں وفود کا بھیجا جانا طے ہوا انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں یادگار کی شان اور ضرورت پر توجہ دلاتے ہوئے تنبیہ کی گئی کہ "اگر نوحہ خوانی پر بس کی گئی اور مرحوم کی قومی خدمات کی احسان مندی کا عملی ثبوت نہ دیا گیا اور اُن کی مفید یادگار قائم کرنے میں غفلت یا تاخیر کی گئی تو اس میں ذرا شک نہیں ہے کہ موجودہ نسل پر آنے والی نسل ملامت کرے گی اور اس زمانہ کے مسلمانوں کی ناقدری اور محسن فراموشی ہمیشہ یادگار رہے گی"۔ گزشتہ ۱۹۰۶ء میں حالت قحط رونما ہوگئی اس بنا پر "تجربہ کار[1] ہمدردان قوم نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر اس وقت میں چندہ کھولا جاوے گا تو نتیجہ یہ ہوگا کہ جہاں سے ایک ہزار کی توقع ہوسکتی ہے وہاں سے سو روپیہ کی

---

[1] مکاتیب حصہ دوم صفحہ ۱۲۰-

رقم کا ملنا بھی مشکل ہوگا اور یہ ایک بڑا نقصان اس لئے برداشت کرنا پڑے گا کہ ہم نے مناسب وقت کا خیال نہ کرکے عجلت سے کام شروع کیا۔"

لیکن وقت مناسب آتے ہی دسمبر ۱۹۰۶ء میں بہ اجلاس کانفرنس منعقدہ امرتسر تحریک چندہ پیش ہوئی بہت سے وعدے حاصل ہوئے اور پھر ۲۲ فروری ۱۹۰۹ء کو ہز آنر سر جان پرسکاٹ ہیوٹ لفٹنٹ گورنر کی صدارت میں میموریل فنڈ کا افتتاح ہوا۔

(۲)

۲۴ نومبر کو ہز ہائینس سر آغا خاں نے نواب وقار الملک کو یونیورسٹی کی مرکزی تحریک کے آغاز کرنے پر توجہ دلائی اور اس امر پر زور دیا کہ جداگانہ تحریکیں اسی کے دائرہ میں شامل ہوجائیں، چنانچہ یہ تحریک بڑے زور شور کے ساتھ اُٹھائی گئی اور چوں کہ محسن الملک میموریل میں بھی یونیورسٹی کا مقصد اور کالج کی اہم ضرورتوں کی تکمیل شامل تھی اس لئے محسن الملک میموریل فنڈ ۱۱-۱۹۱۰ء کے مالی سال پر ختم ہوگیا جس کی رقم وصول شدہ ۳۱،۰۵۱ روپیہ تھی۔

(۳)

مسلمانانِ ہند کے اس مرکزی ادارہ کی تاریخ میں یادگاروں کا باب نہایت دلچسپ ہے، اس کی عمارات کی پیشانیوں پر اس کے برآمدوں اور کمروں میں اتنے کتباتِ یادگار نظر آتے ہیں کہ شاید ہی کسی دوسرے ادارہ میں نظر آئیں لیکن جہاں یہ یادگاریں فیاضی و شکرگزاری کے آثار ہیں وہاں بعض کی حقیقتیں نہایت حسرتناک اور افسوسناک بھی ہیں۔

یہ پورا بیان یہ کامل اظہارِ حقیقت اُس شخص کا کام ہوگا جو تحقیق اور غور کے بعد آزادی و صداقت سے مسلم یونیورسٹی کی تاریخ مرتب کرے گا۔

البتہ اگر کوئی شخص اس ضمیمہ کو دیکھنے کی زحمت گوارا نہ کرے تو یہی خیال کرے گا کہ قوم کی جو اعلیٰ اور قیمتی خدمات محسن الملک نے انجام دیں اور اُن کے اعتراف میں جو جوش و جذبہ

ظاہر کیا گیا اس سب کے لحاظ سے مسلم یونیورسٹی کی سرزمین پر ایک عظیم الشان یادگار قائم کی گئی ہوگی جس سے بعد کی نسلوں میں قومی خدمت کے عزائم پیدا ہوتے رہیں گے اور صاحب یادگار کا نام شکرگزاری و احسان مندی کے جذبات کے ساتھ قائم ہوگا۔ لیکن اس ادارہ میں ناسپاسی کی وہ شرمناک مثال پیش کی گئی جو کسی قوم میں نظر نہ آئے گی۔

(۴)

پہلی یادگار۔ ایک عرصہ کے بعد مئی ۱۹۱۳ء میں (سر) محمد یعقوب (علیگ) و رئیس مراد آباد نے یادگار قائم کئے جانے کے متعلق آنریری سکریٹری کو ایک خط کے ذریعہ سے توجہ دلائی ۲۹ جون کو سنڈیکیٹ[۱] نے یہ رزولیوشن پاس کیا کہ "منٹو سرکل میں ایک بورڈنگ ہاؤس جو کسی کے نام پر نہیں بنایا گیا ہے وہ نواب محسن الملک بہادر مرحوم کے نام سے موسوم کیا جائے" لیکن رزولیوشن پاس ہونے سے پہلے ہی منٹو سرکل کے چاروں بورڈنگ ہاؤس اپنے بانیوں اور دیگر اصحاب کے نام سے موسوم ہو چکے تھے۔

دوسری یادگار۔ پھر جولائی ۱۹۱۴ء کی بجٹ میٹنگ میں یہ امر قرار پایا کہ "صاحب باغ[۲] کو محسن الملک لاہوسٹل کے نام سے موسوم کیا جانا منظور کیا جائے اور اس کی خرید و تعمیر پر جو صرف ہوا ہے وہ محسن الملک میموریل فنڈ سے ادا کیا جائے اور باقی اس کی تزئین میں صرف ہوگا"

اس منظوری پر بارہ سال گزرنے پر جون ۱۹۲۶ء میں یونیورسٹی کی اگزکٹو کونسل نے

---

[۱] ۱۹۰۹ء میں ایم اے او کالج کے کاموں میں آنریری سکرٹری کی امداد کے لئے سنڈیکیٹ کا قیام عمل میں آیا تھا اور مختلف شعبے مختلف ٹرسٹیوں کو تفویض کئے گئے جو سنڈیکیٹ کے ممبر منتخب ہوئے تھے اور ان کے معاملات سنڈیکیٹ کے اجلاس میں پیش ہوتے تھے۔

[۲] یہ قدیم وضع کی کوٹھی علی گڑھ میں سیندھیا کے آثار حکومت کے طور پر باقی ہے چونکہ اس میں سیندھیا کا فوجی گورنر (جنرل پیرن) رہتا تھا اس لئے صاحب باغ کے نام سے زباں زد خلائق ہے۔

اس کی تجدید کی کہ "صاحب باغ کو محسن الملک ہوسٹل سے موسوم کیا جائے"، مگر فوراً یہ عمارت طبیہ کالج کے دفتر مطب اور دواخانہ کے لئے مخصوص کر دی گئی۔

تیسری یادگار:- ۱۹۲۸ء میں جب یونیورسٹی کے بورڈنگ ہاؤس کو ہالس[51] بنا کر تقسیم کیا گیا تو اُس وقت ایک ہال سر سید کے نام سے موسوم تھا جدید ہال کو محسن الملک کے نام سے موسوم کیا گیا اور اس طرح سالہا سال کے بعد یہ نام کاغذات میں درج اور زبانوں پر جاری ہوا۔

چوتھی یادگار:- ۱۹۳۰ء میں جب صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب کا انتقال ہوا تو اولڈ بوائز نے اپنی برادری کے چندوں سے مرحوم کی یادگار میں ایک ہوسٹل بنانا تجویز کیا اور وہ ۱۹۳۲ء میں تعمیر[52] ہو گیا۔ پُرجوش مستعد اصحاب نے یونیورسٹی کی اگزکٹو کونسل سے ایک آفتاب ہال اور اُس کی کونسل قائم کئے جانے کی منظوری[53] حاصل کر لی اور آغاز ۱۹۳۴ء میں یہ طے کرا لیا کہ "ایک جدید نان رزیڈنس ہال قائم کر کے محسن الملک کے نام سے موسوم کیا جائے اور اُس کے بورڈنگ ہاؤس آفتاب ہال کو دیدے جائیں"

پانچویں یادگار:- چوں کہ قانوناً نان رزیڈنس ہال قائم نہیں ہو سکتا تھا اس لئے ۲۷ اپریل ۱۹۳۴ء کو اکاڈیمک کونسل نے تحریک کی کہ محسن الملک ہال بدستور قائم رکھا جائے اور اُس کا انتظام آفتاب ہال کونسل کرے۔ لیکن اس ہال کونسل نے میمورینڈم کے ذریعہ

---

[51] تیسرا ہال ۱۹۳۳ء میں وقار الملک کے نام سے منسوب ہوا۔

[52] یہ عمارت یونیورسٹی کی نہایت شاندار عمارت ہے جس پر تقریباً سوا لاکھ روپیہ لاگت آئی ہے مگر اس کا بڑا حصہ سودی قرض اور اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے سرمایہ کی فروخت اور رواں آمدنی سے ادا کیا گیا ہے۔

[53] یہ منظوری جس طریق اور جن ترکیبوں سے حاصل کی گئی اور قابو یافتہ حضرات نے جو راہ عمل اختیار کی اُس کو اخبار سرگزشت کی اشاعت ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۴ء میں دیکھنا چاہیئے۔

سے محسن الملک کے نام سے قطعی انکار کر دیا۔ اس بنا پر اگزکٹو کونسل نے طے کیا کہ "محسن الملک کی خدمات کے لحاظ سے سب سے اعلیٰ اور بہترین عمارت ان کے نام سے منسوب کی جائے اور سائنس لباریٹریز جو آٹھ لاکھ روپیہ سے تعمیر ہوئی ہیں اُن کو محسن الملک لباریٹریز کہا جائے۔"

یادگار دوئمیں پر بازگشت

مگر فوراً ہی اگزکٹو کونسل کے علم میں یہ بات لائی گئی کہ یہ لباریٹریز یعنی سائنس کالج دراصل اس پرنس آف ویلز سائنس اسکول کی ترقی یافتہ شکل ہے جو موجودہ ملک معظم قیصر ہند کی کالج وزٹ ۱۹۰۵ء کی یادگار میں قائم ہوا تھا تو پھر ۲ جولائی ۱۹۳۴ء کو محسن الملک کے نام کا بورڈ صاحب باغ کے ہی دروازہ پر لگایا جانا تجویز ہو گیا۔

(۶)

یونین کلب میں محسن الملک کی تصویر

کسی زمانہ میں طلبار نے یونین کلب میں ڈائس پر سرسید کی تصویر کے برابر نواب محسن الملک کی تصویر آویزاں کی تھی لیکن ۱۹۳۳ء میں وہ جگہ عصر جدید کے قائد اعظم مولانا محمد علی مرحوم کی تصویر کے لئے موزوں متصور ہوئی اور اُس کو آویزاں کر کے نیچے ایک کتبہ نصب کر دیا گیا اس کارروائی پر جب اخبار سرگزشت نے توجہ دلائی تو پھر دوسری جگہ وہ اُتار پھینکی ہوئی تصویر آویزاں کی گئی۔

(۷)

محسن الملک کا مقبرہ

ہر مسلمان کی آرزو ہوتی ہے کہ اگر ارض حرمین الشریفین یا کسی مقدس بزرگ کا جوار و پائیں نصیب نہ ہو تو اپنے خاندانی قبرستان میں دفن کیا جائے اور اُس کے ورثا حتی الامکان اس آرزو کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن محسن الملک کو بہ ایں

و

ادّعاکہ "ان کا وجود محض ایک شخصی وجود نہیں ہے بلکہ ایک قومی وجود ہے"
اور بہ ایں بنیاد کہ سرسید کے پہلو میں دفن کئے جانے کا حق ان سے بڑھ کر اور کس کو
ہو سکتا ہے "مسجد کے قبرستان میں دفن کیا گیا مگر" یہ قبر مولوی سید[1] زین العابدین کے
پہلو میں بنی ہوئی ہے اور یہ مقبرہ چوں کہ بطور خود علیحدہ ہے لہذا یہ معلوم ہوتا ہے کہ
کوئی شخص مولوی زین العابدین کی ذرّیات سے مدفون ہے یا زیادہ سے زیادہ یہ کہ
جس شخص کی یہ قبر ہے اُس کا درجہ مولوی زین العابدین خاں سے کم ہے اس اعتبار سے
گویا نواب محسن الملک کی شان کم ہوتی ہے ان کی قومی خدمات دھندلی ہو جانے کا اندیشہ ہے
ان کے عظیم الشان قومی کاموں کی حیثیت گویا مولوی زین العابدین سے کم نظر آئے گی"

اسی فاصلہ کی وجہ سے جب ۱۹۱۵ء میں مقبرہ کا ایک چھوٹا سا دروازہ بنایا گیا تو
اُس کو قبر کے پاس سے ہٹا کر بنانا پڑا جو ہندوستان میں تو اس قسم کی تعمیر کا ایک ہی
نمونہ ہے۔

کوئی شخص بجز ان اصحاب کے جنھوں نے یہ جگہ تجویز کی اور جن کے ہاتوں میں اس
وقت شعبۂ تعمیر اور کالج کا نظم و نسق تھا نہیں سمجھ سکتا کہ اُس قومی وجود کو باوجود سرسید کے
پہلو میں کافی جگہ ہونے کے کیوں اتنے فاصلہ پر دفن کیا گیا۔

(۸)

یہ مادی یادگاریں زمانہ کی گردش سے پس کر معدوم ہو جاتی ہیں سر بفلک ایوان
و قصور اور عالی شان مقابر ذرات بن کر فضا میں مل جاتے ہیں لیکن اس فانی دنیا میں
تاریخ کی عمر پھر بھی بہت زیادہ ہوتی ہے اور وہ اپنی زندگی بھر زمانہ کے ناموروں علم و
ہنر کے مربیوں قوم کے عاشقوں اور ملک کے خادموں کو زندہ اور قائم و دائم رکھتی
ہے۔ ان کے لئے ایسی مادی یادگاریں کوئی شرف نہیں ہوتیں۔

---

[1] یہ فقرات خان بہادر مولوی بشیر الدین صاحب اڈیٹر البشیر اٹاوہ نے اسی زمانہ میں لکھے تھے۔

محسن الملک - ہمیشہ محسن الملک رہے گا۔ اُس کی زندگی سبق آموز رہے گی، وہ خلوص وایثار اور فدائیت کی تعلیم دے گی، اُس کا پیارا نام اور شاندار کام قومی ارتقا کی تاریخ میں سورج کی طرح چمکتا رہے گا۔

محسن الملک خدا دے تجھے خدمت کی جزا — شافع روز جزا تیری وفا کوشی ہے
قوم کی دُھن میں جوانی سے بڑھاپا کاٹا — آج سب جھگڑوں سے فرصت ہے سُبکدوشی ہے
تیرے احسان تری یاد بُھلانا دِل سے — خونِ انصاف ہے احسان فراموشی ہے
تجھ کو ان باتوں سے کیا اب تو ہے عالم تر ااور — اِک نئی شان تجلی سے ہم آغوشی ہے

آزاد بہاری

وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝

distant from each other as Rangoon and Bombay. There could be no fitter memorial to him than a Fund for the further development of your College and its buildings. It will serve to remind coming generations of the man whose energy and inspiration came to the rescue of your college in an emergency when no one not endowed as he was could have succeeded in ensuring to it the aid which he enlisted. It is more than 18 months since the Nawab passed away and, in ordinary circumstances, I should have hoped to be present here to assist in starting this fund long before this; but, as you know, the famine intervened and claimed for the time that all charity should be directed to helping the afflicted. The famine has indeed passed away, but its mark is still all too plain on the state of the finances of the Government. It is not in my power at the present moment to give from the provincial revenues a donation towards the fund, nor can I even state what sum will be contributed when prospects improve. All that I can promise is that the fund shall be helped by the Local Government when the financial outlook is better. I am charged by the Viceroy to express to you his sympathy with the work you have in hand, towards which His Excellency will make a contribution. And I on my part shall have much pleasure in doing the same. To an audience such as that assembled here today it is not necessary for me to plead for help towards the better education of the Mohammadan community. There is no better object on which to spend your wealth and I invite you to set to work with all diligence to collect as large a fund as possible in honour of the memory of Nawab Mohsin-ul-Mulk who served your College so well.

[P. 288.]

ul-Mulk. It will be in your recollection that it was at rather a troublous period in the history of the College just ten years ago that he became its secretary. The College was then, owing to unfortunate circumstances which I need not mention now, rather seriously in debt. I need not remind this audience of the esteem in which the late Nawab Mohsin-ul-Mulk was held, and you are aware that, had his life not been suddenly cut off, he would have received from the Government a special recognition of his work among you. I personally met him first at the College just 30 years ago, but, to my regret, had no opportunity of seeing him again till 28 years afterwards when I was thrown together with him in connection with the trouble which then occurred among your students. During the few remaining months of his life I had several conversations with him regarding the affairs of the College, the welfare of which was the first thought of his life. The body had become frail but the sprit was still keen and eager and his enthusiasm was as unbounded as in his younger days. His great services to the College lay in the use that he made on its behalf of his inspiring eloquence. He was endowed with great gifts as a speaker and he employed those gifts without stint to promote its welfare. He had at one time to contend with misapprehensions regarding the aims and tendencies of the College, at another to call in the gentle art of persuasion wherewith to draw large numbers, who had previously been indifferent or hostile, to look towards it as the chief means of regenerating the Mohammadan community. If the conception of a central Mohammadan educational institution and its foundation on a secure basis during his lifetime was the work of Sir Syed Ahmad, the credit of popularizing the idea in all parts of India is due to Nawab Mohsin-ul-Mulk, whose peculiar gifts fitted him more than any one else for this task. The energy which led him, at an advanced age, to tour over India in the quest of aid to the College excited our admiration, and he succeeded in arousing public interest, shown in the best of ways by the large subscriptions given to it, in places so widely

of His Majesty's Indian Mussulman subjects. During the time I was in India I clearly saw what were the causes which placed them at a disadvantage in comparison with their Hindoo fellow subjects, and I became convinced that it was of the greatest importance to the general welfare of the Indian Empire that every encouragement compatible with principles of impartiality upon which our administration is founded, should be extended to them to overcome the difficulties with which they have had to contend. It is indeed evident that the whole body politic suffers from so important, vigorous, and energetic a section of the community being precluded from contributing their share to the general progress and moral expansion of the nation. But the misfortune is that the government can do very little. The real remedy for the disadvantageous position of the Mohamedans of India lies in their own hands. While the little Hindoo boy is learning his arithmetic and his English, the poor little Mohammedan is getting by heart interminable chapters of the Koran, and consequently finds himself irretrievably behind-hand. I do not think there is any other religion in the world where the actual knowing by rote of its sacred books is an indispensable necessity. Might it not be possible to introduce some relaxations into these rigid requirements, for it by no means follows that because a boy has had pages of a book crammed into his memory, he either understands it or appreciates its spirit? In any event, Education is the one great instrument by which in these days the doors of the world are opened to all men.

[P. 270]

Yours sincerely,
(Sd.) DUFFERIN & AVA.

---

(23)

Extract from the speech of His Honour Sir John Prescott Hewett.

In your address you refer to the loss sustained by the Trustees owing to the death of the late Nawab Mohsin-

(21)

Lieutenant Governor's Camp,
Punjab, 20th October, 1907.

Dear Mr. Archbold

I know nobody at Aligarh but yourself, to whom I can address this letter. Perhaps you will kindly pass it on to the Body of Trustees.

I wish to tell them how greatly I am grieved at the sudden death of Nawab Mohsin-ul-Mulk. The news, which has only just reached me in camp, has come upon me as a most unexpected shock; as it is only a fortnight ago that he called upon me, and we had a long conversation and instructive as usual. He certainly then seemed hale and hearty.

His death is a loss, alike to the College in the management of which he took so prominent a part, to the Mohammadan community whose interests always held the first place in his heart, and to the Government to which he was ever loyal. I feel entitled to say this, because my province has the second loyal Mohammedan population in India, because I regard the Aligarh College as far more than a merely provincial institution, and because the late Nawab was a personal friend of my own, whose counsels I valued and profited by.

I am,
very sincerely,
(Sd). W. Ibbotson.

(P. 260.)

---

(22)

Private & Confidential.

British Embassey,
Rome, Feb. 10th 1889.

My dear Mohsin-ul Mulk,

I need not say, that I was very much gratified by the receipt of your letter of the 14th of January; and of this you may be sure, that I shall never cease to take the deepest interest not only in all that concerns His Highness the Nizam and the state of Hyderabad, but in the welfare

Colonel Dunlop-Smith now writes to me to say that H. E. the Viceroy has decided to receive the Deputation of Mohamedans, if it is offered; and he asks me to say that a formal application must be sent in. He adds that a copy of the address which is to be presented must be sent to him, in the usual way, some time before the date of the reception of the Deputation—at least, ten days, if possible. Also, that as H. E. the Viceroy goes to Kashmir early in October, the Deputation should come before the end of September.
[P. 167.]

---

(20)

Private & Confidental.

Lieutenant-Governor
Punjab.

CAMP.
Punjab. 31 3.7.

Dear Nawab Saheb,

I must write to tell you how very sorry I am that you have felt compelled to resign the Secretaryship of the Aligarh College. I am afraid that this indicates the triumph of views less wise and sober than your own, and augurs ill for the future of an institution which, uptill the other day, I regarded as the best of its kind in India, and one of which the whole Mohammaden community might be proud.

Only yesterday, the Mazari Nawab, the head of the Baluches told me that he had sent his nephew to Aligarh, "because there they learn good manners and respect their elders and the authorities and to be moderate and to know their place."

Will this be true of Aligarh 10 years—or 5 years—hence? I hope so, but doubt.

[P. 242]

I am,
Yours sincerely,
(Sd.) IBBOTSON.

of many it has grown out of the internal arrangement of the Christian church. As it is capable of yielding such great benefits I desire its extension. I have not heard that the combination of Mohamaden with Christian Bulgarians has *persaltum* into countries where the condition of its application would be novel and therefore quite uncertain. Long consideration and tentative effort seem best adapted for such cases. While leaving the question itself thus open, I should be strongly predisposed against forcibly suppressing any opinions in regard to it which might be expressed in a loyal and peaceful manner.

I remain,
Dear Sir, with great respect,
Faithfully yours,
(Sd.) W. E. GLADSTONE.

(P. 160) To Mehdi Ali, Hyderabad.

---

(19)

Strictly Confidential

Extracts from the letter of Mr. Archbold.

The 10th of August, 1906.

* * * * * *

My dear NAWAB SAHIB,

I can now write definitely as to the Mohamedan attitude in the present situation.

As I told you in my previous letter I explained the position to Colonel Dunlop-Smith, emphasising what I had to say in a subsequent letter. I assured him that I was certain that any address that suggested Deputation might present would contain nothing that was in any way disloyal, and that I was also certain that the Mohamedans had no wish whatever to do anything that would cause difficulty to the Government. At the same time, I explained the fears—reasonable fears—of the Mohamedans at the present time to the best of my ability.

Mr. Butler has told me much about the Conference and I doubt not that it was your speech which really stirred the feelings of the audience.

I shall be in Lucknow on 8th and I hope to see you whenever you come to Lucknow.

I heard to-day from Mr. Fayyaz Ali Khan, C. S. I. that he is writing to you to announce his intention to construct at his own expense a Boarding House at Aligarh M.A.O. College at a cost of Rs 20,000.

You now trust I am a sincere well-wisher of the college and require no assurance in this respect f.om me.

Yours sincerely,
(Sd.) J. W. LATOUCHE.

[P. 136]
NAWAB MOHSIN-UL MULK,
ALIGARH.

---

(17)

Extracts from the letter of S. H. Trevor.

CAMP AJMER DISTRICT.
24th Feb. 1887.

* * * * * *

I need not say that this impression is marked by your usual ability and courage and considering your position, experience and opportunities, is likely to receive close attention."
[P. 142]

---

(18)

HAWARDEN CASTLE,
Chester, 10th Dec., 1888.

Dear Sir,

To reply in full to your interesting letter would require a much longer and closer examination of many questions respecting India than is in my power to institute. The representative system has played a great and may yet play a greater part in the history of mankind. It is of Aryan and mainly Western origin, and in the opinion

کالج مذکور و طریقۂ بود و باش طلباء را هم ملاحظه کردم، خیلے موزون و درست است ۔ بعد ازان ده اطفال اهل اسلام بعقائد اسلامی ضروری فرائض اسلام دانسته شوند هرگاه شروع درس مروجه یورپ را بکنند هیچ عیبے نیست ۔

سراج الملة والدین (دستخط اشرف)

---

(15)

Extracts from the speech of His Honour Sir James Digges Latouche.

* * * * * *

My second duty is to deliver to my friend the Honorary Secretary of the college the gold medal of the order of the Kaiser-i-Hind which has been conferred upon him by His Excellency the Viceroy of India. I need not remind you that this honour is paid only to those who have unselfishly served their generation and who have disinterestedly devoted themselves to the task of working for the good of India. I have watched the work done by Moulvi Syed Mehdi Ali Khan since the death of Sir Syed Ahmad Khan and I know how much the extraordinary growth of the college is due to his exertions, to his eloquence, to his unfailing tact and good sense. He has earned again for himself at Aligah the title by which we know him best-Mohsin-ul-Mulk, or benefactor of the country.

"ان الله یحب المحسنین" [P. 134.]

---

(16)

My dear Sir, 4th January, 1935.

Mr Tyler is replying to your letters of yesterday's date but I must send you a line myself to congratulate you very heartily on the great success you achieved at Rangoon and on the highly satisfactory result of the Educational Conference at Lucknow.

محتاجیم - سر ازین و با این هم - ما برائے همیشه همیشه ماهے پنج صد روپیه می دهیم و نصیحت ما خواهد بود که طلباء مسلمان اول همین قدر که امروز امتحان گرفتیم ، اول همین قدر تعلیم دینی داده شود ، بعد بهر طرف رو گردانند گردانید ،

وحالا یکمشت " و ایک دم " که این سالانه نیست بست هزار روپیه می دهیم - ما می خواهیم که چند طلبائے این کالج به حبیبیه کالج روند و بعض طلبائے حبیبیه کالج درین جا بیایند - سلام

(مکرر) مسلمانان که در این جا حاضر هستند ، همه را بامان خدا می سپاریم و وداع می کنیم ، و حالا بجائے خود میرویم ، و امشب با متولیان این کالج (ٹرسٹیان) که بست و پنج کس می باشند بهم نان میخوریم و می رویم - سلام [P. 128.]

(14)

سند عطیه شاه افغانستان

هو الله

(نشان محراب و ممبر)

بتاریخ یوم چهار شنبه غرهٔ ماه ذیحجةالحرام سنه ۱۳۲۴ ھ مقدس مطابق شانزده ماه جنوری سنه ۱۹۰۷ ع جهت ملاحظه علی گڑه کالج آمدم - اگرچه از زبان بعضے مردم در باب شاگردان کالج موصوف شنیده بودم که در عقائد اسلامیه خود درست نمی باشند - اما خود من ، بحضور خود و بزبان خود ، از شاگردان کالج موصوف امتحان بعضے عقاید ضروری اسلام و مسائل نماز و روزه را گرفتیم - تمام سوالهائے مرا بطریق عقاید اهل اسلام جواب گفتند - و سرشتهٔ تعمیر

at Oxford and Cambridge has been adopted. At the same time athletics are not neglected, and in all Schools and Colleges there is much emulation in cricket and football. Undoubtedly such institutions must materially affect the formation of character in future generations. [P. 121]

---

(13)

تقریر هز مجسٹي امیر حبیب‌الله خان شاه افغانستان

جنوری سنه ۱۹۰۷ ع

اکثر مردم درباب این کالج قسم قسم سخن ها می گفتند لا کن ما آمدیم برائے علم آوری و ما شکر گزاریم از گورنمنٹ انڈیا که او اجازت داد این را که درین کالج که اکثر مردم اسلام که دراین جا آمده اند به بینم - حالا آمدم بر سر مطلب - امروز که ما آمدیم بقسم بسیار درست - و آنچه معلوم بود از اصول دین، ما سوال کردیم از شاگردان که درین کالج بودند، و شکر می کنیم - و باز شکر می کنیم که این شاگردان در عقاید اسلامی خود کامل و مکمل اند،

اول کسے که دهن بد گویان بزبان بند کند - او "من" خواهم بود - ما گاهے نه خواهیم گفت که کسے از علوم یورپ نخواند - بخواند و بخواند و بخواند - لاکن بعد تکمیل مسلمانی چنانچه خود ما در افغانستان یك کالج حبیبیه بنا کرده ایم، دروهم جاری کردیم علم مغرب زمین، لاکن بعد ازین که شاگردان "پورا" مسلمان شوند و این شاگردان که امتحان کردیم همه در اصول دین درست و کامل اند - لاکن ما افسوس می کنیم که ما امداد کالج مکمل درین جا کردن نمی توانیم، چونکه دردولت خود از برائی این کار

(11)

GOVERNMENT N.W.F.P. AND OUDH.

Naini Tal, 19th October, 1900.

Sir,

I have placed before the Lieutenant-Governor your letter of 15th October, enclosing a letter of 15th December, 1887, with regard to the recognition of the title of "Mohsin-ul-Mulk" conferred on you by His Highness the Nizam.

The Lieutenant-Governor asks me, in reply, to say that he is informed by the Government of India that the title which was conferred upon you when in the service of the Nizam ceased to be recognized in British India on your leaving the service of the Hyderabad State.

I am, Sir,

(P. 105)

Yours faithfully,

Sd. JOHN O. MILLER.

MAULVI MEHDI ALI KHAN,

ALIGARH.

I return the enclosure of your letter as requested.

---

(12)

Extracts from the speech of His Royal Highness The Prince of Wales and now His Imperial Majesty King George the V.

GUILD HALL,

London, May, 1906

*　　*　　*　　*　　*　　*

Having seen several colleges and other educational institutions in different parts of India. I gained some slight idea of the efforts that are being made to place within the reach of all classes a liberal education. Let me take as an example the great Muhammadan College and School at Aligarh, which is supported and controlled by the private enterprise of Muhammadan gentlemen from all parts of India. A residential system similar to that

even let me pay a quiet visit on my way home last spring. I am enjoying a pleasant time in England and return either next March or August and will be probably posted to Lahore. I wonder who will go as Viceroy. That grand old Badmash Gladstone is pretty sure to send the wrong man. He is doing all he can to ruin England. He is a curse to our country. Sir H. Normon declined to go because he could not undertake to carry out the line of policy laid down by Gladstone.

I shall be glad to hear of your welfare. Mrs. Marshall sends her kind remembrance to you and your wife.

Ever yours very sincerely,

[P. 71] T. H. MARSHALL.

Note: -At places the words in the letter were illegible on account of the fact that white ant had scrapped it.

---

(10)

PRIVATE SECRETARY'S OFFICE
N.W.F.P. & OUDH.

GOVERNMENT HOUSE,
NANI TAL,
24th June' 1900.

To

Nawab Mohsin-ul-Mulk Bahadur,
Aligarh.

Dear Sir,

In reply to your letter of the 21st instant, I am desired by His Honour to say that it is quite unnecessary for you to give yourself the trouble of a journey to Naini Tal for the purpose of personally laying before His Honour your views on the Urdu-Nagri question, when a written communication will suit the purpose equally well.

I am,
Yours truly,
GILUG BAYLEY, Capt.,
Private Secretary.

[P. 97.]

(9)

11, Connaught Square,
London.

15th September, 1893.

My dear Mehdi Ali,

I must write and tell you how surprised and sorry I was when I read in the newspapers about your leaving. I never thought that the Nizam would have been so ill advised and foolish as to part with you. I should sooner had expected that H. H. would himself had resigned then that you had had to leave! The .... of Hyderabad are truly past-understanding. It was a bad day for the State when you left it. I consider that you have been unfavourably treated and I sympathise very sincerely with you. I was very badly treated and unfairly dealt with on all sides but my leaving the State was not the dire calamity which your departure is. I suppose that Mirza was at the bottom of it? He seems now to have full power and he has not used it wisely. Looking back to the days of 1887/88 who would ever have thought that the five men who then held power would have all gone. I refer to Salar Jung, you, myself, Hak and Mushtak. I do not count Mehdi Husen, he was *Jackal* to any Lion he could follow and was a .... turn coat who deserved.... ....come to grief he never had the courage of his opinion but was always ready to lick the boots of the man at the time on the crest of the wave of power. I hear that you are going to settle at Aligarh and I hope I shall see you when I pass through there next year. Chiragh Ali will not be able to replace you properly. I know of no man who can do it. Hyderabad will suffer from your absence. I am told that Agha Mirza is working to get Hak back. Is this true? I suppose Khurshid who has some influence with the Minister will manage to hold on? I should like to write the history of Hyderabad for the last six years. What ups and downs there have been! I don't suppose I shall ever see the place again: people would not

(7)

HYDERABAD-RESIDENCY.
15th December, 1887.

My dear Nawab,

With reference to previous correspondence regarding the title of Mohsin-ul-mulk conferred by His Highness the Nizam on Moulvi Mehdi Ali, I am desired to inform you that his Excellency the Governor-General in Council has been pleased to recognize the title in question which may accordingly be used in official correspondence, and in any future relations between Moulvi Mehdi Ali and British officials.

The Government of India have at the same time requested that the attention of His Higness' Government may be again drawn to the necessity for obtaining the permission of the Government of India before titles are conferred on british subjects by His Highness the Nizam.

Yours sincerely,
(Sd.) D. ROBERTSON.

(P. 16)

---

(8)

Extracts from the letter of Mr. M. H. Durand foreign Secretary Govt. of India.

DARJEELING,
25th November, 1888.

*　　*　　*　　*　　*　　*

Everyone I think agrees that you did your work in England with admirable prudence and discretion, and fully justified the confidence placed in you.

I am very sorry to hear that your health is so bad. Hyderabad is not so rich in capable officials that your services can be easily spared. I hope you will be able to hold on sometime longer.

(P. 24)

(6)

Government House,
Simla, May 4.

My dear Sir,

It may perhaps interest you to know that His Excellency the Viceroy has read with very great pleasure your letter on the Mahomedans and the Russian advance, which has been reproduced by the *Times* from the columns of the *Bombay Gazette*. Such sound views based on such a comprehensive and accurate knowledge of facts, and put forward with so much clearness and logical cogency by an Indian Mahomedan, cannot fail to have some influence in dispelling the ignorance and antiquated prejudices which exist in certain quarters regarding the relations between the Government and the people of India. That an Indian Mussulman can spontaneously and conscientiously write a letter on the political situation which, if anonymous, might readily be mistaken for the production of a highly-educated, well-informed patriotic Englishman, is a significant fact well deserving of attention. To an impartial observer it must seem far more convincing than any abstract argument in favour of the liberal, enlightened policy of the British Government towards its Indian subjects—a policy which aims at founding the stability and strength of the Empire on the intellectual enlightenment, the national prosperity, and the genuine loyalty of all classes of the population.

Yours etc.,
D. Mackenzie Wallace,
Private Secretary to the Viceroy.

(P. 13)

Mehdi Ali, Mooneer Nawaz Jung,
Political and Financial Secretary to
H. H. the Nizam's Government,
Hyderabad.

(4)

Extracts from a letter, of the Hon'ble Sir Stewart Bayley, K.C.S.I. C.I.E.,

21st Sept. Bolaram.

*   *   *   *   *   *

I found you when I came here one of the most responsible officials and most trusted advisers of the late Minister Sir Salar Jung, and I remember his telling me, that there was no one who gave him more unpalatable advice sometimes; but on whose honesty of purpose and soundness of judgment he could better rely.

I have never had reason to doubt the correctness of this view.

Of your administrative work in introducing the survey and settlement and in putting the revenue system of the country on an exact and stable basis, I can only say that you have therein rendered services to H. H's Government second only to those of the late Minister himself, and I regard the fact that under present trying circumstances, the daily work of administration both here and in the interior, goes on without any serious strain ; as to a great extent due to your judgment, steadfastness and capacity.

I hope it will be long before your connection with the State is severed but when that time comes I trust the very remarkable services you have rendered to H. H 's Government, and indirectly therefore to the British Government, will not fail to meet with due recognition.

Yours very sincerely,

(P. 6)   S. C. BAYLEY.

---

(5)

Extracts from the letter of S. C. Bayley.

Simla, 4th April.

*   *   *   *   *   *

I am well aware of the excellent work you have done and of the great dependence placed on you by the late Minister and I am quite sure that in the interests of the Hyderabad state, it is very desirable that you should continue to assist the Government in supervising the revenue and the financial departments.

(P. 7)

in cultivation and ownership. This is necessary to maintain the record in the same accurate state as the settlement officer leaves it in. Great attention is now being paid to this subject in the Northern India, where the work is entrusted to the Putwaries and Kanungos working under the Agricultural Department. Without some such arrangement the record prepared at the time of survey becomes in course of time obsolete, and the whole operation has to be done *de novo* at much expense and harassment to the people. I dare-say you have some provision for this; if not, the matter is so important that I would suggest your bringing it to the notice of the Minister.

(P. 4)

Yours very truly,

(Sd). S.C. BAYLEY.

---

(3)

Extracts from the letter of

THE JUNIOR UNDER-SECRETARY TO THE GOVERNMENT OF INDIA.

To

THE RESIDENT AT HYDERABAD.

Foreign Department, Political.

Dated Simla, the 2nd Nov., 1882.

* * * * * *

2. The Governor-General in Council has read the Memorandum with interest, and I am desired to express his appreciation of the progress made in the Revenue Survey work in His Highness' Dominions which reflects much credit on Moulvi Sayed Mehdi Ali.

I have, etc.

(Sd). W. RIDGEWAY, Lieut.-Colonel,

Junior Under-Secretary

to the Government of India.

(P. 5)

(1)

INDIA OFFICE,
London,—28th Oct. 1882.

Extracts from the letter of Sir William Muir.

*   *   *   *   *   *

"When I heard of your transfer to Hyderabad. I felt sure from my experience of your intelligence and ability in your office at Mirzapore that you would distinguish yourself in your new sphere.

I shall always be glad to hear from you, not only in respect of the revenue matters of Hyderabad, but also in all matters respecting the administration and especially the progress of Education,— especially female Education.

(P. 4)

---

(2)

Extracts from the letter of the Hon'ble Sir Stewart Bayley, K.C.S.I., C.I.E.

Simla 7th October.

My dear Sir,

I am much obliged to you for your letter of the 20th September, and for your Memorandum on the work of the Revenue Survey Department. I delayed answering your letter till I should have time carefully to peruse the Memorandum. This I have done with much pleasure, there can be no doubt of the immense value of the work which you have initiated and brought well on its way to a successful issue. It is of course the foundation-stone of successful revenue administration, and you will have the satisfaction of knowing that in this respect Hyderabad is better off than the permanently settled province of Bengal, and not much behind the most advanced province of India. I do not notice in your Memorandum any provision made for recording from year to year the changes